اَلْعَظْمَۃُ لِلّٰہ
اعتماد
ETEMAAD URDU DAILY, Hyderabad

افغانستان کے خلاف 17 چھکوں کے ساتھ 9

روست تحدیدات بیچ تدفین 7

پارلیمنٹ میں رام اور بھارت ماتا کے نعروں کے جواب میں تکبیر اللہ اکبر

بیرسٹر اویسی کے نام کے اعلان کے ساتھ ہی بی جے پی ارکان کی نعرے بازی۔لوک سبھا میں کئی دیگر نعروں کی گونج

نئی دہلی۔18۔جون (پی ٹی آئی ' ایجنسیز) لوک سبھا میں حلف برداری کے موقع پر منگل کو نیا اور دلچسپ رخ دیکھنے میں آیا جبکہ صدر کل ہند مجلس اتحاد المسلمین بیرسٹر اسدالدین اویسی کے نام کا اعلان کرتے ہی بی جے پی ارکان نے جئے شری رام اور بھارت ماتا کی جئے کے نعرے لگانے شروع کردیئے۔اس کے جواب میں بیرسٹر اویسی نے حلف برداری کے بعد جئے بھیم اور جئے میم کا نعرہ لگایا اور ساتھ ہی تکبیر اللہ اکبر کہتے ہوئے اُن کے نعروں کا موثر جواب دیا۔ پارلیمنٹ میں آج دوسرے دن ارکان کی حلف برداری کا عمل جاری تھا جیسے ہی حیدرآباد سے منتخب رکن پارلیمنٹ کے نام کا اعلان کیا گیا زعفرانی پارٹی کے ارکان نے زور و شور سے جئے شری رام اور بھارت ماتا کی جئے کے نعرے لگانے شروع کردیئے۔تاہم صدر مجلس ان نعروں سے ذرا بھی پریشان نہیں ہوئے بلکہ مسکراتے ہوئے اُنہیں آواز مزید بلند کرنے کا اشارہ دیا۔اس کے بعد اُنہوں نے اردو میں خدا کے نام پر آئین کی وفاداری کا حلف لیا اور اختتام پر نہ صرف جئے بھیم' جئے میم اور جئے ہند کے نعرے لگائے بلکہ تکبیر اللہ اکبر کے الفاظ کہتے ہوئے اُن نعروں کا موثر جواب دیا۔ بیرسٹر اویسی کے کاغذات پر دستخط کرنے تک اُن کے مخالفین کی نعرہ بازی جاری تھی۔ بیرسٹر اسدالدین اویسی نے بعد میں اس واقعہ پر ردعمل دیتے ہوئے نیوز ایجنسی اے این آئی سے کہا اس طرح کی حرکتوں کا ان پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔انہوں نے کہا" اچھا ہے کہ مجھے دیکھتے ہیں انہیں یہ سب کچھ یاد آتا ہے' مجھے امید ہے کہ وہ دستور اور مظفر پور میں مرنے والے بچوں کو بھی یاد کریں گے۔" ان کا اشارہ بہار میں بچوں کی دماغی بخار سے اموات کی طرف تھا جہاں کم از کم 127 بچے فوت ہوگئے ہیں۔امراوتی سے آزاد رکن پارلیمنٹ نونیت رانا نے بھی اس واقعہ پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ یہ صحیح مقام نہیں ہے اس کے لئے منادر ہیں' تمام بھگوان ایسے جیسے ہیں' لیکن کسی کو نشانہ بنانا اور مخصوص نام لینا غلط ہے۔یاد رہے کہ صدر مجلس نے ایودھیا کے قریب ایک جلسہ میں انتخابی تقریر جئے سری رام کے نعرہ کے ساتھ ختم کرنے پر وزیراعظم نریندر مودی کے خلاف الیکشن کمیشن سے شکایت کی تھی۔سماج وادی پارٹی کے شفیق الرحمن برق نے حلف لینے کے بعد کہا کہ وہ وندے ماترم نہیں کہہ سکتے کیونکہ یہ خلاف اسلام ہے۔اس پر ایک بار پھر زعفرانی نشستوں سے اُن کے پسندیدہ نعروں کی گونج سنائی دی۔ پارلیمنٹ میں آج حلف لینے والوں میں سماج وادی کے سرپرست عمر رسیدہ ملائم سنگھ یادو بھی تھے جو وہیل چیئر پر ایوان میں داخل ہوئے اور باب الداخلہ کے قریب کی نشست سنبھالی۔کرسی صدارت سے اجازت لیتے ہوئے اپنی نشست پر بیٹھے بیٹھے ہی حلف لیا اور رجسٹر پر دستخط بھی وہیں کئے۔وزیر پارلیمانی امور پرہلاد جوشی اُن کے ساتھ کھڑے تھے۔ بلالحاظ پارٹی وابستگی دیگر ارکان نے بھی مین پوری سے منتخب رکن پارلیمنٹ کو مبارکباد دی۔سابق وزیر فینانس اور کانگریس لیڈر پی چدمبرم اور سی پی آئی لیڈر ڈی راجہ راجیہ سبھا کی گیلری میں نظر آئے۔ چدمبرم کو اُس وقت پرمسرت دیکھا گیا جب اُن کے فرزند کارتی چدمبرم حلف لے رہے تھے۔راجہ نے اس موقع پر پی چدمبرم کو مبارکباد دی۔ نئے حلف لینے والوں میں راٹھوڑ اور سنی دیول بھی شامل ہیں۔ ڈی ایم کے رکن کنی موزی نے حلف لینے کے بعد ٹاملناڈو اور پیریار تحریک کی ستائش کی۔تلنگانہ سے کانگریس کے رکن ریونت ریڈی نے موبائیل فون سے پڑھتے ہوئے حلف لیا۔سیشن کے پہلے دن پیر کو وزیراعظم نریندر مودی' وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ' وزیر داخلہ امیت شاہ دیگر مرکزی وزراء اور صدر کانگریس راہول گاندھی نے حلف لیا تھا۔منگل کو حلف لینے والوں میں صدر نشین یو پی اے سونیا گاندھی بھی شامل ہے۔اُن کے فرزند راہول گاندھی نے ماں کی حلف برداری کی تصویر اپنے موبائیل میں قید کرلی۔کانگریس کے ارکان نے میزیں تھپتھپاتے ہوئے خیر مقدم کیا۔مینکا گاندھی اور سونیا گاندھی کو ایک دوسرے کو مبارکباد دیتے ہوئے دیکھا گیا۔لوک سبھا میں آج جہاں مختلف نعروں کی گونج سنائی دی اُن ہی میں مغربی بنگال کا 'ماں مائی منش' کا نعرہ بھی شامل تھے۔بی جے پی ارکان نے جب رام کے نعرے لگائے تو ترنمول کانگریس کے ارکان نے جواب میں اُسی جوش و جذبہ کے ساتھ ماں' ماٹی' منش اور جئے ممتا کے نعرے بلند کئے۔اس دوران کہیں سے جئے ماں کالی کا نعرہ بھی سنائی دیا۔اس دوران دلچسپ نوک جھونک بھی دیکھی گئی ترنمول رکن دیپک ادھیکاری نے حلف لینے کے بعد کہا کہ آج ایک دوسرے کے ساتھ امن اور ہم آہنگی کے ساتھ مل کر کام کرنے کا دن ہے۔اس پر عبوری اسپیکر ویریندر کمار نے فوراً ہی ریمارک کیا آج کا دن صرف حلف لینے کا ہے۔

- ایسی حرکتیں میرے لیے بے اثر: صدر مجلس
- رام کے نعروں کیلئے مندر مناسب مقام: نونیت رانا
- وندے ماترم خلاف اسلام: شفیق الرحمٰن برق
- ترنمول ارکان کا جئے ممتا کا نعرہ

اوم برلا اسپیکر لوک سبھا کے عہدہ کیلئے نامزد

نئی دہلی۔18۔جون (پی ٹی آئی) راجستھان کے حلقہ کوٹہ سے دو مرتبہ منتخب ہونے والے بی جے پی رکن پارلیمنٹ اوم برلا نے اسپیکر لوک سبھا کے عہدہ کے لئے این ڈی اے امیدوار کی حیثیت سے منگل کو پرچہ نامزدگی داخل کیا ہے۔وزیراعظم مودی' وزیر داخلہ امیت شاہ' وزیر زمینی حمل و نقل نتن گڈکری' لوک جن شکتی پارٹی کے صدر رام ولاس پاسوان اور این ڈی اے کے دیگر اہم قائدین بھی اس موقع پر موجود تھے۔لوک سبھا سکریٹریٹ کے ذرائع کے مطابق منگل کی دوپہر تک اس عہدہ کیلئے صرف برلا کے پرچے داخل کئے گئے۔تاحال اپوزیشن نے کسی کو اسپیکر کے عہدہ کے لئے نامزد نہیں کیا ہے۔کانگریس نے برلا کی مخالفت نہ کرنے کا اشارہ دیا۔

بہار میں بچوں کی اموات 127 نتیش کمار کے خلاف احتجاج

صفحہ 4......

مودی کی میٹنگ میں شرکت پر فیصلہ کیلئے آج اپوزیشن کا اجلاس

نئی دہلی۔18 جون۔(پی ٹی آئی) کانگریس کے بشمول اپوزیشن جماعتیں جو لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں کے بیک وقت انتخابات کی مخالف ہیں چہارشنبہ کی صبح اس بارے میں فیصلہ کریں گی کہ کیا ایک ملک ایک چناؤ کے بارے میں وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے طلب کردہ اجلاس میں شرکت کی جائے۔یو پی اے شرکاء کے قائدین کا ایک اجلاس منگل کی شام پارلیمنٹ میں ہوا جس میں اس مسئلہ پر غور کیا گیا۔یہ فیصلہ کیا گیا کہ وہ قطعی اقدام سے پہلے دوسری ہم خیال جماعتوں کے ساتھ مشورہ کریں گی۔یہ پوچھے جانے پر کہ کیا وزیراعظم کی جانب سے طلب کردہ چہارشنبہ کے اجلاس میں صدر کانگریس راہول گاندھی شرکت کریں گے، یو پی اے صدر نشین سونیا گاندھی نے کہا کہ آپ کو کل معلوم ہوجائے گا۔مودی نے لوک سبھا یا راجیہ سبھا میں کم از کم ایک رکن رکھنے والی تمام جماعتوں کے سربراہان کو اس مسئلہ پر غور کیلئے مدعو کیا ہے۔

آج کا سپلیمنٹ
سائنس
صحت اور ٹکنالوجی

روشن بیگ مخالف پارٹی سرگرمیوں کیلئے کانگریس سے معطل

بنگلورو۔18 جون۔(پی ٹی آئی) کانگریس نے آج باغی رکن اسمبلی روشن بیگ کو مخالف پارٹی سرگرمیوں کی پاداش میں فوری اثر کے ساتھ معطل کردیا ہے۔ریاستی کانگریس نے ایک اعلامیہ میں کہا کہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے روشن بیگ کے خلاف کارروائی کیلئے کرناٹک پردیش کانگریس کمیٹی کی تجویز کو منظوری دے دی ہے۔انہیں اس معاملے میں تحقیقات کی بنیاد پر فوری اثر کے ساتھ پارٹی سے معطل کیا گیا ہے۔شیواجی نگر کے رکن اسمبلی روشن بیگ نے لوک سبھا انتخابات میں پارٹی کی کارکردگی کیلئے کانگریس قائدین پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے فلاپ شو کیلئے سدارامیا کے تکبر اور پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر نشین گنڈوراؤ کی ناپختگی کو ذمہ دار ٹھہرایا تھا۔انہوں نے اے آئی سی سی جنرل سکریٹری کے سی وینو گوپال کو بھی بھانڈ قرار دیا تھا۔روشن بیگ نے پارٹی چھوڑنے کا بھی اشارہ دیا تھا اور مسلمانوں سے اپیل کی تھی کہ وہ این ڈی اے کی اقتدار پر واپسی کے تعلق سے صورتحال سے مفاہمت کرلیں۔کرناٹک پردیش کانگریس کمیٹی نے روشن بیگ کو ان کے رویہ کیلئے وجہ نمائی نوٹس جاری کی تھی جس کا انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا۔کرناٹک پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر گنڈوراؤ نے آج دن میں کہا تھا کہ آئی ایم اے جویلس کے ساتھ روشن بیگ کے مبینہ تعلقات کو مزید کارروائی کیلئے مرکزی قیادت کے علم میں لایا جائے گا۔

اننت ناگ میں انکاونٹر، 2 عسکریت پسند، ایک فوجی ہلاک

سری نگر۔18۔جون (پی ٹی آئی) جموں و کشمیر کے ضلع اننت ناگ میں منگل کو ہوئے تصادم میں جیش محمد کے 2 عسکریت پسند اور ایک فوجی جوان ہلاک ہوگئے۔پولیس ذرائع نے کہا کہ جنوبی کشمیر کے بجبہاڑہ علاقہ میں عسکریت پسندوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع ملنے پر سیکوریٹی فورس نے صبح علاقہ کو گھیر لیا اور تلاشی مہم شروع کی۔اسی دوران عسکریت پسندوں نے فورس پر فائرنگ کی جس میں ایک فوجی جوان زخمی ہوگیا جو بعد میں علاج کے دوران جانبر نہ ہوسکا۔ایک عہدیدار نے بتایا کہ بجبہاڑہ کے آپریشن میں 2 عسکریت پسند ہلاک ہوئے ہیں جن کی شناخت سجاد بٹ اور توصیف بٹ کی حیثیت سے کی گئی ہے وہ جیش محمد سے وابستہ تھے۔ذرائع کا دعویٰ ہے کہ سجاد بٹ 14 فروری کو پلوامہ میں کئے گئے خودکش حملہ کے سلسلہ میں پولیس کو مطلوب تھا' اس حملہ میں سی آر پی ایف کے 40 جوان ہلاک ہوئے تھے۔

حدیث شریف

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں میں سب سے زیادہ عاجز وہ شخص ہے جو دعا کرنے سے عاجز ہو یعنی دعا نہ کرتا ہو اور لوگوں میں سب سے زیادہ بخیل وہ ہے جو سلام میں بخل کرے۔
(حضرت ابوہریرہؓ۔طبرانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آیت شریف

اور رات و دن اور چاند و سورج اللہ کی قدرت کی نشانیوں میں سے ہیں تم لوگ نہ سورج کو سجدہ کرو اور نہ چاند کو بلکہ اللہ ہی کو سجدہ کرو جس نے ان چیزوں کو پیدا کیا ہے اگر تم کو اس کی عبادت منظور ہے۔
(سورہ حم سجدہ۔آیت 37)

عازمین حج کا پہلا قافلہ 26 جولائی کو روانہ ہوگا

آئندہ ماہ سے ٹیکہ اندازی، کمیٹی کے اجلاس میں انتظامات پر غور و خوض

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کا اجلاس آج منعقد ہوا جس میں حج 2019 کے انتظامات اور تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ریاست کے عازمین حج کا پہلا قافلہ 26 جولائی کو روانہ ہونے والا ہے۔ اجلاس میں عازمین کی روانگی، حج ہاوز میں ان کے توقف اور ایرپورٹ پر سہولتوں کے سلسلہ میں غور و خوض کیا گیا۔ حج کمیٹی کے توسط سے ریاست کے عازمین کے علاوہ کرناٹک اور آندھرا پردیش کے عازمین بھی سفر مقدس کیلئے روانہ ہوں گے۔ جناب محمد مسیح اللہ خان صدر نشین حج کمیٹی نے اجلاس کی صدارت کی۔ جناب بی شفیع اللہ آئی ایف ایس اگزیکیٹیو آفیسر حج کمیٹی، جناب محمد عبدالوحید آئی ایف ایس سابق اگزیکیٹیو آفیسر حج کمیٹی کے علاوہ کمیٹی کے ارکان جناب فاروق حسین ایم ایل سی، جناب ابوطلحہ امجد، جناب محمد عارف الدین، ڈاکٹر عقیل ہاشمی، (حیدرآباد)، جناب محمد عارف احمد (کریم نگر)، جناب خواجہ سراج الدین (ورنگل)، حافظ محمد لئیق خان (نظام آباد) ارکین حج کمیٹی' جناب عرفان شریف اسسٹنٹ اگزیکیٹیو آفیسر حج کمیٹی نے اجلاس میں شرکت کی۔ اراکین حج کمیٹی نے حج 2019 کے کامیاب انعقاد کے لئے مختلف تجاویز پیش کیں اور مکمل تعاون کا تیقن دیا۔ جناب محمد مسیح اللہ خان صدر

نشین حج کمیٹی نے کہا کہ حج کمیٹی ہر اتوار کو حج تربیتی کیمپ منعقد کرے گی اور آئندہ ماہ سے ٹیکہ اندازی شروع کی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ اس مرتبہ حج ہاوز میں عازمین کیلئے بستروں کا انتظام کیا جائے گا تاکہ توقف کے دوران وہ آرام کرسکے۔ عازمین کی اکثریت ضعیف العمر افراد پر مشتمل ہوتی ہیں اس کیلئے ان کی سہولت کیلئے اس مرتبہ بستر فراہم کئے جائیں گے۔ حج کیمپ کو کامیاب بنانے کیلئے ہر ممکن انتظامات کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ہمیشہ کی طرح تمام دوسرے محکموں کے تعاون اور تال میل کو برقرار رکھنے کے سلسلہ میں غور کیا گیا۔ جناب فاروق حسین، ایم ایل سی (رکن حج کمیٹی) نے کہا کہ 7 جولائی کو سدی پیٹ میں حج تربیتی اجتماع منعقد کیا جائے گا۔

بیرسٹر اسدالدین اویسی کی جرأت مندی کی ستائش: کمال الدین علی خان

حیدرآباد۔ 18 / جون (اعتماد نیوز) پارلیمنٹ میں ارکان کی حلف برداری کے موقع

پر حکمران جماعت بی جے پی کے ارکان کی جانب سے مختلف نعروں اور شوروغل کے جواب میں بیرسٹر اسدالدین اویسی صدر کل ہند مجلس اتحادالمسلمین و رکن پارلیمنٹ حیدرآباد کی جانب سے جو نعرہ لگایا گیا وہ ہندوستانی جمہوریت کے لئے ایک بہترین مثال ہے۔ جناب میر کمال الدین علی خان رجسٹرار خواجہ بندہ نواز یونیورسٹی گلبرگہ شریف نے آج ایوان پارلیمنٹ میں نعروں اور جوابی نعروں پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ بیرسٹر اسدالدین اویسی نے جو نعرہ لگایا ہے آج تک کسی نے ایسی جراءت نہیں کی۔ انہوں نے بیرسٹر اسد اویسی کی عافیت کے ساتھ درازی عمر کے لئے دعا کی۔

آج برقی شٹ ڈاؤن

حیدرآباد۔18 / جون (پریس نوٹ) او یو کالونی، نارائنا کالج، بی ایس این ایل، حکیم شاہ اور دیگر برقی فیڈرس کی مرمت، درستگی اور برقی کاموں کی انجام دہی کے سبب چہارشنبہ 19 / جون کو 10 بجے دن تا ایک بجے دوپہر او یو کالونی، علاقہ درگاہ حضرت حسین شاہ ولیؒ، لکشمی نگر، فالکن کالونی، شیخ پیٹ کلو کمپاؤنڈ، نارائنا کالج، ڈیپیرویلی، رادھے نگر، لیدر فیکٹری۔ 2 بجے دن تا 5 بجے شام بی ایس این ایل آفس، معراج کالونی، آئی اے ایس کالونی، چھوٹا جانکی نگر، بختاور گوڑہ، جانکی نگر، پیراماؤنٹ کالونی، ایم سی ایچ کالونی، حکیم شاہ کنٹہ، برنداون کالونی، فاطمہ کالونی، منی برنداون کالونی اور ویراٹ نگر علاقوں میں برقی سربراہی مسدود رہے گی۔

جان پر کھیل کر دوسروں کی جان بچانا آسان نہیں

100 سے زائد افراد کو ڈوبنے سے بچانے والے نوجوان سے بات چیت

عزیز احمد تسلیم

اپنی جان جوکھم میں ڈال کر کسی کو بچانا بہادری کا کام ہے۔ کہنے اور سننے میں یہ بات اچھی معلوم ہوتی ہے لیکن حقیقت میں اس کے لئے انتہائی بہادری کی ضرورت ہوتی ہے۔ شہر حیدرآباد ایک ایسا نوجوان ہے جس نے اپنی جان جوکھم میں ڈال کر 100 سے زائد افراد کی جان بچائی ہیں۔ ہنمنتو عرف شیوا نامی نوجوان کے حقیقی والدین کا کوئی اتہ پتہ نہیں ہے۔ حسین ساگر سے متصل کٹہ میساماں مندر کے احاطہ میں وہ اپنی بیوی اور 6 بچوں کے ساتھ مقیم ہے۔ آسمان ہی اس کا چھت اور زمین ہی اس کا فرش ہے۔ سردی، گرمی، بارش چاہے کوئی بھی موسم ہو وہ اپنے ارکان خاندان کے ساتھ یہیں رہتا ہے۔ شیوا نے حسین ساگر جھیل میں چھلانگ لگا کر خودکشی کرنے والوں کی جہاں جان بچائی وہیں اس نے ہزاروں نعشوں کو بھی پانی سے نکالا ہے۔ وہ گذشتہ 18 سال سے یہ کام کررہا ہے۔ وہ ایک ماہر غوطہ خور ہے' نہ صرف شہر بلکہ اطراف و اکناف کے مقامات اور اضلاع میں بھی گہرے کنوؤں یا تالابوں سے نعشیں نکالنے کے لئے پولیس کی جانب سے اس کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں۔ ایک ملاقات کے دوران شیوا نے بتایا کہ اس کے ماں باپ کا پتہ نہیں ہے' جب اس نے ہوش سنبھالا تو اپنے آپ کو ہاسٹل میں پایا۔ ابتداء میں وہ یاقوت پورہ کے ایک ہاسٹل میں رہتا تھا بعدازاں اسے دلسکھ نگر ہاسٹل روانہ کیا گیا جہاں وہ اپنے دوستوں کے ہمراہ اطراف و اکناف کے تالابوں اور کنوؤں میں شوقیہ طور پر تیراکی کیا کرتا تھا۔ یہی شوق اب اس کی زندگی کا مقصد بن گیا ہے۔ ابتداء میں شیواء، گنیش نمرجن کے موقع پر گنیش کی چھوٹی مورتیوں کو ایک ایک روپے کے عوض پانی میں چھوڑا کرتا تھا۔ زندگی میں پہلی بار کسی نعش کو پانی سے نکالنے کے تجربہ سے متعلق اس نے بتایا کہ دلسکھ نگر کے ہاسٹل کے بعد وہ خیریت آباد کے ہاسٹل منتقل ہوا تب اس کی عمر تقریباً 12 سال تھی۔ ایک دن وہ اپنے دوستوں کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا کہ اس دوران سیف آباد پولیس اسٹیشن کے ملازمین کسی نامعلوم شخص کی نعش کو حسین ساگر جھیل سے نکالنے کے لئے غوطہ خور کی تلاش میں پہنچے۔ معلومات حاصل کرنے پر پولیس ملازمین نے بتایا کہ انہیں غوطہ خور کی تلاش ہے جو پانی سے نعش کو باہر نکال سکے۔ شیوا کے مطابق وہ فوری طور پر اس کام کے لئے تیار ہوگیا اور اس نے حسین ساگر میں چھلانگ لگا کر نعش کو باہر نکالا۔ اسے اس وقت اس کام کے لئے 30 روپے دیئے گئے تھے۔ اس نے بتایا کہ اس کے آگے پیچھے کوئی نہیں تھا اور اس نے نعشوں کو نکالنے کے لئے ہونے والی مشکلات دیکھ کر یہ فیصلہ کیا کہ وہ پانی سے نعشوں کو نکالنے کا کام کرے گا۔ اس کے مطابق اس نے ریلوے ٹریک سے بھی نعشوں کو اٹھا کر مردہ خانہ منتقل کیا ہے۔ اس کے پاس نعشوں کو پانی سے نکالنے کی تصاویر کا خزانہ موجود ہے جس میں اسے انتہائی مسخ شدہ نعشوں کو نکالتے ہوئے بھی دیکھا جاسکتا ہے۔ جب اس سے پوچھا گیا کہ آیا اسے نعشیں نکالنے سے خوف نہیں ہوتا' شیوا نے بتایا مجھے ڈر نہیں لگتا، ڈر کا ہے کا، چوری کرے تو ڈرنا اچھا کام کرنے کیلئے ڈرنے کی کیا ضرورت ہے؟ اس نے مزید بتایا کہ جب وہ ہاسٹل سے نکلنے کے بعد شہر کی سڑکوں پر گشت کرتا تھا اور فٹ پاتھ پر زندگی گزارا کرتا تھا اس وقت ملیشوراماں نامی ایک خاتون نے اسے اپنا منہ بولا بیٹا بنالیا حالانکہ خاتون کو ایک بیٹا موجود تھا اس کے باوجود وہ اسے اپنے بیٹے کی طرح بے پناہ چاہتی ہے۔ چند سال قبل خاتون کا بیٹا جو پیشہ سے پینٹر تھا کام کے بعد ہاتھ منہ دھونے کے دوران تالاب میں غرق ہوگیا۔ شیوا نے بتایا کہ اسے اپنے بھائی کی موت پر انتہا سے زیادہ تکلیف ہوئی اور اسے اس بات کا صدمہ تھا کہ وہ اپنے بھائی کی جان نہیں بچاسکا۔ شیوا نے کہا کہ وہ جب بھی کسی کی جان بچاتا ہے تو اس میں اسے اپنے بھائی کی جھلک نظر آتی ہے اور وہ یہ محسوس کرتا ہے کہ اس نے اپنے بھائی کی جان بچالی ہے۔ اقدام خودکشی کرنے والے افراد کو پانی سے نکالنے کے دوران ہونے والی مشکلات کے تعلق سے اس نے بتایا کہ پانی میں ڈوبنے والا شخص خوفزدہ ہوتا ہے اور وہ غرق ہونے سے محفوظ رہنے کے لئے بچانے والے کو پکڑلیتا ہے۔ اس نے کہا کہ تقریباً تین مرتبہ وہ غرق ہونے سے محفوظ رہا۔ محکمہ پولیس کی جانب سے نعشوں کو نکالنے کے لئے شیوا کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں اور وہ اپنا زیادہ تر وقت کٹہ حسین ساگر پر ہی گزارتا ہے تاکہ اقدام خودکشی کرنے والوں کو روکا جاسکے۔ گزربسر کے لئے وہ جو بھی کام مل جائے کرلیا کرتا ہے۔ شیوا کی غربت کو دیکھ کر انسپکٹر لیک پولیس دھنا لکشمی نے اس کے تین بچوں کا اقامتی اسکول میں داخلہ کروایا جہاں وہ زیر تعلیم ہیں۔ انھوں نے نہ صرف بچوں کو داخلہ دلوایا بلکہ ان کے لئے ضروری سامان کا بھی انتظام کیا۔ محکمہ پولیس کی جانب سے شیوا کی خدمات کو دیکھتے ہوئے اسے ہوم گارڈ کی ملازمت فراہم کرنے کی غرض سے سابق میں کارروائی شروع کی گئی تھی' یہ کارروائی مختلف مرحلوں سے گزرتے ہوئے درمیان میں ہی رک گئی۔ اسے ڈبل بیڈروم مکان کی فراہمی کا بھی تیقن دیا گیا تھا' شیوا جسے کل تک اپنے مستقبل کی فکر نہیں تھی آج وہ اپنے بچوں کے مستقبل کے لئے فکرمند ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ اس کے بچے پڑھ لکھ کر اچھے شہری بنیں۔ اس نے کہا کہ وہ اپنی زندگی فٹ پاتھ پر گزار چکا ہے جب تک وہ تنہا تھا اس نے حکومت سے مدد طلب نہیں کی لیکن اب اسے اپنے بچوں کیلئے حکومت کی مدد کی ضرورت ہے۔ شیوا کا حکومت سے مطالبہ ہے کہ اگر حکومت کی جانب سے ڈبل بیڈروم مکان اور محکمہ پولیس میں ملازمت حاصل ہوجائے تو وہ اپنا یہ خواب شرمندہ تعبیر کرسکتا ہے۔ اس کے مطابق وہ پولیس کے غوطہ خور کی حیثیت سے نعشیں نکالنے کا کام کرے گا۔ شیوا کا کوئی نہیں ہے البتہ اس کا ایک دوست رمیش بابو ہے جو بھوئی گوڑہ میں جم ٹرینر ہے۔ وہ اپنا دکھ درد اسی کے ساتھ بانٹا کرتا ہے۔ فٹ پاتھ پر ہونے کی وجہ سے شیوا کا آدھار کارڈ نہیں بن سکا تھا تاہم جم ٹرینر نے اپنے گھر کے پتے پر شیوا کا آدھار کارڈ بنوایا۔ اس نے اپنی شادی بھی ایک غریب لڑکی سے کی اور اس کی بیوی بھی شاندار تیراک ہے اس نے دو افراد کو بچایا۔ شیوا انتہائی مسخ شدہ نعشیں بھی پانی سے نکالتا ہے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ اس کے پاس تعفن سے محفوظ رہنے اور شخصی حفاظت کا کوئی انتظام نہیں ہے اور نہ ہی اسے اس طرح کی کوئی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ شیوا نے کہا ہے کہ وہ نعشوں کو نکالنے کا کام تاحیات جاری رکھے گا اس نے خودکشی اور اقدام خودکشی جیسا انتہائی اقدام کرنے والوں سے اپیل کی ہے کہ وہ دوسروں کے لئے اپنی قیمتی جان کی قربانی نہ دیں۔

محکمہ اقلیتی بہبود کے 7 شعبے' صرف ایک مستقل عہدہ دار

اقلیتی مالیاتی کارپوریشن کے ایم ڈی کی زائد ذمہ داری کرسچین فینانس کارپوریشن کی عہدہ دار کے حوالہ

حیدرآباد۔ 18 جون (اعتماد نیوز) محکمہ اقلیتی بہبود کے تحت آنے والے تمام شعبوں میں اعلی عہدیداروں کی عدم موجودگی سے محکمہ کی کارکردگی پر اثر پڑا ہے۔ اسمبلی اور پارلیمانی انتخابات کے ضابطہ اخلاق کی وجہ سے تقریباً 6 ماہ ویسے ہی کارکردگی ٹھپ رہی لیکن اب عہدیداروں کی عدم موجودگی سے کام کاج متاثر ہے۔ بی شفیع اللہ سکریٹری تلنگانہ مائناریٹی ریسیڈنشیل ایجوکیشنل انسٹی ٹیوشنس سوسائٹی ہیں، انہیں ڈائرکٹر مائناریٹی ویلفیر شاہنواز قاسم کے غیاب میں ڈائرکٹوریٹ کی بھی زائد ذمہ داری دی گئی ہے جبکہ وہ سکریٹری اردو اکیڈیمی اور سکریٹری حج کمیٹی کی زائد ذمہ داریاں بھی سنبھال رہے ہیں۔ اس کے علاوہ تلنگانہ مائناریٹی اسٹڈی سرکل کی بھی ذمہ داری انہیں سونپی گئی ہے اس طرح بی شفیع اللہ پانچ شعبوں کی ذمہ داریاں سنبھال رہے ہیں۔ مائناریٹی فینانس کارپوریشن کے مینجنگ ڈائرکٹر کے عہدہ کی زائد ذمہ داری کرسچن مائناریٹی فینانس کارپوریشن کی خاتون عہدیدار کو سونپی گئی ہے۔ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ کرسچن مائناریٹی فینانس کارپوریشن میں عملہ نہیں ہے۔ کرسمس اور دوسروں موقعوں پر کرسچن مائناریٹی فینانس کارپوریشن کے تحت جو بھی کام ہوتا ہے وہ مائناریٹی فینانس کارپوریشن کے ملازمین ہی انجام دیتے ہیں۔ حکومت نے ایک ریٹائرڈ عہدیدار کو مائناریٹی فینانس کارپوریشن کی ذمہ داری دی تھی۔ ریٹائرڈ عہدیدار کی خدمات میں ایک سال کی توسیع دی گئی تھی بعد میں اس میں دو ماہ کا اضافہ کیا گیا اور فینانس کارپوریشن کے علاوہ دو شعبے بھی ان کے حوالے کئے گئے۔ اب ان کی خدمات ختم ہونے کے بعد شفیع اللہ کو زائد ذمہ داری دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق عہدیداروں کی عدم موجودگی کے سلسلہ میں ایک اجلاس حکومت کے مشیر اے کے خان کی قیامگاہ پر منعقد ہوا جس میں شفیع اللہ نے یہ تاثر کا اظہار کیا کہ حج کمیٹی میں ایک مستقل عہدیدار کا ہونا ضروری ہے۔ ایجوکیشنل سوسائٹی، اردو اکیڈیمی، اسٹڈی سرکل کی زائد ذمہ داریاں دیکھتے ہوئے وہ حج کمیٹی کا بوجھ اٹھانے سے قاصر ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جناب اے کے خان کی ہدایت پر ایم اے وحید نے آج حج کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کی۔ اس دوران وقف بورڈ میں بھی سی ای او کی عدم موجودگی سے کام کام متاثر ہے۔ عبدالحمید اپنے فیصلے پر بضد ہیں۔ ذرائع سے پتہ چلا ہے کہ دوسرے عہدیدار کی تلاش جاری ہے۔ وقف کمشنریٹ کی زائد ذمہ داری بھی اسداللہ کو دی گئی ہے۔ یعنی محکمہ اقلیتی بہبود کے 7 شعبوں میں صرف ایک مستقل عہدیدار ہے۔ باقی تمام شعبے فی الحال ایک عہدیدار اور ایک ریاستی حکومت کے مشیر کے رحم و کرم پر چھوڑ دیئے گئے ہیں۔

وقف جائیدادوں کے مقدمات' پیروی میں لاپرواہی نہ کی جائے' صدرنشین وقف بورڈ کی ہدایت

حیدرآباد۔ 18 جون (اعتماد نیوز) صدرنشین ریاستی وقف بورڈ محمد سلیم نے آج اوقافی جائیدادوں سے متعلق عدالت میں زیر دوراں مقدمات کی تفصیلات عہدیداروں سے طلب کی اور انہیں ہدایت دی کہ کسی بھی مقدمہ کی پیروی کے دوران لاپرواہی کا مظاہرہ نہ کیا جائے اور بورڈ کا موقف عدالت کے سامنے بروقت رکھا جائے۔ حلفنامے بھی داخل کرنے میں کوتاہی نہ کی جائے۔ انہوں نے آج عہدیداروں کے ہمراہ ایک اجلاس منعقد کرتے ہوئے یہ بات بتائی۔ عاشور خانہ علی سعد کے تحت واقع مامڑپلی کی وقف اراضی کے علاوہ دیگر اوقافی اراضیات سے متعلق مقدمات کی تفصیلات بھی حاصل کی گئیں۔ صدرنشین وقف بورڈ نے روشن الدولہ مقبرہ واقع بالاپور اور گولہ بیگم پیٹ کی وقف اراضیات کا معائنہ کرنے کی وقف انسپکٹرس کو ہدایت دی اور ان سے رپورٹ طلب کی گئی ہے کہ اگر کسی بھی قسم کی نئی تعمیر یا کام ہورہا ہے تو بروقت اس کو روکا جائے اور اس کی تفصیلات بورڈ کو دی جائے۔ ائمہ اور موذنین کا اعزازیہ بھی فروری تک ادا کیا گیا ہے۔ صدرنشین وقف بورڈ نے 4 مہینہ کا اعزازیہ ایک ساتھ ادا کرنے کی عہدیداروں کو ہدایت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب ضابطہ اخلاق نہیں ہے اس لئے فوری طور پر اعزازیہ ادا کیا جائے اور بقیہ جات نہ رکھیں جائیں۔ دفتری کام کاج کے سلسلہ میں بھی صدرنشین وقف بورڈ نے ملازمین سے مشاورت کی۔ سی ای او کی عدم موجودگی میں بورڈ کا کام ٹھپ ہے۔ اس سلسلہ میں متعلقہ وزیر اور عہدیداروں سے بات چیت کرنے کا محمد سلیم نے فیصلہ کیا ہے۔ بورڈ کے روزانہ کے کام کاج پر بھی ایک مستقل عہدیدار نہ ہونے سے اثر پڑرہا ہے۔

چیف منسٹر چندرشیکھر راؤ کابینہ کے اجلاس کی روئیداد سے صحافیوں کو واقف کرواتے ہوئے۔ تصویر میں ریاستی وزراء محمد محمود علی، جگدیشور ریڈی، ای راجندر اور دوسرے۔

عدلیہ کی کارکردگی کو آسان بنانے ثالثی کا فروغ ضروری

آربٹریشن کے دو روزہ ورکشاپ کا الکٹریکل انجینئرس کے لئے انعقاد

حیدرآباد۔ 18 جون (اعتماد نیوز) ملک میں جمہوریت کے تحفظ اور عدلیہ کے نظام کی کارکردگی کو آسان بنانے کے لئے ضروری ہے کہ ثالثی کے نظام کو فروغ دیا جائے۔ ثالثی کے ذریعہ عدالت کے باہر تنازعات کی آسانی سے یکسوئی کی جاسکتی ہے۔ اس سے عدالتوں پر بوجھ بھی کم ہوگا اور فریقین کے درمیان اعتماد بھی بحال رہے گا۔ ثالثی کے عمل سے مقررہ مدت کے دوران تنازعہ کی یکسوئی ہوجاتی ہے اس کے لئے انہیں برسوں انتظار کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ جے ایل این مورتی رکن گورننگ کونسل و ریجنل سنٹر انچارج سکریٹری آئی سی اے ڈی آر حیدرآباد نے آج آئی سی اے ڈی آر کے مرکز پر محکمہ برقی کی کمپنیوں کے انجینئرس کے لئے منعقدہ دو روزہ تربیتی ورکشاپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ان خیالات کا اظہار کیا۔ تلنگانہ ٹرانسکو اور نادرن پاور ڈسٹری بیوشن کمپنی کے انجینئرس کے لئے اس دو روزہ تربیت کا اہتمام کیا گیا تھا۔ دونوں برقی کمپنیوں کے سینکڑوں انجینئرس نے اس دو روزہ ورکشاپ میں شرکت کرکے اسناد بھی حاصل کئے۔ جے ایل این مورتی نے کہا کہ سپریم کورٹ کی نگرانی میں آئی سی اے ڈی آر ایک آزاد خودمختار ادارہ ہے جو تنازعات کی یکسوئی کے لئے ثالثی کا عمل انجام دیتا ہے۔ اس ادارہ کے صدرنشین سپریم کورٹ کے چیف جسٹس ہیں۔ اس ادارہ کے ملک بھر میں کئی علاقائی مراکز قائم ہیں جن میں حیدرآباد کا علاقائی مرکز تنازعات کی عدالتوں کے باہر یکسوئی میں اہم رول ادا کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ثالثی کے لئے قانون میں ترمیم کی جاچکی ہے۔ کسی بھی تنازعہ کی صورت میں آربٹریشن ایکٹ کے تحت 30 دن میں ثالث (آربٹریٹر) کا تقرر کیا جاسکتا ہے بصورت دیگر تنازعہ کو عدالت سے رجوع کیا جاسکتا ہے۔ قانون کے تحت ثالثی کو تیزی کے ساتھ انجام دینے کے لئے سپریم کورٹ کے احکامات موجود ہیں۔ ان قوانین سے استفادہ کرتے ہوئے عدالتوں کے بوجھ کو کم کیا جاسکتا ہے۔

آندھراپردیش کے پولیس ملازمین کے لئے ہفتہ واری تعطیل کا اعلان

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) آندھراپردیش حکومت نے محکمہ پولیس میں کام کرنے والے ملازمین کے لئے ہفتہ واری تعطیل کا اعلان کردیا ہے اور چہارشنبہ 19 جون سے ہفتہ واری تعطیل کے فیصلہ پر عمل آوری شروع ہوجائے گی۔ اس خصوص میں محکمہ داخلہ نے سرکاری احکام جاری کردیئے۔ جی او کے مطابق کانسٹبل سے لے کر سرکل انسپکٹر کے رتبہ کے ملازمین کو ہفتہ میں ایک دن چھٹی دی جائے گی۔ چیف منسٹر وائی ایس جگن موہن ریڈی کی صدارت میں گذشتہ ہفتے منعقدہ کابینہ کے پہلے اجلاس میں محکمہ پولیس کے ملازمین کو ویکلی آف دینے کا فیصلہ کیا تھا۔ اس سلسلہ میں حکومت نے ایک کمیٹی تشکیل دی تھی۔ کمیٹی کی سفارش پر حکومت نے ہفتے میں ایک دن چھٹی سے متعلق جی او جاری کیا گیا۔ حکومت کے اس فیصلہ پر محکمہ پولیس کے ملازمین اور عہدہ داروں نے مسرت کا اظہار کیا۔

حیدرآباد میں جاریہ ماہ انٹرنیشنل سیڈ کانفرنس

70 ممالک کے مندوبین شرکت کریں گے: وزیر زراعت

حیدرآباد ۔ 18 جون (اعتماد نیوز) وزیر زراعت سنگی ریڈی نرنجن ریڈی نے 26 جون سے حیدرآباد میں منعقد ہونے والی انٹرنیشنل سیڈ ٹسٹنگ اسوسی ایشن کی کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لئے تمام محکموں کو تال میل کے ساتھ کام کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیر زراعت نے کہا کہ 26 جون سے 3 جولائی تک جاری رہنے والی سیڈ کانفرنس میں 70 ممالک کے 800 مندوبین شرکت کریں گے۔ ایشیا میں پہلی مرتبہ ہندوستان میں اس کانفرنس کا اہتمام ہورہا ہے اور کانفرنس کی میزبانی کا تلنگانہ ریاست کو اعزاز حاصل ہوا ہے۔ انھوں نے عہدہ داروں کو مشورہ دیا کہ وہ کانفرنس کے دوران مندوبین کو کسی قسم کی مشکلات پیش ہونے نہ دیں' تمام انتظامات بروقت مکمل کرلیں۔ آئندہ دو' تین دن میں تمام انتظامات مکمل کرلینے کی عہدہ داروں کو ہدایت دی۔ وزیر زراعت نے کہا کہ کانفرنس کے دوران کسانوں کا ایک علحدہ پروگرام منعقد ہوگا جس میں ملک و بیرون ممالک سے 1,500 کسان شرکت کریں گے۔ اس کے علاوہ کانفرنس میں شرکت کرنے والے مندوبین کے ساتھ سیڈ کمپنیوں کے نمائندوں کے ساتھ بھی ایک اجلاس منعقد ہوگا جس میں نئی تکنیک کے استعمال اور دیگر چیلنجس پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ نرنجن ریڈی نے منتظمین کو مشورہ دیا کہ وہ مندوبین کے لئے طعام اور رہائش کے وسیع تر انتظامات کریں۔ کانفرنس کے دوران ٹکنیکل سیشن' نمائش اور دیگر کلچرل پروگرام بھی منعقد کئے جائیں گے۔ سکیوریٹی کا خاص خیال رکھا جائے گا۔ انھوں نے اہم شخصیتوں کو وقت سے پہلے دعوت نامے روانہ کردینے کا بھی مشورہ دیا۔ اس موقع پر محکمہ' زراعت کے پرنسپال سکریٹری پارتھا سارتھی اور کمشنر زراعت راہول بوجا' تلنگانہ سیڈ کے ڈائرکٹر کیشولو اور دوسرے موجود تھے۔

سکریٹریٹ اور اسمبلی کی نئی عمارتیں تعمیر کی جائیں گی (بسلسلہ صفحہ آخر)

انھوں نے کہا کہ دریاؤں کے پانی سے استفادہ کرتے ہوئے تلنگانہ اور آندھراپردیش کے کسانوں کو فائدہ پہونچایا جائے گا۔ کالیشورم پراجکٹ کا 21 جون کو افتتاح عمل میں لایا جارہا ہے۔ یہ پراجکٹ کافی بڑا ہے، اس کے فوائد سال 2020ء میں دکھائی دیں گے۔ کالیشورم سے ریاست کی 45 لاکھ ایکر اراضیات کو سیراب کیا جائے گا۔ پہلے مرحلہ کے تحت 25 لاکھ ایکر اراضیات سیراب کی جائیں گی۔ چیف منسٹر نے کالیشورم پراجکٹ کی تکمیل پر ریاست کی عوام کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ اس باوقار پراجکٹ کو روکنے کیلئے کئی طرح کی سازشیں کی گئی تاہم حکومت نے یہ پراجکٹ انتہائی کم وقت میں مکمل کروایا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ دنیا کا سب سے بڑا لفٹ اریگیشن پراجکٹ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کابینہ میں تلنگانہ کے فلم ڈائرکٹر و تلنگانہ کے جہد کار شنکر کو شہر کے مضافاتی علاقہ شنکر پلی' موکیلا میں فی ایکر 5 لاکھ کے حساب سے 5 ایکر اراضی مختص کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسی طرح شاردھا پیٹھ ٹرسٹ کو بھی 2 ایکر اراضی مختص کرنے کا فیصلہ لیا گیا۔ کابینہ نے ریاست کے 30 اضلاع میں ٹی آر ایس پارٹی دفاتر کے قیام کیلئے اراضی مختص کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ چیف منسٹر نے بتایا کہ حکومت کی جانب سے بی سی ریزرویشن کا عمل جلد سے جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی گئی ہے اور حکومت ماہ جولائی میں بلدیہ انتخابات کا عمل کروانے کیلئے اقدامات کررہی ہے۔ چیف منسٹر نے کہا کہ انتخابات کے دوران ٹی آر ایس پارٹی نے سرکاری ملازمین کی سبکدوشی کی حد عمر کو 61 سال کردینے کا وعدہ کیا تھا، اس کے علاوہ ملازمین کے لئے پی آر سی کا اعلان بھی باقی ہے۔ آج کابینہ میں اس پر تبادلہ خیال کیا اور اس بات کا فیصلہ کیا گیا کہ ملازمین کی تنظیموں کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے پی آر سی اور حد عمر میں اضافہ کے سلسلہ میں ان کی رائے حاصل کی جائے اور ایک ہی پیاکیج کے تحت ملازمین کو دونوں فوائد دیئے جائیں گے۔

موسیٰ ندی کو خوبصورت بنانے کے پراجکٹ کے حصہ کے طور پر اس کی صفائی کا ایک منظر۔

گدوال میں بین طبقاتی جوڑے کی خودکشی

گدوال۔18 جون (اعتماد نیوز) ضلع جوگولامبا گدوال کے موضع پوتلا پاڈو ماناپاڈو منڈل میں ٹرین کے سامنے لیٹ کر ایک بین طبقاتی جوڑے نے خودکشی کرلی۔ تفصیلات کے مطابق ضلع گدوال کے موضع انکیال پاڈ' رونڈا ولی منڈل کا ساکن 19 سالہ لوکیش ولد چندرنا اسی گاوں کی ساکن کستوری بنت اوپیندر ایک دوسرے کے دام الفت میں گرفتار تھے۔ لوکیش اور کستوری نے ایک ہی اسکول میں تعلیم حاصل کی۔ اس عاشق جوڑے کا دو مختلف طبقات سے تعلق تھا اور دونوں کے رشتہ سے والدین

سیوریج کے کاموں کی یکسوئی اور برقی کی شکایت دور کرنے کی ہدایت

جناب سید احمد پاشاہ قادری کا دبیر پورہ ڈیویژن میں دورہ

حیدرآباد۔18۔جون (پریس نوٹ) نقیب ملت بیرسٹر اسدالدین اویسی صدر کل ہند مجلس اتحادالمسلمین ورکن پارلیمنٹ حیدرآباد کی ہدایت پر جناب سید احمد پاشاہ قادری معتمد عمومی مجلس ورکن اسمبلی حلقہ یاقوت پورہ نے آج دبیر پورہ ڈیویژن کے مختلف علاقہ جات مسجد کمیلہ، یاقوت پورہ، تکیہ روشن دان اور قرب وجوار کے علاقوں میں بلدی، برقی اور آبرسانی کے عہدیداروں کے ہمراہ دورہ کیا۔ سڑک کے زیر دوران کام گلیوں میں سیوریج کے کام مکمل کیا اور منظورہ پائپ لائن کے کام شروع کرنے کی ہدایت دی۔ رکن اسمبلی نے مسجد کمیلہ کے عقب میں این پی 2 پائپ لائن کی منظوری کے بارے میں عہدیداروں کو بتاتے ہوئے کہا کہ جلد از جلد یہ کام شروع کیے جائیں۔ اس موقع پر عوام کی جانب سے برقی کی مسدودی کی شکایت کی گئی جس پر انہوں نے انجینئرس کو شکایت دور کرنے کی ہدایت دی اور کہا کہ عنقریب برقی کے عہدیداروں کے ہمراہ دورہ کیا جائے گا۔ اسی طرح انہوں نے موریوں سے ملبہ اور کچرا کی نکاسی کرنے کی عہدیداروں کو ہدایت دی جس پر عہدیداروں نے کل سے کام کا آغاز کرنے کا تیقن دیا۔ جناب مرزا ریاض الحسن آفندی رکن قانون ساز کونسل کی جانب سے ... ڈرینیج اور سیوریج لائن کی تنصیب کے سلسلہ میں منظوری حاصل کی گئی اور بتایا گیا کہ ٹنڈر کی اجرائی کے بعد کاموں کا آغاز ہوگا۔ لہذا بلدیہ اور سیوریج کے شعبہ کے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ کاموں کا جلد آغاز کیا جائے۔ دورہ کے موقع پر ایک مقامی شخص نے شکایت کی کہ مسجد کمیلہ کے پاس سرقہ کی وارداتوں میں اضافہ ہورہا ہے لہذا یہاں پر سی ٹی وی کیمرہ نصب کیا جائے جس پر جناب سید احمد پاشاہ قادری نے تیقن دیا کہ وہ اس سلسلہ میں پولیس کو پابند کرتے ہوئے کیمرہ نصب کرنے ہدایت دیں گے۔ دورہ میں جناب ریاض الحسن آفندی ایم ایل سی کے علاوہ ابتدائی مجالس کے صدور ومعتمدین اور سرگرم کارکنان نے شرکت کی۔

ریاستی حکومت ہاسٹلس کے فنڈس میں اضافہ کررہی ہے

طلبہ کے اسٹائپنڈ بھی بڑھانے کا فیصلہ: وزیر بہبود

حیدرآباد۔18۔جون (این ایس ایس) وزیر بہبود کے ایشور نے آج کہا کہ ریاستی حکومت تلنگانہ کے ویلفیر ہاسٹل کے فنڈس میں اضافہ کررہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہاسٹلس میں رہنے والے طلبہ کو اب اضافی رقم اور سہولیات حاصل ہوں گی۔ ... 4000 اسٹائپنڈ کو 6000 اسٹائپنڈ بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے اور عہدیداروں کو ہدایت دی کہ اس معاملہ فوراً احکام جاری کریں۔ وزیر نے کہا کہ اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کی وجہ سے ... رقم بڑھائی گئی ہے۔ ایشور نے کہا کہ حکومت نے ہاسٹلس میں سی سی کیمرہ نصب کرتے ہوئے سیکوریٹی کو بہتر بنانے کا بھی فیصلہ کیا ہے اور عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ تمام ہاسٹلس میں سی سی ٹی وی کیمروں کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے فوری اقدامات کریں۔ انہوں نے اس سلسلہ میں عہدیداروں کو تجویز پیش کرنے کی بھی ہدایت دی اور کہا کہ چیف منسٹر ہاسٹل کے رہنے والے طلبہ کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کے خواہاں ہیں اور صد سالہ تقریب کے جشن منانے کیلئے ان ہاسٹل کو سالانہ میں ایک مرتبہ 20 ہزار روپے حاصل ہوں گے۔

تلگودیشم ارکان اسمبلی کے بی جے پی سے ربط میں رہنے کا دعویٰ

حیدرآباد۔18جون (اعتماد نیوز) بی جے پی آندھراپردیش یونٹ کے نائب صدر وشنووردھن ریڈی نے دعویٰ کیا کہ تلگودیشم کے ارکان اسمبلی ان کی پارٹی کے ربط میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سابق وزراء، سابق ارکان اسمبلی بھی تلگودیشم سے علحدگی اختیار کرتے ہوئے بی جے پی میں شامل ہونے کے لئے تیار ہیں۔ ان قائدین کو پارٹی میں شامل کرنا ہے اس مسئلہ میں اقدامات کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تلگودیشم پارٹی سے قائدین کا تخلیہ طئے ہے۔ حالیہ انتخابات میں تلگودیشم کو زبردست دھکہ لگا آنے والے دنوں میں ایک اور زبردست دھکہ اس پارٹی کو لگنے والا ہے۔ بی جے پی کے ریاستی یونٹ کے نائب صدر نے بتایا کہ آندھراپردیش میں وائی ایس آر کانگریس کا متبادل بی جے پی ہی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ سابق چیف منسٹر چندرابابو نائیڈو اور ان کے فرزند لوکیش بدعنوانیوں میں ملوث ہیں۔ انہوں نے چیف منسٹر جگن موہن ریڈی سے ان دونوں کے خلاف جامع تحقیقات کروانے کا مطالبہ ہے۔

وارڈس کی دوبارہ حد بندی ودیگر کاموں کیلئے وقت درکار

ریاستی حکومت بلدیات کے انتخابات کا عمل جلد شروع کرنے کی پابند عہد

تلنگانہ ہائی کورٹ میں حکومت کا جوابی حلفنامہ

حیدرآباد۔18۔جون (اعتماد نیوز) حکومت تلنگانہ نے آج یہ دعویٰ کیا کہ اس نے ان جلد از جلد بلدیاتی انتخابات منعقد کرنے کا عمل شروع کرنے کا عہد کیا ہے اور عدالت کو بتایا کہ اسے شہری مجالس مقامی کے وارڈس کی از سرنو حد بندی، وارڈ کی سطح پر رائے دہندوں کی شناخت اور ووٹر فہرست کی اشاعت، درج فہرست طبقات ودرج فہرست قبائل اور پسماندہ طبقات ودیگر جیسے کام کیلئے 151 ایام (تقریباً 5 ماہ) درکار ہیں۔ اس سلسلہ میں ریاستی حکومت نے ریاستی الیکشن کمیشن اور تلنگانہ اسٹیٹ بیک ورڈ کلاسس ویلفیر اسوسی ایشن کی جانب سے دائر کی گئی درخواستوں پر اپنا جوابی حلفنامہ داخل کیا۔ واضح رہے کہ عدالت نے جاریہ سال 2 جولائی کو پوری ہونے والی ان بلدیات اور بلدی کارپوریشنس کی میعاد ختم ہونے سے قبل ہی انتخابات کروانے کی خواہش کی تھی۔ ریاستی الیکشن کمیشن نے وارڈس کی دوبارہ حد بندی کی توثیق کرنے اور شہری مجالس مقامی کے ریزرویشن کا اعلان کرنے میں حکومت کی لاپرواہی کو چیلنج کیا تھا جبکہ اسوسی ایشن کے ریاستی صدر جے سرینواس گوڑ نے کیس دائر کرتے ہوئے شکایت کی تھی کہ متعلقہ عہدیداروں نے قانون تلنگانہ میونسپالٹیز 1965 اور قانون تلنگانہ میونسپل کارپوریشن 1994 کی مختلف دفعات کے تحت پسماندہ طبقات کو تحفظات کی فراہمی کے ذریعہ ان تین بلدی کارپوریشنس اور 53 بلدیات کے انتخابات کروانے کے اقدامات نہیں کئے۔ حکومت کی جانب سے پیش ہونے والے پرنسپل سکریٹری برائے بلدی نظم ونسق وشہری ترقیات اروند کمار نے بتایا کہ حکومت نے ان بلدیات کے قیام کیلئے اور موجودہ شہری مجالس مقامی میں گرام پنچایتوں کے انضمام کیلئے ایک پالیسی فیصلہ کیا ہے۔ حکومت نے قانون 4 اپریل 2018 کے ذریعہ 173 گرام پنچایتوں کو درجہ دیتے ہوئے اور مزید 131 گرام پنچایتوں کو ان سے متصل 43 بلدیات و بلدی کارپوریشن میں ضم کرتے ہوئے 68 جدید بلدیات قائم کئے ہیں اور 2 جولائی کو اپنی میعاد مکمل کرنے والی 56 بلدیات میں سے صرف 21 بلدیات ہی ایسی ہیں جنہیں گرام پنچایتوں کے انضمام سے محفوظ رکھا گیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ بلدیات کی تعداد کا تعین، بلدی نشستوں کو قطعیت دینے کا عمل، وارڈس کی حد بندی اور وارڈس کی ریزرویشن جیسے مسائل کی یکسوئی کی ضرورت ہے جس کے بعد ہی عمل پورا ہوجائے گا۔ ریاستی الیکشن کمیشن حکومت سے مشاورت کے ذریعہ انتخابات منعقد کرنے میں پیشرفت کرے گا۔ ریاستی حکومت نے یہ بھی بتایا کہ صدرنشین / میئر کے عہدہ کے ریزرویشن کیلئے بی سی رائے دہندوں کا سروے بلدیات اور ایسے کارپوریشن میں کیا جائے گا جس میں عظیم تر بلدیہ حیدرآباد، گریٹر ورنگل، کھمم، سدی پیٹ اور اچم پیٹ شامل ہیں۔ درخواستوں کی سماعت کرنے والے جسٹس پی نوین نے اس معاملہ کو مزید سماعت کیلئے چہارشنبہ 19 جون تک ملتوی کردیا۔

حلقہ کاروان میں کالجس کی منظوری، کوارٹرس کی تعمیر کیلئے نمائندگی

جناب کوثر محی الدین کی مختلف محکموں کے اعلیٰ عہدیداروں سے ملاقات

حیدرآباد۔18۔جون (پریس نوٹ) نقیب ملت بیرسٹر اسدالدین اویسی صدر کل ہند مجلس اتحادالمسلمین ورکن پارلیمنٹ حیدرآباد کی ہدایت پر جناب کوثر محی الدین رکن اسمبلی حلقہ کاروان نے آج مختلف محکمہ جات کے اعلیٰ عہدیداروں سے ملاقات کی اور حلقہ کے متعدد کاموں کے آغاز، ان کی تکمیل، فنڈس کی اجرائی اور علاقہ کا دورہ کرنے کے سلسلہ میں نمائندگی کی۔ جناب کوثر محی الدین نے جوائنٹ کلکٹر حیدرآباد جی روی سے ملاقات کرتے ہوئے بتایا کہ گولکنڈہ میں انتہائی مخدوش حالت میں موجود پولیس کوارٹر کو منہدم کرتے ہوئے یہاں پر 2 بی ایچ کے کوارٹرس کی تعمیر کے کام شروع کئے جائیں۔ انہوں نے بتایا کہ اس سلسلہ میں صدر مجلس بیرسٹر اویسی نے سابق میں اس وقت کے ڈی جی پی کو مکتوب تحریر کیا تھا۔ رکن اسمبلی کی نمائندگی پر جوائنٹ کلکٹر نے فوری آر ڈی او اور ایم آر او کو ہدایت دی کہ وہ ان کوارٹرس کا سروے کریں اور انہیں رپورٹ پیش کریں تاکہ کاموں کا آغاز کیا جائے۔ بعدازاں جناب کوثر محی الدین نے بلدی کمشنر وایم ڈی واٹر ورکس دانا کشور سے ملاقات کی اور ضیاء گوڑہ میں واقع سلاٹر ہاوز (مسلخ) کے کاموں کو کارپوریشن کی جانب سے ٹنڈر کے ذریعہ کیا جائے۔ اس پر دانا کشور نے سی ای پراجکٹ کو ہدایت دی کہ جلد از جلد ان کاموں کیلئے ٹنڈر وغیرہ کے کام کا کارپوریشن کے ذریعہ آغاز کیا جائے۔ اسی طرح انہوں نے بتایا کہ حلقہ کاروان کے علاقہ جات مثلاً لوٹس پانڈ سے ٹولی چوکی، اکبر پورہ، رائل سی ٹپہ چبوترہ میں سڑکوں کی توسیع کے سلسلہ میں منظوری حاصل کی جاچکی ہے لیکن متاثرین کو فنڈس کی عدم ادائیگی کے باعث یہ کام شروع نہیں ہوپائے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرین کو جلد از جلد فنڈز جاری کئے جائیں تاکہ کاموں کا آغاز ہو۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ سنٹرل زون کے پاس فنڈس کی قلت ہے لہذا فنڈ جاری کئے جائیں۔ انہوں نے بتایا کہ گذشتہ چند دنوں سے لنگا نگر، کاروان، سبزی منڈی، ضیاء گوڑہ، پنی پورہ، یوسف نگر، قطب شاہی مسجد کا عقبی علاقہ، کالی داسپورہ، حکیم پیٹ، ہیراخانہ اور شیو مندر جیسے علاقہ جات میں آلودہ پانی کے مسائل ہیں۔ لہذا فوراً اس مسئلہ کو حل کیا جائے جس پر دانا کشور نے فوراً ڈائرکٹر آف آپریشنس کو ہدایت دی کہ وہ اس مسئلہ کا جائزہ لیں اور جلد از جلد یکسوئی کریں۔ جناب کوثر محی الدین نے بتایا کہ ٹپوخان برج سے ابراہیم باغ کیلئے ایک نئی لائن کی کروڑہا روپے کی لاگت سے منظوری عمل میں آئی ہے۔ لہذا اسے جلد از جلد بچھایا جائے۔ بعدازاں رکن اسمبلی کاروان نے پرنسپل سکریٹری برائے اعلیٰ تعلیمات جناردھن ریڈی سے ملاقات کی اور گولکنڈہ ڈگری کالج میں برسرخدمت گیسٹ فیکلٹیز کو گذشتہ ایک سال سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کا مسئلہ اٹھایا اور نمائندگی کرتے ہوئے کہا کہ جلد از جلد ان کی تنخواہیں جاری کی جائیں۔ انہوں نے اس موقع پر بتایا کہ علاقہ کے جونیئر وڈگری کالجس کی عمارت کیلئے ایم پی فنڈس فراہم کئے گئے ہیں۔ لہذا ان کالجوں کا دورہ کرتے ہوئے معائنہ کیا جائے۔ انہوں نے پنی پورہ وحکیم پیٹ میں جونیئر کالجس کی منظوری کیلئے بھی بات کی جس پر انہوں نے کہا کہ وہ 26 جون کو دورہ کریں گے۔ بعدازاں جناب کوثر محی الدین نے پرنسپل سکریٹری برائے اقلیتی بہبود مہیش دت سے ملاقات کی اور بتایا کہ انتخابات کے باعث ضابطہ اخلاق کے نفاذ کے نتیجہ میں خواتین میں سیونگ مشینس کی تقسیم نہیں کی گئی ہیں۔ جس پر انہوں نے کہا کہ وہ اندرون 15 یوم یہ کام مکمل کریں گے۔ رکن اسمبلی نے اس موقع پر بتایا کہ کاروان کی مساجد کیلئے منظورہ گرانٹ جاری نہیں کی جارہی ہے۔ علاوہ ازیں رکن اسمبلی نے گوشہ محل حلقہ کی پانچ مساجد کو گرانٹ عطا کرنے کے سلسلہ میں صدر مجلس کا مکتوب بھی مہیش دت کے حوالے کیا۔ جس پر مہیش دت نے چیف ایگزیکیٹو آفیسر وقف بورڈ کو ہدایت دی کہ وہ اس سلسلہ میں تخمینہ تیار کریں تاکہ مساجد کے گرانٹس کی اجرائی مکمل کی جاسکے۔

کمشنر بلدیہ کا کل جناب کوثر محی الدین کے ہمراہ کاروان میں دورہ

●● کمشنر جی ایچ ایم سی دانا کشور 20 جون جمعرات کو حلقہ اسمبلی کاروان کا جناب کوثر محی الدین رکن اسمبلی (مجلس) کے ہمراہ دورہ کریں گے۔ اس موقع بلدی اور آبرسانی کے عہدیداروں کے علاوہ مجلسی قائدین موجود رہیں گے۔

چندرابابو کے بیرونی دوروں پر کروڑہا روپیوں کا خرچ

وجئے سائی ریڈی کا بیان

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) وائی ایس آر کانگریس پارٹی کے رکن راجیہ سبھا وجئے سائی ریڈی نے آندھراپردیش کے سابق چیف منسٹر چندرابابو نائیڈو کی جانب سے بیرونی دوروں پر کروڑہا روپے خرچ کرنے پر شدید تنقید کی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ چندرابابو نائیڈو نے ہزارہا کروڑ روپے عوامی دولت کو بیرونی ممالک کے دوروں پر خرچ کیا ہے۔ انہوں نے اپنے ٹوئیٹر پیام میں یہ بات بتائی۔ یہ ٹوئیٹ سوشیل میڈیا پر وائرل ہوا ہے۔ رکن پارلیمنٹ کے مطابق ابتدائی 6 ماہ کے دوران سابق چیف منسٹر نے ایک ماہ بیرونی ممالک میں گذارا۔ انہوں نے سنگاپور، چین، سوئٹزرلینڈ اور جاپان کا دورہ کیا تھا۔ رکن پارلیمنٹ نے شدید برہمی ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ ان کے دوروں سے کچھ حاصل نہیں ہوا۔ وائی ایس آر کانگریس کے مطابق فروری 2018ء میں وشاکھاپٹنم میں منعقدہ پارٹنرشپ سمٹ میں 4.50 لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کے معاہدہ پر دستخط کئے گئے تھے، 100 کروڑ روپے زائد ضائع کئے گئے لیکن ریاست میں سرمایہ کاری نہیں ہوئی ہے۔

فرقہ وارانہ ہم آہنگی کیلئے سنت کبیر کی تعلیمات سے واقفیت ضروری

ڈاکٹر مری چنا ریڈی انسٹی ٹیوٹ میں معروف شاعر کی یوم پیدائش تقریب سے بی پی اچاریہ کا خطاب

حیدرآباد۔18۔جون (پریس نوٹ) ڈاکٹر مری چنا ریڈی انسٹی ٹیوٹ برائے فروغ انسانی وسائل جوبلی ہلز میں آج اپنی نوعیت کا پہلا پروگرام یعنی سنت گرو کبیر کی یوم پیدائش تقریب منعقد کی گئی جس میں 13 ریاستوں سے پہلا بنیادی کورس سیکھنے کیلئے آنے والے ملٹری انجینئر سرویس کے تربیت کنندوں نے حصہ لیا۔ اس پروگرام کا مقصد سنت کبیر کی فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے بارے میں فراہم کردہ تعلیمات سے متعلق وسیع شعور بیداری پیدا کرنا ہے۔ ملٹری انجینئر سرویس کے عہدیداروں کی 7 عدد ٹیموں اور اسسٹنٹ کلکٹر نے اس موقع فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے بارے میں اختراعی بیانات دئے اور شاعری وغیرہ کی جس میں کبیر کی تعلیمات پر زور دیا گیا۔ انسٹی ٹیوٹ کے ڈائرکٹر جنرل بی پی اچاریہ نے ان ٹیموں کی تہنیت پیش کی جنہوں نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی پر تقریر میں انعام اول حاصل کیا۔ ان ٹیموں کی قیادت انکت گوئل اور ششانک برمن کی۔ بی پی اچاریہ نے کہا کہ کبیر کی نظمیں ایک پرامن سماج کی خاطر انسانیت میں جذبہ پیدا کرنے کا کام کرتی ہے اور ان نظموں کی اساس مساوات وسماجی انصاف پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذہبی اختلافات کے ذریعہ دوریاں والے اس سماج میں کبیر کی تحریروں کو عام کرنے کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر گیان پرکاش منڈل کے فنکاروں نے کبیر کے نمونے پیش کیا۔ بعدازاں کرکٹ میاچ مقابلہ ہوا جس میں کامیاب ہونے والوں کو ہرپریت سنگھ اڈیشنل ڈائرکٹر جنرل انعامات دئے۔

تلنگانہ اور ساحلی آندھرا میں موسلا دھار بارش کی پیش قیاسی

حیدرآباد۔18 جون (یو این آئی) محکمہ موسمیات نے آج پیش قیاسی کی ہے کہ تلنگانہ اور ساحلی آندھراپردیش میں کہیں کہیں 21 اور 22 جون کو موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔ یہاں جاری کردہ ایک بلیٹن میں بتایا گیا کہ آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران ساحلی آندھراپردیش میں چند مقامات پر گرج وچمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے، اس مدت کے دوران 30 تا 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے اضلاع عادل آباد، نرمل اور نظام آباد میں کہیں کہیں گرمی کی لہر جاری رہ سکتی ہے۔ آئندہ 5 دن کے دوران تلنگانہ، ساحلی آندھراپردیش، یانم اور رائل سیما کے چند مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا بوندا باندی کا امکان ہے۔ بلیٹن میں مزید بتایا گیا کہ آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران ساحلی آندھراپردیش اور رائل سیما میں چند مقامات پر اعظم ترین درجہ حرارت معمول سے 2 تا 4 ڈگری سیلسیس زیادہ رہے گا۔ تلنگانہ کے ضلع نظام آباد کے چند مقامات پر گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران شدید گرمی رہی جب کہ اس مدت کے دوران شمالی ساحلی آندھراپردیش کے ضلع وشاکھاپٹنم میں بھی چند مقامات پر شدید گرمی محسوس کی گئی۔ اس مدت کے دوران تلنگانہ، ساحلی آندھراپردیش اور رائل سیما کے چند مقامات پر بارش بھی ہوئی۔ گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے نظام آباد میں اعظم ترین درجہ حرارت 40.1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ حیدرآباد میں اعظم ترین اور اقل ترین درجہ حرارت بالترتیب 38 اور 28 ڈگری رہا۔ آندھراپردیش کے وجئے واڑہ میں اعظم ترین اور اقل ترین درجہ حرارت بالترتیب 38 اور 27 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

عازمین کو دھوکہ باز آپریٹرس سے محفوظ رکھنا اہم: مسیح اللہ خان

حیدرآباد۔18 / جون۔(پریس نوٹ) چیرمین تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی جناب مسیح اللہ خان نے اس بات کا تیقن دیا کہ عازمین حج کو ممکنہ سہولتیں فراہم کی جائیں گی، چاہے وہ ریاستی حج کمیٹی کے توسط سے عزم حج کئے ہوں یا پرائیوٹ حج آرگنائزرس کے توسط سے۔ چیرمین حج کمیٹی 17 / جون کی شام میڈیا پلس آڈیٹوریم میں حج عمرہ گروپ آرگنائزرس اسوسی ایشن آف تلنگانہ کی عید ملاپ تقریب سے مخاطب تھے۔ اسوسی ایشن کے صدر جناب عبدالرزاق قمر نے صدارت کی۔ جناب مسیح اللہ خان نے اسوسی ایشن کی گزارشات کا حوالہ دیتے ہوئے انہیں متحد ہوکر حاجیوں کی خدمات انجام دینے کا مشورہ دیا، اور کہا کہ اس وقت سب سے اہم نصب العین عازمین کو دھوکہ باز آپریٹرس کے چال سے محفوظ رکھنا ہے۔ انہوں نے حج عمرہ گروپ آرگنائزرس اسوسی ایشن آف تلنگانہ کو مشورہ دیا کہ وہ اس سلسلہ میں شعور بیداری کی تحریک چلائیں اور اس کے لئے سوشیل میڈیا کا استعمال بھی کریں۔

ایفلو میں انگریزی زبان میں مہارت کا کورس

حیدرآباد۔18۔جون (این ایس ایس) انگلش اور فارن لینگویج یونیورسٹی (ایفلو) کی جانب سے 20 جون تا 5 جولائی انگریزی زبان میں مہارت کا کورس دوپہر 2 بجے سے شام 5 بجے تک منعقد کیا جارہا ہے جس میں تحریر، تقریر، گفتگو کی صلاحیتوں کو ابھارنے پر توجہ دی جائے گی۔ کورس میں داخلہ لینے کیلئے انٹرمیڈیٹ اس کے مماثل جماعت میں کامیاب امیدوار اہل ہیں۔ درخواست فارم کو اسکول آف ڈیسٹنس ایجوکیشن (ایفلو) میں پیر تا جمعہ دستیاب کیا جارہا ہے۔

چیف منسٹر آندھراپردیش وائی ایس جگن موہن ریڈی، وجئے واڑہ میں 207 ویں ریاستی سطح کے بنکرس کی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے۔

جرائم وحادثات

راجندر نگر، حسن نگر علاقوں میں پولیس کی تلاشی مہم

15 موٹر سیکلیں 3 آٹو رکشا ضبط۔ 5 روڈی شیٹرس اور مشتبہ افراد حراست میں

حیدرآباد۔18۔جون (اعتماد نیوز) سائبرآباد کمشنریٹ کے راجندر نگر پولیس اسٹیشن کے حسن نگر، مدینہ مسجد اور اس کے اطراف واکناف کے علاقوں میں پولیس کی جانب سے بڑے پیمانہ پر گھر گھر تلاشی مہم انجام دیتے ہوئے گاڑیوں کی تنقیح کرتے ہوئے دستاویزات نہ پائے جانے پر 15 موٹر سیکلوں، 3 آٹو رکشاؤں کو ضبط کرلیا۔ اس علاقہ میں مقیم 5 روڈی شیٹرس اور بعض مشتبہ افراد کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔ اس خصوص میں ڈپٹی کمشنر پولیس شمس آباد نے اخباری نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے بعض مقامی شہریوں نے انہیں پینے کا پانی، ڈرینج، لائٹس جیسے بنیادی مسائل سے پریشانیوں سے واقف کروایا جس پر انہوں نے مقامی شہریوں کو اس بات کا تیقن دیا کہ وہ متعلقہ عہدیداروں سے بات چیت کرتے ہوئے انہیں سہولیات مہیا کروائیں گے۔ ڈی سی پی نے بتایا کہ تقریباً 50 پولیس ملازمین نے راجندر نگر پولیس اسٹیشن کے حسن نگر، مدینہ مسجد اور اس کے اطراف واکناف میں کارڈن سرچ مہم کو انجام دیا ہے جس میں 30 اسپیشل پارٹیاں شامل تھیں۔ اس موقع پر ڈی سی پی مقامی شہریوں سے اس بات کی اپیل کی کہ وہ کسی بھی شخص کو مکان یا دکان کرایہ پر دینے سے قبل ان کے آدھار کارڈ یا دیگر شناختی کارڈ کی جانچ کریں اور اس کے بعد انہیں اپنی ملکیت کرایہ پر دیں۔ انہوں نے اس موقع پر مقامی شہریوں سے جگہ جگہ سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کروانے کی بھی اپیل کی ہے تاکہ کسی بھی ناگہانی صورتحال کے دوران مجرمین کی جلد شناخت کے ساتھ گرفتاری عمل میں لائی جاسکے۔ اس موقع پر اے سی پی راجندر نگر اشوک چکراورتی اور دیگر پولیس عہدیدار بھی موجود تھے۔

منشیات کی اسمگلنگ میں ملوث میاں، بیوی گرفتار

9 گرام کوکین، 3 لاکھ سے زائد رقم اور ایک کار ضبط

حیدرآباد18 جون (اعتماد نیوز) محکمہ اکسائز وانفورسمنٹ کے عہدیداروں نے منشیات ڈرگس کی اسمگلنگ کے معاملہ میں ایک جوڑے کو گرفتار کرلیا اور ان کے قبضہ سے 9 گرام کوکین کے علاوہ 3 لاکھ روپئے سے زائد رقم اور ایک کار ضبط کرلی گئی۔ اس بات کا انکشاف اسسٹنٹ اکسائز سپرنٹنڈنٹ این انجی ریڈی نے آج ایک پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ اکسائز کے عہدیداروں نے ایک خفیہ اطلاع کی روشنی میں آج بنجارہ ہلز کے فلم نگر روڈ نمبر 5 پر شیخ فہد 37 سالہ کو ان کی اہلیہ سلیمہ شیخ عمر 30 سال کے ہمراہ لال رنگ کی آئی 20 کار میں کوکین کی اسمگلنگ کرنے کے دوران رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا اور ان کے قبضہ سے کوکن کے علاوہ نقد رقم بھی برآمد کرلی۔ اکسائز عہدیدار نے بتایا کہ دوران تفتیش انہیں اس بات کا پتہ چلا کہ شیخ فہد کو سابق میں بھی اپنے بعض ساتھیوں پی سنتوش، نوین اور محمد مسعود کے ہمراہ اسمگلنگ کے معاملے میں گرفتار کیا گیا تھا اس کے علاوہ شیخ فہد پر بنجارہ ہلز کے علاقہ میں واقع ایک عالیشان مکان ماہانہ 75 ہزار روپئے کرایہ پر حاصل کرکے اس میں مبینہ طور پر قحبہ گری کا اڈہ چلانے کا بھی الزام ہے۔ چنانچہ سٹی پولیس نے اسے اس معاملہ میں 2018 میں اسے دیگر بعض ساتھیوں کے ہمراہ گرفتار کرکے جیل بھیج دیا تھا اور جیل سے رہائی کے بعد وہ منشیات کے کاروبار کو مزید وسعت دینے کے مقصد سے نقل مقام کرتے ہوئے ابتداء میں ایک نائیجریائی شہری کے ساتھ فی گرام کوکین 6 ہزار روپئے خرید کر اسے 7.500 ہزار روپئے فی گرام کے حساب سے مخصوص گاہکوں کو فروخت کیا کرتا تھا۔ اکسائز عہدیدار نے بتایا کہ شیخ فہد اپنے اس کاروبار کو زیادہ تر ہائی ٹیک سٹی مادھاپور کے علاوہ بنجارہ ہلز، جوبلی ہلز، کوکٹ پلی اور ٹولی چوکی میں انجام دیا کرتا تھا اور مخصوص گاہکوں سے سیل فون اور واٹس اپ کے ذریعہ رابطہ قائم کرتے ہوئے انہیں منشیات سپلائی کرتا۔ انجی ریڈی نے بتایا کہ محکمہ اکسائز سے وابستہ دیگر عہدیداران پی نریندر، چندراشیکھر، نظام الدین، داموودھرا اور دوسروں نے ان کی گرفتاری عمل میں لائی۔

لالہ پیٹ میں برقی شاک لگنے سے ایک نابالغ طالبہ ہلاک

حیدرآباد۔18۔جون (اعتماد نیوز) سکندرآباد کے لالہ پیٹ میں ایک نویں جماعت کی طالبہ بورویل موٹر کا پلگ نکالنے کے دوران برقی شاک لگنے سے ہلاک ہوگئی۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ 13 سالہ لڑکی کویتا ایک سرکاری اسکول میں نویں جماعت کی طالبہ تھی۔ مکان میں حسب معمول کام کے دوران بورویل سے پانی کے حصول کے بعد پلگ نکالنے کی کوشش کررہی تھی کہ اچانک برقی شاک لگنے سے گرپڑی جسے فوری گاندھی ہاسپٹل منتقل کیا گیا جہاں وہ فوت ہوگئی۔ اس واقعہ کی اطلاع پر پولیس لالہ پیٹ فوری مقام واقعہ پر پہونچ گئی اور نعش کو آج بعد پوسٹ مارٹم ورثاء کے حوالے کردیا۔

مختلف سڑک حادثات میں 4 افراد ہلاک۔ 3 شدید زخمی

حیدرآباد۔18۔جون (اعتماد نیوز) سائبرآباد کمشنریٹ کے مختلف علاقوں میرپیٹ، میڑچل، جواہر نگر، منی کنڈہ اور نارسنگی میں پیش آئے حادثات میں میاں، بیوی کے بشمول جملہ 4 افراد ہلاک اور 3 شدید طور پر زخمی ہوگئے۔ اس خصوص میں پولیس میرپیٹ نے بتایا کہ حیدرآباد کے پرانا شہر سلطان شاہی کے ساکن گنیش کمار 40 سال اپنی بیوی 35 سالہ جیوتی کے ہمراہ موٹر سیکل پر ایک شادی کی تقریب میں شرکت کے بعد مکان واپس لوٹ رہے تھے کہ کرمن گھاٹ اننت ریڈی گارڈن کے قریب ایک تیز رفتار بے قابو کار نے انہیں پیچھے سے ٹکر دے دی جس کے نتیجہ میں خاتون جیوتی برسر موقع ہلاک ہوگئی جبکہ شوہر گنیش ہاسپٹل لے جانے کے دوران راستہ میں جانبر نہ ہوسکا۔ اس حادثہ کی اطلاع کے ساتھ ہی پولیس مقام واقعہ پر پہنچ گئی اور کار ڈرائیور کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے آج دونوں میاں، بیوی کی نعشوں کو بعد پوسٹ مارٹم ورثاء کے حوالے کردیا جبکہ دوسرا حادثہ ضلع میڑچل کے علاقہ میں پیش آیا۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ ضلع عادل آباد اوٹنور کا متوطن 26 سالہ نوجوان لطیف احمد خان تاجر رات 11 بجے کے قریب ڈی سی ایم ویان کے ذریعہ آم لے جارہا تھا۔ ویان چلانے کے دوران انہیں اس بات کا احساس ہوا کہ ویان کے کسی ٹائر میں ہوا کی کمی یا پھر ٹائر پنکچر ہے۔ چنانچہ وہ سڑک کے کنارے ویان کو پارک کے ٹائر کا جائزہ لے رہے تھے کہ اسی دوران بازو سے گذرنے والی تیز رفتار لاری انہیں ٹکر دے دی جس کے نتیجہ میں وہ برسر موقع جاں بحق ہوگئے۔ اس اطلاع کے ساتھ ہی پولیس وہاں پہنچ اور نعش کو پنچنامہ کے بعد میڑچل کے سرکاری ہاسپٹل کو منتقل کردیا اور بعدازاں ورثاء کے حوالے کردیا۔ پولیس نے اس سلسلہ میں ایک مقدمہ درج کرکے تحقیقات کا آغاز کردیا ہے۔ جبکہ تیسرا حادثہ نارسنگی پولیس اسٹیشن کے حدود میں پیش آیا۔ پولیس نے بتایا کہ بنڈلہ گوڑہ کا ساکن 55 سالہ پنٹیا اپنے مکان کے قریب سڑک عبور کررہا تھا کہ اسی دوران ایک تیز رفتار گاڑی نے اسے ٹکر دے دی جس کے نتیجہ میں وہ برسر موقع ہلاک ہوگیا۔ پولیس مصروف تحقیقات ہے جبکہ چوتھا حادثہ جواہر نگر کے کوکور میں پیش آیا جہاں ایک تیز رفتار آٹو رکشا کی موٹر سیکل کو ٹکر کے نتیجہ میں موٹر سیکل پر سوار دو کے منجملہ ایک نوجوان دوسرا شدید زخمی ہوگیا۔ اس طرح ان حادثات میں 3 افراد شدید زخمی ہوگئے۔

پرانا شہر کے کالا پتھر میں قاتلانہ حملہ میں ایک نوجوان شدید زخمی

حیدرآباد۔18۔جون (اعتماد نیوز) پرانا شہر کے کالا پتھر علاقہ میں چاقو سے قاتلانہ حملہ میں ایک نوجوان زخمی ہوگیا جسے پولیس دواخانہ عثمانیہ سے رجوع کیا ہے۔ اس سلسلہ میں انسپکٹر پولیس کالا پتھر کنکیا نے بتایا کہ خواجہ پاشاہ نامی نوجوان نے اپنے ہی ایک دوست ٹیلین پر کل رات دیر گئے اس وقت چاقو سے حملہ کردیا جبکہ زخمی نوجوان نے اپنے دوست کو گانجہ اور وائٹنر کا استعمال نہ کرنے کی تاکید کرتے ہوئے اس کی اطلاع اس کے گھر والوں کو دی تھی جس پر برہم ہوکر خواجہ پاشاہ نے کل رات تقریباً 2 بجے موقع پر کر ٹیلین پر قاتلانہ حملہ کرکے زخمی کردیا۔ انسپکٹر نے بتایا کہ پولیس نے حملہ کروانے کے خلاف اقدام قتل کی دفعہ 307 کے تحت ایک مقدمہ درج کرکے تحقیقات کا آغاز کردیا۔

لڑکی کے ساتھ بدفعلی کی کوشش، ایک شخص گرفتار

بالکنڈہ۔18 جون (اعتماد نیوز) بالکنڈہ میں ایک 6 سالہ کمسن مسلم لڑکی کے ساتھ بدفعلی کی کوشش پر 35 سالہ بناجی راجیشور نامی شخص کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ بالکنڈہ کے رنگ روڈ علاقہ میں بناجی راجیشور نے چاکلیٹ دینے کا لالچ دے کر لڑکی کو اپنے مکان لے گیا اور اس کے ساتھ بدفعلی کی کوشش کی۔ بعدازاں مکان پہنچ کر لڑکی نے اس کے ساتھ پیش آئے واقعہ سے اپنی ماں اور رشتہ داروں کو واقف کروایا۔ لڑکی کے والدین اور رشتہ داروں نے پولیس اسٹیشن پہنچ کر راجیشور کے خلاف شکایت درج کروائی۔ سرکل انسپکٹر بالکنڈہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے راجیشور کو حراست میں لے لیا اور اس کے خلاف ایک مقدمہ درج کرلیا۔ پولیس نے کہا کہ اس سلسلہ میں تحقیق جاری ہے۔

بحرالعلوم شمس المفسرین حضرت محمد عبدالقدیر صدیقی حسرتؒ

محمد اسداللہ صدیقی متولی درگاہ صدیق گلشنؒ

حضرت محمد عبدالقدیر صدیقی حسرت رحمۃ اللہ علیہ ۲۷ / رجب ۱۲۸۸ھ یوم جمعہ حیدرآباد دکن میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد بزرگوار حضرت مولانا الحاج محمد عبدالقادر صدیقی رحمۃ اللہ علیہ کے زیر نگرانی مدرسہ دارالعلوم میں پائی۔ اور پنجاب یونیورسٹی سے منشی، منشی عالم، منشی فاضل، مولوی، مولوی عالم اور مولوی فاضل کے امتحانات بدرجہ اعلیٰ امتیاز سے کامیاب کئے۔ درس نظامیہ کی تکمیل مولانا مولوی سعید صاحبؒ اور دوسرے اساتذہ کے پاس کی۔ اور سید محمد تونسی صاحب اور مولوی سید عمر صاحب قادریؒ سے سند قرات حاصل کی۔ عربی زبان اور اس کے متعلقہ علوم کی انتہائی تعلیم حبیب ابوبکر بن شہاب صاحبؒ سے حاصل کی۔ مولانا نادرالدینؒ اور مولانا عبدالصمد صاحبؒ سے منطق اور فلسفہ پڑھا۔ مولانا الٰہی بخش صاحبؒ اور دوسرے اساتذہ سے حدیث کی روایت لی۔ اور متعلقہ علوم پر عبور حاصل کیا۔ مدرسہ طبیہ میں مولوی منصور علی خاں صاحبؒ سے علم طب حاصل کیا۔ انگریزی میں بھی آپ نے ایک مناسب حد تک تعلیم پائی۔ تکمیل تعلیم کے بعد آپ کا تقرر اسی مدرسہ دارالعلوم میں بلادرخواست کردیا گیا۔ جہاں باری باری مختلف علوم پڑھانے پر مقرر کیے گئے۔ جب مدرسہ دارالعلوم کو ترقی دے کر کلیہ (کالج) عثمانیہ بنایا گیا تو آپ کو شعبہ دینیات کی صدارت سونپی گئی۔ اور آپ حدیث کے پروفیسر مقرر ہوئے اور کلیہ عثمانیہ (کالج) جب جامعہ عثمانیہ (یونیورسٹی) ہوگئی تب بھی آپ اسی منصب پر فائز رہے۔ آپ اپنی اعلیٰ معلومات کی وجہ سے حسب الحکم سرکار عالی کمیٹی اصلاح نصاب دارالعلوم شعبہ دینیات کلیہ جامعہ عثمانیہ کے ممبر مقرر رہوئے۔ ۱۹۳۳ء کو جب آپ جامعہ عثمانیہ سے وظیفہ حسن خدمت سے سبکدوش ہوئے تو مدرسہ نظامیہ کے اعزازی ناظم مقرر کردیئے گئے۔ اپنی انتظامی قابلیت اور اثر ورسوخ کی وجہ سے آپ نے جلد ہی اس دینی مدرسہ کو حکومت سے "جامعہ نظامیہ" منوالیا۔ اسی طرح آپ نے حیدرآباد کے مشہور سرکاری دینی ادارے "دائرۃ المعارف" میں بھی علمی اور انتظامی خدمات انجام دیں۔ آپ نے مختلف علوم وفنون میں کوئی پچاس کتابیں لکھی ہیں۔ ایک طویل عرصہ تک تشنگان علم کو علم کے زیور سے اور اپنے روحانی فیضان سے آراستہ وپیراستہ فرماتے رہنے کے بعد کم وبیش ۹۳ سال کی عمر پاکر ۱۷ / شوال المکرم ۱۳۸۱ھ بمطابق ۲۴ / مارچ ۱۹۶۲ء کی سہ پہر آپکی روح مبارک قفس عنصری سے پرواز کرگئی۔ آپ بمقام صدیق گلشن، بنڈل گوڑہ، بہادر پورہ آرام فرما ہیں۔ حضرت کے سہ روزہ عرس مبارک کی تقاریب ہر سال ۱۶ / ۱۷ / ۱۸ / شوال المکرم کو منعقد ہوتی ہے۔

بی جے پی سے وائی ایس آر کانگریس کا کوئی اتحاد نہیں: گورنمنٹ وہپ

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) آندھراپردیش کے گورنمنٹ وہپ سری کانت ریڈی نے جناسینا پارٹی کے رکن اسمبلی آر ورا پرساد راؤ کے اس ریمارکس پر شدید اعتراض کیا ہے جس میں کہا گیا کہ وائی ایس آر کانگریس پارٹی اور بی جے پی میں دوستانہ اتحاد ہے۔ انہوں نے ورا پرساد راؤ کے تبصروں کی مذمت کی۔ اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے سری کانت ریڈی نے وضاحت کی کہ وائی ایس آر کانگریس پارٹی نے انتخابات میں بی جے پی کے ساتھ مل کر مقابلہ نہیں کیا اور اس جماعت کے ساتھ ہمارا کوئی اتحاد نہیں ہے۔ انہوں نے جناسینا پارٹی کے رکن اسمبلی کو انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ وہ اس طرح کی جھوٹی افواہیں نہ پھیلائیں۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات کے دوران تلگودیشم پارٹی اور جناسینا کے درمیان اتحاد سے ہر کوئی واقف ہے۔

قومی خبریں

اعتماد
ETEMAAD URDU DAILY, Hyderabad
ایڈیٹرانچیف: برہان الدین اویسی
فون:040-24802820 فیاکس:040-24802821
ای میل: etemaad55@gmail.com
چہارشنبہ۔۱۹ جون ۲۰۱۹ء ۱۵ شوال المکرم ۱۴۴۰ھ

فکر اقبال

ان کی جمعیت کا ہے ملک و نسب پر انحصار
قوتِ مذہب سے مستحکم ہے جمعیت تری

پارلیمنٹ میں مذہبی نعرے

زعفرانی پارٹی کی جانب سے اب ملک کی پارلیمنٹ میں بھی جئے شری رام کے نعرے لگاتے ہوئے جمہوری ایوان کو مذہبی مندر میں تبدیل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔نعروں کی سیاست جو بی جے پی نے شروع کی تھی اب وہ ایوانوں تک پہنچ گئی ہے۔17ویں لوک سبھا کے آغاز کے بعد آج دوسرے دن تمام سیاسی جماعتوں کے منتخب ارکان پارلیمنٹ کی حلف برداری تقریب جاری تھی، ایسے میں بی جے پی کے ارکان نے غیرضروری تنازعہ کھڑا کرتے ہوئے جئے شری رام اور بھارت ماتا کی جئے کے نعرے لگاتے ہوئے ہنگامہ شروع کردیا۔ انہوں نے نہ صرف خودنعرے لگائے بلکہ دوسروں سے بھی اس کے لئے اصرار کرتے ہوئے دیکھے گئے۔صدرکل ہند مجلس اتحادالمسلمین ورکن پارلیمنٹ حیدرآباد بیرسٹر اسدالدین اویسی جب حلف لینے کے لیے جارہے تھے توبی جے پی قائدین اوران کی ساتھی پارٹیوں کے ارکان جئے شری رام، بھارت ماتا کی جئے اوروندے ماترم کے نعرے زورزور سے بلند کرنے لگے۔ اسدالدین اویسی نے اللہ کے نام پر حلف لیا۔ انہوں نے حلف برداری کے بعد زعفرانی جماعت کے قائدین کو منہ توڑ جواب دیتے ہوئے ایوان میں جئے بھیم، جئے میم، جئے ہند کا نعرہ لگایا اور تکبیر اللہ اکبر کی صدا بلند کی۔انہوں نے بعدازاں ایوان کے باہر میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ اچھی بات ہے کہ کم ازکم انہیں دیکھ کربی جے پی قائدین کو رام کی یاد تو آئی۔صدرمجلس نے کہا کہ امید ہے کہ بی جے پی کو آئین اور مظفرپور میں بچوں کی اموات بھی یاد رہیں گی۔ ایوان میں نعروں کا آغاز کرنے والے بی جے پی کے قائدین اسدالدین اویسی کی جانب سے بلند کی گئی نعرہ تکبیر اللہ اکبر کی صدا پر چراغ پا ہوگئے۔ بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ پروفیسر راکیش گپتا نے ایوان کے باہر میڈیا سے بات کرتے ہوئے صدرمجلس پر تنقید کی اور کہا کہ جئے شری رام کے نعرے پر کسی کو اعتراض نہیں ہونا چاہئے۔ان کے مطابق یہ نعرہ سیاست سے جڑا نہیں ہے۔ گاندھی جی بھی دن رات جئے شری رام کی دھن گاتے تھے۔ انہوں نے سوال کیا کہ اسدالدین اویسی کو جئے شری رام کے نعرے پر اعتراض کیوں ہے؟۔

زعفرانی جماعت جئے شری رام کا ہو یا کوئی اور نعرہ اسے اپنے مقصد کے لیے استعمال کرتی ہے۔عرصہ دراز سے ماقبل انتخابات پارٹی کی جانب سے رام کے نام پر کی جانے والی سیاست سے ہرکوئی واقف ہے۔ زعفرانی جماعت کے قائدین مہاتما گاندھی کے قاتل ناتھو رام گوڈسے کو کیا مانتے ہیں، یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے۔حال ہی میں فلم اداکار سے سیاست داں بننے والے کمل ہاسن کی جانب سے ناتھورام گوڈسے سے متعلق ہندودہشت گردی کے بیان پر بی جے پی قائدین نے ہنگامہ برپا کرتے ہوئے شدید اعتراض کیا تھا۔بی جے پی قائدین نے اپنی حرکات کے ذریعہ ہمیشہ سے ہی گاندھی جی کی اہمیت کو گھٹانے اور ہندوتوا فلسفہ کے کٹر حامی ساورکر کو ہیرو کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس کا جیتا جاگتا ثبوت راجستھان کی نصابی کتب میں دیکھا جاسکتا ہے جو بی جے پی کے دوراقتدار میں شائع کروائی گئی تھیں۔ اس جماعت کے ارکان کو اب گاندھی جی یاد آئے اوراپنے مطلب کے لیے بی جے پی قائدین گاندھی جی کا نام لے رہے ہیں۔ پروفیسر راکیش گپتا کے مطابق گاندھی جی رات دن جئے شری رام کہا کرتے تھے۔

ایوان کی کاروائی کے دوران آج جومناظر دیکھے گئے' ایسی حرکتوں کی سابق میں نظیر نہیں ملتی۔ایک جانب جہاں جئے شری رام، بھارت ماتا کی جئے کے نعرے لگائے گئے وہیں مرکزی مملکتی وزیرداخلہ کشن ریڈی، تلنگانہ کے ارکان پارلیمنٹ پر حلف برداری کے بعد بھارت ماتا کی جئے کے نعرے لگانے کی ترغیب دے رہے تھے۔اس کے علاوہ بی جے پی نے سماج وادی پارٹی کے قائد شفیق الرحمٰن کی جانب سے وندے ماترم کہنے سے اعتراض پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ان کی ذہنیت ماقبل آزادی مسلم لیگ پارٹی جیسی ہے۔ ان کے خلاف کاروائی کا بھی مطالبہ کیا جارہا ہے۔دراصل بی جے پی نے ایوان میں نعروں کی سیاست کا آغاز کیا اور دوسروں کو بھی اس طرح کے نعرے لگانے کی ترغیب دی جارہی ہے جو کہ قابل اعتراض ہے۔

دوسروں کو دستور کی دہائی دینے والے بی جے پی قائدین کو یہ جان لینا چاہئے کہ دستور نے ملک کی عوام کو اپنی پسند کا مذہب اختیار کرنے کا حق دیا ہے اور دستور کے تحت ہر ہندوستانی اپنے مذہب کی پیروی کرسکتا ہے۔ایسے میں دوسری جماعت کے قائدین کو جئے شری رام کے نعرے لگانے کے لیے مجبور کرنا اوران پر دباؤ بنانے کی کوشش کرنا کیا یہ دستور کے خلاف نہیں؟ آج جب ایوان میں اسدالدین اویسی کو دیکھ کر بی جے پی اوران کے ہمنوا نعرے لگارہے تھے اور جب صدرمجلس نے نعرہ تکبیر کی صدا بلند کی توبی جے پی قائدین حیران وپریشان رہ گئے۔انہیں اس بات کا قطعاً اندازہ نہیں تھا کہ صدرمجلس انہیں اس طرح کرارا جواب دیں گے۔صدرمجلس نے ایوان میں اللہ اکبر کی صدا بلند کرتے ہوئے جہاں اپنے جذبہ ایمانی کا مظاہرہ کیا وہیں انہوں نے زعفرانی ذہنیت کے حامل افراد پر واضح کردیا کہ اگر وہ ایوان میں اپنے مذہب کو لاسکتے ہیں تو دوسرے ارکان بھی اپنے مذہب کا رنگ دکھاسکتے ہیں۔جمہوریت کے ایوان میں مذہبی رنگ جمانے کی کوشش کا بیرسٹر اویسی نے ترکی بہ ترکی جواب دیا جس پر وہ تلملا کر رہ گئے۔

کلیدی مسائل پر غور کیلئے کانگریس کے اعلیٰ قائدین کا اجلاس

اسپیکر کے عہدہ کے کسی بھی نام پر کانگریس کو اختلاف نہیں۔رنجن چودھری

نئی دہلی -18 جون (پی ٹی آئی) موجودہ لوک سبھا میں پارٹی کی حکمت عملی طے کرنے کے لیے کانگریس کے اعلیٰ قائدین کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں سونیا گاندھی' صدر کانگریس راہول گاندھی نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں کلیدی مسائل پر غور کیا گیا۔اجلاس میں لوک سبھا کے اسپیکر کا انتخاب اور ''ایک ملک۔ایک انتخاب'' پر وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے 19 جون کو طلب کردہ اجلاس میں پارٹی کی حکمت عملی پر غور کیا گیا۔ ذرائع کے بموجب سونیا گاندھی کی رہائش گاہ 10 جن پتھ روڈ پر منعقدہ اجلاس کی صدارت کانگریس پارلیمانی پارٹی کے قائد سونیا گاندھی نے کی ۔ اجلاس میں شریک دیگر قائدین میں سابق وزیراعظم ڈاکٹرمنموہن سنگھ کے علاوہ دیگر سینئر قائدین اے کے انٹونی' پی چدمبرم' غلام نبی آزاد' آنند شرما' جئے رام رمیش' کے سریش اور ادھیررنجن چودھری نے شرکت کی۔ وزیراعظم مودی نے لوک سبھا اور راجیہ سبھا میں تمام جماعتوں قائدین اور ارکان پارلیمنٹ کو طلب کرتے ہوئے ایک ملک۔ایک انتخاب' 2022ء میں ملک کی 75ویں یوم آزادی اور گاندھی جی کی 150ویں سالگرہ پر غوروخوض کی دعوت دی ہے۔اس اجلاس کے بعد 20 کو وزیراعظم نے ڈنر کی دعوت بھی دی ہے۔ذرائع کے بموجب کانگریس کے اجلاس میں ڈنر ڈپلومیسی پر بھی غوروخوض کیا گیا۔کانگریس کے اعلیٰ قائدین نے لوک سبھا کے اسپیکر کے عہدہ کے لیے دومرتبہ بی جے پی کے ایم پی رہے اوم برلا کو این ڈی اے کا امیدوار بنایا ہے۔کانگریسی قائدین کے اجلاس کے بعد رنجن چودھری نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اوم برلا کے انتخاب میں ہمیں کوئی مسئلہ درپیش نہیں ہے' ہم اسپیکر کے عہدے کے لیے پیش کردہ کس بھی نام کی مخالفت نہیں کریں گے۔ راجستھان کے حلقہ لوک سبھا کوٹہ بونڈی سے منتخب ہوئے اوم برلا آسانی کے ساتھ لوک سبھا کے اسپیکر منتخب ہوجائیں گے۔کیونکہ ایوان زیریں میں بی جے پی اوراس کے حلیفوں کو اکثریت حاصل ہے۔

قرض واپسی کے مطالبہ پر ایک شخص سنگسار

مظفرنگر۔18۔جون(پی ٹی آئی) اترپردیش کے شہر مظفرنگر میں پیش آئے بدبختانہ واقعہ میں ایک شخص کو محض اس بات پر ہجوم نے سنگسار کرتے ہوئے ہلاک کردیا کہ اُس نے قرض دی ہوئی رقم واپس کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔پولیس نے بتایا کہ یہ واقعہ پیر کو اُس وقت پیش آیا جب امن شیکھر قرض واپسی کا مطالبہ کرتے ہوئے رام کمار کے گھر گیا جہاں دونوں میں بحث و تکرار ہوئی۔ اسی دوران کمار کے افراد خاندان نے شیکھر پر پتھروں سے حملہ کیا' وہ شدید زخمی ہوگیا اُسے فوراً ہی قریبی دواخانہ لے جایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے اُسے مردہ قراردیا۔پولیس نے کہا کہ ملزمین کو گرفتار کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

راجستھان میں 34 پاکستانی تارکین وطن کو ہندوستانی شہریت

جئے پور -18۔جون (پی ٹی آئی) راجستھان کی حکومت نے ریاست میں ایک دہائی سے زیادہ عرصہ سے مقیم 34 پاکستانی تارکین وطن کو ہندوستانی شہریت عطا کی ہے۔ایڈیشنل چیف سکریٹری (داخلہ) راجیو سوروپ نے بتایا کہ 34 تارکین وطن پاکستانیوں کو اس ماہ ہندوستانی شہریت عطا کی گئی ہے۔ وہ ایک دہائی سے زیادہ عرصہ سے ملک میں مقیم ہیں۔ان میں 19 بارمر سے' 10 پالی سے اور 5 جالور ضلع سے تعلق رکھتے ہیں۔

کشمیر میں فوجیوں نے دوافراد کو شدید زدوکوب کیا

سری نگر -18 جون (پی ٹی آئی) وادی کشمیر میں دوعلحدہ واقعات میں فوجی سپاہیوں نے ایک اسکول بس کے ڈرائیور اور ایک پولیس ملازم کو زدوکوب کیا۔ یہ واقعات اضلاع شوپیان اور سری نگر میں پیش آئے۔سوشیل میڈیا پر شوپیان کے خوفزدہ اسکولی بچوں کی ویڈیو سوشیل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ اسکولی بچوں نے دعویٰ کیا کہ بغیر کسی وجہ کہ فوجی آدمیوں نے 'ڈرائیور انکل' کو مارپیٹ کی۔طلبہ نے بتایا کہ ڈرائیور کو مارپیٹ کے دوران بچوں سے کہا کہ اگر وہ چیخ وپکار کریں گے انہیں بھی مارنے کی دھمکی دی۔شوپیان کے زاوورا علاقہ میں پیش آئے اس واقعہ میں ڈرائیور کی شکایت کی بچوں کے دعوؤں سے توثیق ہوتی ہے۔فوج کے ہاتھوں زدوکوب کا شکار ڈرائیور کی شناخت گلزار احمد راٹھور کی حیثیت سے کی گئی۔ راٹھور کے سر پر شدید زخم آئے جس کا مقامی دواخانہ میں علاج کیا جارہا ہے۔ایک اور واقعہ میں ایک ٹریفک پولیس ملازم کو فوجیوں نے زدوکوب کیا۔ اس کا قصور یہ تھا کہ اس نے فوجی گاڑی گزرنے کے لیے سیویلین ٹریفک کو روکنے سے قاصر رہا تھا۔ یہ فوجی گاڑی شہر سری نگر کے ناؤ گاؤں علاقہ سے گزر رہی تھی۔ اس واقعہ کی ویڈیو بھی سوشیل میڈیا پر زبردست گشت کررہی ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ پولیس ملازم کے سر سے خون نکل رہا ہے۔ پولیس نے کہا کہ ان الزامات کی تحقیقات کرے گی۔ دفاعی ترجمان نے کہا کہ ان واقعات کی تفصیلات حاصل کی جارہی ہیں۔

DEENIYATH QUIZ :15

روزنامہ اعتماد اور وی آئی پی (VIP) انٹرنیشنل اسکول شاہین نگر کی جانب سے دینی انعامی مقابلہ کا یکم تا 30 رشوال المکرم انعقاد عمل میں لایا جارہا ہے جس میں روزانہ چار سوالات دیئے جائیں گے۔قارئین اپنے جوابات دفتر اعتماد میں رکھے گئے باکس میں ماہ کے اختتام پر راست طور پر ڈال سکتے ہیں۔ یا اپنے جوابات ذریعہ ڈاک بھی روانہ کرسکتے ہیں۔ایک ماہ کی تکمیل کے بعد 15 پرکشش انعامات قرعہ کے ذریعہ عطا کئے جائیں گے۔سوالات کے تعلق سے مزید تفصیلات کیلئے حافظ محمد رفیق احمد نقشبندی کے فون 8978435903 پر ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔

(01) حضرت اسحٰق علیہ السلام کے والد محترم کا نام بتایئے۔؟

حضرت یوسف علیہ السلام	حضرت ابراہیم علیہ السلام	حضرت نوح علیہ السلام

(02) حضرت اسحاق علیہ السلام کہاں پیدا ہوئے۔؟

مکہ مکرمہ	مدینہ منورہ	کنعان

(03) حضرت اسحاق علیہ السلام کے اس فرزند کا نام بتایئے جو نبی تھے۔؟

حضرت یعقوب علیہ السلام	حضرت زکریا علیہ السلام	حضرت موسیٰ علیہ السلام

(04) حضرت اسحاق علیہ السلام کا نکاح کس نبی کی صاحبزادی سے ہوا تھا۔؟

حضرت نوح علیہ السلام	حضرت لوط علیہ السلام	حضرت زکریا علیہ السلام

نام :
پتہ :
سیل نمبر :

وزیردفاع راجناتھ سنگھ کشمیر میں مہلوک فوج کے میجر کے تابوت پر گلہائے عقیدت رکھنے کے بعد سلامی دیتے ہوئے۔

پلوامہ میں پولیس اسٹیشن پر گرینیڈ حملہ

سری نگر۔18 جون۔(پی ٹی آئی) جموں و کشمیر کے پلوامہ ضلع میں آج ایک پولیس اسٹیشن پر عسکریت پسندوں کے گرینیڈ حملہ میں کم ازکم 7 شہری زخمی ہوگئے ۔ عہدیداروں نے بتایا کہ عسکریت پسندوں نے پولیس اسٹیشن پر گرینیڈ پھینکا لیکن وہ سڑک کے کنارے پھٹ پڑا جس سے 7 راہرو زخمی ہوئے ۔سکیوریٹی فورسس نے علاقہ کو گھیر لیا اور حملہ آوروں کی تلاش شروع کردی۔

انتخابات کے دوران 3,800 کروڑ روپئے ضبط

کٹک ۔18 جون ۔(پی ٹی آئی) سپریم کورٹ کی جانب سے مقرر کردہ ایس آئی ٹی کے نائب صدرنشین جسٹس اریجیت پسایت نے آج انتخابات جیتنے کیلئے دولت کے استعمال کو روکنے کیلئے موجودہ ٹیکس قوانین میں مناسب ترمیمات کا مشورہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایس آئی ٹی کے علم میں یہ بات آئی ہے کہ اپریل اور مئی میں انتخابات کے دوران پورے ملک میں تین ہزار 800 کروڑ روپئے ضبط کئے گئے ۔جسٹس پسایت کرائم برانچ ، وجلنس ، معاشی جرائم کی شاخ ،ڈائرکٹوریٹ ریونیو انٹلی ،انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ ، سی بی آئی ، سیبی ، انکم ٹیکس اور سنٹرل اکنامک انٹلی جنس بیورو کے عہدیداروں سے ایک ملاقات کے بعد میڈیا کو بریفنگ دے رہے تھے ۔ انہوں نے کہا کہ ایجنسیوں نے ٹیکس قوانین کومزید موثر بنانے کے طریقہ کار پر غور کیا۔

مودی کے اجلاس میں شرکت سے ممتا بنرجی کا گریز

'ایک ملک۔ایک انتخاب' پر وائیٹ پیپر جاری کرنے ٹی ایم سی کا مطالبہ

نئی دہلی -18 جون (پی ٹی آئی) وزیراعظم نریندرمودی کی جانب سے طلب کردہ کل جماعتی اجلاس میں چیف منسٹر مغربی بنگال مس ممتا بنرجی نے شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ ممتا بنرجی نے مودی سے کہا کہ ایک قوم اور ایک الیکشن پر عجلت دکھانے کے بجائے 'ایک ملک۔ایک انتخاب' پر قرطاس ابیض پیش کیا جائے ۔ وزیراعظم نے لوک سبھا اور راجیہ سبھا کہ تمام جماعتوں کے سربراہوں کا 19 جون کو اجلاس طلب کیا ہے۔اس اجلاس کا مقصد سال 2022ء میں ملک کی آزادی کی 75ویں سالگرہ کے موقع پر ایک ملک۔ایک انتخاب' کو آگے بڑھانا کے علاوہ مختلف مسائل پر غوروخوض کرنا ہے۔ چیف منسٹر مغربی بنگال نے لوک سبھا انتخابات کے نتائج آنے کے بعد سے ہی وزیراعظم مودی سے دوری بنائے رکھنے کی پالیسی پر گامزن ہیں'ایک بار پھر وزیراعظم مودی کی دعوت پر سیاسی جماعتوں کے سربراہوں کے اجلاس میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔مودی کا 19 جون کو طلب کردہ یہ اجلاس پارلیمنٹ لائبریری کی عمارت میں سہ پہر 3 بجے منعقد ہوگا۔ ترنمول کانگریس کے ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ کی پہلے سے طے شدہ مصروفیات کی وجہ سے وہ اس میٹنگ میں شریک نہیں ہوں گی۔اس سے قبل ممتا بنرجی نیتی آیوگ کی میٹنگ میں بھی شریک نہیں ہوئی تھیں۔اس میٹنگ میں اسمبلی اور لوک سبھا انتخابات ایک ساتھ کرانے اور گاندھی جی کی 150 ویں پیدائش پر منعقد ہونے والی تقریبات پر غور کیا جاسکتا ہے۔ممتا بنرجی نے وزیر پارلیمانی امور پرہلاد جوشی کو مکتوب تحریر کرتے ہوئے اس کی اطلاع دی ہے۔وزیراعظم مودی نے تمام سیاسی جماعتوں کے لیڈروں کو بلایا ہے۔کل وزیراعظم مودی نے کہا تھا کہ اگرچہ اپوزیشن ارکان کی تعداد کم ہے مگر ہم ان کے ہر ایک بات پر غور کیا جائے گا۔

بالواسطہ ٹیکس کے 15 عہدیداروں کو جبری وظیفہ پر سبکدوش کردیا گیا

نئی دہلی18 جون (یواین آئی) حکومت نے سنٹرل انڈائریکٹ ٹیکس اینڈ کسٹمس بورڈ (سی بی آئی سی) کے پرنسپل کمشنر' کمشنر' ایڈیشنل کمشنر اور ڈپٹی کمشنر سطح کے 15 سینئر حکام کو بدعنوانی کے الزام میں جبری ریٹائرمنٹ دے دیا ہے۔حکومت نے گزشتہ ہفتہ انکم ٹیکس محکمہ کے 12 سینئر افسران کو جبری ریٹائرمنٹ دیا تھا۔ذرائع نے منگل کو یہ اطلاع دیتے ہوئے کہا کہ ان حکام پر بدعنوانی کے سنگین الزام ہیں اور کچھ معاملات میں ابھی جانچ چل رہی ہے۔ اس کے پیش نظر ان حکام کو جبری ریٹائرمنٹ دے دیا گیا ہے۔حکومت نے جن 15 افسران کو جبری ریٹائرمنٹ دیا ان پر کمپنیوں سے وصولی اور ٹیکس چوری وغیرہ سے بچانے کے لئے بڑے پیمانہ پر رشوت لینے کے سنگین الزام ہیں۔ کچھ افسران کے معاملات کی مرکزی تفتیشی بیورو (سی بی آئی) جانچ کررہی ہے۔جن حکام کو جبری ریٹائرمنٹ دیا گیا ہے ان میں دہلی میں تعینات پرنسپل کمشنر انوپ سریواستو پر بدعنوانی کے چھ سنگین معاملات ہے۔جن میں سے دو کی جانچ سی بی آئی کررہی ہے۔معطل کمشنر اتل دکشت پر بھی بدعنوانی کے دو سنگین معاملات ہیں اور ان کی بھی جانچ چل رہی ہیں۔کولکتہ میں تعینات کمشنر سنسار چند پر بھی بدعنوانی کے دو معاملات ہیں۔انہیں ایک معاملہ میں سی بی آئی نے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا گیا تھا۔رشوت لیتے ہوئے سی بی آئی کے ذریعہ گرفتار چینائی میں تعینات کمشنر جی شری ہرشا پر بھی بدعنوانی کے دو سنگین الزامات ہیں جن کی سی بی آئی چل رہی ہے۔معطل کمشنر ونے برج سنگھ پر بھی رشوت کے سنگین الزام ہیں اور معاملات کو سی بی آئی کو بھیجا جاچکا ہے۔کولکتہ کے ایڈیشنل کمشنر اشوک آر مہیدا پر بھی بدعنوانی کے دو معاملات ہیں جن میں سے ایک معاملہ میں سی بی آئی نے رشوت لیتے ہوئے ان کو گرفتار کیا تھا جبکہ دوسرے معاملے کی سی بی آئی جانچ جاری ہے۔ ناگپور میں تعینات ایڈیشنل ویریندر کمار اگروال کے خلاف بھی سی بی آئی ایک معاملہ کی جانچ کررہی ہے۔ان کے خلاف دو اور معاملات بھی چل رہے ہیں۔معطل اسسٹنٹ کمشنر ایس ایس پینا کے خلاف ڈائرکٹوریٹ آف ریونیو انٹلی جنس کی جانچ چل رہی ہے۔بھونیشور میں تعینات اسسٹنٹ کمشنر ایس ایس بشٹ پر رشوت لینے کا الزام ہے اور اس سلسلہ میں ان کے خلاف معاملہ درج ہے۔ممبئی میں تعینات اسسٹنٹ کمشنر ونود کمار سانگا پر بھی بدعنوانی کے دو معاملات ہیں اور ایک معاملہ میں ڈائرکٹوریٹ آف ریونیو انٹلی جنس کی جانچ جاری ہے۔

بہار میں دماغی بخار سے تاحال 127 بچے فوت

چیف منسٹر نتیش کمار کو دورہ کے موقع پر متاثرین کے شدید احتجاج کا سامنا

چیف منسٹر بہار نتیش کمار کے سری کرشنا ہاسپٹل کے دورہ کے موقع پر مریض بچوں کے لواحقین احتجاج کرتے ہوئے۔

پٹنہ رمظفرپور - 18 جون (پی ٹی آئی ریواین آئی) ریاست بہار میں جہاں دماغی بخار سے 127 بچے ہلاک ہوچکے ہیں اور سب سے زیادہ بہار کے ضلع مظفرپور میں 108 بچے ہلاک ہوئے ہیں۔مظفرپور کے سری کرشنا ہاسپٹل میں تاحال 89 بچے فوت اور کیجریوال ہاسپٹل میں 19 بچے فوت ہوئے ہیں۔یہ صورتحال بہار میں 17 دن سے جاری ہے تاہم منگل کو چیف منسٹر نتیش کمار نے مظفرپور کا دورہ کرتے ہوئے معلومات حاصل کیں۔دورہ کے موقع پر نتیش کمار کو فوت شدہ اور بیمار بچوں کے والدین اور ارکان خاندان کی شدید برہمی اور احتجاج کا سامنا کرنا پڑا۔ متاثرہ ارکان خاندان نے سری کرشنا ہاسپٹل کے باہر جمع ہوگئے اور سیاہ پرچم لہراتے ہوئے نتیش کمار واپس جاؤ کے نعرے لگانے لگے۔ ایک متاثرہ بچے کے رشتہ دار نے ایک پانی کے ایک ٹینکر کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ چیف منسٹر کی آمد سے قبل اس ٹینکر کو لایا گیا ہے تاکہ نتیش کمار کے دورہ کے موقع پر مواقف تاثر چھوڑا جاسکے۔ انہوں نے سوال کیا کہ آیا اس سے قبل چیف منسٹر نے یہاں کا دورہ کیا تھا' اگر وہ پہلے یہاں کا دورہ کرتے تو کئی جانیں بچائی جاسکتی تھیں۔اس دوران چیف منسٹر نتیش کمار نے دماغی بخار سے متاثرہ علاقوں میں سماجی' معاشی اور ماحولیاتی سروے کا جائزہ لے کر اس سنگین بیماری سے بچاؤ کی تدابیر نکالنے کی ہدایت دی ہے۔نتیش کمار نے منگل کو ضلع مظفر پور واقع شری کرشن میڈیکل کالج اسپتال (ایس کے ایم سی ایچ) میں اے ای ایس بیماری جسے چمکی بخار بھی کہا جارہا ہے سے متاثر بچوں اور ان کے ارکان خاندان سے ملاقات کی۔ انہوں نے متاثرہ بچوں کے ارکان خاندان کو تیقن دیا کہ علیل بچوں کے علاج میں کسی بھی طرح کی کوتاہی نہیں برتی جائے گی ۔ اس کے بعد چیف منسٹر نے دواخانہ کے سمینار ہال میں صحت محکمہ کے افسران' اسپتال کے سپرنٹنڈنٹ' پرنسپل اور ڈاکٹروں سے ہر نکات پر گفتگو کی اور بہتر علاج سے متعلق کئی ہدایتیں دیں ۔ چیف منسٹر بہار نے کہا کہ چمکی بخار سے متاثرہ علاقے میں سماجی معاشی اور ماحولیاتی سروے کراکر اس کا تجزیہ کرنا ہوگا کہ اس بیماری سے بچاؤ کیلئے قدرتی اور تکنیکی طور پر کیا کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ گرمی میں اکثر مچھر غائب ہوجاتے ہیں لیکن سخت درجہ حرارت اور صفائی اور نمی کی وجہ سے اگر متاثرہ علاقوں میں مچھر پائے جاتے ہیں تو اس کا بھی حل نکالنا ہوگا۔ نتیش کمار نے کہا کہ متاثرہ کنبوں کے سماجی' معاشی مطالعہ کے ساتھ ۔ ساتھ صاف ۔ صفائی کے لحاظ سے ان کے مکانات کے ماحول کا بھی معائنہ کرنا ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ پینے کے پانی کا معیار تو کہیں متاثر نہیں ہے اس کی بھی نگرانی ضروری ہے۔ چیف منسٹر نے کہا کہ چمکی بخار سے متاثرہ علاقوں میں ایک بھی کچا گھر نہیں رہے اس کے لئے وزیراعظم رہائش منصوبہ دیہی اور چیف منسٹر رہائش منصوبہ کے ذریعہ جو مکان بنائے جارہے ہیں اس پر بھی دھیان دیا جانا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ بیداری مہم کے ساتھ ساتھ اور کیا کچھ تدبیریں کرنے کی ضرورت ہے ان سب پر غور کر کے آگے کی کاروائی کو یقینی بنایا جائے۔نتیش کمار نے کہا کہ بچوں کے ارکان خاندان سے بات کرنے پر انہیں معلومات ملی ہے کہ بھوک نہ لگنے کی وجہ سے بچے رات کو بغیر کھائے سوگئے اور صبح میں ان کی طبیعت خراب ہوگئی اس لئے اس نکتے پر بھی غور کرنے کی ضرورت ہے کہ کہیں دن میں ہی بچے کی حالت تو ایسی نہیں ہوگئی تھی جس کی وجہ سے اسے رات میں بھوک محسوس نہیں ہوئی۔

پولٹری کے نرخ

19 جون 2019ء (وین کاب)

فارم گیٹ پر	140-00 روپئے کیلو
ریٹیل	162-00 روپئے کیلو
ڈریسڈ (معہ پوست)	235-00 روپئے کیلو
گوشت (بغیر پوست)	267-00 روپئے کیلو

انڈوں کا نرخ

18 جون 2019ء
تھوک : 4.00
چلر : 4.60
NECC

ادھیررنجن چودھری لوک سبھا میں کانگریس کے لیڈر

نئی دہلی ۔18 جون ۔(پی ٹی آئی) مغربی بنگال سے تعلق رکھنے والے پانچ مرتبہ کے رکن پارلیمنٹ ادھیررنجن چودھری کو لوک سبھا میں کانگریس کا لیڈر مقرر کیا گیا جبکہ کیرالا کے رکن پارلیمنٹ کے سریش کو پارٹی کا چیف وہپ بنایا گیا۔ پارٹی ذرائع نے آج یہ بات بتائی۔ پارٹی کی اعلیٰ قیادت نے چودھری کے نام کو منظوری دی اور ان کا تقررنامہ آج دوپہر لوک سبھا سکریٹریٹ کے حوالے کیا گیا

بجٹ سے قبل وزیراعظم کی عہدیداروں کے ساتھ مشاورت

نئی دہلی ۔18 جون ۔(پی ٹی آئی) وزیراعظم نریندرمودی نے اپنی دوسری معیاد کے پہلے بجٹ سے قبل آج فینانس اور دوسری وزارتوں کے سرکردہ عہدیداروں کے ساتھ اجلاس منعقد کیا تاکہ حکومت کے 100 دن کے ایجنڈے کو قطعیت دے سکے جس میں کمزور معیشت کی بحالی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر توجہ دی جائے گی۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیراعظم کی قیامگاہ پر منعقدہ اجلاس میں وزارت فینانس اور دوسری وزارتوں کے تمام پانچ سکریٹریز اور نیتی آیوگ کے اعلیٰ عہدیداروں نے شرکت کی۔

ایودھیا حملہ کیس' 4 ملزمین کو عمرقید' ایک بری

پریاگ راج ۔18۔ جون (یواین آئی) ایودھیا میں خصوصی عدالت نے 5 جولائی 2005ء کو ایودھیا میں ہوئے دہشت گرد حملہ کیس میں خاطی قرار دیئے گئے 5 ملزمین کے منجملہ 4 کو عمرقید کی سزا سنائی جبکہ محمد عزیز کو تمام الزامات سے بری کردیا۔خصوصی جج دنیش چند نے چاروں پر فی کس 20ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کیا۔ پولیس نے 5افراد کو مجرمانہ سازش اور دہشت گردوں کی تحریری ومنطقی مدد کرنے کے بشمول مختلف الزامات کے تحت 5افراد کو گرفتار کیا تھا۔اس حملہ میں 2 مقامی افراد اور جیش کے 5 مبینہ ارکان تصادم میں ہلاک ہوئے تھے جبکہ سی آر پی ایف کے 7 جوان زخمی ہوئے تھے۔یوپی پولیس نے ایودھیا کے متنازعہ مقام پر گھس کر فائرنگ کرنے کے الزام میں عرفان' عاشق اقبال عرف فاروق' شکیل احمد' محمد نسیم اور محمد عزیز کو گرفتار کیا تھا۔ انہیں الہ آباد کی نینی جیل میں محروس رکھا گیا۔ڈاکٹر عرفان کا تعلق یوپی کے ضلع سہارنپور سے ہے جبکہ دیگر ملزمین جموں وکشمیر کے ضلع پونچھ سے تعلق رکھتے ہیں۔

فیصلہ کو ہائی کورٹ میں چیلنج کیا جائے گا: گلزار اعظمی

ممبئی-18 جون (ای میل) 14 سالوں کے طویل انتظار کے بعد آج الہ آباد کی خصوصی عدالت نے رام جنم بھومی (ایودھیا دہشت گردانہ حملہ) معاملے میں اپنا فیصلہ سنایا اور پانچ میں سے ایک جانب جہاں چار ملزمین کو عمرقید کی سزا دی وہیں ناکافی ثبوت وشواہد کی بنیاد پر ایک ملزم کو باعزت بری کردیا۔ملزمین کو قانونی امداد فراہم کرنے کمیٹی کے سربراہ گلزار اعظمی نے ممبئی میں میڈیا کو بتایا کہ خصوصی عدالت کے ایڈیشنل سیشن جج دنیش چند نے منگل کو اپنا فیصلہ پڑھ کر سنایا جس کے مطابق 4 ملزمین ڈاکٹر محمد عرفان' محمد نسیم' محمد آصف اور شکیل احمد کو تعزیرات ہند کی دفعات 302 کے تحت عمرقید کی سزا سنائی ہے جبکہ محمد عزیز محمد بشیر نامی شخص کو ناکافی ثبوت وشواہد کی بنیاد پر باعزت بری کیئے جانے کے احکامات جاری کیئے۔گلزار اعظمی نے کہا کہ گذشتہ ساڑھے تین سالوں سے جمعیۃ علماء لیگل سیل ملزمین کے مقدمات کی پیروی کررہی تھی اور ملزمین کے دفاع میں ایڈوکیٹ شمش الحسن' ایڈوکیٹ ایس صدیقی' ایڈوکیٹ عارف علی' ایڈوکیٹ فرقان خان ودیگر کو مقرر کیا گیا تھا۔ آج بھی فیصلہ کے وقت متذکرہ وکلاء عدالت میں موجود تھے جنہوں نے عدالت سے ملزمین کو کم سے کم سزا دینے کی گذارش کی تھی۔انہوں نے کہا کہ شروعاتی دنوں میں ملزمین نے مقدمہ اپنے طور پر لڑا تھا لیکن ڈاکٹر عرفان کے جیل سے حضرت مولانا سید ارشد مدنی کے نام روانہ کیئے گئے خطوط جس میں انہوں نے جمعیۃ علماء سے قانونی امداد طلب کی تھی پر کارروائی کرتے ہوئے ملزمین قانونی امداد فراہم کی گئی تھی ان کے مقدمہ کے جلد فیصل ہونے کے لیئے سپریم کورٹ سے رجوع کیا گیا تھا۔

دہلی میں کینیائی خاتون کا قتل

نئی دہلی ۔18 جون ۔(پی ٹی آئی) جنوبی دہلی کے چھتر پور علاقہ میں ایک کینیائی خاتون اپنے مکان میں مردہ پائی گئی جسے چاقو گھونپ دیا گیا۔ پولیس کو آج رات تقریباً 8 بجکر 10 منٹ پر ایک خاتون کو چاقو گھونپنے کے بارے میں اطلاع ملی۔ اس خاتون کی شناخت کینیائی شہری انصام کی حیثیت سے کی گئی۔ ڈی سی پی ساؤتھ وجئے کمار نے بتایا کہ اس کے سینے پر چاقو کے زخم کا نشان پایا گیا۔کمار نے بتایا کہ اسی عمارت میں رہنے والی کینیاء کی مشتبہ خواتین سے پوچھ تاچھ کی جارہی ہے۔

داعش ریاکٹ: چینائی جیل میں قیدیوں سے پوچھ تاچھ

چینائی ۔18 جون ۔(پی ٹی آئی) این آئی اے عہدیداروں نے چینائی کی سنٹرل جیل کے تین قیدیوں سے پوچھ تاچھ کی جو ایک ہندو تنظیم اور بی جے پی سے تعلق رکھنے والے قائدین کے پانچ قتل کیسوں کے ملزم ہیں۔ داعش کے کیرالا ۔ ٹاملناڈو نیٹ ورک کی تحقیقات کے سلسلہ میں یہ پوچھ تاچھ کی گئی۔ ان ملزمین کی شناخت ''پولس'' فخرالدین، پنا اسمٰعیل اور بلال ملک کی حیثیت سے کی گئی ہے، جنہیں 2013 میں گرفتار کیا گیا تھا اور اب وہ سنٹرل جیل میں قید ہے۔

کوئمبتور دھماکہ کے خاطی کی 15 دن کیلئے رہائی

چینائی ۔18 جون ۔(پی ٹی آئی) مدراس ہائی کورٹ نے آج کوئمبتور سلسلہ وار دھماکوں کیلئے عمرقید کی سزا کاٹنے والے ایس اے باشا کو 20 جون سے 4 جولائی تک 15 دن کیلئے رہا کیا گیا۔ باشا کی دختر مُبینہ کی درخواست پر یہ فیصلہ کیا گیا۔ اس درخواست میں عدالت سے خواہش کی گئی کہ باشاہ کو 30 دنوں کیلئے چھوڑا جائے۔ مُبینہ کے وکیل آر شنکر سبو نے بتایا کہ وہ اوران کی ماں مختلف امراض کا شکار ہیں اس لئے عدالت کو ان کی درخواست پر ہمدردانہ غور کرنا چاہئے۔ 1998 میں کوئمبتور میں سلسلہ وار بم دھماکوں میں 60 افراد ہلاک ہوئے تھے۔ یہ دھماکہ بی جے پی لیڈر ایل کے اڈوانی کی انتخابی مہم اور جلسہ سے پہلے ہوئے تھے۔

محمد مرسی کی آج غائبانہ نماز جنازہ

حیدرآباد ۔ 18 جون (راست) مولانا نصیر الدین ناظم وحدت اسلامی تلنگانہ نے مصر کی جدید تاریخ کے پہلے عوامی منتخب صدر جناب محمد مرسی کی وفات پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ظالم سیسی حکومت نے بالآخر ایک اور اسلام پسند کا خون اپنے سر باندھ لیا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ اخوانی رہنماء جناب محمد مرسی کی غائبانہ نماز جنازہ چہارشنبہ 19 جون کو بعد نماز مغرب بمقام عیدگاہ اجالے شاہ صاحبؒ، سعید آباد میں ادا کی جائے گی۔ اس موقع پر علماء و دانشوران مصر کے عوامی رہنماء کو خراج عقیدت پیش کریں گے اور اسلام پسند تحریک اخوان المسلمین پر روشنی ڈالیں گے۔ عامۃ المسلمین سے شرکت کی گزارش کی گئی ہے۔ نماز مغرب عیدگاہ اجالے شاہ میں ادا کی جائے گی۔

حسامیہ منزل میں محفل ذکر وسلوک

●● ایوان فاضل و عاقل حسامیہ منزل پنچہ شاہ 19 جون چہارشنبہ کو 10 بجے شب محفل ذکر وسلوک مقرر ہے۔ مولانا محمد حسام الدین ثانی عاقل جعفر پاشاہ نگرانی کریں گے۔ وابستگان سلسلہ قادریہ حسامیہ اور عوام الناس سے شرکت کی خواہش کی جاتی ہے۔ بعد محفل تناول طعام کا بھی نظم رہے گا۔ خواتین کے لئے پردہ کا نظم ہے۔

ادبی اجلاس ونعتیہ مشاعرہ

حیدرآباد۔18 جون (راست) حکیم خواجہ ضمیر میموریل سوسائٹی کے زیراہتمام خواجہ ضمیر مرحوم کی یاد میں ادبی اجلاس ونعتیہ مشاعرہ چہارشنبہ 19 جون کو 7 بجے شام اردو گھر مغل پورہ میں منعقد ہوگا۔ مقصود علی خاں سحر مہمان مقرر ہوں گے۔ نعتیہ مشاعرہ کی نگرانی ڈاکٹر فاروق شکیل کریں گے۔ صوفی سلطان شطاری، ڈاکٹر سلیم عابدی، سید یوسف روش، شاہد عدیلی، ڈاکٹر طیب پاشاہ قادری، سید سمیع اللہ حسینی، ڈاکٹر خواجہ فرید الدین صادق، ڈاکٹر نادر المسدوسی اور اسلم فرشوری مہمان خصوصی ہوں گے۔

خطبات حجۃ الوداع ساری قوموں کیلئے عظیم منشور
ڈاکٹر سراج الرحمٰن کا خطاب

حیدرآباد ۔ 18 جون (راست) جامع مسجد پائیگاہ بشیر باغ میں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سراج الرحمٰن نے کہا کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے جامع خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر ایک لاکھ چالیس ہزار جاں نثار صحابہؓ کو مخاطب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا، خبردار ایک مسلمان کی جان و مال عزت آبرو کو پامال کرنا کعبۃ اللہ کی بے حرمتی اور یوم عرفہ کی بے حرمتی کرنے کے برابر ہے۔ پھر ارشاد فرمایا، تمام باطل رسومات کو میں اپنے قدموں تلے روند چکا ہوں، تمام مشرکانہ رسومات کو میں توڑنے کا حکم دے رہا ہوں، صحابہ کرامؓ فرمان رسالت کی تکمیل میں ساری روئے زمین پر پھیل پڑے یہاں تک صرف 13 سال کے عرصہ میں حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں 26 لاکھ مربع میل پر اسلام پھیل چکا تھا۔ یہ منصبی ذمہ داری امت مسلمہ کی ہے کہ مشن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عام کریں، اسلام کے پیغام امن کو گھر گھر پہونچائیں۔ برادران وطن میں اسلام کے متعلق غلط فہمی کو دور کرنا ہر ایک کلمہ گو کی ذمہ داری ہے۔ یہی مقصد کے لئے امت مسلمہ دنیا میں بھیجی گئی ہے۔

آل انڈیا صوفی سجادہ نشین کونسل کی ویب سائٹ کی رسم اجراء
جناب اکبرالدین اویسی کی صحت اور درازی عمر کیلئے خصوصی دعا

حیدرآباد18۔ جون (راست) قومی سطح پر درگاہوں اور خانقاہوں کے مسائل کی یکسوئی، اوقافی امور میں یکسانیت پیدا کرنے اور ملک بھر کے صوفیاء کرام اور سجادگان کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کی کوششوں کے تحت آل انڈیا صوفی سجادہ نشین کونسل کی رسمی ویب سائٹ www.aissc.in کی رسم اجراء حیدرآباد میں انجام پائی۔ آل انڈیا صوفی سجادہ نشین کونسل کے صدرنشین مولانا سید نصیر الدین چشتی جانشین سجادہ نشین دیوان اجمیر شریف حضرت سید زین العابدین علی خان کے ہاتھوں احاطہ موسیٰ قادری میں مولانا سید عبدالقادر قادری وحید پاشاہ قومی کوآرڈینیٹر کونسل کی قیام گاہ پر ویب سائٹ کی رسم اجراء عمل میں آئی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ خانقاہی نظام کا احیاء کرنے، قومی سطح پر درگاہوں اور خانقاہوں کو ایک پلیٹ فارم پر لانے کے لئے کونسل کی جانب سے جو کوششیں کی جارہی ہیں اس کے تحت اب تک اجمیر اور حیدرآباد میں دو اجلاس منعقد ہوچکے ہیں۔ کونسل کی سرگرمیوں میں اضافہ کے لئے ویب سائٹ کا آغاز کیا گیا ہے تاکہ کونسل کی سرگرمیوں سے دنیا بھر کو واقف کروایا جائے۔ اس موقع پر منعقدہ خصوصی دعائیہ اجتماع میں مولانا سید نصیر الدین چشتی جانشین سجادہ نشین دیوان اجمیر نے جناب اکبرالدین اویسی قائد مجلس مقننہ پارٹی کی مکمل صحت یابی اور درازی عمر کے لئے بھی خصوصی دعائیں کیں۔ اس تقریب میں جناب سید احمد پاشاہ قادری معتمد عمومی مجلس ورکن اسمبلی یاقوت پورہ، جناب محمد ممتاز احمد خان رکن اسمبلی چارمینار، مولانا سید شاہ اسرار حسین رضوی جنرل سکریٹری کونسل انچارج تلنگانہ وآندھرا، مولانا سید شاہ فضل اللہ قادری الموسوی، مولانا سید حامد محمد قادری افتخار پاشاہ، مولانا سید محمود صفی اللہ حسینی وقار پاشاہ، مولانا سید مرتضیٰ قادری خضر پاشاہ، مولانا سید احمد الحسینی سعید قادری، مولانا سید غلام صمدانی علی قادری، مولانا حافظ مظفر حسین خان قادری بندہ نوازی، مولانا سید ندیم اللہ حسینی، مولانا سید غلام قادر قطب حسینی، مولانا حافظ سید رضوان پاشاہ قادری الحیدری، مولانا محمود اسد اللہ صدیقی، مولانا ڈاکٹر سید تنویر الدین خدانمائی افتخاری، مولانا میر فراست علی شطاری، مولانا سید شاہ ابوتراب قادری، مولانا خواجہ شجاع الدین افتخاری حقانی پاشاہ، مولانا سید شہباز قادری، مولانا سید قبول اللہ حسینی، مولانا سید قطب اللہ حسینی، مولانا سید رحمت محمد محمد الحسینی بندہ نوازی رحمت بابا، مولانا صوفی عبدالقادر ثانی، مولانا نواب شاہد فریدی، جناب سکندر معشوقی اور دوسرے موجود تھے۔ سید حسین محمد قادری اور سید موسیٰ محمد قادری نے مہمانوں کا استقبال کیا۔

اردو مسکن میں 2 روزہ خطاطی نمائش

حیدرآباد ۔ 18/ جون (راست) جناب امین الاسلام نے بتایا کہ عربک کیلی گرافی سنٹر گولکنڈہ عربک آرٹ اینڈ کلچر ڈیولپمنٹ ٹرسٹ کے تحت کام کررہا ہے اس ادارہ میں بین الاقوامی خطاط مختار احمد صاحب کے دوشاگرد خطاط امیر الاسلام وخطاط محمد عبدالستار خطاطی کی تربیت دے رہے ہیں۔ جہاں فن خطاطی سیکھنے کے خواہشمند طلباء وطالبات زائد از ڈیڑھ سال سے مستفید ہورہے ہیں۔ اس سنٹر کی جانب سے اردو مسکن موتی گلی خلوت میں دودن 22 اور 23 جون ہفتہ اور اتوار کو مخطوطات کی نمائش رکھی جائے گی۔ ہفتہ کو بعد نماز ظہر جناب محمد رحیم الدین انصاری چیرمین اردو اکیڈیمی کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آئے گا اور خطاطی کا بھی مظاہرہ ہوگا تاکہ قرآن لکھنے کی جانب لوگوں میں رغبت پیدا ہو۔ عوام الناس سے اس نمائش میں شرکت کی خواہش کی جاتی ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے فون 9985047867 پر یا 9985211959 پر ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔

درس قرآن

حیدرآباد۔18 جون (راست) اندرون خواجہ کا چھلہ مغل پورہ میں چہارشنبہ 19 جون کو بعد نماز مغرب مولانا سید صادق محی الدین فہیم درس قرآن دیں گے۔ خواتین کے لئے پردہ کا نظم رہے گا۔

مسجد بغدادی ٹیک ناملی میں ٹیلرنگ سنٹر کا آغاز

حیدرآباد ۔ 18 جون (راست) مسجد بغدادی ٹیک ناملی میں ٹیلرنگ سنٹر کا آغاز ہوچکا ہے۔ اقراء لیڈیز ٹیلرنگ انسٹی ٹیوٹ میں خواتین و طالبات کو ٹیلرنگ کے تمام فنون و کارچوب و ہینڈ ایمبرائیڈری سکھایا جاتا ہے۔ ماہر لیڈی ٹیلر ٹریننگ دیں گی۔ کوئی فیس نہیں لی جاتی، مفت ٹریننگ دی جاتی ہے۔ اوقات 9:45 بجے تا 2:30 بجے دن ہیں۔ فون 9849242805 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

عرس

حیدرآباد ۔ 18 جون (راست) حضرت الحاج غوث علی شاہ وارثی احرام پوشؒ کا عرس 15 شوال 19 جون چہارشنبہ کو مقرر ہے۔ بعد نماز مغرب قصیدہ بردہ شریف ہوگا۔ بعد نماز عشاء صندل مالی خانقاہ وارث گلشن درگاہ حضرت یزدانی حافظ وارث سے برآمد ہوکر عثمان باغ کاماٹی پورہ بنڈل گوڑہ درگاہ ممدوحؒ پہونچے گا۔ 20 جون جمعرات کو محفل چراغاں مقرر ہے۔ بعد مغرب قصیدہ بردہ شریف ہوگا۔ 10 بجے شب سے محفل سماع کا آغاز ہوگا۔ 2 بجے شب محفل قل اور تبرک کی تقسیم عمل میں آئے گی۔ جانشین حضرت ممدوحؒ غلام قطب خاں المعروف قاضی قطب حافظ وارثی نے شرکت کی اپیل کی ہے۔

پرگی میں عرس

●● قاضی خواجہ شاہ ریاض الدین چشتی رضی قادری کے بموجب حضرت سید شرف الدین اولیاء المعروف پیر غائب صاحبؒ کی عرس تقاریب کا 19 جون کو بعد نماز عصر جلوس صندل سے آغاز ہوگا۔ حسب روایت قدیم سجادہ نشین، قاضی صاحبان ومتولیان کے مکان سیدواڑہ نزد جامع مسجد پرگی سے جلوس صندل نکل کر درگاہ شریف حضرت ممدوحؒ سلطان پور پرگی پہنچے گا۔ بعد نماز مغرب صندل مالی کی رسم سجادہ نشین قاضی صاحبان، متولیان اور عہدیداران کمیٹی، مہمان خصوصی اور دیگر حضرات انجام دیں گے۔ 20 جون کو یوم چراغاں مقرر ہے۔

ویمنس کالج کوٹھی میں داخلے

حیدرآباد ۔ 18 جون (راست) ویمنس کالج کوٹھی میں گریجویشن میں داخلے کی خواہشمند طالبات کو یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ آن لائن داخلے اور کونسلنگ کی تیسرے مرحلہ کی تاریخ بہت جلد شروع ہونے والی ہے۔ ایسی طالبات جو آن لائن رجسٹریشن نہیں کروائی ہیں وہ تفصیلات کے لئے محترمہ فوزیہ خاتون، شعبہ فارسی ویمنس کالج کوٹھی سے رہبری کے لئے ملاقات کرسکتے ہیں یا فون 9849384489 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

انوار العلوم جونیر کالج ناملی انٹر سال اول میں داخلے

حیدرآباد ۔ 18 جون (راست) پرنسپل جناب محمد عبدالرزاق کی اطلاع کے مطابق انوار العلوم جونیر کالج ناملی میں انٹرمیڈیٹ سال اول ایم پی سی اور سی ای سی انگلش واردو میڈیم میں داخلے جاری ہیں۔ قابل اساتذہ کی نگرانی میں معقول فیس پر معیاری تعلیم کا انتظام کیا گیا ہے۔ سائنس کے طلبہ کے لئے جدید آلات سے لیس لیباریٹری موجود ہے اور طلبہ کے لئے لائبریری سے کتابوں کے حصول کی سہولت بھی حاصل ہے۔ اسکالرشپس کے لئے طلبہ کی رہنمائی کی جاتی ہے۔ طلبہ اور اولیائے طلبہ سے گذارش کی جاتی ہے کہ داخلوں میں عجلت کریں۔ مزید تفصیلات کے لئے دفتر کالج سے 9 بجے تا 3 بجے دن کے درمیان ربط پیدا کریں۔ انٹرمیڈیٹ سال دوم کی کلاسس کا آغاز ہوچکا ہے۔ طلبہ کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ اپنی جماعتوں میں حاضر رہیں۔ اگر 75 فیصد سے کم حاضری ہوتو سالانہ امتحانات میں شرکت نہیں کرسکتے۔

گورنمنٹ ہائی اسکول دھول پیٹ میں داخلے

حیدرآباد ۔ 18 جون (راست) گزیٹیڈ ہیڈ ماسٹر جناب محمد عبدالقیوم کی اطلاع کے بموجب گورنمنٹ ہائی اسکول دھول پیٹ (نزد الابنڈہ) میں اردو، ہندی اور انگلش میڈیم میں ششم تا دہم داخلوں کا آغاز ہوچکا ہے۔ طلباء و طالبات کو مفت داخلے دیئے جارہے ہیں۔ یونیفارم، کتابیں اور دوپہر کے کھانے کے علاوہ طالبات کو ہیلت کٹس بھی مفت سربراہ کئے جارہے ہیں۔ مدرسہ کی عمارت کشادہ، ہوادار ہے۔ پوسٹ گراجویٹ مضمون واری اساتذہ کی جانب سے طلباء و طالبات پر انفرادی توجہ دی جاتی ہے۔ مدرسہ کے اوقات 12:30 بجے دوپہر تا شام 5 بجے ہیں۔

گورنمنٹ پرائمری اسکول دبیر پورہ میں داخلے

حیدرآباد ۔ 18 جون (راست) گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول دبیر پورہ واقع مرتضیٰ نگر چمن املی بن یاقوت پورہ میں اول تا پنجم مفت داخلے جاری ہیں۔ حکومت کی جانب سے تمام طلباء وطالبات کو درسی کتابیں، یونیفارم اور دوپہر کا کھانا مفت دیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ طلباء وطالبات پر انفرادی توجہ کے علاوہ گیمس واسپورٹس کا بھی بہترین انتظام ہے۔ بچوں کو سالانہ تفریح کے لئے بھی مدرسہ کی جانب سے انتظام کیا جاتا ہے۔ تمام طلباء وطالبات کو کاپیاں، پنسل وغیرہ بھی دیئے جاتے ہیں۔

شعری مجموعہ ''یادوں کے رتجگے'' کی رسم رونمائی

حیدرآباد۔18 جون (پریس نوٹ) تلنگانہ رائٹرس اینڈ کلچرل سوسائٹی کے زیراہتمام شب فرید معین خواجہ شوق ہال اردو مسکن خلوت میں منعقد ہوئی جس میں جناب فرید ضیائی کو ان کی اردو خدمات کے ضمن میں تہنیت پیش کی گئی۔ پروفیسر بیگ احساس اور محترمہ قمر جمالی نے فرید ضیائی کی ادبی وسماجی خدمات پر اظہار خیال کیا۔ فرید ضیائی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انھوں نے کئی آزاد نظموں کے علاوہ افسانوں اور کہانیوں کی بھی تخلیق کی ہے۔ اجلاس کا دوسرا مرحلہ ڈاکٹر معین افروز کے شعری مجموعہ ''یادوں کے رتجگے'' کی رسم رونمائی پر مبنی تھا۔ جس کی صدارت پروفیسر اشرف رفیع نے کی۔ شعری مجموعہ کی رسم رونمائی مولانا محمد رحیم الدین انصاری صدرنشین تلنگانہ اردو اکیڈیمی نے انجام دی اور کہا کہ معین افروز نظم اور نثر دونوں پر یکساں قدرت رکھتے ہیں۔ جناب سردار سلیم نے کہا کہ معین افروز اپنی ذات میں ایک مکمل انجمن ہیں۔ انھوں نے کتاب میں شامل مضمون کو پیش کرتے۔ ہوئے معین افروز کے فکروفن پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ ڈاکٹر معین افروز نے اپنی کتاب میں شامل اپنا مضمون سنایا۔ ڈاکٹر جاوید کمال نے بھی مخاطب کیا۔ سید یوسف روش اور سید سمیع اللہ حسینی نے اپنی تہنیتی مرسلہ کلام روانہ کیا۔ اس موقع پر جناب رحمٰن جامی کی صدارت میں مشاعرہ منعقد ہوا۔ سردار سلیم، الطاف شہریار (جدہ سعودی عرب)، چچا پالمپوری (محبوب نگر)، شکیل ظہیرآبادی، فیاض علی سکندر (سداسیو پیٹ)، شائستہ ناز (کولکتہ)، فرقان ضیاء (مغربی بنگال)، عاتکہ نور اور نفیسہ خاں نے شرکت کی۔ نظامت کے فرائض نجیب احمد نجیب، شکیل حیدر کانپوری اور سہیل عظیم نے انجام دیئے۔

ماہانہ مجلس فاتحہ

حیدرآباد۔18 جون (راست) حضرت مولانا سید محمد امام الدین شاہ قادری وشاذلیؒ وحضرت مولانا سید محمد بادشاہ محی الدین قادری شاذلی نقشبندی المعروف محی الحق قادری گوشہ نشینؒ کی ماہانہ مجلس فاتحہ بیت الحق 20-3-36/A، دودھ باؤلی میں چہارشنبہ 19 جون کو مقرر ہے۔ مولانا حکیم سید محمد قادری محی الدین قادری خلف وجانشین حضرت ممدوحؒ نگرانی کریں گے۔ بعد نماز مغرب قرآن خوانی، بعد نماز عشاء ختم قادریہ حلقہ ذکر کلمہ طیبہ، جہری درود وسلام ہوگا۔

بارکس میں محفل سماع

حیدرآباد ۔ 18 جون ۔ (راست) حضرت بحرالعلوم محمد عبدالقدیر صدیقی حسرتؒ کے عرس شریف کے موقع پر 16 شوال المکرم 20 جون جمعرات کو حضرت صوفی محمد زبیر پاشاہ قادری چشتی شاذلی کی نگرانی میں محفل فاتحہ وسماع خوانی کا انعقاد عمل میں آرہا ہے۔ پروگرام کا آغاز بعد نماز عصر بارگاہ بحرالعلوم (بہادر پورہ) میں چادرگل و فاتحہ خوانی سے ہوگا۔ بعد نماز مغرب بمقام نشاء اسلامک اسٹوڈیو جمال بنڈہ بارکس میں فاتحہ خوانی وطعام تبرک رہے گا۔ بعد نماز عشاء محفل سماع کا انعقاد عمل میں آئے گا جس میں حیدرآباد کے مشہور قوال عقیل وارثی اپنے ہمنواؤں کے ہمراہ ساز پر نعتیہ ومنقبتی کلام پیش کریں گے۔ حضرت صوفی محمد زبیران تمام پروگرام کی نگرانی کریں گے۔

جامعہ ریاض الاسلام اپل میں داخلے

حیدرآباد ۔ 18 جون (راست) جامعہ ریاض الاسلام اپل میں 11 شوال المکرم سے جدید وقدیم داخلوں کا آغاز ہوچکا ہے۔ جامعہ میں شعبۂ قاعدہ، شعبۂ ناظرہ، شعبۂ حفظ، شعبۂ عالمیت اعدادیہ تا عربی چہارم کی تعلیم کا مکمل نظم ہے۔ انگریزی، حساب، تلگو، اردو کی تعلیم کا بھی معقول انتظام ہے۔ خواہشمند حضرات اپنے بچوں کو داخلہ دلواکر دینی وعصری علوم سے آراستہ کروائیں۔ طالب علم، سرپرست کے ساتھ چار عدد پاسپورٹ سائز فوٹو، آدھار کا زیراکس لائیں۔ اوقات صبح 9 بجے تا دوپہر 2 بجے ہیں۔ فون 9032394701 یا 9391022569 پر ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔

مدرسہ مصباح العلوم میں داخلے

●● مدرسہ محمدیہ للعلوم الدینیہ خواجہ نگر فرسٹ لانسرز (شعبہ جات عالمیت، حفظ وناظرہ وابتدائی تعلیم)، مدرسہ مصباح العلوم جامع مسجد اے بیاٹری لائن نیو ملے پلی (شعبہ جات شعبہ عالمیت اول عربی تا ششم عربی، حفظ وناظرہ وابتدائی تعلیم)، مدرسہ مصباح العلوم للبنات اے بیاٹری لائن (طالبات کے لئے شعبہ عالمیت، حفظ وناظرہ وابتدائی تعلیم)، مدرسہ محمدیہ سلیمان نگر (c) راجندر نگر میں طالبات کے لئے شعبۂ عالمیت، شعبۂ حفظ وناظرہ وابتدائی تعلیم) میں داخلوں کا آغاز ہوچکا ہے۔ طالبات کے لئے بھی حفظ وناظرہ اور شعبۂ عالمیت کا باضابطہ علحدہ انتظام رکھا گیا ہے۔ فون 9849196577 پر یا 9391030931 پر حاصل کی جاسکتی ہیں۔

جامعہ احیاء العلوم ٹپہ چبوترہ

●● جامعہ احیاء العلوم ٹپہ چبوترہ کے شعبہ عالمیت برائے طلبہ (اعدادیہ تا ہفتم عربی)، شعبہ عالمیت برائے طالبات (اعدادیہ تا پنجم عربی)، شعبہ تصحیح اور طلبہ وطالبات کے لئے شعبۂ حفظ و ناظرہ میں داخلے جاری ہیں۔ شعبۂ عالمیت میں اضلاع کے طلبہ کیلئے دارالاقامہ کا بھی انتظام ہے۔ 2 عدد فوٹو، آدھار کارڈ، برتھ سرٹیفکیٹ اور سرپرست کا ساتھ میں ہونا داخلے کیلئے ضروری ہے۔ اوقات 9 بجے صبح تا 12 بجے دن اور 2:30 تا 3:30 بجے دن رہیں گے۔ مزید تفصیلات 9849145388، 9490703002 پر حاصل کی جاسکتی ہیں۔

گورنمنٹ ہائی اسکول دارالعلوم کالی کمان میں داخلے

●● ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی اسکول دارالعلوم متصل دکن ڈائیگناسٹک سنٹر لین کالی کمان گلزار حوض کے بموجب اسکول میں جماعت ششم تا دہم اُردو میڈیم اور انگلش میڈیم میں داخلے جاری ہیں۔ حکومت کی جانب سے طلبہ کو درسی کتب، یونیفارم اور دوپہر کا کھانا دیا جاتا ہے۔ اس سال S.S.C. (اردو میڈیم) کا نتیجہ صد فیصد رہا۔ نئی تعمیر کردہ عمارت میں کشادہ جماعتیں ہیں۔ اولیائے طلبہ سے بچوں کو داخلے دلانے کی درخواست ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے سل نمبرات 8019988892 اور 9849483997 پر ربط پیدا کریں۔

شادی

حیدرآباد۔18 جون (راست) جناب محمد خواجہ معین الدین عرف معین بھائی صدر ابتدائی مجلس ریاست نگر کی دختر کی شادی محمد مدثر خان ولد محمد مصطفیٰ خان کے ساتھ نفیس پیالیس بالا پور روڈ پر انجام پائی۔ محفل عقد میں جناب سید احمد پاشاہ قادری ایم ایل اے و معتمد عمومی (مجلس)، جناب ریاض الحسن آفندی ایم ایل سی، جناب عبدالرحمٰن ڈپٹی میئر سابقہ گلبرگہ، جناب جعفر حسین معراج ایم ایل اے، جناب محمد حق نذیر شعبہ تنظیم انچارج کے علاوہ کارپوریٹرس اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ جناب غلام مصطفیٰ اور جناب سید یونس بھائی نے مہمانوں کا استقبال کیا۔

انتقال

حیدرآباد ۔ 18 جون (راست) شہر محبوب نگر کی مشہور شخصیت ورکن جماعت اسلامی محمد ممتاز علی کا انتقال ہوگیا۔ نماز جنازہ آج بعد نماز ظہر مسجد منیر محبوب نگر میں مولانا حامد محمد خاں امیر حلقہ جماعت اسلامی تلنگانہ و اڈیشہ نے پڑھائی۔ تدفین شاہ صاحب گٹہ قبرستان میں عمل میں آئی۔ پسماندگان میں دوفرزندان اور 5 دختران شامل ہیں۔

مدرسہ بنات الحرم میں داخلے

حیدرآباد۔18 جون (راست) تنظیم بنت حرم کے زیراہتمام چلائے جانے والے مدرسہ بنات الحرم (اندرون مکہ مسجد) میں داخلوں کا آغاز ہوچکا ہے جس میں تجوید القرآن، ناظرہ، عالم کورس کی ابتدائی تعلیم، ملا، موذنی، امامت، خطابت، نائب قضأت، ڈپلوما ان عربک، ان نصاب کے تحت طالبات کو تیار کیا جاتا ہے اور سالانہ امتحانات جامعہ نظامیہ سے دلائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ علوم دینی وعصری ٹیلرنگ، مہندی ڈیزائننگ کی مفت تعلیم دی جاتی ہے۔ کورس کی تکمیل پر اسناد بھی دیئے جاتے ہیں۔ ہر اتوار کو خواتین وطالبات کے لئے قرآن مجید واحادیث شریف کا درس بھی رہے گا۔ داخلے مفت ہیں کوئی فیس نہیں لی جائے گی۔ مزید تفصیلات کے لئے فون 8374183214 پر رابطہ پیدا کریں۔

جامعہ ریاض الصالحات اعظم پورہ میں داخلے

حیدرآباد۔18 جون (راست) جامعہ ریاض الصالحات اعظم پورہ میں نئے تعلیمی سال کے آغاز پر داخلے جاری ہیں۔ شعبۂ عالمیت کی ابتدائی جماعتوں کے علاوہ فضیلت میں بھی داخلہ دیا جائے گا۔ فضیلت میں داخلہ کے لئے کسی مستند ادارہ سے عالمیت کی تکمیل ضروری ہوگی۔ اس کے علاوہ شعبۂ حفظ میں داخلہ کے لئے عمر کم از کم 8 سال ہونا ضروری ہے۔ اضلاع کی طالبات کے لئے ہاسٹل کی سہولت ہے۔ شہر کے مختلف مقامات سے جامعہ تک ٹرانسپورٹ کا نظم رہے گا۔ مستحق طالبات کے لئے فیس میں رعایت رہے گی۔ مزید تفصیلات فون 7799500259 پر حاصل کی جاسکتی ہیں۔

مدرسہ اسلامیہ معارف العلوم یاقوت پورہ کالونی میں داخلے

حیدرآباد۔18 جون (راست) مدرسہ اسلامیہ معارف العلوم یاقوت پورہ کالونی میں حفظ قرآن مجید باتجوید وشعبہ دینیات واحادیث میں ڈاکٹر عبدالمجید صدیقی ونظامی سابق پروفیسر وصدر شعبہ عربی عثمانیہ یونیورسٹی کی زیرسرپرستی 16 شوال المکرم 21 جون سے جدید داخلوں کا آغاز ہوگا۔ اقامتی شعبہ حفظ میں داخلوں کے لئے امیدوار طالب علم کی عمر 10 سال ہونا اور ابتدائی 5 پارے تجوید سے پڑھا ہوا ہونا ضروری ہے۔ اوقات ملاقات بعد ظہر تا عصر رہیں گے۔ مزید تفصیلات کے لئے فون 9700345579 پر یا 8978611238 پر ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔

جامعہ فیض الاسلام وٹے پلی میں داخلے

حیدرآباد۔18 جون (راست) بانی ومہتمم جامعہ مولانا محمد عبدالغفار خاں سلامی نے بتایا کہ جامعہ فیض الاسلام سلامی اسٹریٹ وٹے پلی مین روڈ فلک نما میں 11 شوال المکرم سے طالبات کے لئے نورانی قاعدہ باتجوید، ناظرۂ قرآن باتجوید، حفظ قرآن باتجوید مع عصری علوم، عالمیت میں اعدادیہ تا دورۂ حدیث شریف مع عصری علوم اور طلبہ کے لئے اقامتی اور غیراقامتی، شعبہ نورانی قاعدہ باتجوید، ناظرۂ قرآن باتجوید اور حفظ قرآن کریم باتجوید میں داخلوں کا آغاز ہوچکا ہے۔ اوقات مدرسہ 8:30 بجے تا شام 4 بجے ہیں۔ فون 8977994806 پر یا 9700840985 پر ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔

مدرسہ حفاظ انجمن احیاء دین میں داخلے

حیدرآباد۔18 جون (راست) مدرسہ حفاظ انجمن احیاء دین واقع ہمت پورہ متصل آم والی مسجد قاضی پورہ میں حفظ القرآن، تجوید، دینیات، عربی زبان اور عصری تعلیم دی جاتی ہے۔ اوقات مدرسہ 9 بجے تا 3 بجے دن ہیں۔ مزید تفصیلات کے لئے مولانا حسین شہید اللہ بشیر بخاری یا پروفیسر ڈاکٹر محمد مصطفیٰ شریف سے فون 9885775719 پر یا 9392495669 پر ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔

فیس بک کی جانب سے ڈیجیٹل کرنسی متعارف

نیویارک ۔18 رجون (ژنہوا) فیس بک نے ایک نئی عالمی ڈیجیٹل کرنسی متعارف کرائی ہے۔مقبول عام سوشل میڈیا سائٹ کے منیجر ڈیوڈ مارکوس کے مطابق لبرا نامی اس ڈیجیٹل کرنسی کی بنیاد بھی کرپٹوکرنسی بٹ کوئن کی طرح بلاک چین ٹیکنالوجی پر ہی رکھی گئی ہے' تاہم اس میں قدر کا اتار چڑھاؤ نہیں ہوگا۔مارکوس نے مزید بتایا کہ لبرا میں ہونے والے لین دین کے معاملات سے فیس بک کا کوئی تعلق نہیں ہوگا۔

دوران حج' وبائی امراض سے محفوظ رہنے برطانوی عازمین کو مشورہ

برمنگھم۔18 رجون (ایجنسیز) اسوی ایشن آف برٹش حجاج نے کہا ہے کہ سعودی حکومت کی جانب سے عازمین کیلئے کئے گئے بہترین انتظامات کے باوجود 20 تا 30 لاکھ انسانوں کے عظیم اجتماع میں وبائی امراض پھوٹنے کے خدشات موجود رہتے ہیں کیونکہ عازمین کی ایک بڑی تعداد صحت وتندرستی کے بارے میں توجہ اور احتیاطی تدابیر نہیں کرتی اور نہ ہی خود کو یا دوسروں کو وبائی بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے ضروری حفاظتی انجکشن لگا کر جاتی ہے۔ اسوی ایشن کے ماہرین صحت نے عازمین کو مشورہ دیا کہ دوران حج اپنی صحت کا خصوصی خیال رکھیں اور وبائی امراض سے محفوظ رہنے کیلئے حفاظتی اقدامات کو یقینی بنائیں۔ ماہرین صحت کے مطابق ایک بڑے اجتماع میں چھینکنے' کھانسنے یا ایک دوسرے کے برتن استعمال کرنے سے وبائی بیماریوں کے جراثیم ایک سے دوسرے فرد کو منتقل ہونے کا شدید خطرہ رہتا ہے اور بالخصوص بڑی عمر کے کمزور افراد' دل' شوگر اور گردوں کی بیماریوں میں مبتلا افراد' حاملہ خواتین اور چھوٹی عمر کے بچوں کے جن کے جسم میں قوت مدافعت کمزور ہوتی ہے' ان بیماریوں کا شکار ہونے کا زیادہ خطرہ رہتا ہے۔ حالیہ برسوں میں حج کے دوران مینجائٹس (گردن توڑ بخار) کی وباء پھوٹ پڑنے سے تقریباً 60 حاجیوں کی افسوسناک اموات واقع ہوئیں جن میں 20 حاجیوں کا تعلق برطانیہ سے تھا۔اسوی ایشن آف برٹش حجاج نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کی جانب سے جاری کردہ واضح ہدایات کے باوجود برطانیہ میں متعلقہ ہیلت اداروں نے عازمین کی فلاح و بہبود اور انہیں خطرناک وبائی بیماریوں سے بچانے کیلئے کسی طرح کی شعور بیداری مہم شروع نہیں کی ہے' جس سے آئندہ بھی ناخوشگوار اور افسوسناک واقعات رونما ہونے کا اندیشہ موجود ہے۔

امریکہ میں ہندوستانی نژاد افراد کی تعداد میں 38 فیصد اضافہ

واشنگٹن ۔18 رجون (پی ٹی آئی) امریکہ میں سال 2010 اور 2017ء کے دوران 7 برسوں میں ہندوستانی نژاد افراد کی آبادی میں 8 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ایک جنوبی ایشیائی ایڈوکیسی گروپ میں آبادیات سے متعلق اپنی تازہ رپورٹ میں یہ بات کہی۔سال 2017 میں ہندوستانی نژاد امریکیوں کی تعداد 44,02,363 درج کی گئی جو 2010ء کی تعداد 31,83,063 کے مقابلہ میں 38.3 فیصد زائد ہے۔جنوبی ایشیائی امریکنس لیڈنگ ٹوگیدر (ایس اے اے ایل ٹی) نامی اس ادارہ نے اپنے تازہ اعداد وشمار میں یہ تفصیلات بتائیں۔ادارہ کے مطابق تقریباً 630,000 ہندوستانی ایسے ہیں جن کے پاس دستاویز نہیں ہیں جبکہ 2010ء کے بعد سے اس تعداد میں 72 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ادارہ کے مطابق ہندوستانی نژاد افراد کی غیر قانونی تعداد میں اضافہ کا سبب ویزا کی مدت مکمل ہونے کے باوجود امریکہ میں مقیم رہنا ہے۔اعداد وشمار کے مطابق سال 2016 میں تقریباً ڈھائی لاکھ ہندوستانی ویزا کی مدت ختم ہو جانے کے باوجود امریکہ میں ہی مقیم رہے۔ایس اے اے ایل ٹی کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ سال 2010 کے بعد امریکہ میں نیپالی عوام کی تعداد میں 206.6 فیصد اضافہ ہوا ہے۔اس کے بعد ہندوستان 38 فیصد' بھوٹان 38 فیصد' پاکستان 33 فیصد' بنگلہ دیش 26 فیصد اور سری لنکائی آباد میں 15 فیصد اضافہ درج کیا گیا۔

نیوزی لینڈ دہشت گردی
راست ویڈیو شیئر کرنے والے کو 21 ماہ کی سزا

ویلنگٹن ۔18 رجون (یو این آئی) نیوزی لینڈ میں ایک شخص کو جس نے اس بات کا اعتراف کیا تھا کہ اس نے شہر کرائسٹ چرچ میں واقع مساجد میں پیش آئے دہشت گرد واقعات کے راست ویڈیو کو شیئر کیا تھا' آج 21 ماہ کی سزائے قید سنائی گئی۔فلپ ارپس نامی یہ شخص اپریل میں اس معاملہ میں خاطی پایا گیا۔اخبار نیوزی لینڈ ہیرالڈ نے یہ اطلاع دی۔44 سالہ فلپ نے اس بات کا اعتراف کیا تھا کہ دہشت گرد حملوں کے دن اس نے ان ویڈیوز کو شیئر کیا تھا۔کرائسٹ چرچ کی ضلع عدالت کے جج اسٹیفن اوڈرسکول نے کہا کہ فلپ کو جیل سے رہا ہونے کے بعد نفسیاتی علاج بھی کرانا پڑے گا۔

کناڈائی شہر ٹورنٹو میں فائرنگ' وزیراعظم ٹروڈیو محفوظ

ٹورنٹو۔18 رجون (اسپوتنک) کناڈا کے شہر ٹورنٹو میں فائرنگ کے واقعہ میں 2 افراد زخمی ہوگئے جبکہ دیگر 2 کو پولیس نے اسلحہ سمیت گرفتار کرلیا۔ فائرنگ کے وقت کناڈا کے وزیراعظم قریب ہی موجود تھے۔این بی اے باسکٹ بال چمپئن بننے والی کناڈائی ٹیم ٹورنٹو ریپٹرز کی پریڈ میں فائرنگ کی گئی جس میں وزیراعظم کناڈا جسٹن ٹروڈیو بھی اسٹیج پر موجود تھے۔ فائرنگ سے بھگدڑ مچ گئی۔وزیراعظم ٹروڈیو اور اعلیٰ حکام کو ہجوم سے بحفاظت نکال لیا گیا۔کناڈائی ٹیم کی جیت پر جشن منانے کیلئے 20 لاکھ افراد موجود تھے۔پولیس نے اسلحہ سمیت 2 افراد کو گرفتار کرلیا۔

نیپال میں جیپ' ندی میں گر پڑی' 12 افراد لاپتہ

کٹھمنڈو۔18 رجون (یو این آئی) نیپال کی راجدھانی کٹھمنڈو میں 400 کلومیٹر دور ہوملا ضلع میں منگل کو پہاڑی سڑک پر ایک جیپ کے پھسل کر ندی میں گر جانے سے کم از کم 12 لوگ لاپتہ ہیں۔ضلع کے سربراہ ڈولک راج دھکال نے بتایا کہ کھارپوناتھ دیہی میونسپل کارپوریشن علاقہ میں مقامی وقت کے مطابق دوپہر ایک بجے جیپ کے سڑک سے پھسل کر ندی میں گر جانے سے اس پر سوار کم از کم 12 لوگ لاپتہ ہیں۔ مقامی انتظامی افسر نے بتایا کہ ابھی یہ یقینی طور پر نہیں کہا جاسکتا ہے کہ لاپتہ لوگ زندہ ہیں یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ سکیوریٹی ایجنسیوں کے ساتھ بچاؤ کام تیز کردیا گیا ہے۔

چینی صوبہ سیچوان میں زلزلہ کے طاقتور جھٹکے' 13 ہلاک

صوبہ میں ایمرجنسی کا اعلان۔امدادی اقدامات جاری

بیجنگ ۔18 رجون (پی ٹی آئی) جنوب مغربی چین میں آئے زلزلہ کے 2 طاقتور جھٹکوں میں کم از کم 13 افراد ہلاک جبکہ دیگر 125 زخمی ہوگئے۔ سرکاری میڈیا کے مطابق زخمی ہونے والوں کی تعداد 125 سے زائد ہے۔ پہلا جھٹکہ پیر کی شب مقامی وقت کے مطابق 10:55 بجے ویبن شہر میں آیا جس کی شدت 6.0 تھی جبکہ دوسرا جھٹکہ آج صبح کی ابتدائی ساعتوں میں محسوس کیا گیا جس کی شدت 5.3 ناپی گئی۔ حکام کے مطابق ریکٹر اسکیل پر پہلے جھٹکے کی شدت 6.0 ریکارڈ کی گئی اور اس کا مرکز صوبے سیچوان کے شہر ییبن کے قریب تھا۔ انتظامیہ نے متاثرین کیلئے فوری طور پر تقریباً 5 ہزار خیمے' 20 ہزار کمبل اور 10 ہزار سے زائد بستر روانہ کردیے ہیں۔ سیچوان میں 2008ء میں آئے زلزلہ میں 90 ہزار سے زائد شہری ہلاک ہوئے تھے۔ زلزلہ سے سیچوان کے 10 گاؤں اور قصبے بری طرح متاثر ہوئے ہیں اور سڑکیں' برقی اور مواصلات کے نظام کو نقصان پہنچا ہے۔ زلزلہ سے متاثرہ مقامات پر امدادی کارکنان پہنچ رہے ہیں جبکہ امدادی اشیاء کی ترسیل کا کام بھی جاری ہے۔ زلزلہ سے متاثرہ افراد کو طبی امداد دینے کیلئے طبی عملہ بھی متاثرہ علاقوں میں پہنچ گیا ہے۔ اسی دوران شدید زلزلہ کے بعد محکمہ ایمرجنسی مینجمنٹ نے آج صبح ایمرجنسی کا اعلان کرتے ہوئے تمام ضروری خدمات کو فعال بنا دیا ہے۔مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ کے مطابق متاثرہ علاقوں میں لوگوں کی امداد کیلئے ایک خصوصی ٹیم کو بھیجا گیا ہے۔ اس کے علاوہ قومی خوراک اور اسٹریٹجک انتظامیہ نے 5 ہزار ٹینٹ' ایک ہزار فولڈنگ بیڈ اور 2 ہزار کمبل بھیجے ہیں۔ یہاں کسی بھی طرح کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے 116 فائر بریگیڈ کی گاڑیوں اور 526 ملازمین کو بھیجا گیا ہے۔ مقامی حکام کے مطابق زلزلہ کی وجہ سے ویبن شہر کا چھاگنگ کاؤنٹی متاثر ہوا ہے۔

اچ 4 ویزے کے قواعد پر ہنوز نظر ثانی نہیں کی گئی: ٹرمپ انتظامیہ

واشنگٹن ۔18 رجون (پی ٹی آئی) ٹرمپ انتظامیہ نے اچ 4 ویزا یافتہ افراد کو ملازمت کا اختیار دیے جانے کے معاملہ میں نظر ثانی کے عمل کو ہنوز قطعیت نہیں دی ہے جیسا کہ یہ ویزے اعلیٰ صلاحیتوں کے حامل ہندوستانی آئی ٹی پیشہ ور افراد کے شریک حیات کو جاری کئے جاتے ہیں۔ایک عہدیدار نے یہ بات بتائی۔سابق صدر بارک اوباما کے دور میں اچ 4 ویزے کے حامل افراد کو ملازمت کرنے کی آزادی حاصل تھی تاہم موجودہ صدر ٹرمپ نے اقتدار میں آنے کے فوری بعد کہا تھا کہ وہ ان ویزوں سے متعلق قواعد میں تبدیلی لانے کا منصوبہ رکھتے ہیں۔قواعد میں تبدیلی کو ہنوز قطعیت نہیں دی گئی ہے جبکہ ٹرمپ انتظامیہ نے پچھلے 2 برسوں کے دوران اس سلسلہ میں اعلامیہ کی اجرائی میں بارہا تاخیر کی ہے۔ایک عہدیدار نے کہا کہ یو ایس سٹیزن شپ اینڈ امیگریشن سروِس (یو ایس سی آئی ایس) ملازمت سے متعلق تمام ویزا پروگراموں کا مسلسل جائزہ لے رہی ہے جن میں اچ 4 ویزے بھی شامل ہیں۔حال ہی میں محکمہ ہوم لینڈ سکیوریٹی نے اپنے سالانہ ایجنڈہ میں اس بات کا اعادہ کیا تھا کہ اچ ون بی ویزوں کے حامل افراد کے شریک حیات کو جاری کئے جانے والے اچ 4 ویزوں سے متعلق قواعد میں تبدیلیاں لائی جائیں گی۔یو ایس سی آئی ایس کی ترجمان جیسکا کولنس نے کہا کہ انتظامیہ اس بات کیلئے کوشاں ہے کہ ویزا قوانین میں اصلاحات لائی جائیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ اس سے زیادہ سے زیادہ امریکی عوام کو فائدہ پہنچے۔

نائیجیریا میں خودکش حملے' گٹریس کا اظہارِ مذمت

اقوام متحدہ۔18 رجون (ژنہوا) اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انٹونیو گٹریس نے نائیجیریا میں ہوئے 3 خودکش حملوں کی سخت مذمت کی ہے۔ عالمی ادارہ کے سکریٹری جنرل کے ترجمان اسٹیفن دوجارک نے اپنے بیان میں کہا کہ گٹریس نے ان حملوں میں ہلاک ہوئے افراد کے سوگوار خاندانوں کے علاوہ نائیجیریائی حکومت اور وہاں کے عوام کے تئیں ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے حملہ میں زخمی افراد کے جلد صحتیاب ہونے کی خواہش ظاہر کی ہے۔گٹریس نے اس امید کا اظہار بھی کیا کہ قصورواروں کو جلد پکڑ کر ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل نے دہشت گردی اور پُرتشدد انتہا پسندی کے خلاف جنگ میں نائیجیریا کی حکومت کے تئیں یکجہتی ظاہر کی۔ نائیجیریا کے صوبہ بورنو میں اتوار کو ہوئے 3 خودکش حملوں میں کم از کم 30 افراد ہلاک جبکہ 42 دیگر زخمی ہوگئے تھے۔شدت پسند تنظیم بوکوحرام کے جنگجوؤں نے مبینہ طور پر فٹبال شائقین کے درمیان یہ آئی ای ڈی دھماکے کئے۔

غیرقانونی تارکین کو ملک بدر کیا جائے

ٹرمپ کی جانب سے متعلقہ احکام جاری

واشنگٹن ۔ 18 رجون (اسپوتنک) امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے لاکھوں غیر قانونی تارکین وطن کو ملک سے نکال دینے کے احکام جاری کئے ہیں۔ٹرمپ نے ایک ٹویٹ میں پولیس اور دیگر متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ آئندہ ہفتوں کے دوران رہائشی اجازت ناموں کے بغیر ملک میں مقیم افراد کو ملک بدر کرنا شروع کردیا جائے۔ٹرمپ کے مطابق انہیں اتنی ہی جلدی سے واپس بھیجا جانا چاہئے' جتنی جلدی سے وہ امریکہ میں داخل ہوتے ہیں۔ امریکہ میں غیر قانونی تارکین وطن کی تعداد تقریباً 11 ملین ہے۔ان میں زیادہ تر کا تعلق لاطینی امریکی ممالک سے ہے۔ٹرمپ نے تاہم یہ وضاحت نہیں کی کہ ان افراد کو کس طرح اور کہاں بھیجا جائے گا۔ایک محتاط اندازے کے مطابق امریکہ میں اس وقت ایک کروڑ 20 لاکھ سے زائد غیر قانونی تارکین موجود ہیں جن میں اکثریت کا تعلق پڑوسی ملک میکسیکو اور وسطی امریکی ممالک سے ہے۔امریکہ اور میکسیکو کے درمیان جاریہ ماہ کے اوائل میں طے پائے گئے ایک معاہدے کے تحت میکسیکو' امریکہ میں پناہ کے حصول کے خواہاں وسطی امریکہ سے آنے والے غیر قانونی تارکین کو اپنے ہاں رکھنے پر آمادہ ہوگیا ہے۔ یہ افراد اس وقت تک میکسیکو میں ہی مقیم رہیں گے جب تک امریکی عدالتیں ان کی پناہ کی درخواستوں کا فیصلہ نہیں کرلیتیں۔ معاہدے کے تحت میکسیکو نے وسطی امریکی ممالک سے آنے والے تارکینِ وطن کو امریکی سرحد تک پہنچنے سے روکنے کیلئے اپنے فوجی دستے تعینات کرنے پر بھی آمادگی ظاہر کردی ہے۔میکسیکو نے یہ تمام اقدامات ٹرمپ حکومت کی جانب سے اپنی برآمدات پر اضافی محصولات سے بچنے کیلئے کئے ہیں۔ٹرمپ نے دھمکی دی تھی کہ اگر میکسیکو نے وسطی امریکہ سے آنے والے تارکین کو امریکہ تک پہنچنے سے نہ روکا تو ان کی حکومت' میکسیکو سے آنے والی مصنوعات پر بھاری ٹیکس عائد کردے گی۔ٹرمپ نے اپنے ٹوئٹ میں یہ بھی کہا کہ وسطی امریکی ملک گوئٹے مالا بھی واشنگٹن کے ساتھ ایسے ہی ایک معاہدے کی تیاری کر رہا ہے جس کے بعد امریکہ میں پناہ کے خواہش مند غیر قانونی تارکین وطن کو میکسیکو کے علاوہ گوئٹے مالا میں بھی روکا جاسکے گا۔فریقین نے تاحال اس مجوزہ معاہدے کی تفصیلات جاری نہیں کی ہیں جس پر محکمہ خارجہ کے مطابق دونوں حکومتوں کے مذاکرات جاری ہیں۔

سری لنکا کا پہلا سیٹلائٹ خلاء میں روانہ

کولمبو۔18 رجون (ایجنسیز) سری لنکا نے بھی پہلا کیوب ریسرچ سیٹلائٹ (راونا۔1) خلا میں بھیج دیا ہے۔یوں یہ بھی سیٹلائٹ بھیجنے والے ممالک کی فہرست میں شامل ہوگیا۔جاپان نے کیوشو انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی میں پڑھنے والے سری لنکن انجینئرس نے تیار کیا ہے۔

یوکرین کے نئے صدر کا دورۂ برلن

برلن ۔18 رجون (اسپوتنک) جرمن چانسلر انجیلا مرکل آج یوکرین کے نئے صدر وولودومیر زیلینسکی کا برلن کے چانسلر آفس میں استقبال کریں گی۔ بتایا گیا ہے کہ مرکل اور زیلینسکی کے مابین باہمی تعلقات اور مشرقی یوکرین کے تنازعہ کے حل کیلئے کئے گئے منسک معاہدہ کے موضوع پر بات چیت ہوگی۔ یوکرین کے صدر بعد ازاں اپنے جرمن ہم منصب فرانک والٹر شٹائن مائر سے بھی ملاقات کریں گے۔یوکرین اور روس کے درمیان طے پائے گئے منسک معاہدہ میں جرمنی اور فرانس نے ثالث کا کردار ادا کیا تھا۔زیلینسکی نے کل پیرس میں فرانسیسی صدر ایمینول میکرون سے بھی ملاقات کی تھی۔

ڈلاس میں بندوق بردار کی فائرنگ' پولیس کی گولی سے ہلاک

ڈلاس رہوسٹن ۔18 رجون (ژنہوا) امریکی ریاست ٹیکساس کے شہر ڈلاس میں ایک نقاب پوش شوٹر کو کل پیر کو اس وقت گولی ماردی گئی جب اس نے ایک وفاقی عمارت کے باہر کھلے عام فائرنگ کی۔ پولیس نے یہ بات بتائی۔ پولیس کے مطابق اس شخص نے شہر میں واقع مذکورہ عمارت کے باہر اسالٹ رائفل کے ساتھ شروع کردی تاہم اس واقعہ میں کوئی زخمی نہیں ہوا۔ایف بی آئی اسپیشل ایجنٹ انچارج میتھیو ڈی سرنو نے شوٹر کی شناخت برائن اسحاق کلیڈ کی حیثیت سے کی جسے پولیس نے اطلاع ملنے پر فوری مقام واقعہ پہونچ کر گولی ماردی۔ یہ بات واضح نہیں ہو پائی ہے کہ 22 سالہ شوٹر نے یہ کارروائی کیوں انجام دی۔

میئر لندن کے خلاف ٹویٹر جنگ' ٹرمپ شدید تنقید کی زد میں

لندن ۔18 رجون (ژنہوا) امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کو لندن کے میئر صادق خان کے ساتھ اپنی تازہ ترین ٹویٹر جنگ کے دوران انتہائی دائیں بازوں کی کالم نگار کیٹ ہاپکنز کے نفرت انگیز بیانیہ کو پھیلانے پر سخت تنقید کا سامنا ہے۔ٹرمپ نے میئر صادق خان کے ساتھ جاری ٹویٹر جنگ کے تازہ سلسلہ میں دائیں بازوں کی کالمسٹ اور تبصرہ نگار کی صادق خان پر تنقید کا حوالہ دے کر کالمسٹ کی حمایت کی تھی۔ ہاپکنز پر اسلاموفوبیا کا الزام ہے اور ایک مرتبہ انہوں نے تارکین وطن کو 'لال بیگ' تک قرار دیا تھا۔ٹرمپ نے کیٹ کی صادق خان کے لندنائزیشن کی ٹویٹ کو ری ٹویٹ کرکے لکھا تھا کہ لندن کو فوری طور پر ایک نئے میئر کی ضرورت ہے' خان ایک تباہی ہے اور وہ صرف مزید خرابی ہی پیدا کرے گا۔ بعد میں ٹرمپ نے صادق خان کو قومی بدنامی قرار دیا اور مزید کہا کہ وہ شہر کو تباہ کر رہے ہیں۔ یاد رہے جاریہ ماہ کے آغاز میں ٹرمپ نے اپنے دورہ برطانیہ کے سلسلہ میں لندن اترنے سے پہلے ہی ٹویٹ کرتے ہوئے صادق خان کو تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔ٹرمپ کی جانب سے کیٹ ہاپکنز کا ٹویٹ ری ٹویٹ کرنے پر انہیں شدید تنقید کا سامنا ہے۔ ہاپکنز نے لندن میں 3 افراد کے قتل کے بعد لندن کو اسٹیب سٹی اور خانز لندنائزیشن قرار دیتے ہوئے ٹویٹ کیا تھا۔ صادق خان کے ایک ترجمان نے کہا کہ خان' ٹرمپ کے ٹویٹ کا جواب دے کر اپنا وقت ضائع نہیں کرنا چاہتے تاہم لیبر لیڈر جرمی کوربن نے کہا کہ یہ بہت ہی خوفناک ہے کہ ٹرمپ لوگوں کے قتل کے افسوسناک واقعہ کو خان پر تنقید کیلئے استعمال کر رہے ہیں۔ اخبار گارڈین کے مطابق کوربن نے کہا کہ صادق خان بالکل صحیح طور پر لندن پولیس کو اپنے فرائض کی انجام دہی کیلئے حمایت کر رہے ہیں جبکہ کیٹ ہاپکنز نفرت انگیز اور لوگوں کو منقسم کردینے والے بیانیہ کو فروغ دے رہی ہیں۔ان کے مطابق ایک ایسے وقت جب ہمیں اتحاد کی ضرورت ہے' وہ لوگوں کو تقسیم کرنا چاہتے ہیں۔

صدارتی انتخابات' دوسرے امیدواروں سے آگے ہونے ٹرمپ کا دعویٰ

واشنگٹن ۔ 18 رجون (اسپوتنک) امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اوپنین پول کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ سال 2020 میں منعقد ہونے والے صدارتی انتخابات کے دوسرے امیدواروں سے دوڑ میں بہت آگے ہیں۔ٹرمپ نے ٹویٹ کیا کہ ہمارے اوپنین پول سے پتہ چلتا ہے کہ ہم بھی 17 اہم صوبوں میں آگے ہیں۔ گذشتہ ہفتہ میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکی صدر نے اُن سروے رپورٹس کو مسترد کردیا تھا جن کے مطابق انہیں کئی اہم صوبوں میں اپنے حریف امیدواروں سے پیچھے بتایا گیا تھا۔ٹرمپ آج فلوریڈا کے شہر اورلینڈو سے اپنی انتخابی مہم کا آغاز کریں گے۔

دنیا بھر میں 2 ارب سے زائد افراد کو پینے کا صاف پانی دستیاب نہیں: اقوام متحدہ

اقوام متحدہ۔18 رجون (اسپوتنک) اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ دنیا میں 2 ارب سے زائد افراد پینے کے صاف پانی سے محروم ہیں۔اس طرح ہر تیسرے شخص اس سہولت سے محروم ہے۔اقوام متحدہ کے اداروں یونیسیف اور عالمی ادارہ صحت کے جوائنٹ مانیٹرنگ پروگرام کی رپورٹ 2000-2017ء کے مطابق عالمی ادارہ بنیادی سہولیات کی فراہمی میں عدم مساوات کے خاتمے کیلئے عالمی سطح پر اقدامات کر رہا ہے تاکہ لوگوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور نکاسی آب جیسی بنیادی سہولیات کو یقینی بنایا جاسکے۔رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں 4.2 ارب افراد نکاسی آب کی سہولیات سے محروم ہیں جبکہ 3 ارب افراد کو ہاتھ دھونے جیسی بنیادی سہولت بھی دستیاب نہیں۔ اعداد وشمار کے مطابق ہر دس میں سے ایک فرد بنیادی سہولیات سے محروم ہے جن میں 144 ملین ایسے افراد بھی شامل ہیں جو زمین پر موجود آبی ذخائر سے ٹریٹمنٹ کے بغیر پانی پینے پر مجبور ہیں جبکہ دنیا بھر کی دیہی آبادی میں ہر دس میں سے 8 افراد کو صاف پانی اور نکاسی آب جیسی بنیادی سہولیات بھی دستیاب نہیں ہیں۔اقوام متحدہ نے رکن ممالک کی حکومتوں پر زور دیا ہے کہ عالمی سطح پر معاشی اور جغرافیائی تضادات کے خاتمے کیلئے اپنے عوام کی فلاح و بہبود پر سرمایہ کاری کریں، انسانی وسائل کے شعبے پر سرمایہ کاری میں اضافے سے بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

امریکی ریاست ٹیکساس کے شہر ڈلاس میں ایک سرکاری عمارت کے باہر پیش آئے شوٹنگ واقعہ اور بندوق بردار کو گولی مارے جانے کے بعد تباہ حال کار کا ایک منظر۔

دنیا کے سب سے وزنی بچہ کی نیویارک میں پیدائش

نیویارک ۔18 رجون (ایجنسیز) امریکی خاتون نے دنیا کے وزنی ترین بچے کو جنم دے کر ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ خاتون کے ہاں اس سے قبل 2016 میں بھی 11 پاونڈ کے بچے کی پیدائش ہوئی تھی۔ سرجن نے کہا کہ وزنی بچے کی پیدائش ماں کی جنیات کی وجہ سے ہی ممکن ہے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق نیویارک سے تعلق رکھنے والی 43 سالہ خاتون جوائے کے ہاں 15 پونڈ وزنی بچے کی پیدائش ہوئی۔ ڈاکٹرس کے مطابق ماں اور نومولود کی طبعیت بالکل ٹھیک ہے۔ ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ میڈیکل کی تاریخ میں 15 پاونڈ (7.5 کلو) کے بچے کی پیدائش ریکارڈ ہے کیونکہ اس سے قبل اس خاتون نے ہی 11 پاونڈ کے سب سے وزنی بچے کو جنم دیا تھا۔خاتون کے مطابق انہیں زچگی کے دوران بہت سے مسائل کا سامنا کرنا پڑا البتہ باقاعدگی سے معائنہ اور ورزش کی وجہ سے زچگی کے دوران کوئی مشکل پیش نہیں آئی اور بچے کی پیدائش اسی وجہ سے آپریشن کے بجائے نارمل ڈلیوری سے ہوئی۔ ڈاکٹرس کے مطابق خاتون کے ہاں اس سے قبل 2016 میں بھی 11 پاونڈ کے بچے کی پیدائش ہوئی تھی۔ سرجن نے کہا کہ وزنی بچے کی پیدائش ماں کی جنیات کی وجہ سے ہی ممکن ہے۔ ماں کا کہنا ہے کہ انہوں نے 9 ماہ جتنی تکلیف میں گزارے انہیں ہرگز اس بات کا گمان نہیں تھا کہ پیدا ہونے والے بچے کا وزن اتنا ہوگا، میرے لئے بیٹے کی پیدائش زیادہ اہم تھی اور 15 پاونڈ وزن ہونے کی خوشی ہے۔

یوروپی یونین کی اعلیٰ قیادت کی رواں برس تبدیلی

بروسلز۔18 رجون (اسپوتنک) یوروپی یونین کی تمام اعلیٰ قیادت اس سال تبدیل ہو جائے گی۔اس حوالے سے یوروپین دارالحکومت بروسلز میں 20 اور 21 جون کو یوروپین کونسل کا خصوصی اجلاس طلب کیا گیا ہے۔ اجلاس میں یونین کے ممبر ممالک کے سربراہان مملکت و حکومت شریک ہوں گے۔ اس اجلاس کے ایجنڈہ میں اگلے پارلیمانی سائیکل میں یوروپی یونین کے اعلیٰ ترین ذمہ داران کے تعین کیلئے مشاورت کی جائے گی جن میں یوروپی کمیشن، یوروپین کونسل، یوروپین خارجہ امور، یوروپی پارلیمنٹ اور یوروپین سینٹرل بینک کے سربراہان شامل ہیں۔

زمین پر 2100ء تک تقریباً 11 ارب انسان: عالمی آبادی رپورٹ

لندن ۔18 رجون (ایجنسیز) اقوام متحدہ کی طرف سے جاری کردہ عالمی آبادی سے متعلق تازہ رپورٹ میں آئندہ 8 دہائیوں میں کم رفتار اضافہ کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق رواں صدی کے اختتام تک زمین پر اندازہ تقریباً 11 ارب انسان آباد ہوں گے۔عالمی ادارہ کی گزشتہ رپورٹ میں شامل کردہ تخمینوں میں بتایا گیا تھا کہ رواں صدی کے اختتام تک زمین پر انسانی آبادی 11 ارب سے زائد ہوگی تھی۔تازہ ترین رپورٹ میں تاہم کہا گیا کہ آج سے 81 برس بعد 2100ء میں زمین پر مجموعی انسانی آبادی 10.9 ارب ہوگی۔اس رپورٹ کے مطابق اس وقت انسانی آبادی کا مجموعہ 7.7 ارب ہے' جو 2050ء تک بڑھ کر 9.7 ارب ہو جائے گا لیکن اس کے بعد کی نصف صدی میں ممکنہ طور پر زمین پر انسانی آبادی میں بہت تیز رفتار اضافہ نہیں ہوگا جبکہ رواں صدی کے دوسرے نصف حصہ میں یہ اضافہ صرف 1.2 ارب کے برابر رہے گا۔اقوام متحدہ کی جانب سے جاری کردہ اس نئی ورلڈ پاپولیشن رپورٹ میں بتایا گیا کہ 2100ء میں زمین پر انسانی آبادی سے متعلق گزشتہ اندازہ 2 سال پہلے لگایا گیا تھا جو 11.2 ارب بنتا تھا تاہم اب تازہ رپورٹ میں 10.9 ارب انسانوں کا تخمینہ لگایا گیا ہے' جس کا مطلب ہے کہ ماہرین کے خیال میں اب اس صدی کے اختتام پر زمین پر انسانی آبادی گزشتہ اندازوں سے 300 ملین یا 30 کروڑ کم ہی رہے گی۔ اقوام متحدہ کے ماہرین نے اس کمی کی ایک بڑی وجہ یہ بتائی ہے کہ دنیا کے کئی ممالک بالخصوص ترقی یافتہ ریاستوں میں شرح پیدائش میں مسلسل کمی واقع ہورہی ہے جبکہ ترقی پذیر ممالک میں آبادی میں اضافہ آج بھی بہت زیادہ اور تیز رفتار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آئندہ 8 عشروں میں مختلف براعظموں میں انسانی آبادی میں تبدیلی کی شرح بھی مختلف رہے گی۔اس بات کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ سب سے کم ترقی یافتہ براعظم افریقہ میں جہاں آج بھی عام انسانوں کو بے تحاشہ غربت کا سامنا ہے' آبادی میں اضافہ کی شرح مسلسل زیادہ ہی رہے گی۔ خاص کر صحارا سے جنوب کی طرف واقع ریاستوں کی آبادی تو 2050ء تک ہی دوگنا ہو جائے گی۔اقوام متحدہ کی اس رپورٹ کے مطابق دنیا میں انسانی آبادی میں اضافہ میں سے نصف کے ذمہ دار صرف 9 ایسے بڑے ممالک ہیں جن میں جنوبی ایشیا سے ہندوستان اور پاکستان بھی شامل ہیں۔ یہ 9 ممالک ہندوستان' نائیجیریا' پاکستان' کانگو' ایتھوپیا' تنزانیہ' انڈونیشیا' مصر اور امریکہ ہیں۔ دوسری طرف شمالی امریکہ اور یوروپ جیسے ترقی یافتہ براعظموں میں اس صدی کے اختتام تک آبادی میں اضافہ اتنا سست رفتار ہوگا کہ شرح پیدائش اور شرح اموات کے فرق کو مدنظر رکھا جائے تو ان براعظموں کی 2100ء تک مجموعی آبادی میں صرف 2 فیصد کا انتہائی معمولی اضافہ ہی ہوگا۔ تازہ ترین ورلڈ پاپولیشن رپورٹ کے مطابق زمین پر انسانی آبادی میں اوسط متوقع عمر میں بھی مسلسل اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ آج زمین پر کوئی بھی عام انسان اوسطاً 72.6 سال تک زندہ رہتا ہے' جو 1990ء کے مقابلہ میں 8 سال زیادہ ہے۔ 2050ء تک یہی انفرادی اوسط متوقع عمر مزید اضافہ کے ساتھ 77.1 سال ہو جائے گی۔ رپورٹ کے مطابق آج دنیا میں ہر 11 ویں انسان کی عمر 65 برس سے زائد ہے۔ 2050ء تک ہر چھٹا انسان 65 سال سے زائد کی عمر کا ہوگا۔ اس کے علاوہ 2018ء میں دنیا میں 80 سال سے زائد عمر کے افراد کی مجموعی تعداد 143 ملین تھی جو آئندہ 3 دہائیوں کے دوران 3 گنا ہو کر 426 ملین ہو جائے گی۔

لاطینی امریکی ممالک تاریکی میں ڈوب گئے
نظام زندگی درہم برہم

بیونس آئرس ۔18 رجون (ژنہوا) لاطینی امریکہ کے کئی ممالک میں کل سے برقی ترسیل متاثر ہونے کے بعد نظام زندگی درہم برہم ہوگیا ہے۔ یوروگوئے اور ارجنٹائن میں ملک گیر سطح پر برقی کی ترسیل منقطع ہوئی جبکہ برازیل اور چلی کے بھی کچھ حصے متاثر ہوئے۔ فی الحال یہ واضح نہیں ہوسکا ہے کہ اس برقی معطلی کی وجہ کیا تھی۔

امیزن خطہ میں شادی شدہ پادریوں کا تقرر
ویٹیکن کی سفارش

ویٹیکن سٹی ۔18 رجون (ژنہوا) ویٹیکن سٹی کے امیزن خطہ میں شادی شدہ پادریوں کے تقرر کی سفارش کی گئی ہے۔ ویٹیکن کی ایک دستاویز میں امیزن کے دور دراز کے علاقوں کے چرچوں میں بھوڑے شادی شدہ پادریوں کو مقرر کئے جانے کی سفارش کی گئی ہے۔ یہ ایک تاریخی تبدیلی ہے اور ایسا ہونے سے دوسرے علاقوں میں بھی اس کے نفاذ کا راستہ بن سکے گا۔

دنیا بھر میں جدید ترین ایٹمی اسلحہ میں سرمایہ کاری میں اضافہ

ہندوستان میں نیوکلیر ہتھیاروں کی تعداد میں اضافہ کا رجحان برقرار' سپری کی تازہ رپورٹ

اسٹاک ہوم ۔18 رجون (اسپوتنک) دنیا بھر کی نیوکلیر طاقتوں نے اپنے ایٹمی اسلحہ کو جدید تر بنانے پر سرمایہ کاری میں اضافہ کردیا ہے۔ یہ بات سویڈش دارالحکومت اسٹاک ہوم میں واقع امن پر تحقیق کے بین الاقوامی ادارے 'سپری' کی تازہ ترین رپورٹ میں بتائی گئی ہے۔اس سویڈش ادارے کا نام اسٹاک ہوم انٹرنیشنل پیس ریسرچ انسٹیٹیوٹ یا SIPRI ہے' جس نے کل جاری کردہ اپنی ایک تازہ ترین رپورٹ میں یہ بھی کہا ہے کہ 2018ء میں عالمی سطح پر ذخیرہ کردہ نیوکلیر ہتھیاروں کی تعداد میں 4 فیصد کی کمی دیکھی گئی' تاہم ساتھ ہی ان ریاستوں نے' جن کے پاس نیوکلیر ہتھیار موجود ہیں' اپنے ایسے اسلحہ جات کو جدید تر بنانے پر خرچ کی جانے والی رقوم میں بھی اضافہ کردیا۔ سپری کی گزشتہ برس کیلئے اس سالانہ رپورٹ کے مطابق 2018ء کے آغاز پر نیوکلیر طاقتیں کہلانے والے ممالک کے پاس موجود ایٹمی ہتھیاروں اور وار ہیڈز کی تعداد 13,865 تھی' جو 2017ء کے مقابلہ میں تقریباً 600 کم تھی' لیکن پچھلے برس ایسے ہتھیاروں کو اور بھی جدید بنانے پر جو رقوم خرچ کی گئیں' وہ 2017ء کے مقابلہ میں کہیں زیادہ تھیں۔ پچھلے برس کے آغاز پر دنیا کے مختلف ممالک کے پاس جو تقریباً 14 ہزار نیوکلیر ہتھیار تھے' ان میں وہ وار ہیڈز بھی شامل ہیں' جو کسی بھی وقت استعمال کیلئے بالکل تیار تھے۔ اس کے علاوہ ان میں وہ ہتھیار بھی شامل تھے' جو یا تو محض کسی ذخیرہ گاہ میں محفوظ تھے یا پھر جنہیں ناکارہ بنانے کا منصوبہ بنایا جا چکا تھا۔ سپری کے محقق شینن کائل نے میڈیا کو بتایا اس وقت عالمی سطح پر رجحان یہ ہے کہ نیوکلیر ہتھیاروں کی تعداد میں بہت سست رفتار کمی ہو تو رہی ہے لیکن انہیں جدید بنانے پر خرچ کی جانے والی رقوم بھی زیادہ ہوتی جا رہی ہیں۔ اس رپورٹ میں اس سویڈش ادارے نے جن 9 ممالک کے پاس نیوکلیر ہتھیاروں کی موجودگی تسلیم کی ہے' ان میں امریکہ' روس' برطانیہ' فرانس' چین' ہندوستان' پاکستان' اسرائیل اور شمالی کوریا شامل ہیں۔ مزید یہ کہ دنیا بھر میں موجود ہزار ہا نیوکلیر ہتھیاروں کا تقریباً 90 فیصد صرف 2 ممالک امریکہ اور روس کے پاس ہے۔ اس وقت ایسے نیوکلیر وار ہیڈز کی مجموعی تعداد بھی تقریباً 2000 بنتی ہے' جنہیں ان 9 ممالک نے کسی بھی وقت استعمال کیلئے مکمل تیاری کی حالت میں رکھا ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس سال جنوری تک امریکہ کے پاس موجود نیوکلیر ہتھیاروں کی تعداد 6,185 اور روس کے پاس موجود نیوکلیر ہتھیاروں کی تعداد 6,500 بنتی تھی۔ سپری کی اس رپورٹ کے مطابق 2018ء میں پاکستان اور اس کے حریف ہمسایہ جنوبی ایشیائی ملک ہندوستان دونوں نے ہی اپنے نیوکلیر ہتھیاروں کی تعداد میں اضافہ کا رجحان جاری رکھا۔ سپری کے محقق شینن کائل کے مطابق جو اس ادارے کے ایٹمی تخفیف اسلحہ' آرمز کنٹرول اور نیوکلیر عدم پھیلاؤ سے متعلق پروگرام کے شعبہ کے سربراہ بھی ہیں' گزشتہ برس ہندوستان اور پاکستان دونوں نے ہی اپنے اپنے نیوکلیر ہتھیاروں میں استعمال ہوسکنے والے مادوں کی تیاری کی اپنی صلاحیتوں میں بھی اضافہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دونوں حریف نیوکلیر طاقتیں ان ایٹمی مادوں کی مدد سے آئندہ 10 سے لے کر 15 برس تک کے درمیان اپنے نیوکلیر ہتھیاروں کی تعداد میں واضح اضافہ کرسکتی ہیں۔ اس ادارے کا اندازہ ہے کہ ہندوستان کے پاس اس وقت تقریباً 130 اور 140 کے درمیان تک نیوکلیر وار ہیڈز موجود ہیں جبکہ پاکستان کے پاس موجود نیوکلیئر وار ہیڈز کی موجودہ تعداد 150 اور 160 کے درمیان تک بنتی ہے' جو 2018ء کے مقابلہ میں تھوڑی سی زیادہ ہے۔

میکسیکو میں آتش فشاں پھر پھٹ پڑا

میکسیکو سٹی ۔18 رجون (ایجنسیز) میکسیکو میں آتش فشاں ایک بار پھر پھٹ پڑا۔راکھ کے مسلسل اخراج کے باعث 4 کلومیٹر کی بلندی تک دھویں کے بادل چھا گئے۔ذرائع کے مطابق آتش فشاں کے پھٹنے سے قریبی آبادی کے لوگوں کی زندگی کو خطرات لاحق ہوگئے ہیں تاہم ماہرین اس کی مکمل نگرانی کر رہے ہیں۔حکام نے شہریوں کو منہ اور ناک ڈھانپ کر رکھنے کی ہدایت جاری کی ہے۔

محمد مرسی کی زبردست تحدیدات کے بیچ تدفین

صرف ارکان خاندان موجود ہے۔ معزول صدر کو آبائی قبرستان میں دفن کرنے نہیں دیا گیا

سیکوریٹی الرٹ جاری۔ دنیا بھر میں مصری سفارتخانوں کے باہر مظاہرے کرنے اخوان المسلمون کی اپیل

قاہرہ۔ 18 جون (اے ایف پی / ایجنسیز) مصر کے معزول صدر محمد مرسی کو آج زبردست تحدیدات کے درمیان جلد بازی میں

سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ طورہ جیل کی مسجد میں ادا کرنے کے بعد مرحوم کے جسد خاکی کو علی الصبح مغربی قاہرہ میں دفن کر دیا گیا۔ تدفین کے موقع پر صرف سابق صدر کے ارکان خاندان موجود تھے۔ یہ اطلاع مرحوم کے وکیل عبدالمنعم عبدالمقصود نے کے حوالے سے دی گئی ہے۔ محمد مرسی کے فرزند عبداللہ نے ایک ٹویٹ میں لکھا کہ ان کے والد کو اخوان المسلمون کے دو رہنماؤں کے ہمراہ مغربی قاہرہ کے ایک قبرستان میں دفن کر دیا گیا ہے۔ مرسی کے بیٹے نے مزید لکھا کہ سیکوریٹی حکام نے ان کے والد کو ان کے آبائی قبرستان میں دفن کرنے کی اجازت نہیں دی۔ عبداللہ نے مزید لکھا "ہم نے اپنے والد کو طورہ جیل کے ہسپتال میں غسل دیا اور ہسپتال کی مسجد میں ان کی نماز جنازہ ادا کی گئی جس کے بعد انہیں نصر شہر کے قبرستان میں اخوان المسلمین کے دو رہنماؤں کی قبروں کے برابر سپرد خاک کر دیا گیا۔ اخوان المسلمون نے محمد مرسی کی موت کو مکمل طور پر قتل قرار دیا ہے۔ مصر میں پہلی مرتبہ جمہوری طور پر منتخب ہونے والے صدر ڈاکٹر محمد مرسی گزشتہ روز کمرہ عدالت میں اچانک حرکت قلب بند ہونے سے انتقال کر گئے تھے، ان کی عمر 67 سال تھی۔ مصر کے سرکاری ٹیلی ویژن کے مطابق ڈاکٹر محمد مرسی پیر کو قاہرہ کی ایک عدالت میں اپنے خلاف مقدمہ کی سماعت کے دوران جج کے روبرو دلائل دے رہے تھے، اس دوران ان کی حالت اچانک بگڑ گئی، وہ وہیں گر گئے اور پھر دم توڑ گئے جس کے بعد ان کی میت اسپتال منتقل کر دی گئی۔ واضح رہے کہ محمد مرسی 1951ء میں مصر کے ضلع شرقیہ کے گاؤں ال ادوا میں پیدا ہوئے، انہوں نے قاہرہ یونیورسٹی سے انجینئرنگ جبکہ امریکہ سے پی ایچ ڈی کی۔ 2012ء میں اخوان المسلمون نے محمد مرسی کو اپنا صدارتی امیدوار چنا تھا۔ مصری فوج نے 3 جولائی 2013ء کو مصر کی پہلی جمہوری حکومت کا اقتدار صرف ایک سال بعد اس کا تختہ الٹ کر ختم کر دیا تھا اور محمد مرسی کو ان کے سرکردہ وزراء اور اخوان المسلمون کے رہنماؤں سمیت گرفتار کر کے قید کر دیا تھا اور ان کے خلاف جھوٹے مقدمات درج کر لئے تھے۔ مرسی کو معزول کرنے کے فیصلہ کے خلاف اخوان المسلمون اور اس کی اتحادی جماعتوں نے سخت احتجاج کیا تھا اور انہوں نے قاہرہ میں 2 مقامات پر تقریباً ڈیڑھ ماہ تک دھرنے دیئے تھے۔ ان دھرنوں کے خلاف مصری فوج نے 14 اگست 2013ء کو سخت کریک ڈاون کیا تھا اور اخوان اور دوسری جماعتوں کے سینکڑوں کارکنوں کو شہید کر دیا تھا۔ دوسری جانب اخوان المسلمون نے محمد مرسی کی موت کو "مکمل طور پر قتل" قرار دیتے ہوئے دنیا بھر میں موجود مصر کے سفارتخانوں کے باہر مظاہرے کرنے کی اپیل کی ہے۔ مصری دفتر خارجہ نے معزول سابق صدر محمد مرسی کی وفات کے بعد ملک میں ہنگامی حالت کا اعلان کر دیا ہے۔ مصری میڈیا میں شائع خبروں کے مطابق وزارت خارجہ نے منصوبوں پر وسیع پیمانہ کی نظر ثانی، ملک بھر میں سیکوریٹی کے اقدامات میں سختی لانی شروع کر دی ہے

محمد مرسی کی تدفین کے موقع پر قبرستان کے قریب سخت پولیس بندوبست کیا گیا

مشرق وسطیٰ کیلئے مزید ایک ہزار افواج بھیجنے امریکہ کا اعلان

دفاعی مقاصد کیلئے اقدام کیا گیا: امریکی وزیر دفاع۔ ایران کے ساتھ کشیدگی میں اضافہ

خطہ میں عسکری توسیع کے خلاف امریکہ کو چین کا انتباہ

واشنگٹن۔18 جون (یو این آئی) جوہری معاہدہ پر امریکہ کی ایران سے کشیدگی اور خلیج فارس میں تیل بردار جہازوں پر حملہ کے تناظر میں مشرق وسطیٰ میں مزید ایک ہزار فوجیوں کی تعیناتی کا اعلان کر دیا۔ عرب نیوز میں شائع خبروں کے مطابق واشنگٹن کی جانب سے مذکورہ اقدام حفاظتی مقاصد کیلئے لیا جا رہا ہے۔ اس حوالہ سے نائب وزیر دفاع پیٹرک شیناہن نے تصدیق کی کہ مشرق وسطیٰ میں مزید ایک ہزار فوجی تعینات کئے جائیں گے۔ انہوں اپنے ایک بیان میں کہا کہ ہمیں انتہائی قابل بھروسہ انٹلیجنس معلومات موصول ہوئی کہ تیل بردار جہازوں پر ایرانیوں نے حملہ کیا تھا۔ انہوں نے مزید کہ ایرانی فورسیس کا ردعمل پرتشدد ہے اور خطہ میں امریکی اہلکاروں اور مفاد کو خطرہ لاحق ہے۔ اس سے قبل 24 مئی کو امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے مشرق وسطیٰ میں اضافی ایک ہزار 500 فوجیوں کی تعیناتی کا اعلان کیا تھا۔ جاپان کے دورہ سے قبل صحافیوں سے بات کرتے ہوئے ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ ہم مشرق وسطیٰ میں تحفظ چاہتے ہیں۔ امریکہ کی جانب سے ایران کے ساتھ جوہری معاہدہ ختم کرنے کے بعد دونوں ممالک کے مابین کشیدگی بڑھ گئی ہے اور واشنگٹن نے خلیج فارس میں بحری جنگی بیڑا اور بی 52 بمبار تعینات کر دیئے ہیں۔ علاوہ ازیں 13 جون کو خلیج عمان میں تیل بردار دو جہازوں پر حملہ کیا گیا تھا تاہم جہازوں کے عملہ کو باحفاظت نکال لیا گیا تھا۔ خیال رہے کہ امریکہ کے قومی سلامتی کے مشیر جان بولٹن نے خلیجی کشیدگی میں اضافہ کرنے والے آئیل ٹینکر حملہ میں ایران پر یقینی طور پر ملوث ہونے کا الزام لگایا تھا۔ گزشتہ ماہ فجیرہ کے ساحلی شہر کی بندرگاہ پر 4 جہازوں میں تخریب کاری کی کوشش پر متحدہ عرب امارات کی جانب سے مذمتی بیان سامنے آیا تھا، تاہم اس سے قبل وہ ساحلی علاقہ میں کسی بھی قسم کے حملوں کی تردید کر رہے تھے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان عباس موسوی کا کہنا تھا کہ امریکہ کی جانب سے اس طرح کے مضحکہ خیز دعوے کوئی نئی بات نہیں۔ قبل ازیں دو امریکی عہدیداروں نے انکشاف کیا تھا کہ امریکہ مشرق وسطیٰ میں مزید فوج بھیجنے کی تیاری کر رہا ہے تاکہ خطہ میں ایران کی طرف سے درپیش خطرات کا تدارک کیا جاسکے۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ ہفتے بحر عمان میں تیل بردار جہازوں پر حملوں کے بعد خطے میں امریکی فوج کی اضافی نفری کی ضرورت بڑھ گئی ہے۔ مئی کے آخر میں امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے 1500 امریکی فوجی مشرق وسطیٰ بھیجنے کا اعلان کیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ مشرق وسطیٰ میں مزید فوج بھیجنے کے معاملہ میں انہیں اپنی انتظامیہ کی اکثریت کی حمایت حاصل ہے۔ اس دوران چین نے خبردار کیا ہے کہ ایران کے ساتھ کشیدگی کے درمیان امریکہ کی جانب سے خطہ میں مزید 1000 فوجیوں کے تعینات کرنے کا اعلان پوری دنیا میں شرانگیزی کا دروازہ کھول سکتا ہے۔ چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے تہران پر بھی زور دیا کہ وہ 2015 میں طے پانے والے جوہری معاہدہ سے "اتنی آسانی سے" دستبردار نہ ہو۔ تہران یہ اعلان کر چکا ہے کہ اس کے افزودہ یورانیم کے ذخائر 27 جون سے جوہری معاہدے میں مقرر کی گئی حدود سے تجاوز کر جائیں گے۔ قبل ازیں دو امریکی عہدیداروں نے انکشاف کیا تھا کہ امریکہ مشرق وسطیٰ میں مزید فوج بھیجنے کی تیاری کر رہا ہے تاکہ خطہ میں ایران کی طرف سے درپیش خطرات کا تدارک کیا جاسکے۔

مرسی کی موت کے ذمہ داروں کو تاریخ معاف نہیں کرے گی: اردگان

سانحہ کیلئے مصر کا ظالم حکمراں ذمہ دار۔ غیر جانبدارانہ تحقیقات کرانے ہیومن رائٹس واچ کا مطالبہ

استنبول۔18 جون (اے ایف پی) ترکی کے صدر طیب اردگان نے سابق مصری صدر محمد مرسی کی موت کے لئے مصر کے "ظالم حکمراں" کو مورد الزام ٹھہرایا۔ انہوں نے استنبول میں ایک تقریر میں جسے ٹیلی ویژن پر نشر کیا گیا ہے کہا "تاریخ اُن جابر آمروں کو معاف نہیں کرے گی جو مرسی کو جیل میں ڈال کر اور انہیں موت کی دھمکیاں دیتے ہوئے ان کی وفات کا سبب بنے ہیں۔ اردگان نے جو مرسی کے قریبی دوست ہیں ان کی وفات پر اپنے گہرے غم کا اظہار کیا ہے اور دعائے مغفرت کی ہے۔ وزیر خارجہ میلوت چاوس اوگلو نے کہا کہ بغاوت نے مرسی کو اقتدار سے دور کر دیا لیکن ان کی یاد کو مٹایا نہ جاسکے گا۔ خیال رہے کہ ترک صدر پہلے بھی عبدالفتاح سیسی کو ایک جابر حکمراں قرار دے چکے ہیں جس نے بغاوت کے ذریعہ اقتدار کو ہتھیالیا اور اور جمہوریت کو بے دخل کیا ہے۔ اردگان نے کہا کہ الزام عائد کیا کہ مغرب خاموش ہے، یوروپی یونین کے ارکان مصر میں قتل کے واقعات پر اپنی آنکھیں بند کر رہے ہیں۔ اس دوران ایمنسٹی انٹرنیشنل اور ہیومن رائٹس واچ نے محمد مرسی کی موت کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ مصر کے سابق صدر مرسی کا انتقال عدالت میں اس وقت ہوا جب وہ اپنے خلاف ایک مقدمہ کی سماعت میں شریک تھے۔ انسانی حقوق کی عالمی تنظیم ایمنسٹی انٹرنیشنل نے کہا ہے کہ محمد مرسی کو قید کے دوران صرف 3 بار اپنے رشتے داروں سے ملنے کی اجازت دی گئی جبکہ انہیں ان کے وکیل اور ڈاکٹر سے بھی ملنے نہیں دیا گیا۔ ہیومن رائٹس واچ کی مشرق وسطیٰ کی ڈائرکٹر سارہ لی وٹسن نے محمد مرسی کی موت کو خوفناک قرار دیا ہے۔ قطر کے امیر شیخ تمیم بن حماد الثانی نے ان کی موت پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔

سعودی فضائی حدود میں حوثیوں کے 2 ڈرون طیارے تباہ

ریاض۔18 جون (ایجنسیز) سعودی عرب کی ایئر ڈیفنس فورس اور عرب اتحادی فوج نے منگل کو رات گئے یمن کے حوثی باغیوں کی طرف سے بمبار ڈرون طیاروں کے ذریعہ حملے کی سازش ناکام بناتے ہوئے دونوں ڈرون طیارے مار گرائے۔ یمن میں آئینی حکومت کی معاونت کرنے والے عرب عسکری اتحاد کے ترجمان کرنل ترکی المالکی نے ایک نیوز کانفرنس میں بتایا حوثی باغیوں کے دو ڈرون طیارے پیر اور منگل کی درمیانی شب کو سعودی عرب کی فضاء میں داخل ہونے کے بعد مار گرائے گئے۔ سعودی عرب کی سرکاری نیوز ایجنسی ایس پی اے کی جانب سے جاری بیان میں کرنل ترکی المالکی کا کہنا تھا کہ ایک ڈرون طیارہ منگل کی رات 10 بج کر 37 منٹ پر مار گرایا۔ بمبار ڈورن عرب اتحادی فوج نے حملے سے قبل ہی تباہ کر دیا۔ اسے حوثی دہشت گردوں کی طرف سے شہری آبادی کو نشانہ بنانے کے لئے سعودی عرب کی فضائی حدود میں داخل کیا گیا تھا۔ دوسرا ڈرون طیارہ رات گیارہ بج کر 47 منٹ پر سعودی عرب کی فضائی حدود میں تباہ کیا گیا۔ دونوں طیاروں میں بارود اور دھماکا خیز مواد لدا ہوا تھا۔ کرنل المالکی نے کہا کہ حوثی دہشت گرد اپنے جرائم کو آگے بڑھانے کے لئے سعودی عرب کے شہریوں اور شہری تنصیبات کو نشانہ بنا رہے ہیں تاہم عرب اتحادی فوج اور سعودی دفاعی فورسز حوثیوں کی دہشت گردی کا ڈٹ کر مقابلہ کرے گی۔ ادھر کل سلامتی کونسل کے اجلاس میں سعودی عرب پر حملوں میں ملوث عناصر اور ان کے مالی معاونت کاروں کا محاسبہ کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ سلامتی کونسل کی طرف سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ہم ابھا کے ہوائی اڈے پر حملے میں سعودی عرب کے ساتھ ہیں۔ ان حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی جاتی ہے۔ سلامتی کونسل نے سعودی عرب کے ابھا ہوائی اڈے پر حملے کو عالمی امن و سلامتی کے لئے خطرہ قرار دیا۔

شاہ محمود قریشی کا امریکی وزیر خارجہ کو فون، خطہ کی صورتِ حال پر غور

اسلام آباد۔18 جون (ایجنسیز) امریکی وزیر خارجہ مائیک پومپیو اور وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کے مابین فون پر رابطہ۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات اور خطہ میں امن و امان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے امریکی وزیر خارجہ مائیک پومپیو کو پاکستان میں نیشنل ایکشن پلان کے تحت کئے گئے اہم اقدامات سے آگاہ کیا ہے، دونوں وزرائے خارجہ کے مابین ایف اے ٹی ایف کی طرف سے مجوزہ اقدامات پر عملدرآمد کے حوالہ سے بھی بات چیت ہوئی۔ دونوں وزرائے خارجہ نے جنوبی ایشیا میں امن و استحکام کیلئے کشیدگی کے خاتمہ کو ضروری قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ خطہ میں امن و استحکام کے فروغ کیلئے پاک امریکہ باہمی تعلقات نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔ خطہ میں کشیدگی کے خاتمہ کیلئے امریکہ کا کردار قابل ستائش ہے۔ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے امریکی وزیر خارجہ کو پاکستان کی طرف سے انڈین پائلٹ کی ہندوستان حوالگی سمیت، خطہ میں کشیدگی کم کرنے کیلئے کی جانے والی کاوشوں سے آگاہ کیا۔ وزیر خارجہ نے امریکی ہم منصب سے کہا کہ امریکہ پاکستان اور ہندوستان کے مابین تمام تصفیہ طلب امور پر مذاکرات کے دوبارہ آغاز کیلئے اپنا کردار ادا کرے۔ دونوں وزرائے خارجہ کے مابین ایف اے ٹی ایف کی طرف سے مجوزہ اقدامات پر عملدرآمد کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی۔ وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام کے لئے وفاقی حکومت اور اسٹیٹ بینک کی زیر نگرانی بینکنگ اور نان بینکنگ مالیاتی اداروں، انشورنس کمپنیوں اور اسٹاک ایکسچینج کے داخلی کنٹرول کو بہتر بنایا گیا ہے۔

اپوزیشن رہنماوں شہباز شریف، فضل الرحمان اور بلاول کا بجٹ منظور نہ کرنے پر اتفاق

اسلام آباد۔18 جون (ایجنسیز) پاکستان کی اپوزیشن قائدین مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف، جے یو آئی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے بجٹ کو منظوری سے روکنے پر اتفاق کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ بجٹ آئی ایم ایف کے نمائندوں نے بنایا ہے جو عوام اور ملک دشمن ہے۔ اسلام آباد میں اپوزیشن رہنماوں شہباز شریف اور بلاول بھٹو زرداری نے وفود کے ہمراہ مولانا فضل الرحمان سے الگ الگ ملاقاتیں کیں جن میں حکومت مخالف تحریک اور اپوزیشن جماعتوں کی آل پارٹیز کانفرنس کے حوالے سے مشاورت کی گئی۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ آج کٹھ پتلیوں کی حکومت میں ہمارے سیاسی و معاشی نقصان ہو رہے ہیں، ہم مل کر قوم کو اس نقصان سے بچائیں گے، موجودہ بجٹ ایک عالمی ادارے کے حکم پر بنا ہے، دھاندلی زدہ حکومت دھاندلی بجٹ پاس کرنا چاہتی ہے لیکن ہماری کوشش ہے کہ عوام دشمن بجٹ پاس نہ ہو اور پورا یقین ہے عوام کو اس بجٹ سے بچا سکیں گے۔ بلاول بھٹو کا کہنا تھا پیپلز پارٹی ہمیشہ سے کہتی آئی ہے نظام چلتا رہنا چاہیے ہمارے اور مولانا فضل الرحمان اور ہمارے موقف میں تھوڑا سا فرق ہے مولانا صاحب کہتے ہیں حکومت جائے، ہم کہتے ہیں پارلیمان اپنی مدت پوری کرے۔ ملاقات کے بعد جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ موجودہ حکومت نے ملکی معیشت کا بیڑا غرق کیا، پاکستان کی تاریخ میں اتنے قرضے نہیں لئے جتنے اس حکومت نے لے لئے، ڈالر کی قیمت 157 چلی گئی ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ موجودہ بجٹ ملک اور غریب دشمن ہے جسے براہ راست آئی ایم ایف نے یہاں آ کر بنایا ہے، اور ہمیں معاشی غلام بنا دیا گیا۔

شام کے شہر حلب میں راکٹ حملہ سے زخمی شہری کی مقامی عہدیدار عیادت کرتے ہوئے

امریکہ کے کئی سائبر جاسوسوں کو گرفتار کرنے ایران کا دعویٰ

تہران۔18 جون (یو این آئی) ایران نے دعویٰ کیا کہ اس نے سی آئی اے (سنٹرل انٹلیجنس ایجنسی) کی جانب سے چلائے جانے والے سائبر جاسوسوں کے ایک امریکی نیٹ ورک کو بے نقاب کیا ہے اور اس کے نتیجہ میں مختلف ممالک میں کئی جاسوسوں کو گرفتار کیا ہے۔ ایران کی اعلیٰ قومی سلامتی کونسل کے سکریٹری علی شامخانی نے کہا کہ یہ سی آئی اے کا نہایت پیچیدہ سائبر جاسوسی نیٹ ورک تھا جس کا مختلف ملکوں میں سی آئی اے کی سرگرمیوں میں اہم رول تھا۔ کچھ دن قبل ایران کی انٹلیجنس ایجنسیوں نے اسے بے نقاب کر کے تاراج کر دیا ہے۔ شامخانی نے تاہم وضاحت کئے بغیر بتایا کہ اس معاملہ کی بعض معلومات کا امریکہ نے افشا کیا ہے اسی لئے ایران عوامی بیداری کے لئے اس اطلاع کو اب شائع کر سکتا ہے۔ اخبار الشرق الاوسط نے یہ رپورٹ دی۔

بالسٹک مزائل حملہ ناکام ایرانی ماہرین اور حوثی باغی ہلاک

یمنی فوج نے کہا کہ دارالحکومت صنعا میں ایک بلاسٹک میزائل داغنے کی تیاری کے دوران دھماکے کے نتیجہ میں ایرانی ماہرین اور متعدد حوثی باغی ہلاک ہو گئے۔ یمنی فوج کے مطابق، صنعا کے ایرپورٹ کے قریب الدیملی فضائی اڈے سے میزائل داغنے کی کوشش ناکام ہو گئی جو کہ قریب موجود افراد کی ہلاکت کا بھی سبب بنا۔ اس واقعہ پر حوثیوں اور ایرانی حکومت نے کسی قسم کا تبصرہ نہیں کیا ہے۔

بیروت میں پناہ گزین لڑکیوں کے لئے کوئی سیکوریٹی نہیں

بیروت۔18 جون (یو این آئی) لبنان کے دارالحکومت بیروت کے پناہ گزین کیمپوں میں مقیم لڑکیوں کو جسمانی و جنسی تشدد جیسے حالات کا باقاعدہ طور پر سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انسانی حقوق کی تنظیم پلان انٹرنیشنل نے یہ اطلاع دی ہے۔ الجزیرہ کے مطابق اس تنظیم نے 10 سے 19 سال کی عمر کی 400 پناہ گزین لڑکیوں سے بات چیت کی۔ ان لڑکیوں کا کہنا تھا کہ ان کا جسمانی طور پر ہراساں کیا جاتا ہے اور پیچھا کرنے، اغوا اور عصمت دری جیسے واقعات کا بھی انہیں سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مغربی ایشیا میں تنظیم کے علاقائی پروگرام ڈائرکٹر کولن لی نے اس سروے پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ ان بچیوں کی باتوں کو کوئی بھی نہیں سنتا ہے اور انسانی بحران کے اس دور میں اس طرح نظر انداز کئے جانے سے حالات کو اور بھی تلخ بناتے ہیں۔ ان لڑکیوں کا کہنا ہے ہم باہر تنہا جانے سے بھی ڈرتی ہیں اور ہر طرف نشہ میں دھت لوگ ہمیں پریشان کرتے ہیں اور جو شراب نہیں پیتے وہ بھی اپنی حرکتوں سے باز نہیں آتے۔ یہ رپورٹ ورلڈ ریفوجی ڈے 20 جون کے موقع پر جاری کیا گیا ہے تاکہ دنیا کے مختلف ممالک کی حکومتوں، اقوام متحدہ اور لبنان کی سول سوسائٹیز اور انسانی حقوق کی تنظیموں تک ان بچیوں کی آواز پہنچائی جاسکے۔

شام، ترکی کے ساتھ محاذ آرائی نہیں چاہتا: ولید المعلم

دمشق۔18 جون (اسپوتنک) شام کے وزیر خارجہ ولید المعلم نے کہا کہ وہ بشارالاسد کی فورسیس اور ترکی کی فوج کے درمیان مسلح ٹکراؤ نہیں دیکھنا چاہتے۔ المعلم کا یہ بیان منگل کے روز بیجنگ میں اپنے چینی ہم منصب کے ساتھ مختصر پریس بریفنگ کے دوران سامنے آیا۔ واضح رہے کہ شامی حکومت کی فورسیس کی جانب سے شمالی شام میں ترکی کی نگراں چوکیوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ بالخصوص وہ چوکیاں جو حماہ اور ادلب میں جھڑپوں کے علاقوں کے متوازی ہیں۔ حماہ کے دیہی علاقہ مورک میں رواں ہفتے دوسری بار براہ راست طور پر ترکی کی چوکیوں کو نشانہ بنایا گیا۔ ترکی کی وزارت دفاع کے مطابق اس کی فوج نے فائرنگ کرنے والے ذریعہ کے خلاف جوابی کارروائی کی۔ دوسری جانب ترکی کے وزیر خارجہ مولود چاوش اولو نے خبردار کیا ہے کہ انقرہ اپنی فوج پر ہونے والے حملوں سے درگزر نہیں کرے گا۔ روس نے ترکی کی جانب سے جوابی کارروائی پر پہلی مرتبہ تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ناقابل قبول جارحیت ہے۔

پاکستان کے اسپتال میں فائرنگ، 5 ہلاک، 7 زخمی

اسلام آباد۔18 جون (یو این آئی) پاکستان کے صوبہ پنجاب کے ننکانا صاحب ضلع کے اسپتال میں دو گروپوں کے درمیان ہوئی فائرنگ میں کم از کم 5 افراد ہلاک ہو گئے اور 7 دیگر زخمی ہو گئے۔ میڈیا نے منگل کو یہ اطلاع دی۔ پولیس ذرائع کے مطابق پنجاب کے ننکانا صاحب ضلع ہیڈکوارٹر اسپتال کے ایمرجنسی وارڈ میں معمولی بات پر دو گروپوں کے ایک دوسرے پر فائرنگ کے واقعہ میں پیر کو چار افراد کی جائے وقوع پر ہی موت ہو گئی اور کئی دیگر زخمی ہو گئے۔ پولیس نے کہا کہ واقعہ میں زخمی ہوئے ایک نوجوان نے ضلع کے ایک پرائیویٹ اسپتال میں دم توڑ دیا۔ اس واقعہ کے بعد اسپتال میں بھاری تعداد میں پولیس دستہ تعینات کیا گیا ہے۔ اسپتال ذرائع کے مطابق 3 لوگوں کو نازک حالت میں اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ فائرنگ کے واقعہ کے دوران سبھی اسسٹنٹ ڈاکٹروں، مریض اور ڈاکٹر فیکلٹی سے بھاگ گئے۔ پولیس نے کہا کہ حملہ اور جائے وقوع سے بھاگنے میں کامیاب رہے اور اب تلاشی مہم جاری ہے۔

انقرہ میں مصر کے سابق صدر محمد مرسی کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کی گئی۔ تصویر میں ایک لڑکا مرحوم معزول صدر کی تصویر اٹھائے ہوئے

شام میں سرکاری فورسیس اور جہادی گروپوں میں جھڑپیں، 45 ہلاک

بیروت۔ 18 جون (اے ایف پی) سرکاری افواج اور جہادیوں کی زیر قیادت گروپوں کے درمیان جھڑپوں میں آج کم از کم 45 افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔ انسانی حقوق کی شامی تنظیم نے بتایا کہ شمال مغربی شام کے صوبہ حماہ میں جہادی گروپ کے ساتھ اس وقت جھڑپ شروع ہو گئی جب حیات تحریر الشام گروپ نے علی الصبح سرکاری فوج کے مورچوں پر حملہ کیا۔ آبزرویٹری کے مطابق جھڑپوں میں جو آخری اطلاعات ملنے تک جاری تھیں حکومت کے حامی کم از کم 14 سپاہی ہلاک ہو گئے تاہم سرکاری فورسیس نے حملہ کو ناکام بنا دیا۔

افغانستان میں طالبان کے وفادار 30 عسکریت پسند گرفتار

اسلام آباد۔ 18 جون (ژنہوا) افغان سیکوریٹی فورسیس نے جنوبی صوبہ قندھار میں طالبان کے وفادار 30 عسکریت پسندوں کو گرفتار کر لیا ہے۔ صوبائی گورنر حیات اللہ حیات نے یہ اطلاع دی۔ بتایا جاتا ہے کہ محروس عسکریت پسند قندھار اور پڑوسی صوبہ ہلمند، وردک، ارزگان، زابل اور غزنی میں سرکاری عہدیداروں کو نشانہ بنانے کے بشمول سلسلہ وار تخریبی سرگرمیوں میں ملوث ہیں۔

عالمی بینک سے 918 ملین ڈالر کی قرض معاملتوں پر پاکستان کی دستخط

اسلام آباد۔ 18 جون (پی ٹی آئی) پاکستان نے عالمی بینک کے ساتھ 918 ارب امریکی ڈالر کے تین معاہدوں پر دستخط کئے ہیں۔ وزیراعظم عمران خان کے مشیر برائے مالیات نے بتایا کہ نقدی کے بحران سے دوچار ملک ادائیگیوں کے بحران پر قابو پانے کے لئے کوشاں ہے۔ عالمی بینک سے ملنے والی رقومات کا 3 پراجکٹس کے لئے استعمال کیا جائے گا۔

دوحہ مذاکرات سے قبل طالبان کے ایک گروپ کا دورہ ایران

دوحہ۔18 جون (اسپوتنک) طالبان کا ایک گروپ آج ایران پہنچا جیسا کہ قطر کے دارالحکومت دوحہ میں امریکہ کے ساتھ امن مذاکرات کے ساتویں دور کی تیاری کی جا رہی ہے۔ طالبان کے نائب لیڈر ملا برادر اخوند کی زیر قیادت ایک وفد امریکہ کے ساتھ امن مفاہمت کی صورت میں مستقبل کے تعلقات پر غور و خوض کے لئے پیر کو چین گیا تھا۔

بغداد کے شمال میں فوجی کیمپ پر راکٹ حملہ

بغداد۔18 جون (ایجنسیز) عراق کے دارالحکومت بغداد کے شمال میں التاجی عسکری کیمپ پر 3 کیٹوشیا راکٹ گرے۔ واضح رہے کہ اس کیمپ میں امریکی فوجی بھی ہوتے ہیں۔ ایک عسکری ذریعے نے برطانوی خبر رساں ایجنسی کو بتایا کہ راکٹ باری کے نتیجہ میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ذریعہ نے مزید بتایا کہ واقعے کے دوران اڈے پر امریکی شعبے میں خطرے کے سائرن بج گئے تھے۔ ابھی تک کسی جانب سے حملے کی ذمہ داری قبول نہیں کی گئی۔ مذکورہ عسکری کیمپ سے قبل ایک فوجی اڈے پر مارٹر گرینیڈز بھی گر چکے ہیں۔ اس اڈے میں امریکی فوجی مشیر موجود ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں اس سے قبل بغداد کے گرین زون کے اندر امریکی سفارت خانے کے اطراف بھی راکٹ داغے جا چکے ہیں۔ اس کارروائی کا الزام ایران نواز مسلح گروپوں پر عائد کیا گیا۔ التاجی عسکری کیمپ دارالحکومت بغداد سے 35 کلومیٹر شمال میں واقع ہے۔ یہاں ایک ایئرپورٹ اور ایک بڑا فوجی اڈہ ہے۔ سابق صدر صدام حسین کے دور میں یہ ریپبلکن گارڈز کے زیر انتظام تھا۔ کیمپ میں 250 امریکی فوجی ہوتے ہیں۔ یہاں تمام اقسام کے فوجی طیاروں کی مرمت کے ورکشاپس موجود ہیں۔ ان کے علاوہ میزائلوں، فوجی ساز و سامان اور گولہ بارود کے ذخائر بھی شامل ہیں۔ یہ لوجسٹک سپورٹ کے حوالے سے ایک اہم مرکز شمار ہوتا ہے۔

ایران میں خامنہ ای کے جانشین کے تقرر کے طریقہ کار پر اختلافات شدت اختیار کر گئے

تہران۔18 جون (ایجنسیز) ایران کی خبرگان کونسل کیارکان میں اسلامی جمہوریہ کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کے جانشین کے انتخاب اور طریقہ انتخاب کےحوالے سے اختلافات ایک بار پھر شدت اختیار کر گئے ہیں۔ اخباری اطلاعات کے مطابق خبرگان کونسل کیارکان میں خامنہ ای کے جانشین کی نامزدگی اور امیدواروں کے ناموں کے اعلانات کے طریقہ کار پر اتفاق رائے نہیں ہو سکا ہے۔ خبرگان کونسل کے ایک سینیر رکن ہاشم ہشم زادہ هریسی نے اتوار کو ایک بیان میں کہا کہ مرشد اعلی کے جانشین کے لئے امیدواروں کی خفیہ فہرست قبول نہیں کی جائے گی بلکہ جانشینی کا معاملہ کھلے عام زیر بحث لایا جائے۔ ہاشم ہریسی کے بیان کے برخلاف کونسل کے ایک دوسرے رکن محسن اراکی کا کہنا تھا کہ کونسل کی ایک ذیلی کمیٹی نے خامنہ ای کے جانشین کے لئے ایک خفیہ فہرست 100 فی صد مکمل تیار کر لی ہے۔ یہ فہرست خامنہ ای کی اپنی نگرانی میں تیار کی گئی ہے۔ خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق هریسی کا کہنا ہے کہ اعلانیہ فہرست خود خامنہ ای کے عہد میں بھی رائج اور قانونی طور پر موجود رہی ہے۔ ملک کا نیا سپریم لیڈر منتخب کرنے کے لئے کسی خاص کمیٹی کے ذریعے کارروائی کے بجائے اعلانیہ چناؤ کیا جانا چاہیے۔ خبر رساں ایجنسی فارس کو دیئے گئے انٹرویو میں محسن اراکی کا کہنا تھا کہ خبرگان کونسل کے صرف تین ارکان نے خفیہ طور پر خامنہ ای کے جانشین کے لئے مجوزہ امیدواروں کی فہرست تیار کی ہے۔ ضرورت پڑنے پر یہ فہرست کونسل کے تمام ارکان کے سامنے پیش کی جائے گی۔

امریکی پابندیوں کے بعد پاسداران انقلاب عراق، شام سے فنڈ جمع کرنے کے لئے کوشاں

واشنگٹن۔18 جون (ایجنسیز) امریکہ کی جانب سے ایران پر عاید کردہ کڑی پابندیوں کے بعد سپاہ پاسداران انقلاب کو شدید مالی بحران کا سامنا ہے۔ اس بحران سے نمٹنے کے لئے پاسداران انقلاب عراق اور شام میں موجود اپنے حامی گروپوں سے مدد کے حصول کے لئے کوشاں ہے۔ امریکی اخبار 'وال اسٹریٹ جرنل' کی رپورٹ کے مطابق امریکی پابندیوں میں سختی اور ایرانی معیشت کا گلہ گھونٹے جانے کے بعد پاسداران انقلاب کو رقوم کے حصول میں بہت مشکل پیش آ رہی ہے۔ اس مشکل سے نمٹنے کے لئے پاسداران انقلاب نے رقم کے حصول کے نئے ذرائع تلاش کرنا شروع کیے ہیں۔ ان نئے ذرائع میں شام، عراق اور بعض دوسرے ملکوں میں موجود ایرانی حمایت یافتہ گروپ بھی شامل ہیں جن سے مدد لینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ امریکی اخبار میں اتوار کے روز شائع کی گئی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاسداران انقلاب امریکی پابندیوں کو غیر مؤثر بنانے کے لئے متبادل مالی ذرائع کے حصول کے لئے سرگرم ہے۔ امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی اور خلیج عُمان میں حالیہ ایام میں تیل بردار جہازوں پر ہونے والے حملوں کے بعد پاسداران انقلاب کو ایک نئے اور سخت چیلنج کا سامنا ہے۔ امریکی پابندیوں کے نتیجہ میں ایران اس وقت سخت معاشی دباؤ میں ہے۔ ایسے حالات میں پاسداران انقلاب نے شام اور عراق میں نئے مالی ذرائع تلاش کرنا شروع کیے ہیں۔

گھٹنوں کا درد کہاں پہنچائے گا؟

جسم میں اگر کوئی عضو خراب ہوجائے یا بیمار ہوجائے تو ایسی صورت میں صرف اسی عضو کی حد تک علاج کی ضرورت ہوتی ہے لیکن گھٹنے انسانی جسم کا وہ اہم ترین حصہ ہیں جس میں نقص کی وجہ سے پورا جسم متاثر ہوتا ہے۔ اگر گھٹنوں میں تکلیف شروع ہوجائے تو ایسی صورت میں متعلقہ فرد کی پوری زندگی ہی ایک لحاظ سے منتشر ہوجاتی ہے اس کے روزمرہ کے کام متاثر ہونے لگتے ہیں اس کو چلنے پھرنے میں تکلیف ہوتی ہے جس کی وجہ سے وہ فرد چند قدم کی دوری میں پیدل چلنا گوارا نہیں کرتا اور گاڑی کا استعمال کرتا ہے چونکہ انسانی جسم کو صحت مند رہنے کے لئے اور خاص کر استعمال کی ہوئی غذا کے ہضم ہونے اور جسم کے لئے فائدہ بخش ہونے کے لئے ضروری ہے کہ انسان حرکت کرے گھٹنے کے درد سے متاثرہ فرد کھانے کے بعد بھی حرکت نہیں کرتا جس کی وجہ سے وہ بدہضمی کا شکار رہتا ہے اور کھانا موثر طریقہ سے ہضم نہ ہونے کی وجہ سے کئی ایک مسائل جیسے بواسیر، فشچولا، فشر، گیاسیس لاحق ہوتے ہیں۔ وزن بڑھنے لگتا ہے، توند نکل آتی ہے اور جسم مختلف مسائل کا شکار ہوتا ہے۔ اکثر افراد ان امراض کی اصل وجہ یعنی گھٹنوں کے درد کا علاج کروانے کے بجائے ضمنی امراض جو کہ گھٹنوں کے درد کی وجہ سے لاحق ہوتے ہیں ان کے علاج پر توجہ دیتے ہیں جس کی وجہ سے مرض کی اصل وجہ کا خاتمہ نہیں ہو پاتا اور وقتیہ طور پر افاقہ ہوجاتا ہے اور متواتر ایسی ہی بدنظمی کی وجہ سے کئی ایک پیچیدہ امراض لاحق ہوتے ہیں ایسے میں ضروری ہے کہ سب سے پہلے گھٹنے کی تکلیف کا علاج کیا جائے۔ ہر انسان کو چاہئے کہ وہ تندرستی ہزار نعمت ہے کو کبھی فراموش نہ کرے کیونکہ بد احتیاطی اور صحت کے متعلق غفلت اکثر بہت بڑے نقصان سے دوچار کرتی ہے۔ اگر بروقت گھٹنوں کی تکلیف کا علاج نہ کیا جائے

العضلة رُباعيّة الرؤوس
عضلة باطن الركبة
عظم الفخذ
الرَّضفة
الرِّباط
الرِّباط
الهلالة
قصبة السّاق
الرُّكبة

تو ایسی صورت میں گھٹنے کی ہڈی شدید نقصان کا خطرہ لاحق ہوتا ہے علاوہ ازیں گھٹنے کے جوڑ کو سہارا دینے والے نسیجوں اور بافتوں کی تنقیص مرض کو اور بھی پیچیدہ بنادیتی ہے اور متاثرہ فرد چلنا تو دور کی بات اپنا گھٹنا تک ہلا نہیں سکتا اس لحاظ سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ گھٹنے کی تکلیف فوری توجہ طلب مسئلہ ہے اور جو فرد اس اصل مسئلہ پر قابو پالے گا اس کے دیگر مسائل خود بخود حل ہوسکتے ہیں۔ اکثر افراد جوڑوں میں تکلیف یا درد کی صورت میں درد کشا گولیوں کا استعمال کرتے ہیں جو کہ صحیح علاج نہیں ہے کیونکہ ان گولیوں سے وقتی طور پر درد سے نجات ضرور ملتی ہے لیکن گولی کا اثر ختم ہوتے ہی تکلیف دوبارہ لوٹ آتی ہے، اس لئے ضروری ہے کہ جوڑوں یا گھٹنوں کے درد کی صورت میں اس کی اصل وجہ کی تشخیص کروا کر اس کا علاج کریں۔ ایورویدا میں گھٹنوں کے درد کا مکمل اور مؤثر علاج موجود ہے۔ جبکہ دیگر طریقہ علاج میں صرف درد دور کرنے پر توجہ دیجاتی ہے لیکن ایورویدا میں گھٹنے کے جوڑ کو اندرونی طور پر پہنچنے والے نقصان کے ازالہ اور بافتوں اور نسیجوں کی مرمت کے ذریعے مکمل علاج کیا جاتا ہے جس سے مرض پوری طرح جڑ کے ساتھ ختم ہوجاتا ہے اور دوبارہ لوٹنے کا بھی کوئی خطرہ نہیں رہتا۔

☆☆☆

پھیپھڑوں کا کینسر

سگریٹ نوشی سے صحت پر کئی ایک مضر اثرات مرتب ہوتے ہیں جن میں اہم ترین پھیپھڑوں کا کینسر ہے۔ انسان بغیر غذا اور پانی کے چند دن تک زندہ رہ سکتا ہے لیکن بغیر سانس کے چند لمحے بھی زندگی ممکن نہیں۔ سگریٹ نوشی کے باعث پھیپھڑوں کو پہنچنے والا نقصان اس مرض کی اہم وجہ ہے۔ سگریٹ میں پائے جانے والے نکوٹین کی وجہ سے یہ مرض پیدا ہوتا ہے۔ پھیپھڑوں کے کینسر سے ہونے والی 25 فیصد اموات سگریٹ نوشی کے باعث ہوتی ہیں۔ تجربے میں پایا گیا ہے کہ جب اس دوا کو کیموتھیراپی میں شامل کیا گیا تو اس سے کینسر کے بڑھنے کی رفتار کم ہوگئی تھی۔ حالانکہ ریسرچرز کا کہنا ہے اس دوا سے مریض کے بچنے کی امید زیادہ نہیں بڑھی ہے اور یہ جاننے کے لیے ابھی اور تجربے کرنے ہونگیں۔ برطانیہ کے کینسر ریسرچ یوکے نامی ادارے کا کہنا ہے کہ اس دوائی سے متعلق ابھی بہت سے سوالوں کے جواب باقی ہیں۔ یہ دوائی کینسر سے اس طرح لڑتی ہے جیسے کوئی بھی دوا جسم میں موجود انفکیشن سے لڑتی ہے یعنی یہ جسم میں موجود بیماریوں سے لڑنے کے قدرتی نظام یا امیون سسٹم کو کینسر سے لڑنے کی قوت دیتی ہے۔ یہ نئی دوائی جسم میں ٹیومر یا کینسر پر براہ راست حملہ کرتی ہے۔ برطانیہ کے کینسر ریسرچ یوکے کے چیف ڈاکٹر پروفیسر پیٹر جانسن کا کہنا ہے 'امیون سسٹم کو کینسر سے لڑنے کے لیے تیار کرنے میں سائنسدانوں کی بے حد دلچسپی ہے۔ نئی دوائی کے ابتدائی تجربے سے پتہ چلتا ہے کہ دوائی کو کیموتھیراپی میں شامل کیا جاسکتا ہے اور اس سے پھیپھڑوں کے کینسر کے مریض کو راحت مل سکتی ہے۔ حالانکہ ان کا کہنا ہے کہ ابھی اس بات پر ریسرچ کرنے کی ضرورت ہے کہ اس دوائی کے استعمال سے پھیپھڑوں کے کینسر کے مریض کی جان بچائی جاسکتی ہے یا نہیں۔

کینسر کے لیے علاج کا ایک نیا طریقہ کامیاب ہوگیا ہے جس کے ذریعے کینسر زدہ پھوڑوں کو نشانہ بنایا جاتا ہے۔ لندن کے رائل مسرڈن ہسپتال کے ڈاکٹروں نے ایسے مریضوں کا علاج طاقتور الفا ریڈیشن سے کیا جو پروسٹیٹ کینسر یعنی مثانے کے غدود کے کینسر میں مبتلا تھے اور یہ پایا کہ یہ مریض زیادہ عرصے تک زندہ رہے اور انہیں درد بھی کم ہوا اور اس کے منفی اثرات بھی کم ہوئے۔ اس کے بعد ڈاکٹروں نے نو سو بائیس لوگوں پر کیے جانے والے تجربات روک دیے اور کہا کہ ان سب کو یہی علاج فراہم نہ کرنا نامناسب ہوگا۔ کینسر کے علاج میں ریڈیشن یعنی شعاعوں کا استعمال ایک صدی سے ہو رہا ہے۔ اس کی مدد سے کینسر کے خلیوں میں جینیٹک کوڈ کو توڑا جاتا ہے۔ تحقیق کرنے والے ڈاکٹر کرس پارکر کا کہنا ہے کہ 'یہ ایک انتہائی اہم پیش رفت ہے۔' کینسر پر تحقیق کرنے والے برطانوی ادارے کا کہنا ہے کہ یہ ایک انتہائی اہم اور دور رس کامیابی ہے۔ کینسر کے پھوڑوں کے علاج میں تابکار شعاعوں کا استعمال ایک صدی سے زائد سے ہو رہا ہے۔ اس کی مدد سے کینسر کے خلیوں میں جینیٹک کوڈ کو توڑا جاتا ہے۔ الفا پارٹیکلز کو ریڈیشن کی دنیا میں بڑا بھاری اور زور آور مانا جاتا ہے۔ ڈاکٹر پارکر نے بی بی سی کو بتایا 'یہ زیادہ تباہ کن ہے، یہ ایک، دو یا تین ضربوں میں ہی کینسر کو مار دیتا ہے جبکہ بیٹا پارٹیکلز ایسا کرنے میں ہزاروں ضربیں صرف کرتے ہیں۔' الفا پارٹیکلز کینسر کے ارد گرد موجود دوسرے ٹشوز کو کم نقصان پہنچاتا ہے۔ ڈاکٹر پارکر نے مزید بتایا 'ان کا دائرہ کار بہت چھوٹا ہوتا ہے اس لیے ہمیں یقین ہوتا ہے کہ نقصان صرف وہیں ہو رہا ہے جہاں اسے ہونا چاہئے۔' مثانے کے غدود کے کینسر کی شدید نوعیت میں مبتلا نوے فیصد مریضوں کا زخم ہڈی تک پھیل جاتا ہے۔ اس مرحلے پر بچنے کے لیے کوئی علاج نہیں ہے۔

☆☆☆

نقرس: چھوٹے جوڑوں کا درد

حکیم غلام محی الدین

نقرس Gout ایک چھوٹے جوڑوں کو متاثر کرنے والا مرض ہے۔ جو خون میں Uric Acid کی مقدار بڑھنے سے یہ مرض لاحق ہوتا ہے۔ جب یہ مادہ جوڑوں میں داخل ہوتا ہے، تو ابتداء میں جوڑ سرخ، گرم اور متورم ہوتے ہیں۔ جوڑ کے اوپر کی جلد تنی ہوئی، چمکدار اور رگیں ابھری ہوتی ہیں اور شریانیں سخت اور موٹی ہو جاتی ہیں۔ اکثر یہ مرض موروثی ہوتا ہے، عورتوں کی نسبت مرد اس میں زیادہ مبتلا ہوتے ہیں، جن کی عمر 30 سے 40 کے درمیان ہوتی ہے، لیکن موروثی ہونے کی حالت میں کسی عمر کی قید نہیں ہوتی۔

علامات

ابتدا میں اس کا حملہ عموماً پاؤں یا ہاتھ کی انگلی کے جوڑ پر ہوتا ہے، زیادہ تر پاؤں کے انگوٹھے یا ٹخنے سے شروع ہوتا ہے۔ ابتدا میں بدہضمی، بے خوابی یعنی نیند نہیں آتی، مزاج میں چڑچڑاپن ہوجاتا ہے، ہاتھ پاؤں کی انگلیاں کھنچی ہوتیں یا سرسراہٹ ہوکر اس مرض کا حملہ ہوتا ہے جو اکثر رات کو 1 سے 5 بجے کے درمیان شروع ہوتا ہے۔ کبھی پاؤں کے انگوٹھے، ٹخنے یا ایڑی کے جوڑ میں شدید درد ہوتا اور ماؤف جوڑ پر ورم آکر سرخ ہوکر درد کی وجہ سے حرکت کرنا مشکل ہوجاتا ہے۔ کپڑا چھونے سے بھی درد ہوسکتا ہے۔ بخار 102 سے 103 درجے فارن ہائیٹ اور دن کو تخفیف اور رات کو بخار کی شدت ہوتی ہے۔ 5 سے 8 دن بعد آرام آتا یا مرض پرانا پڑ جاتا ہے۔

5 سے 8 دن بعد اس کا اثر ختم ہو جاتا ہے تو عموماً مریض خوش فہمی میں رہتا ہے کہ مرض سے نجات مل گئی لیکن یہ مرض بیرونی طور پر اثر دکھانے کے بعد اندرونی اعضاء کو متاثر کرنا شروع کردیتا ہے جس سے جوڑوں میں درد موقوف ہوکر اندرونی اعضاء کی طرف منتقل ہوجاتا ہے۔ ایسی صورت میں دردِ سر، درد حلق کی شکایت، پیٹ درد، قے، دست، تنگی تنفس یعنی سانس لینے میں تکلیف ہوتی ہے، دل میں درد، حرکات قلب غیر منظم، کبھی ہذیان، خفقان، غشی، دل بڑا ہوجانا، شرائین کی دیواروں کا مرض، اونچا فشار الدم یعنی High Blood Pressure اور سکتہ جیسے امراض میں مبتلا کر دیتا ہے۔ جب مرض پرانا ہوجاتا ہے تو زیادہ جوڑوں کو متاثر کرنے لگتا ہے، جوڑوں میں سوجن کے ساتھ جوڑ بیڈول ہوجاتے ہیں، بدہضمی دل کی حرکت غیر منظم، پیشاب میں Albumin خارج ہونے لگتی ہے۔

اسباب

اس کے کئی اسباب ہیں۔ ایسے لوگ زیادہ متاثر ہوتے ہیں جو بہت زیادہ کھاتے پیتے ہیں خاص طور پر اغذیہ لحمیہ یعنی Non veg، شراب و کباب اور عیش و عشرت کے عادی ہوتے ہیں۔ جماع کی کثرت، دماغی محنت کی زیادتی، عرصہ تک بدہضمی میں مبتلا رہنا، موٹاپا، سردی کا لگنا، بارش میں بھیگنا، جوڑ پر چوٹ لگنا، رنج و غم کی زیادتی بھی اس کے اسباب ہوا کرتے ہیں۔ تشخیص کرنے پر مریض کے خون میں uric Acid اور پیشاب میں Albumin کی موجودگی وغیرہ کے امتحانات سے بھی اس مرض کی تشخیص کی جاسکتی ہے۔

علاج

یونانی میں اس مرض کا بہترین علاج موجود ہے جو اس مرض کے سدباب کرنے میں شافی ہوتا ہے۔ اس کیلئے اندرونی طور پر Uric Acid کی مقدار کو کم کرنے اور جوڑوں کی بدشکلی کو دور کرنے والی ادویہ استعمال کروائی جاتی ہیں۔ بیرونی طور پر استعمال کرنے کے لئے بھی ادویہ استعمال کروائی جاتی ہیں جو اس مرض سے ہونے والے اعصابی و عضلاتی دردوں کو دور کرتی ہیں۔ مزید تفصیلات کے لئے حسب ذیل پتہ پر ربط کریں:

☆☆☆

عورتوں کے مسائل سے متعلق سرجری

عام طور پر عورتوں سے متعلق امراض کیلئے سرجری کا استعمال ہوتا ہے تاہم آج ٹکنالوجی میں ترقی کے ساتھ اقل ترین سرجری کی جانب بہت سی جدید پیشرفت ہوئی ہے اور بہت سے مریضوں کو تمام شعبوں میں ان نئی تراکیبوں سے فائدہ اٹھایا حاصل ہوا ہے۔

سرجری کیلئے ہمارے پرتھیما ہسپتالوں میں ماہر ڈاکٹرس ہیں جو کم از کم انکشی نسائی جراحی سرجری میں ماہر ہیں اور جو خواتین کی تشخیص اور علاج کرنے پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ حالتوں کی وسیع حد ہوتی ہے جس میں ماہواری کے مسائل، ڈلیومک درد، مریضوں کے علاج اور ان تمام معاملات میں جدید ٹکنالوجی کا استعمال کیا جاتا ہے۔

کم سے کم انکشی گائناکالوجی سرجری کے تمام نسائیات کے مسائل کیلئے یہ ایک اچھا طریقہ ہے کہ یہ ہمارے ہسپتالوں کے خاص تربیت یافتہ سرجنوں کی طرف سے کئے جاتے ہیں اور اس اعلی درجے کی جراحی کے طریقہ کار کے بڑے فوائد ہیں۔ یہ اکثر کم درد، چھوٹا سا نشان، زیادہ تیزی سے شفا دیتا ہے اور کم خطرہ ہوتا ہے۔ انفکیشن کا خطرہ بھی نہیں ہوتا کیونکہ یہ مؤثر سرجری ہے۔ آپ کو اپنی تمام ضروریات کیلئے اپنی ترجیحات کے طور پر بنانے کے طور پر کم از کم انکشی نقطہ نظر نتائج کو بہتر بنانے اور مریضوں کیلئے تکلیف اور اخراجات کو کم کرنے کیلئے انجام دیا گیا ہے۔

اقل ترین انکشی جینیاتی سرجری کیلئے لیپرواسکوپی کا استعمال کیا جاتا ہے جس سے اس کے چھوٹے اسکوپ ہیں اور اس جراحی آلہ کو کچھ معاملات میں بہت چھوٹا سا انضباط کے ذریعہ داخل کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے صرف ایک ہی انجکشن کے ذریعہ پیٹ کی تکلیف میں کافی حد تک کمی ہوتی ہے۔ یہاں ہمارے سرجن پیچیدہ لیپرواسکوپی طریقہ کار میں بھی ماہر ہیں جن میں حائسٹریکٹومیز اور بہت بڑے فائبرائڈز کو ہٹانے کے طور پر یہ جراحی سے متعلق سرجیکل صحت سے متعلق جراحی کیلئے ایک سرجیکل طریقہ کار کیلئے ایک وسیع نقطہ نظر فراہم کرتا ہے۔

ہمارے پرتھیما ہسپتالوں میں، لیپرواسکوپک سرجری کا مختلف اقسام کی نسائی کی حالتوں کا علاج کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے جو اس کیلئے اہم ہوتی ہے۔ اس طریقہ کار کے سبب ڈاکٹرس آسانی سے کام کرسکتے ہیں۔ ہم مختلف جینیاتیات کی صحت کی حالتوں میں اپنی خصوصی خدمات پیش کرتے ہیں جن میں (انڈومیٹریوسس) endometriosis، فبرائڈز، مریض کے پٹھوں، آٹوموپی حملوں، نسبندی، پیشاب کے غیر معمولی مسائل کے علاوہ مثلی غذائیت کے خاتمہ وغیرہ شامل ہیں۔ یہ بھی مختلف طریقوں سے کام کرنے کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے جس میں لیپرواسکوپی ہائیسٹریکٹومی اور laparoscopically معاون ہائسٹریکومی شامل ہیں۔

مریض بہترین علاج حاصل کیلئے صرف اور ہمارے پرتھیما ہاسپٹلس سے رجوع کریں جہاں ہم آپ کی بیماری کے مطابق آپ کی صحت کی بہتر دیکھ بھال کرتے ہیں۔ ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں تاکہ صحت مند زندگی کی طرف واپسی لوٹا جاسکے۔ بہترین طبی علاج کے ذریعہ ہم آپ کی مدد کریں گے لہذا صرف پرتھیما ہسپتالوں میں اقل ترین انکشی سرجری کے بارے میں سوچیں اور بہترین علاج حاصل کریں۔

بیضہ دانیاں قبل از وقت ناکارہ کیوں ہوتی ہیں؟

ڈاکٹر سارہ عثمان

کسی خاتون کی عمر 40 سال سے کم ہو اور اس میں بیضہ دانیاں نارمل طریقے سے کام نہ کرنے لگیں تو اسے طبی زبان میں بیضہ دانیوں کی قبل از وقت ناکارگی (premature ovarian failure) کہا جاتا ہے۔ زیادہ تر خواتین کو 50 سال کی عمر میں قدرتی طور پر سن یاس (menopause) ہوجاتا ہے (جب ماہواری پوری طور پر رک جاتی ہے۔) بعض خواتین میں یہ بہت پہلے واقع ہوتا ہے۔ اس بدقسمت مسئلہ کو حل کرنے کے لئے کچھ کیا جاسکتا ہے تو فوری اس کی تشخیص کر کے جلد ہی علاج کرلیا جاتا ہے۔ اس مسئلہ کی سب سے عام اور واحد علامت ہے ماہواری کا نہ ہونا یا باقاعدگی سے نہ ہونا۔ باروری میں گراوٹ عموماً 40 سال کے بعد سے شروع ہوجاتی ہے اور یہ حیض (ماہواری) میں بے قاعدگی کے طور پر ظاہر ہوتی رہتی ہے۔ قبل از وقت بیضہ دانیوں کی ناکامی کی صورت میں باروری میں گراوٹ اور حیض میں بے قاعدگی 40 سال سے پہلے ہی واقع ہونے لگتی ہیں۔ نارمل حیض کا دوران: بیضہ دانیاں خاتون کے جسم میں بیضوں کا ذریعہ ہوتی ہے۔ بیضہ دانیوں میں خانے ہوتے ہیں جو چھوٹے مائع سے بھری تھیلیوں جیسے ہوتے ہیں اور ان میں بیضے موجود ہوتے ہیں۔ بیضہ دانیاں ہارمونس بھی بناتی ہیں جو خاتون کی صحت میں مدد دیتے ہیں۔ وہ ہارمونس ہیں ایسٹروجن اور پروجیسٹرون۔ حیض کے ایک دور میں ان ہارمونس کی مقدار بڑھتی جاتی ہے، جب بیضہ کی باروری نہیں ہوتی تو ان کی مقدار کم ہوجاتی ہے۔ جس سے حیض واقع ہوتا ہے۔

قبل از وقت بیضہ دانیوں کی ناکامی کی صورت میں بیضہ دانیاں بیضہ بنانا بند کردیتی ہیں اور زنانہ ہارمونس (ایسٹروجن اور پروجیسٹرون) کی مقدار کم ہوجاتی ہے۔ اس کے نتیجہ میں FSH اور LH کی مقداریں بڑھ جاتی ہیں اور بیضے نہیں بنتے۔ یہی وجہ ہے کہ قبل از وقت بیضہ دانیوں کی ناکارگی کی شکار خاتون میں ایسٹروجن اور پروجیسٹرون کی سطحیں کم ہوتی ہیں اور FSH اور LH کی سطحیں بڑھی ہوئی ہوتی ہیں۔

وجوہات: جینیاتی خرابی: تقریباً 2 تا 3 فیصد خواتین میں اس وجہ سے قبل از وقت بیضہ دانیاں ناکارہ ہوجاتی ہیں۔ تحقیق سے یہ بھی ثابت ہوا ہے کہ مذکورہ بالا مسئلہ رکھنے والی 10 تا 20 فیصد خواتین میں اس کی خاندانی ہسٹری موجود ہوتی ہے۔

علامات: سب سے عام علامت بے قاعدہ حیض یا بعض اوقات مکمل طور پر حیض کا رک جانا اور بانجھ پن۔ اس کے علاوہ:

1- جسم کا گرم ہوجانا، رات میں پسینہ آنا۔ 2- چڑچڑاہٹ۔ توجہ دینے میں کمی۔ 3- مباشرت کے دوران درد۔

جانچیں: طبی جانچ۔ الٹرا ساؤنڈ اسکیان (تاکہ حیض کے کم ہونے کی دوسری وجوہات موجود نہ ہونے کے تیقن کرلیا جائے)

خون کی جانچ۔ LH/FSH (عموماً حیض شروع ہونے کے دوسرے دن جانچی جاتی ہیں) اور ساتھ ہی ایسٹراڈیول Estradiol کی سطح بھی معلوم کی جاتی ہے۔ خون میں FSH کی بڑھی ہوئی مقدار اور ایسٹراڈیول کی گھٹی ہوئی مقدار قبل از وقت بیضہ دانیوں کی ناکارگی کی واضح علامت ہوتی ہیں۔ 10 فیصد سے بھی کم خواتین میں ایسا ہوتا ہے کہ حیض میں بے قاعدگی ہوتی ہے یا دو حیض کے درمیان وقفے آتے ہیں اور FSH کی سطح بڑھی ہوتی ہے لیکن کسی بھی خاتون کو اگر ایک تا دو مہینوں تک حیض نہیں ہوتا ہے تو اسے اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کرنا چاہئے۔

نوٹ: فی الحال ایسا کوئی ثابت شدہ علاج نہیں ہے جو خاتون کے بیضہ دانیوں کی ناکارگی کے فعل کو بحال کرسکے۔ لیکن اس کی علامات کے علاج کے لئے آپ کی ڈاکٹر مناسب علاج تجویز کرسکتی ہیں۔ بانجھ پن کی شکار خواتین کے لئے بہترین طریقہ IVF کا ہے۔

عام مشورہ

حمل کے قرار کے لئے بہتر طریقہ یہ ہے کہ (اگر ضروری ہو) تو فوری مشاورت کرکے علاج شروع کریں: موٹی خواتین کے لئے وزن کو کم کرنا چاہئے؟ مرد مریضوں کو چاہئے کہ تمبا کو نوشی، شراب نوشی بند کردیں اور گٹکا اور تمبا کو کھانا کم کردیں۔ حمل کے قرار کا پلان رکھنے والی سبھی خواتین کو چاہئے کہ وہ باقاعدگی سے فولک ترشے کا استعمال کریں۔ مرد اور خاتون مریضوں کے لئے L-Arginine granules (مثلاً SYARG ایک پیکٹ روزانہ) استعمال کریں۔

☆

احتلام Nocturnal emmision

ڈاکٹر ابوالحسن اشرف

احتلام کی حقیقت کیا ہے۔ کس طرح احتلام ہوجایا کرتا ہے اور کہاں تک احتلام مرض میں داخل ہے، ہم نے یہ ثابت کیا ہے کہ احتلام آغاز ہے اس حالت کا جس کو آگے چل کر سیلان منی کے نام سے نامزد کیا جاتا ہے، یعنی Nocturnal Emmision ہر وقت ہر صورت میں احتلام کو داخل مرض نہیں سمجھا جاتا۔ اگر ایک تندرست اور توانا آدمی کو مہینے میں ایک بار یا دو بار احتلام ہوجایا کرے تو اس کو مرض نہیں کہیں گے، بلکہ صحت قائم رکھنے کے لئے ایسے احتلام کا وقوع اشد ضروری ہے۔ لیکن اگر کسی شخص کو احتلام سے ضعف لاحق ہوتو وہ احتلام خواہ کتنے ہی دفعہ کے بعد ہو وہ ایک غیر طبعی حالت یا مرض کہلائے گا۔

جس آدمی کو احتلام سے بہت ضعف لاحق ہوجاتا ہو اس کو خیالات فاحشہ اور عشقیہ قصے کہانیوں سے پرہیز کرنا چاہئے۔ ایک عجیب امر احتلام کے متعلق یہ ہے کہ اخراج منی سے جس قدر ضعف عصبی نظام کو ہوتا ہے وہ اور کسی طرح نہیں ہوسکتا۔ کوئی مزمن مرض خود دماغ ہی کا ایسا نہیں جس میں اسقدر شدید ضعف لاحق ہوجاتا ہو۔ ضعف عصبی کی علامات پہلے پہل خفیف ہوتی ہیں۔ صبح کو بستر سے اٹھتے وقت کمزوری معلوم ہوتی ہے۔ خیالات میں پریشانی اور بصارت میں دھندلاپن، آنکھوں کی درخشانی میں فرق معلوم ہوتا ہے، عضلات کمزور، ان کے ریشوں میں تحریک کی استطاعت زیادہ ہوتی ہے۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ دل اکثر دھڑکا کرتا ہے اور یہ اختلاج قلب، ضعف عصبی میں ہمیشہ پایا جاتا ہے اور بے سمجھی سے اس کو اکثر لوگ دل کی ساخت کی بیماری سے منسوب کرتے ہیں۔ اس کے سوائے ہاضمہ کمزور ہوجاتا ہے اور قبض کی شکایت رہا کرتی ہے ان دونوں شکایتوں کا سبب اعصاب کا ضعف ہے۔ مختلف مریضوں میں مختلف شکایتیں پیدا ہوجاتی ہیں مثلاً جو آدمی دماغی محنت زیادہ نہیں کرتا اور روزانہ زندگی میں دماغ پر زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا اس کو سر کی تکلیف کی شکایت نہیں ہوتی بلکہ ضعف ہضم، ضعف اعضاء، کمزوری عضلات اور لاغری بدن کی شکایت ہوتی ہے۔ بعض آدمی بظاہر نہایت ہی چست و چالاک اور تندرست و توانا نظر آتے ہیں، چہرہ کا رنگ سرخ اور درخشاں دکھائی دیتا ہے مگر طبیعت نہایت ہی سخت افسردہ و پژمردہ اور دل بہت غمگین بنا رہتا ہے۔ خیالات پریشان اور دماغ ناتوان اور خواب میں احتلام ہوجاتا ہے، کیونکہ خواب میں سمجھ اور ارادہ دونوں موجود نہیں ہوتے اس لئے جنسی قوت کے عمل کو کوئی روکنے والا نہیں ہوتا۔ بس خیالات کی متابعت میں آلات منی اپنا فعل انجام دیتے ہیں اور منی ظروف منی سے خارج ہوجاتی ہے۔

اس سلسلہ میں بانی عوامی دواخانہ حکیم و ڈاکٹر احمد اشرف فرحت نے اپنی تصانیف میں بڑی تفصیل سے بیان کیا ہے۔ یہاں جگہ کی تنگی اور مضمون کی مناسبت سے مختصراً یہ کہوں گا کہ ہر قسم کے احتلام اور تمام مردوں کے مخصوص امراض و علامات کا عوامی دواخانہ نئے شہر میں عقب ہوٹل اناپورنا، عابڈس، حیدرآباد اور پرانے شہر میں عوامی دواخانہ روبرو مکہ مسجد، چارمینار، حیدرآباد پر خاندان شریفی کے 300 سالہ مجربات اور حکیم احمد اشرف فرحت کے 51 سالہ تحقیقات سے حاصل شدہ بے ضرر اور مفید و موثر یونانی ادویات سے علاج و معالجہ مستند اور قابل طبیب کی نگرانی میں مابعد تشخیص کیا جاتا ہے۔ علاج میں خاص طور پر بے ضرر جڑی بوٹیوں کی مفرد و مرکب ادویات کے ساتھ ساتھ دیگر تدابیر اور کونسلنگ Counselling کی بھی سہولت پہلی بار کسی ملٹی اسپشالیٹی ہاسپٹل کی جانب سے مہیا کی گئی ہے۔

اوقات: Timings

(1) صبح 9 تا 12 بجے دن: پہاڑی شریف روڈ، نزد جل پلی کمان، حیدرآباد۔ (2) دوپہر 2 تا 5 بجے دن: عوامی دواخانہ، عقب ہوٹل اناپورنا، عابڈس، حیدرآباد (3) شام 6 تا 8 بجے شب: عوامی ویلنس سنٹر، روبرو اذان اسکول، ٹولی چوکی، حیدرآباد۔

☆

لیکوریا White Discharge

سفید پانی کی بیماری

ڈاکٹر افشاں جبین اشرف

موجودہ زمانہ میں عورتوں کی بڑی تعداد اس مرض میں مبتلا ہے۔ اس میں عورت کے اندام نہانی سے سفید زردی مائل رطوبت خارج ہوا کرتی ہے اس لیے اس مرض کا طبی نام سیلان الرحم ہے۔ یہ مرض رحم کی اندرونی جھلی میں ورم آجانے سے پیدا ہوتا ہے قلت الدم (جسم میں خون کی کمی) بار بار حمل کا گر جانا، بچہ دانی کا اپنی جگہ سے ٹل جانا، گرم غذاؤں اور تیز مسالوں کا کثرت سے استعمال عام طور پر اس بیماری کا سبب ہوتے ہیں۔ یہ موذی بیماری عورت کے جسم اور صحت و جوانی کو غارت کردیتی ہے۔

> اس مرض میں رفتہ رفتہ اس کا بدن سوکھنے لگتا ہے۔ چہرہ مرجھا جاتا ہے اور سر چکرانے لگتا ہے۔ کبھی کبھی بخار کی شکایت بھی ہوجاتی ہے۔ پنڈلیوں میں ہلکی ہلکی ٹیس اٹھتی ہے۔

لیکوریا کی بیماری خواتین کے حسن و جمال اور صحت و تندرستی کو تباہ کر کے اندر ہی اندر انہیں کھوکھلا کردیتی ہے۔ جب یہ بیماری بڑھ جائے تو عورت میں ملاپ کی خواہش پیدا نہیں ہوتی اور نہ ہی حمل آسانی سے قرار پاتا ہے۔ صحت و شباب کی تباہی کے ساتھ ساتھ عورت حمل کی صلاحیت سے بھی محروم ہوجاتی ہے۔ رفتہ رفتہ اس کا بدن سوکھنے لگتا ہے۔ چہرہ مرجھا جاتا ہے اور سر چکرانے لگتا ہے۔ کبھی کبھی بخار کی شکایت بھی ہوجاتی ہے۔ پنڈلیوں میں ہلکی ہلکی ٹیس اٹھتی ہے۔ مزاج میں جھنجھلاہٹ اور غصہ پیدا ہوجاتا ہے اور عورت کی زندگی خطرے میں پڑ جاتی ہے یہ مرض نوجوان عورتوں کو وقت سے پہلے بوڑھی بنادیتا ہے۔ ہاضمہ کمزور ہوجاتا ہے اور قبض کی شکایتیں پیدا ہوجاتی ہیں۔ طبیعت سست اور نڈھال رہتی ہے۔ ایام حیض بے قاعدگی اور درد کے ساتھ ہوتے ہیں۔ اندام نہانی میں خارش ہوتی ہے۔ اگر یہ مرض زیادہ عرصہ تک رہ جائے تو عورت کا نظام تناسل اور عام جسمانی نظام بیکار ہوجاتا ہے۔ اس لیے اس مرض میں مبتلا عورت کو فوراً اپنے علاج کی طرف توجہ دینی چاہئے۔ روایتی شرم کی وجہ سے بیماری کو چھپانا موت کو دعوت دینے کے برابر ہے۔ مریضہ کو ہر وقت خوش و خرم اور صاف ستھرا رہنا چاہئے اور خصوصیت کے ساتھ ایسی غذائیں استعمال کرنی چاہئیں جو گرم ثقیل، دیر میں ہضم ہونے والی اور قابض نہ ہوں۔ دال، چاول، گوشت اور مچھلی لیکوریا میں نقصان دہ ہیں۔ بھوسی یعنی چھان والے آٹے کی روٹی، سبز ترکاریاں اور تازہ پھل مفید ہیں۔ کھیرا، ٹماٹر، ککڑی، مولی، پیاز، پالک، کرم کلا (بند گوبھی) کچی کھائی جائیں تو زیادہ مفید ہیں۔ اناج اور گھی کی مقدار کم کر کے سبز ترکاریوں اور موسمی پھلوں کی مقدار بڑھادیں۔ اس بیماری میں عورتوں کو اندام نہانی کی صفائی کا خاص طور پر خیال رکھنا چاہئے۔ صفائی نہ کرنے کی وجہ سے کبھی کبھی نہایت خطرناک صورت پیدا ہوجاتی ہے۔ رطوبت کی وجہ سے زخم وغیرہ ہوجاتے ہیں۔ جن سے اور زیادہ تکلیف اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

اس مرض کے علاوہ خواتین کے تمام امراض کا کامیاب یونانی علاج کیا جاتا ہے۔ مثلاً رحم کی کمزوری، بانجھ پن، کثرت حیض، بندش حیض، کشادگی، خارش اندام نہانی، دودھ کی زیادتی یا کمی، پستانوں کا لٹک جانا، PCOS، خون کی کمی، جلدی امراض اور خوبصورتی کی نگہداشت کیلئے عوامی دواخانہ یونانی، عقب ہوٹل اناپورنا، عابڈس پر لیڈی ڈاکٹر، وطبیبہ افشاں جبین اشرف سے فون 9849123198 پر ربط کریں۔ 51 سالہ قدیم عوامی دواخانہ میں کئی امراض کا کامیاب یونانی علاج کیا جاتا ہے اور ان کے علاج سے پہلے اور بعد کی Reports موجود ہیں۔

☆☆☆

اوقات: Timings

(1) صبح 9 تا 12 بجے دن: پہاڑی شریف روڈ، نزد جل پلی کمان۔ حیدرآباد

(2) دوپہر 2 تا 5 بجے دن: عوامی دواخانہ، عقب ہوٹل اناپورنا، عابڈس، حیدرآباد۔

(3) شام 6 تا 8 بجے: عوامی ویلنس سنٹر روبرو اذان اسکول، ٹولی چوکی، حیدرآباد۔

مورگن نے چھکوں کی بوچھار کردی، افغانستان کو 150 رنز سے شکست

مانچسٹر۔18 جون (ایجنسیز) انگلینڈ کے کپتان ایان مورگن نے ون ڈے انٹرنیشنل میچ میں 17 چھکوں کا نیا عالمی ریکارڈ قائم کیا جس کی بدولت عالمی کپ کے میزبان نے آج افغانستان کو 150 رنز سے ہرادیا۔ اس کامیابی کی مدد سے انگلینڈ نیٹ رن ریٹ کی بنیاد پر ورلڈ کپ گروپ ٹیبل میں آسٹریلیا سے آگے ہوگئی۔ مورگن نے اپنے کیریئر کا سب سے بہترین مظاہرہ کرتے ہوئے 148 رنز بنائے۔ انگلینڈ کی جانب سے جملہ 25 چھکے لگائے گئے، یہ بھی ایک نیا ون ڈے ریکارڈ ہے۔ مورگن نے صرف 71 گیندوں میں یہ طوفانی اننگز کھیلی جس کی بدولت انگلینڈ نے 6 وکٹس پر 397 کا اسکور کیا۔ جواب میں افغانستان نے بھی قابل ستائش بیٹنگ کی لیکن کبھی انگلینڈ کیلئے خطرہ نہیں بنی۔ افغانستان نے مقررہ 50 اوورس میں 8 وکٹس پر 247 رنز بنائے۔ یہ ورلڈ کپ میں ان کا سب سے بہترین اسکور ہے۔ مورگن نے عالمی کپ کی تاریخ کی چوتھی سب سے تیز سنچری اور اپنا ذاتی بہترین اسکور بنایا۔ انہوں نے محض 71 گیندوں میں چار چوکے اور ریکارڈ 17 چھکے اڑاتے ہوئے 148 رنز بنائے۔ اوپنر جانی بیرسٹو نے 99 گیندوں پر 90 رنز میں آٹھ چوکے اور تین چھکے لگائے جبکہ جو روٹ نے 82 گیندوں پر 88 رن میں پانچ چوکے اور ایک چھکا لگایا۔ اوپنر جیمس ونس نے 31 گیندوں پر تین چوکوں کی مدد سے 26 رنز بنائے۔ معین علی نے بھی بہتی گنگا میں ہاتھ دھوتے ہوئے صرف نو گیندوں پر ایک چوکا اور چار چھکے اڑا کر ناٹ آؤٹ 31 رن بنائے۔ انگلینڈ کے 397 رنز اس عالمی کپ میں کسی بھی ٹیم کا سب سے زیادہ اسکور ہے۔ انگلینڈ نے اس ورلڈ کپ میں بنگلہ دیش کے خلاف کارڈف میں 386 رنز بنائے تھے اور اس نے اس اسکور کو پیچھے چھوڑ دیا۔ انگلینڈ کے 397 رنز ون ڈے میں مشترکہ طور پر 25 واں سب سے زیادہ اسکور ہے۔ دن کا کھیل مکمل طور پر انگلینڈ کے کپتان مورگن کے نام رہا جنہوں نے اپنے آتشی سنچری سے شائقین کو ان کے ٹکٹ کی رقم وصول کرادی۔ اگرچہ میچ سے پہلے مورگن کے کھیلنے کے متعلق شک تھا لیکن وہ میدان میں اترے، ٹیم کی کمان سنبھالی، ٹاس جیتا اور پہلے بیٹنگ کی اور پھر اپنا ذاتی بہترین اسکور بنا ڈالا۔ 32 سالہ مورگن نے اپنی سنچری صرف 57 گیندوں میں مکمل کی جس میں تین چوکے اور 11 چھکے شامل تھے۔ ان کی 50 رن 36 گیندوں میں بنے تھے یعنی اگلے 50 رنز کیلئے انہوں نے صرف 21 گیندیں کھیلیں۔ یہ ان کی 13 ویں ون ڈے سنچری ہے۔ اس سے پہلے مورگن کا بہترین اسکور ناٹ آؤٹ 124 تھا جسے انہوں نے کافی پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ بائیں ہاتھ کے بلے باز مورگن نے اس کے ساتھ ہی ون ڈے میں 200 چھکے بھی پورے کرلئے۔ ان کے اب 227 ون ڈے میں 211 چھکے ہیں اور وہ ون ڈے میں سب سے زیادہ چھکے اڑانے کے معاملے میں چھٹے نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ مورگن کے 17 چھکے عالمی کپ میں ایک اننگز میں نیا ریکارڈ ہے۔ اس سے پہلے ویسٹ انڈیز کے کرس گیل نے 2015 کے ورلڈ کپ میں 16 چھکے مارے تھے۔ مورگن کے ان 17 چھکوں سے انگلینڈ نے عالمی کپ میں ایک اننگز میں سب سے زیادہ چھکوں کا نیا ریکارڈ بنا ڈالا۔ انگلینڈ کی اننگز میں کل 25 چھکے پڑے اور اس نے ویسٹ انڈیز کے 2015 میں زمبابوے کے خلاف 19 چھکوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ مورگن کی اننگز نے انگلینڈ کو عالمی کپ میں اس کے سب سے زیادہ اسکور پر بھی پہنچادیا۔ ان کی اس اننگز نے بیرسٹو اور روٹ کی اننگز کو دھندلا کردیا جنہوں نے بہترین اننگز کھیلی۔ مورگن نے روٹ کے ساتھ تیسرے وکٹ کے لئے 189 رن کی زبردست شراکت کی۔ اس سے پہلے بیرسٹو اور روٹ نے دوسرے وکٹ کے لئے 120 رنز جوڑے تھے۔

انگلینڈ کے کپتان ایان مورگن اپنی سنچری کی تکمیل کے بعد

نیوزی لینڈ کے خلاف جنوبی افریقہ کا آج اہم مقابلہ

برمنگھم۔18 جون (یو این آئی) پوائنٹس ٹیبل میں دوسرے مقام پر چل رہی نیوزی لینڈ کے خلاف آئی سی سی کرکٹ عالمی کپ میں جنوبی افریقہ کیلئے چہارشنبہ کو برمنگھم میں آر یا پار کی جنگ ہوگا۔ ٹورنمنٹ میں خطاب اور سیمی فائنل کی دوڑ میں برقرار رہنے کیلئے جنوبی افریقہ کے لیے نیوزی لینڈ کے خلاف ہر حال میں مقابلہ جیتنا ضروری ہوگا۔ جنوبی افریقہ کے پانچ میاچس میں تین ہار، ایک جیت اور ایک منسوخ سے تین پوائنٹس ہیں اور وہ پوائنٹس ٹیبل میں آٹھویں نمبر پر ہے جبکہ ٹورنمنٹ میں مسلسل اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی نیوزی لینڈ کے چار میاچس میں تین جیت اور ایک میاچ منسوخ ہونے سے سات پوائنٹس ہیں۔ اگرچہ نیوزی لینڈ اس مقابلے کا دعویدار ہے لیکن جنوبی افریقہ کے پاس بھی بہترین ٹیم ہے اور ایسے کھلاڑی ہیں جو میاچ کا رخ اپنے حق میں کرنے کے قابل ہیں۔ اگرچہ جنوبی افریقہ اس عالمی کپ میں توقعات کے مطابق کارکردگی کا مظاہرہ کرنے میں ابھی تک ناکام رہی ہے۔ جنوبی افریقہ کو پہلے میاچ میں میزبان انگلینڈ کے ہاتھوں شرمناک شکست کھانی پڑی تھی لیکن دوسرے میاچ میں اسے بنگلہ دیش نے بڑا الٹ پھیر کرتے ہوئے 21 رن سے شکست دی تھی۔ جنوبی افریقہ کا تیسرا مقابلہ ہندوستان سے تھا اور وہاں بھی اسے منہ کی کھانی پڑی تھی۔ اگرچہ ویسٹ انڈیز کے خلاف ان کا مقابلہ بارش کی وجہ سے منسوخ کرنا پڑا تھا اور دونوں ٹیموں کو ایک ایک پوائنٹس ملا تھا۔ لیکن اس مقابلے میں بھی اس کی شروعات اچھی نہیں رہی تھی اور 7.3 اوور میں جنوبی افریقہ نے دو وکٹوں کے نقصان پر 29 رنز بنائے تھے۔ جنوبی افریقہ نے گزشتہ میاچ میں افغانستان کو شکست دے کر اس عالمی کپ میں اپنی پہلی کامیابی حاصل کی تھی۔ جنوبی افریقہ کے اب چار میاچ باقی ہیں اور سیمی فائنل کی دوڑ میں رہنے کے لئے اسے تمام مقابلے جیتنے ہوں گے۔ ایسے میں نیوزی لینڈ جیسی متوازن ٹیم کے خلاف انہیں ہر شعبہ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرکے ٹورنمنٹ میں واپسی کرنی ہوگی۔ جنوبی افریقہ کے پاس بہترین بیاٹسمن ہیں جو بڑا اسکور بنانے کے اہل ہیں۔ حالانکہ ابھی تک ٹورنمنٹ میں ان کی سلامی جوڑی کچھ خاص نہیں کر پائی ہے۔ جنوبی افریقہ کو اچھی شروعات دلانے کے لئے کوئنٹن ڈی کوک اور تجربہ کار ہاشم آملہ پر بڑی شراکت کرنے کی ذمہ داری ہوگی۔ مڈل آرڈر میں کپتان فاف ڈوپلیسس، ایڈن مارکرم اور جے پی ڈومنی کو اچھی اننگز کھیلنی ہوگی۔ تیز بولنگ میں کیگسو ربادا اور لنگی اینگیڈی پر بولنگ کرنے کا دارومدار ہوگا جبکہ عمران طاہر کو اپنی شاندار بولنگ سے حریف بیاٹسمنوں کو اپنی اسپن پر نپٹانا ہوگا۔ طاہر افغانستان کے خلاف مین آف دی میاچ رہے تھے۔ نیوزی لینڈ ٹیم کی عالمی کپ میں اب تک بہترین کارکردگی رہی ہے اور اسے ایک بھی میاچ میں شکست کا سامنا نہیں کرنا پڑا ہے۔ نیوزی لینڈ نے پہلے مقابلے میں سری لنکا کو 10 وکٹ سے ہرایا تھا جبکہ دوسرے مقابلے میں ان کا سامنا اسپن میں مہارت رکھنے والے بنگلہ دیش سے تھا جہاں اسے دو وکٹ سے کامیابی ملی تھی۔ نیوزی لینڈ نے افغانستان کو شکست دی تھی۔ ہندوستان کے خلاف چوتھا مقابلہ بارش سے دھل گیا تھا۔ اگرچہ نیوزی لینڈ کا ابھی تک کسی بڑی ٹیم سے مقابلہ نہیں ہوا ہے۔ ایسے میں چہارشنبہ کو جنوبی افریقہ جیسی مضبوط ٹیم کے خلاف ان کا اصل امتحان ہوگا۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم کے زیادہ تر کھلاڑی فارم میں ہیں جو بڑا اسکور بنا کر مخالف ٹیم کو دباؤ میں لا سکتے ہیں۔ جنوبی افریقہ کو میاچ میں اپنے مضبوط تاثر چھوڑنے کے لئے نیوزی لینڈ کے ٹاپ آرڈر کو جلدی نپٹانے کا چیلنج ہوگا۔ اس کے علاوہ کپتان کین ولیمسن بھی مسلسل فارم میں ہیں اور ٹیم کیلئے بڑی اننگز کھیل رہے ہیں۔ بولنگ میں ٹرینٹ بولٹ اور لوکی فرگوسن کسی بھی ٹیم کی بیاٹنگ آرڈر کو منہدم کرنے کا مادہ رکھتے ہیں۔ دونوں ٹیموں کے لئے کل کا مقابلہ بے حد اہم ہے، جہاں نیوزی لینڈ اپنی جیت کی تال برقرار رکھ اپنی مہم کو آگے بڑھانا چاہے گا وہیں جنوبی افریقہ کی نظریں ورلڈ کپ میں اپنی دوسری جیت درج کر ٹورنمنٹ میں واپسی کرنے اور سیمی فائنل کی دوڑ میں شامل رہنے پر ہوں گی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان اب تک 70 ونڈے مقابلے کھیلے گئے ہیں جن میں سے نیوزی لینڈ نے 24 جیتے ہیں جبکہ جنوبی افریقہ نے 41 جیتے ہیں۔ پانچ میاچس میں کوئی نتیجہ نہیں نکلا ہے۔

انڈین وہیل چیئر کرکٹ پریمیئر لیگ میں 8 ٹیمیں

نئی دہلی۔ 18۔ جون (یو این آئی) آئی پی ایل کی طرز پر منعقد ہونیوالی وہیل چیئر پریمیئر لیگ (آئی ڈبلیو پی ایل) ٹورنمنٹ 19 سے 23 جون تک ہوگا جس میں آٹھ ٹیمیں آپس میں مقابلہ کریں گی۔ لیگ میاچ 15 اوور کے ہوں گے۔ فائنل کی ٹیمیں 20-20 اوور میاچ میں ایک دوسرے سے مقابلہ کریں گی۔ ٹورنمنٹ کے انعقاد کے موقع پر ایک روڈ شو کا انعقاد بھی کیا گیا جس میں 100 وہیل چیئر کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔ اس موقع پر دہلی پولیس اور وہیل چیئر کھلاڑیوں کے درمیان خاص دوستانہ میاچ کھیلا گیا جو لوگوں کے لئے دلچسپی کا مرکز رہا۔ اس 5 روزہ ٹورنمنٹ میں آٹھ ٹیموں کے درمیان مقابلہ ہوگا جن میں گجرات فائٹرس، دہلی سپر اسٹار، مہاراشٹر ٹائیگرز، اتر پردیش ہیروز، اتراکھنڈ واریرز، چینائی سورا سٹرانگ، دبنگ بہار اور راجستھان راجواڑا شامل ہیں۔

دھوبی گلی شنکر نگر قدیم ملک پیٹ کا جناب احمد بن عبداللہ بلعلہ رکن اسمبلی ملک پیٹ اور جناب سیف الدین شفیع نمائندہ کارپوریٹر نے بلدی، الکٹریسٹی، واٹر ورکس عہدہ داروں کے ساتھ پیدل دورہ کیا۔ اس موقع پر ابتدائی صدور، معتمدین وسرگرم کارکنان مجلس موجود تھے۔

جناب کوثر محی الدین رکن اسمبلی حلقہ کاروان نے آج جوائنٹ کلکٹر حیدرآباد جی روی، پرنسپل سکریٹری برائے اعلیٰ تعلیمات جناردھن ریڈی اور پرنسپل سکریٹری برائے اقلیتی بہبود مبیش دت اور بلدی کمشنر و منیجنگ ڈائرکٹر واٹر ورکس داناکشور سے ملاقات کی اور گولکنڈہ میں پولیس کوارٹرس کی تعمیر، ضیاء گوڑہ سلاٹر ہاوز کے کاموں کے تنڈر اور ٹولی چوکی و دیگر علاقوں میں سڑکوں کی توسیع اور گنگا نگر، سبزی منڈی و اطراف و اکناف میں آلودہ پانی کی سربراہی کے مسائل، ٹیپو خان برج تا ابراہیم باغ نئی لائن کی منظوری اور گولکنڈہ میں جونیئر وڈگری کالجس کی منظوری کے بارے میں بات کی اور بتایا کہ ان کاموں کو جلد از جلد پورا کیا جائے۔ اس موقع پر انہوں نے ان سے متعلق عہدیداروں کو ہدایت دی۔

الحمدللہ اکبر ٹراویلس سرویس حیدرآباد کی جانب سے شوال کا دوسرا عمرہ گروپ 40 عازمین پر مشتمل 18 جون 2019 کو شمس آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے عمرہ گروپ روانہ ہوا۔ تصویر میں سید شاہ مجاہد حسینی صاحب و دیگر عازمین عمرہ دیکھے جاسکتے ہیں۔

(MS Com)

ویمنس ہاکی: ہندوستان سیمی فائنل میں، فجی کو 11 گول سے شکست

ہیروشیما۔ 18۔ جون (یو این آئی) ہندستانی خاتون ہاکی ٹیم نے طوفانی مظاہرہ کرتے ہوئے فجی کو منگل کو 0-11 سے شکست دے کر یہاں چل رہے ایف آئی ایچ سیریز فائنلس ٹورنمنٹ کے سیمی فائنل میں جگہ بنالی اور اب وہ اولمپکس کوالیفائنگ ٹورنمنٹ میں پہنچنے سے ایک قدم دور رہ گئی ہے۔ ہندستانی ٹیم نے پول اے کے آخری میاچ میں فجی کو ٹکنے کا کوئی موقع نہیں دیا۔ عالمی درجہ بندی میں نویں نمبر پر موجود ہندستانی ٹیم 44 ویں رینکنگ کی فجی کے خلاف پہلے ہی جیت کی دعویدار تھی اور اس فتح کے ساتھ اس نے ٹورنمنٹ میں جیت کی ہیٹ ٹرک بنالی۔ ہندوستان نے اپنے پہلے دو میاچس میں یوراگوئے کو 1-4 سے اور پولینڈ کو 0-5 سے شکست دی تھی۔ ہندوستان نے اس طرح تین میاچس میں 20 گول داغے اور صرف ایک گول کھایا۔ ہندستانی ٹیم اب اولمپک کوالیفائر میں جگہ بنانے سے ایک قدم دور رہ گئی ہے۔ اس ٹورنمنٹ کے فائنل میں پہنچنے والی دو ٹیموں کو سال کے آخر میں ہونے والے اولمپکس کوالیفائنگ میں کھیلنے کا موقع ملے گا۔ اس مقابلے میں ہندستانی ٹیم کا دبدبہ اس قدر تھا کہ اس نے فجی کے سرکل میں 74 بار داخلہ حاصل کیا جبکہ مخالف ٹیم پورے 60 منٹ میں ہندستانی سرکل میں صرف ایک بار ہی دراندازی کر پائی۔ ہندوستان ہفتہ کو اپنا سیمی فائنل مقابلہ کھیلے گا۔ ہندوستان کی شاندار فتح میں ڈریگ فلکر گرجیت کور نے بہترین ہیٹ ٹرک سمیت چار گول داغے۔ گرجیت نے اپنے تمام چار گول پنالٹی کارنر پر کیے۔ انہوں نے 15 ویں، 19 ویں، 21 ویں اور 22 ویں منٹ میں مسلسل چار گول کیے۔ لالریمسیامی نے چوتھے منٹ میں میدانی گول سے ہندوستان کا کھاتہ کھول دیا۔ رانی نے 10 ویں منٹ میں پنالٹی کارنر پر ہندوستان کا دوسرا گول کیا۔ مونیکا نے 11 ویں منٹ میں میدانی گول سے ہندوستان کی برتری 0-3 کردی۔ وندنا کٹاریا نے 12 ویں منٹ میں ہندوستان کا چوتھا گول داغا۔ گرجیت نے اس کے بعد 7 منٹ کے وقفے میں چار گول کر ہندوستان کو 0-8 سے آگے کردیا۔ مونیکا نے 33 ویں منٹ میں نواں، للما منز نے 51 ویں منٹ میں 10 واں اور نونیت کور نے 57 ویں منٹ میں 11 واں گول کیا۔ فجی کی ٹیم میاچ میں ایک بھی گول نہیں کر پائی۔ دن کے دیگر میاچس میں پول اے میں یوراگوئے اور پولینڈ کا مقابلہ گول بغیر برابر رہا جبکہ پول بی میں جاپان نے میکسیکو کو 0-6 سے اور روس نے چلی کو 2-5 سے شکست دی۔

راشد خان ورلڈ کپ کے سب سے مہنگے بولر

مانچسٹر۔ 18 جون (یو این آئی) ٹوئنٹی 20- کے نمبر ایک بولر افغانستان کے لگ اسپنر راشد خان ورلڈ کپ کے سب سے مہنگے بولر بن گئے ہیں۔ راشد نے انگلینڈ کے خلاف عالمی کپ میاچ میں منگل کو نو اوور میں 110 رن لٹائے اور انہیں کوئی وکٹ نہیں ملا۔ راشد اس طرح عالمی کپ میں سب سے مہنگے بولر بن گئے۔ راشد اس کے ساتھ ہی ونڈے میں دوسرے سب سے مہنگے بولر بھی بن گئے۔ پاکستان کے وہاب ریاض نے 2016 میں انگلینڈ کے خلاف ناٹنگھم میں 10 اوور میں 110 رن دئے تھے جبکہ آسٹریلیا کے مائیکل لوئیس نے 2006 میں جوہانسبرگ میں جنوبی افریقہ کے خلاف 10 اوور میں 113 رن دئے تھے۔

یوہنا کونٹا کی برمنگھم کلاسک ٹورنمنٹ میں پیش قدمی

لندن۔18۔ جون (ایجنسیز) یوہنا کونٹا نے گراس کورٹ پر شاندار مظاہرہ کرتے ہوئے اسٹونیا کی انیٹ کونٹاویٹ کو سیدھے سیٹوں میں 2-6،4-6 سے ہرادیا اور برمنگھم کلاسک کے دوسرے دور میں داخل ہوگئی۔ فرنچ اوپن کے سیمی فائنلس میں پہونچنے کے بعد کونٹا کا یہ پہلا میاچ تھا اور ساتویں درجہ کی کھلاڑی نے دنیا کی 20 نمبر کی کھلاڑی کے خلاف ایک گھنٹہ 20 منٹ میں کامیابی حاصل کی۔ میاچ جیتنے کے بعد کونٹا نے کہا گراس کورٹ پر فتح کے ساتھ شروعات پر میں بے حد خوش ہوں۔ برطانیہ کے شائقین کو خوشی کا موقع فراہم کرنے پر میں مسرور ہوں۔ دنیا کی نمبر تین کھلاڑی کیرولینا پلسکووا نے رومانیہ کی میہلا بوزارنیسکو کے خلاف 4-6،3-6 سے سہل کامیابی کے بعد دوسرے دور میں رسائی داخل کرلی۔ روس کی مارگریٹا گیسپریان نے آج چونکادینے والا مظاہرہ کرتے ہوئے فورتھ سیڈ ایلینا سوتولینا کو 4-6،6-3،3-6 سے شکست دے دی۔ سوتولینا گھٹنے میں چوٹ سے متاثر دکھائی دے رہی تھیں لیکن انہوں نے تکلیف سے راحت ہونے کے بجائے ومبلڈن کی تیاری کیلئے اس ٹورنمنٹ میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا۔ یوکرین کی سوتولینا نے کہا کہ میں خود کو بہتر محسوس کررہی ہوں۔ گزشتہ تین مہینے میرے لئے ٹھیک نہیں تھے۔ ذہنی طور پر میں متاثر تھی۔ اب کورٹ پر میں بغیر کسی تکلیف کے کھیلتے ہوئے خوش ہوں۔ پانچویں درجہ کی ارینا سبالنکا نے ٹورنمنٹ میں اپنی مایوسی کا اظہار کیا۔ فیصلہ کن سیٹ میں وہ بریک پوائنٹ کا فائدہ نہیں اٹھاسکی اور ہسی سووی کے ہاتھوں (7-1)6-7،6-2،3-6 سے شکست کھاگئی۔

قومی تیراندازوں کا وطن واپسی پر شاندار استقبال

نئی دہلی۔18۔ جون (یو این آئی) ہالینڈ کے ڈین باش میں منعقد عالمی چمپئن شپ میں سلور میڈل جیتنے والی ہندستانی مرد ریکرو تیراندازی ٹیم اور کمپاؤنڈ میں دو برونز میڈل جیتنے والی خواتین تیراندازوں کا منگل کو وطن واپسی پر شاندار استقبال کیا گیا۔ ہندستانی تیراندازی یونین کے نومنتخب صدر ارجن منڈا اور سکریٹری جنرل وریندر سچدیوا نے خود اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر پہنچ کر ملک کا فخر بڑھانے والے ان تیراندازوں کا خیر مقدم کیا۔ ہندوستان کی عالمی چمپئن شپ میں یہ اب تک کی بہترین کارکردگی ہے۔ 11 ویں سیڈ ریکرو مرد ٹیم نے فائنل میں جگہ بنائی اور سلور میڈل جیتا۔ ہندستانی ٹیم نے اس دوران کوارٹر فائنل میں جگہ بنانے کے ساتھ ساتھ ٹوکیو اولمپکس کے لئے کوٹہ بھی حاصل کرلیا۔ خاتون کمپاؤنڈ ٹیم نے برونز میڈل اور روی جیوتی سریکھا نے انفرادی کلاس میں برونز میڈل جیتا۔

تفریحات

سیف کی فلم میں کرینہ خاص رول ادا کرے گی

ممبئی، 18 جون (یو این آئی) مشہور اداکار سیف علی خان اور ان کی اہلیہ اداکارہ کرینہ کپور خان کی جوڑی پردہ سیمیں پر پھر نظر آئے گی۔ کرینہ کپور خان آخری بار سیف کے ساتھ ہیپی اینڈنگس میں نظر آئیں تھیں۔ فلم میں کرینہ کا کیمیو تھا۔ اس فلم سے پہلے کرینہ اور سیف کی جوڑی فلم ٹشن، اومکارا، قربان اور ایجنٹ ونود میں ایک ساتھ نظر آئی تھی۔ لمبے وقت بعد کرینہ اور سیف ایک ساتھ پردہ سیمیں پر نظر آنے والے ہیں۔ ایسی خبریں ہیں کہ سیف علی خان کی فلم جوانی جانے من میں کرینہ کپور خان ایک اہم کردار میں نظر آئیں گی۔ لندن میں کرینہ اپنے شوہر سیف کے ساتھ صرف چھٹیاں منانے نہیں گئی ہیں بلکہ وہ انگلینڈ میں ان کے ساتھ جوانی جانے من کی شوٹنگ بھی کریں گی۔ فلم میں ان کا رول زیادہ بڑا تو نہیں ہوگا لیکن اہم ضرور ہوگا۔ ان دنوں کرینہ اور سیف اپنے بیٹے تیمور کے ساتھ لندن میں چھٹیاں منا رہے ہیں۔ وہیں سیف علی خان اپنی فلم جوانی جانے من کی شوٹنگ بھی کر رہے ہیں۔ سیف کی اس فلم میں اداکارہ پوجا بیدی کی بیٹی اور کبیر بیدی کی نواسی عالیہ فرنیچر والا بالی ووڈ میں ڈیبیو کرنے والی ہیں۔

صدر کانگریس راہول گاندھی کی لندن آمد پر خادم الخیرات (abulkhairaat) قاضی محمد احسن اللہ خالد نے ملاقات کی۔

سینئر ٹی آر ایس قائد خان احمد خان نے سوچھ بھارت اور ہریتا ہرم پروگرام میں حصہ لیتے ہوئے کمہارواڑی، عیدی بازار میں بلدی عملہ کے ہمراہ صاف صفائی میں حصہ لیا۔

زیورات کی دنیا میں MBJ کا 120 سالہ متاثر کن سفر

تا 23 جون پارک حیات حیدرآباد میں خانگی نمائش کا اہتمام کیا گیا ہے جہاں پر جے پور کے شاہی کندن، پولکی اور خصوصی ہیرو کے زیورات کا کلکشن پیش کیا جائے گا۔

زیورات کی دنیا میں گزشتہ 120 برسوں سے MBJ اپنے زیورات کی تیاری میں اختراع، کشش ولطافت اور وراثت کے پیش نظر ہمیشہ نمایاں مقام رکھتا ہے۔ ایم بی جے کا طویل سفر متاثر کن رہا ہے۔ گاہکوں کا بھروسہ اور سرپرستی نے کمپنی کو مستحکم کیا ہے اور اس کی 7 نسلیں معزز گاہکوں کی خدمت میں مصروف رہی ہیں۔ ایم بی جے کے پولکی اور ہیرے کے زیورات نئے اور قدیم کلکشن کا خوبصورت امتزاج رکھتے ہیں۔ نہایت احتیاط سے تیار کردہ پولکی کڑھے، وزنی چوکف اور ایئر رنگس کی تیاری میں راجستھان کی روایت کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔ ملک بھر میں ایم بی جے کے آج 3 عصری شورومس کولکتہ اور جے پور میں بنام ایم بی سنس (جے) اور ایم بی جیولرس اینڈ سنس کے ساتھ نئی دہلی میں تیاری یونٹ فراہم کررہا ہے۔ برسوں سے ملک کے شاہی گھرانوں اور نامور شخصیتوں کیلئے زیورات کی تیاری میں ایم بی جے گھرانا مصروف رہا ہے۔ ایم بی جے ہندوستانی دلہنوں کیلئے ایک روایتی طور پر تیار کردہ ہیرے، پولکی اور کندن کے زیورات میں مہارت رکھتا ہے۔ یہاں اس بات کا تذکرہ قابل فخر ہوگا کہ ایم بی جے ایسا برانڈ ہے جو دنیا بھر میں زیورات کے ٹریڈ شو اور نمائش میں حصہ لیتا ہے اور سال 16-2015 میں زیورات کے شعبہ میں ایم بی جے کو ہندوستان کا سب سے پسندیدہ برانڈ کو سال 2018 کیلئے اختراعی زیورات کے ریٹیل جیولر کے ایوارڈ سے نوازا گیا۔ ایم بی جے اپنے گاہکوں کے اطمینان کیلئے سونے کے دام کے نشیب وفراز اور ہول سیل داموں سے واقف کرواتے رہتا ہے تاکہ گاہکوں کیلئے معیار کے ساتھ شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔ ایم بی جے کی جانب سے 19 تا 20 جون تاج گیٹ وے وجے واڑہ میں اور 22

ایک ارب سے زیادہ شائقین نے ہند۔ پاک میاچ کا مشاہدہ کیا

مانچسٹر۔ 18۔ جون (ایجنسیز) آئی سی سی ورلڈکپ کے آرگنائزرس کے مطابق اس سال کے ورلڈکپ میں ہندوستان اور پاکستان کے میاچ کا لگ بھگ 100 کروڑ عوام نے مشاہدہ کیا جس میں اول الذکر نے آخر الذکر کو ڈکورتھ لوئس قاعدہ کے تحت 89 رنوں سے شکست دی۔ 7 لاکھ 50 ہزار ٹکٹس کے امیدوار تھے جبکہ اولڈ ٹریفورڈ اسٹیڈیم میں صرف 23 ہزار کی گنجائش ہے۔ ہمیں امید ہے کہ کٹر حریفوں کے درمیان ورلڈکپ کا مقابلہ تقریباً ایک بلین عوام نے دیکھا ہے۔ پاکستانی ٹیم اتوار کی دوپہر اولڈ ٹریفورڈ پہونچی اور وہ اس طرح کا مظاہرہ کرنا چاہ رہے تھے جس طرح انہوں نے انگلینڈ کے خلاف کیا تھا اور ایسا ان کیلئے ضروری تھا اگر وہ ہندوستان کے خلاف ورلڈکپ میں پہلی کامیابی حاصل کرنے کے خواہاں تھے۔ ممبئی اور ہندوستان کے اوپنر روہت شرما کے 113 گیندوں میں 140 رن میں تاہم ایسا مظاہر کیا جیسا کہ پاکستانی ٹیم مدافعتی موقف میں آگئی۔ شرما کے ساتھی اوپنر لوکیش راہول نے 78 گیندوں میں 57 رن بناتے ہوئے شرما کا بھرپور ساتھ نبھایا۔ وقت کے ساتھ کپتان ویراٹ کوہلی نے کریز پر آنے کے بعد 65 گیندوں میں 77 رنوں کی شاندار اننگز کھیلی اور میاچ کو پاکستان کے ہاتھ سے چھین لی۔

کوپا امریکہ فٹبال: چلی نے جاپان کو 4 گول سے ہرادیا

ساؤپالو۔18۔ جون (ایجنسیز) کوپا امریکہ فٹبال ٹورنمنٹ میں ایڈورڈو ورگس کا شاندار مظاہرہ جاری رہا اور دو گول اسکور کئے جیسا کہ دفاعی چمپئن چلی نے جاپان کو کل شب یہاں 0-4 سے روند ڈالا۔ بلوگنا کے مڈفیلڈر ایرک پلگر اور مانچسٹر یونائیٹڈ کے الیکسس سانچیز نے بھی یہاں کے مورمبی اسٹیڈیم میں فی کس ایک گول اسکور کیا جیسا کہ جاپان گروپ بی میں یوراگوئے کے ساتھ پہلے مقام میں شراکت دار بن گیا۔ الیکسس اس میاچ میں اپنے ہم وطن اینڈرک ہورمزابل کے ساتھ کوپا امریکہ میں سب سے زیادہ گول بنانے والے کھلاڑی کی حیثیت سے مساوی تھے لیکن اب وہ اس میاچ کے بعد مقابلوں میں چلی کے سب سے زیادہ گول بنانے والے کھلاڑی بن گئے۔ اس طرح انہوں نے یوراگوئے کے انجل رومانو کے دس گول کے ساتھ ہمسری کرلی۔ اسکور لائن سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ جاپانی ٹیم کبھی بھی چلی کیلئے خطرہ نہیں بنی لیکن تیسرے مرحلے میں ٹیم ابھرنے کے موقع کا فائدہ نہیں اُٹھاسکی۔ چلی جس نے 2015 اور 2016 میں ٹورنمنٹ جیتا ہے کو اب جمعہ کو سلواڈور میں ایکواڈور کے خلاف میاچ میں کامیابی ناک آؤٹ مرحلہ میں رسائی کا راستہ ہموار کرے گی۔ پلگر نے چارلیز ارینگوئز کے کارنر پر دراز ہیڈر کے ساتھ کھاتہ کھولا۔ پہلے ہاف میں جاپان بہتر ٹیم دکھائی دی لیکن اس کے 20 سالہ کھلاڑی ایاسے اویڈا چلی کے ڈیفنس کو چکما دے کر گول بنانے میں ناکام رہے۔

فیفا ویمنس ورلڈکپ

اسپین پہلی بار ٹورنمنٹ کے ناک آؤٹ مرحلہ میں داخل

ہارے (فرانس)۔18۔ جون (ایجنسیز) اسپین کی خواتین کی قومی فٹبال ٹیم کے ہیڈ کوچ جارج ویلڈا نے کہا کہ فیفا ویمنس ورلڈکپ گروپ مرحلہ سے اسپین کے آگے بڑھنے کے بعد وہ بے حد مسرور ہیں اور ان کی ٹیم نے ٹورنمنٹ میں مسابقتی جذبہ کا مظاہرہ کیا۔ اسپین نے چین کے ساتھ اپنا میاچ بغیر کسی گول کے ڈرا کیا اور پہلی بار گروپ مرحلہ سے آگے بڑھنے میں کامیاب رہا۔ اسپین نے گروپ بی کے آخری راؤنڈ میاچ میں 24 شارٹس داغے جبکہ چین نے صرف ایک مرتبہ ایسا کیا۔ تاہم چین کی گول کیپر پنگ شیمنگ کی ستائش کرنی ہوگی جس نے کئی مرتبہ خطرناک حملوں کو روک لیا اور اسپین کو گول بنانے سے باز رکھا۔ اسپین گروپ میں چین کے ساتھ مساوی پوائنٹ رکھتے ہوئے لیکن گول کے فرق کی بنیاد پر دوسرا مقام پر رہا۔ دونوں ہی ٹیموں نے تین میاچس سے 4-4 پوائنٹس حاصل کئے۔

صنعت و تجارت

سنسیکس اور نفٹی میں اچھال

سنسیکس	39046.34	↑	85.55
نفٹی	11700.40	↑	28.25
روپیہ (فی ڈالر)	69.73	↑	0.36
گولڈ	33100	↑	79

نماز کے اوقات

نماز مومنوں کی معراج ہے	ظہر	عصر	مغرب	عشاء	کل کی فجر
ابتداء	۱۲/۲۷	۴/۵۴	۶/۵۸	۸/۱۵	۴/۳۲
انتہاء	۴/۵۳	۶/۵۳	۸/۱۴	۴/۱۰	۵/۳۶

طلوع آفتاب صبح 5:41 منٹ
غروب آفتاب شام 6:53 منٹ
درجہ حرارت
اعظم ترین 38.0 ڈگری سلسیس
اقل ترین 28.0 ڈگری سلسیس

سکریٹریٹ اور اسمبلی کی نئی عمارتیں تعمیر کی جائیں گی

27 رجون کو سنگ بنیاد۔ پی آر سی اور سبکدوشی کی حد عمر پر ملازمین تنظیموں سے رائے لی جائے گی۔ کابینہ کے فیصلے

سکریٹریٹ کی نئی عمارت موجودہ سکریٹریٹ کے احاطہ میں ہی تعمیر کی جائے گی

حیدرآباد۔18 رجون (اعتماد نیوز) چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ کی صدارت میں ریاستی کابینہ کا اجلاس تقریباً 5 گھنٹے تک جاری رہا جس میں سکریٹریٹ اور اسمبلی کی نئی عمارتوں کی تعمیر اور سرکاری ملازمین کے لئے پی آر سی پر عمل آوری اور وظیفہ کی سبکدوشی کی حد عمر میں اضافہ اور دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ کابینی اجلاس کے اختتام کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ نے کہا کہ ریاستی کابینہ نے سکریٹریٹ اور اسمبلی کی نئی عمارتوں کی تعمیر کا فیصلہ کیا ہے اور ان عمارتوں کا 27 جون کو سنگ بنیاد رکھا جائے گا۔ سکریٹریٹ کی نئی عمارت موجودہ سکریٹریٹ کے احاطہ میں ہی تعمیر کی جائے گی۔ موجودہ سکریٹریٹ کی عمارتوں کے بلاکس کو منہدم کردینے یا پھر جوں کا توں رکھنے کا فیصلہ کرنے کے لئے کابینہ نے ایک سب کمیٹی تشکیل دی ہے۔ محکمہ عمارات وشوارع کے وزیر کی قیادت میں تین رکنی کمیٹی نئے سکریٹریٹ کی تعمیر کے علاوہ موجودہ سکریٹریٹ کی عمارتوں کو منہدم کرنے یا پھر جوں کا توں رکھنے کا جائزہ لے گی۔ اگر منہدم کرنا ضروری ہوتا ہے تو ایسی صورت میں سکریٹریٹ میں کام کرنے والے مختلف محکموں کو دوسری جگہ منتقل کرنے کا بھی کمیٹی جائزہ لے گی۔ چیف منسٹر نے کہا کہ کمیٹی کی رپورٹ کی بنیاد پر ہی نئے سکریٹریٹ کی تعمیر عمل لائی جائے گی۔ قبل ازیں ممبئی کے مشہور آرکٹیکٹ حفیظ کنٹراکٹر نے سکریٹریٹ کی عمارت کا ڈیزائن تیار کیا تھا اس کے علاوہ ٹاملناڈو سے بھی ایک آرکٹیکٹ نے عمارت کا نمونہ روانہ کیا۔ چیف منسٹر نے کہا کہ 400 کروڑ روپے نئی سکریٹریٹ کی تعمیر پر خرچ ہوسکتے ہیں جس میں 5 تا 6 لاکھ مربع فیٹ پر وسیع وعریض ماڈرن عمارت تعمیر کی جائے گی۔ چیف منسٹر نے کہا کہ اسمبلی کی نئی عمارت پنجہ گٹہ میں واقع ایرم منزل میں تعمیر کرنے کا فیصلہ کیا گیا جہاں محکمہ آبپاشی کی 17 ایکر اراضی دستیاب ہے۔ موجودہ اسمبلی جوں کی توں رہے گی۔ نئی اسمبلی کی عمارت موجودہ اسمبلی کی عمارت کی طرز پر تعمیر کی جائے گی جس میں بیرونی حصہ کا ڈیزائن ہو بہو رہے گا۔ چیف منسٹر نے کہا کہ یہ یہاں کے حکمراں کی نشانی ہے، اس لئے اس ڈیزائن کو نئی عمارت میں بھی شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ موجودہ اسمبلی کی عمارت کا تحفظ کیا جائے گا جو ہمارا ورثہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ اسمبلی کی عمارت پارلیمنٹ کے طرز پر تعمیر کی جائے گی جہاں اسمبلی اور کونسل کی عمارتوں کے علاوہ لجسلیٹیو سکریٹریٹ اور سنٹرل ہال کی بھی عمارت رہے گی۔ چیف منسٹر نے کہا کہ ریاستی کابینہ نے پڑوسی ریاستوں کے ساتھ بہتر تعلقات بنائے رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ خاص طور پر آندھراپردیش حکومت کے ساتھ بہتر تعلقات بناتے ہوئے دونوں ریاستوں سے گزرنے والی دریاؤں گوداوری، کرشنا کے 5 ہزار ٹی ایم سی پانی سے استفادہ کرنے کا منصوبہ تیار کیا گیا۔ اس سلسلہ میں آندھراپردیش کے چیف منسٹر جگن موہن ریڈی سے بات چیت کی گئی اور انہوں نے بھی دریاؤں کے پانی سے استفادہ کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ چیف منسٹر نے کہا کہ مہاراشٹرا کے ساتھ بہتر تعلقات کے نتیجہ میں ہی آج ٹی آر ایس حکومت نے کم وقت میں کالیشورم پراجکٹ کو تعمیر کیا ہے۔ متحدہ آندھراپردیش میں اس وقت کے حکمراں پڑوسی ریاستوں کے ساتھ بہتر تعلقات بنانے میں ناکام رہے۔ جس کے نتیجہ میں کرناٹک اور مہاراشٹرا کے ساتھ کئی تنازعات پیدا ہوئے تھے لیکن ٹی آر ایس حکومت نے پڑوسی ریاستوں کے ساتھ بہتر تعلقات بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔

...... (سلسلہ صفحہ2)......

مجوزہ نئے سکریٹریٹ کا ماڈل

مودی حکومت نے تلنگانہ کو ایک روپیہ بھی نہیں دیا

نئے پراجکٹس کے حصول کیلئے جدوجہد جاری رہے گی: ٹی آر ایس

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) لوک سبھا میں ٹی آر ایس لیڈر ناما ناگیشور راؤ نے مرکز کی بی جے پی حکومت پر الزام عائد کیا کہ گذشتہ 5 سال کے دوران نریندر مودی حکومت نے تلنگانہ ریاست کا کسی بھی طریقہ سے تعاون نہیں کیا۔ لوک سبھا میں رکن کی حیثیت سے حلف لینے کے بعد احاطہ پارلیمنٹ میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے ناگیشور راؤ نے کہا کہ مودی حکومت نے اپنی پہلی میعاد میں تلنگانہ کے لئے ایک روپیہ بھی جاری نہیں کیا۔ اس مرتبہ مرکز سے زیادہ سے زیادہ فنڈ حاصل کرنے کے لئے دباؤ ڈالا جائے گا۔ آندھراپردیش کی تنظیم جدید بل کے مختلف وعدوں کو پورا کرنے کے لئے نریندر مودی حکومت پر دباؤ ڈالا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ تلنگانہ کے عوام نے ٹی آر ایس پارٹی کے زیادہ سے زیادہ ارکان کو منتخب کرواتے ہوئے جو ذمہ داری سونپی ہے اس ذمہ داری کو پورا کیا جائے گا۔ ڈپٹی فلور لیڈر پربھاکر ریڈی نے کہا کہ گذشتہ 5 سال کے دوران ٹی آر ایس پارٹی نے مرکز پر دباؤ ڈالتے ہوئے ہائی کورٹ کی تقسیم کے علاوہ قومی شاہراہوں کی منظوری حاصل کی تھی۔ اسی جدوجہد کو جاری رکھتے ہوئے مستقبل میں نئے پراجکٹس حاصل کرنے کی کوشش کی جائے گی' خاص طور پر کالیشورم پراجکٹ کو قومی پراجکٹ کا درجہ دینے اور دیگر پراجکٹس کے لئے زیادہ سے زیادہ فنڈس حاصل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

اسپیکر کے عہدے کے لئے این ڈی اے کی تائید پر ٹی آر ایس نے کوئی وعدہ نہیں کیا

حیدرآباد۔ 18 جون (پی ٹی آئی) تلنگانہ میں حکمراں ٹی آر ایس نے اسپیکر لوک سبھا کے عہدے کے لئے این ڈی اے امیدوار اوم برلا کی تائید پر کوئی وعدہ نہیں کیا ہے۔ قائد ٹی آر ایس پارلیمانی پارٹی ڈاکٹر کے کیشو راؤ نے آج کہا کہ جب یہ مسئلہ سامنے آئے گا اس وقت فیصلہ کیا جائے گا۔ انھوں نے گذشتہ ہفتہ کہا تھا کہ چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ کی زیر قیادت ٹی آر ایس' بی جے پی زیر قیادت این ڈی اے حکومت کی مسائل کی بنیاد پر تائید کرے گی۔ لوک سبھا میں 9 ارکان رکھنے والی ٹی آر ایس نے این ڈی اے حکومت کے تئیں اپنی پالیسی واضح کرتے ہوئے کہا تھا کہ ''کوئی دشمنی' کوئی دوستی نہیں''۔ سابقہ میعاد کے دوران ٹی آر ایس نے نوٹ بندی اور جی ایس ٹی کے علاوہ صدر جمہوریہ اور نائب صدر جمہوریہ کے عہدوں کے انتخابات کے وقت این ڈی اے کی تائید کی تھی۔

مضامین کے آن لائین مواد کی فراہمی کیلئے کمشنریٹ کالجیٹ ایجوکیشن اور ای ایم آر سی عثمانیہ یونیورسٹی کے درمیان معاہدہ

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) مختلف مضامین کے لئے آن لائن مواد کی فراہمی کے لئے کمشنریٹ کالجیٹ ایجوکیشن اور ایجوکیشنل ملٹی میڈیا ریسرچ سنٹر (ای ایم آر سی) عثمانیہ یونیورسٹی کے درمیان آج ایک معاہدہ اتفاق طے پایا۔ وائس چانسلر عثمانیہ یونیورسٹی پروفیسر ایس رامچند رم اور کمشنر کالجیٹ ایجوکیشن نوین متل کے علاوہ رجسٹرار یونیورسٹی پروفیسر گوپال ریڈی، ای ایم آر سی کے ڈائرکٹر پروفیسر نریندر، یونیورسٹی کی فینانس آفیسر شریمتی انا پورنا کے علاوہ عثمانیہ یونیورسٹی اور کالجیٹ ایجوکیشن کے عہدیداران موجود تھے۔ ای ایم آر سی عثمانیہ یونیورسٹی کی جانب سے مختلف مضامین جیسے سوشیالوجی، جرنلزم اینڈ ماس کمیونیکیشن، جغرافیہ اور سائیکالوجی وغیرہ کے لئے الکٹرانک مواد کالجیٹ ایجوکیشن کو فراہم کیا جائے گا۔ اس معاہدہ پر کمشنر کالجیٹ ایجوکیشن نوین متل نے مسرت کا اظہار کیا۔

بی ایڈ کورسس میں داخلوں کیلئے ایڈسیٹ نتائج کی آج اجرائی

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) تلنگانہ ایڈسیٹ 2019ء کے نتائج چہارشنبہ 19 جون کو تقریباً 12 بجے دن جاری کئے جائیں گے۔ پروفیسر ٹی پاپی ریڈی صدرنشین تلنگانہ اسٹیٹ کونسل برائے اعلیٰ تعلیم اور پروفیسر ایس رامچند رم وائس چانسلر عثمانیہ یونیورسٹی ایڈسیٹ 2019ء کے نتائج جاری کریں گے۔ تلنگانہ کے کالجس آف ایجوکیشن میں دوسالہ بی ایڈ کورس میں داخلوں کے لئے ایڈسیٹ 2019ء 31 مئی کو منعقد کیا گیا۔ اسٹیٹ کونسل برائے اعلیٰ تعلیم کی جانب سے عثمانیہ یونیورسٹی نے اس مشترکہ انٹرنس ٹسٹ ایڈسیٹ کا انعقاد کیا تھا جس میں 43113 امیدواروں نے شرکت کی تھی۔ پروفیسر ٹی مرنالنی ڈین فیکلٹی آف ایجوکیشن عثمانیہ یونیورسٹی وکنوینر ایڈسیٹ 2019ء نے امیدواروں کو مشورہ دیا کہ جنہوں نے ایڈسیٹ میں شرکت کی وہ تقریباً ایک بجے کے بعد اپنے ہال ٹکٹ نمبر اور تاریخ پیدائش ک ساتھ ویب سائٹ https://edcet.tsche.ac.in ملاحظہ کریں۔

ڈپلوما ان ایلمنٹری ایجوکیشن و پری اسکول ایجوکیشن کی کونسلنگ کا آغاز

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) ڈپلوما ان ایلمنٹری ایجوکیشن اور ڈپلوما ان پری اسکول ایجوکیشن کے دو سالہ کورس 20-2019ء میں داخلوں کے لئے ڈی سیٹ 2019ء کے کامیاب امیدواروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ ویب کونسلنگ میں شرکت کریں۔ اس کا شیڈول ڈی سیٹ کی ویب سائٹ پر دیا گیا ہے۔ ضلع حیدرآباد کے تمام اہل امیدواروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اپنے اسنادکی جانچ کے لئے گورنمنٹ ڈائیٹ کالج نزد میٹ حیدرآباد نزد دھری ٹمپل ونائک نگر نزد میڈ سے 20 تا 22 جون کے درمیان رجوع ہوں۔ پرنسپل گورنمنٹ ڈائیٹ کالج نزد میٹ نے امیدواروں کو مشورہ دیا کہ وہ گورنمنٹ ڈائیٹ کالج نزد میٹ تک پہنچنے کے لئے سکندرآباد بلوسی ہوٹل سے آر ٹی سی بس نمبر 16A اور 16AK کا استعمال کریں۔ کنوینر ڈی سیٹ 2019ء و اڈیشنل ڈائرکٹر ماڈل اسکولس حیدرآباد نے امیدواروں کو مشورہ دیا کہ وہ ڈی سیٹ کے شیڈول کے مطابق ویب کونسلنگ میں شرکت کریں اس کا شیڈول ڈی سیٹ کی ویب سائٹ http://deecet.cdse.telangana.gov.in پر ملاحظہ کریں۔ امیدواروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ویب کونسلنگ میں کالجس کے انتخاب کے دوران زیادہ سے زیادہ اختیارات کا استعمال کریں تاکہ سیٹ کے الاٹمنٹ کے مواقع میں اضافہ ہوسکے۔ ویب کونسلنگ کے شیڈول کو مذکورہ ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جاسکتا ہے۔

جگن اور کے ٹی آر کا آج دورۂ دہلی

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) چیف منسٹر آندھراپردیش جگن موہن ریڈی اور ٹی آر ایس کے کارگذار صدر کے تارک راما راؤ 19 جون کو دہلی کے دورے پر روانہ ہوں گے۔ پارلیمانی امور کے انچارج پرہلاد جوشی کی قیادت میں چہارشنبہ کو دوپہر قومی دارالحکومت میں ایک اجلاس طلب کیا گیا ہے جس میں دونوں قائدین شرکت کریں گے۔ پارلیمانی اجلاس کے آغاز کے بعد پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر نے تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین کا ایک اجلاس طلب کیا ہے، اس سلسلہ میں تمام سیاسی جماعتوں کو مکتوب روانہ کئے گئے ہیں۔ وائی ایس آر کانگریس پارٹی کی جانب سے جگن موہن ریڈی اور ٹی آر ایس کی جانب سے تارک راما راؤ نے اس اجلاس میں شرکت کا فیصلہ کیا ہے۔

سڑک حادثہ میں اداکار چنٹی زخمی

سوریاپیٹ ۔ 18 جون (یو این آئی) اداکار اور کامیڈین سی چنٹی آج صبح ضلع سوریاپیٹ کے کوداڑ میں قومی شاہراہ پر رونما سڑک حادثہ میں اس وقت زخمی ہوگئے جب کار جس میں وہ سفر کررہے تھے ایک لاری سے ٹکرا گئی۔ پولیس نے بتایا کہ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب کار' وجئے واڑہ سے حیدرآباد آرہی تھی۔ زبردست شہرت رکھنے والے چنٹی کو کوداڑ کے ایک خانگی دواخانہ میں شریک کروایا گیا تھا، بعدازاں انھیں بہتر علاج کے لئے حیدرآباد کے ایک کارپوریٹ ہاسپٹل کو منتقل کیا گیا۔

''ہم این ڈی اے کا حصہ نہیں''

دستوری طور پر مرکز سے ریاست کا رشتہ برقرار: کے سی آر

حیدرآباد۔18۔جون (اعتماد نیوز) چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ نے واضح کیا کہ ہم این ڈی اے کا حصہ نہیں ہے۔ انہوں نے آج کابینہ کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔ اس موقع پر پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں چیف منسٹر نے کہا کہ ہم این ڈی اے کا حصہ نہیں وہ فیڈرل فرنٹ کے حامی ہے اس میں کیا غلطی ہے۔ چندر شیکھر راؤ نے کہا کہ ان کی پارٹی سیاسی طور پر مستحکم اور مضبوط ہے پارٹی نے کئی ریکارڈس بنائے ہیں۔ اسمبلی انتخابات میں شاندار کامیابی حاصل ہوئی' پارلیمانی انتخابات میں حکمراں جماعت نے زیادہ سے زیادہ نشستوں پر کامیابی حاصل کی اور ضلع پریشد انتخابات میں پارٹی نے تمام نشستوں پر مکمل قبضہ کیا۔ مرکز کے ساتھ تعلقات کے مسئلہ پر انہوں نے کہا کہ دستوری طور پر ریاست کا مرکز کے ساتھ جو رشتہ ہوتا ہے ریاست وہ رشتہ برقرار رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے مرکز کے ساتھ تعلقات سے متعلق کہانیاں بنانے والوں پر تنقید کی اور واضح کیا کہ سابق میں جب تلنگانہ کے 7 منڈل حاصل کرلئے گئے تھے اس وقت انہوں نے وزیراعظم نریندر مودی پر شدید تنقید کی تھی۔ چندر شیکھر راؤ نے کہا کہ مرکز کی جانب سے کئے گئے فیصلوں پر پارٹی اپنی پسند اور ناپسند کے حساب سے تائید یا مخالفت کرے گی۔ کالیشورم پراجکٹ کی افتتاحی تقریب میں وزیراعظم کی شرکت سے متعلق پوچھے گئے سوال کے جواب میں انہوں نے اخباری نمائندوں سے الٹا سوال کیا کہ کیا انہیں یہ بات پسند نہیں کہ وہ اس پراجکٹ کا افتتاح کریں ؟

عازمین حج کا پہلا قافلہ 26 جولائی کو روانہ ہوگا

(خبر صفحہ 2)

سرکاری ملازمین کی حد عمر سبکدوشی میں اضافہ کی مخالفت

عثمانیہ یونیورسٹی میں طلبہ جے اے سی کا احتجاج

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) عثمانیہ یونیورسٹی میں طلبہ جے اے سی اور بیروزگاروں کی جے اے سی کے چیرمین کی مانوت رائے کی قیادت میں سرکاری ملازمین کے سبکدوشی کی حد عمر 58 سال سے بڑھا کر 61 سال کرنے اور ٹیچنگ ہاسپٹلس کے پروفیسرس کی سبکدوشی کی حد عمر 58 سال سے بڑھا کر 65 سال کردینے ریاستی حکومت کی تجویز کی مخالفت کرتے ہوئے احتجاج کیا گیا۔ احتجاج میں یونیورسٹی کے طلبہ تنظیموں کے قائدین نے شرکت کی۔ اس موقع پر مانوت رائے نے بطور احتجاج اپنا سر منڈوا دیا۔ انھوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ سرکاری ملازمین کی سبکدوشی کی حد عمر میں کسی بھی صورت میں اضافہ نہ کرے'اس سے بے روزگار نوجوانوں کو نقصان ہوگا اور سرکاری ملازمتوں کے مواقعوں سے نوجوان محروم ہوجائیں گے۔ یونیورسٹی کی مین لائبریری کے پاس طلبہ نے کافی دیر تک احتجاج کیا اور حکومت کے خلاف نعرے لگائے۔ انھوں نے 58 سال مکمل کرنے والے ملازمین کو فوری سبکدوش کرتے ہوئے ان کی جگہ بے روزگاروں کی خدمات حاصل کرنے کا مطالبہ کیا۔ گروپ I کا اعلامیہ فوری جاری کرنے ٹی آر ٹی کے منتخب امیدواروں کو فوری تقررنامے دینے' جولائی سے 3,016 روپے بے روزگاری بھتہ جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔ اسی طرح احتجاجی طلبہ نے جونیر لکچرر اور ڈگری لکچرر کے تقررات کے لئے اعلامیہ جاری کرنے پر زور دیا۔ یونیورسٹیز میں ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ ملازمین کی جائیدادوں پر تقررات کرنے اور مختلف محکموں میں مخلوعہ جائیدادوں کو کی تفصیلات پر وہائٹ پیپر جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔ اس احتجاج میں طلبہ جے اے سی کے قائدین وینکٹیش چوہان' کرشنا' ونود کمار' جگناتھ یادو' تروپتی ریڈی' سری سیلم اور دوسرے شامل تھے۔

لوک سبھا میں تلنگانہ کے ارکان کی حلف برداری

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) 17 ویں لوک سبھا میں ریاست تلنگانہ کے ارکان پارلیمنٹ نے آج حلف لیا۔ ٹی آر ایس کے 9 ' کانگریس کے 3 اور بی جے پی کے 2 ارکان پارلیمنٹ نے حلف لیا۔ ابتداء میں پداپلی کے رکن پارلیمنٹ وینکٹیش' ان کے بعد بنڈی سنجے کمار' اروند دھرم پوری' بی بی پاٹل' کے پربھاکر ریڈی' ریونت ریڈی' ڈاکٹر رنجیت ریڈی' سرینواس ریڈی' پی راملو' اتم کمار ریڈی' کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی' پی دیاکر' ماروتی کویتا' ناما ناگیشور راؤ نے حلف لیا۔ وینکٹیش' بی سنجے کمار' کے پربھاکر ریڈی' ریونت ریڈی' ٹی راملو' کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی' پی دیاکر' ماروتی کویتا' این ناگیشور راؤ نے تلگو زبان میں حلف لیا جب کہ اروند دھرم پوری' رنجیت ریڈی' سرینواس ریڈی اور اتم کمار ریڈی کی حلف برداری انگریزی زبان میں ہوئی۔ بی بی پاٹل نے ہندی زبان میں حلف لیا۔

جناب کوثر محی الدین رکن اسمبلی کا آج دورۂ سنگا ریڈی اور میدک

حیدرآباد ۔ 18 جون (پریس نوٹ) صدر کل ہند مجلس اتحاد المسلمین بیرسٹر اسد الدین اویسی رکن پارلیمنٹ کی ہدایت پر جناب کوثر محی الدین رکن اسمبلی کاروان (مجلس) چہارشنبہ 19 جون کو سنگا ریڈی اور میدک کا دورہ کریں گے۔ بلدی انتخابات کے سلسلہ میں یہ دورہ کیا جارہا ہے۔ جناب مصطفیٰ علی مظفر کارپوریٹر اور جناب منظور خان ناغر بھی جناب کوثر محی الدین کے ساتھ رہیں گے۔

کانگریس میں ہی رہوں گا: کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) کومٹ ریڈی برادرس کی بی جے پی میں شمولیت کی اطلاعات کے درمیان آج کانگریس کے رکن پارلیمنٹ کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے واضح کیا کہ وہ کانگریس پارٹی سے علحدگی اختیار نہیں کررہے ہیں۔ انھوں نے آج پارلیمنٹ میں حلف برداری کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ایمس کے فنڈس اور دیگر مسائل پر پارلیمنٹ میں جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ دو دن قبل کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی کے بھائی راج گوپال ریڈی جو ضلع نلگنڈہ کے حلقہ مونوگوڑو سے کانگریس کی نمائندگی کرتے ہیں' نے بی جے پی میں شمولیت کا اشارہ دیتے ہوئے کانگریس قیادت پر تنقید کی تھی۔ اس پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کانگریس کے رکن پارلیمنٹ نے بتایا کہ وہ کانگریس سے علحدگی اختیار نہیں کررہے ہیں اور کسی پارٹی میں شامل نہیں ہورہے ہیں۔ انھوں نے اس طرح کی اطلاعات کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ وہ کانگریس میں ہی برقرار رہیں گے۔

کشن ریڈی نے بھارت ماتا کی جئے کے نعرے لگانے کی ترغیب دی

حیدرآباد۔18 رجون (اعتماد نیوز) مرکزی مملکتی وزیر داخلہ کشن ریڈی لوک سبھا میں تلنگانہ کے ارکان پارلیمنٹ کو بھارت ماتا کی جئے کے نعرے لگانے کی ترغیب دیتے نظر آئے۔ ظہیرآباد کے ٹی آر ایس کے رکن پارلیمنٹ بی بی پاٹل نے ہندی زبان میں حلف لیا۔ انھوں نے جئے تلنگانہ' جئے جئے تلنگانہ کے نعرے لگائے۔ ذرائع کے مطابق اس وقت کشن ریڈی نے انھیں بھارت ماتا کی جئے کا نعرہ لگانے کی ترغیب دی۔ میدک کے رکن پارلیمنٹ پربھاکر ریڈی نے جئے بھارت اور جئے تلنگانہ کے نعرے لگائے جس پر کشن ریڈی نے مسرت کا اظہار کرتے ہوئے ان کی ستائش کی۔

اپوزیشن، آبپاشی پراجکٹس کی تعمیر کی مخالف نہیں: چندر شیکھر ریڈی

حیدرآباد۔18 رجون (اعتماد نیوز) تلنگانہ تلگودیشم کے سینئر قائد آر چندر شیکھر ریڈی نے حکمراں جماعت کے اس الزام کو مسترد کردیا جس میں اپوزیشن پر آبپاشی پراجکٹس کی تعمیر میں رکاوٹیں حائل کرنے کا الزام عائد کیا گیا تھا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے چندر شیکھر ریڈی نے واضح کیا کہ آبپاشی پراجکٹس کی تعمیر کی اپوزیشن جماعتیں مخالف نہیں ہیں اور نہ ہی تعمیری کاموں میں رکاوٹیں حائل کررہی ہیں۔ صرف اپوزیشن جماعتوں کا یہ مطالبہ ہے کہ کسی بھی پراجکٹ کی تعمیر سے قبل اس کا ڈی پی آر عوام کے سامنے پیش کیا جائے تاکہ بدعنوانیوں اور دھاندلیوں کا موقع فراہم نہ ہوسکے۔ انھوں نے کہا کہ کالیشورم پراجکٹ کے علاوہ دیگر کئی پراجکٹس ابتداء میں چند ہزار کروڑ روپے کے بتائے گئے تھے، لیکن اس کا تخمینہ کئی گنا بڑھ گیا۔ انھوں نے کہا کہ ری ڈیزائن کے نام پر کمیشن حاصل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ تلگودیشم قائد نے کہا کہ آبپاشی پراجکٹ کو ری ڈیزائن کرنے کے بعد بھی پانی کی مقدار میں اضافہ نہیں ہورہا ہے۔ انھوں نے کالیشورم پراجکٹ کی تفصیلات عوام کے سامنے پیش کرنے وائٹ پیپر کی اجرائی کا مطالبہ کیا۔

جرائم وحادثات

راجندر نگر' حسن نگر' مدینہ مسجد علاقوں میں پولیس کی گھر گھر تلاشی مہم

سڑک حادثات۔ میاں بیوی کے بشمول 4 افراد ہلاک۔3 شدید زخمی

لالہ پیٹ میں برقی شاک لگنے سے ایک نابالغ طالبہ ہلاک

بنجارہ ہلز میں منشیات کی اسمگلنگ میں ملوث میاں، بیوی گرفتار

......خبریں صفحہ 3......

ایڈیٹر' پرنٹر' پبلیشر و مالک برہان الدین اویسی نے روزنامہ 'اعتماد' کو اعتماد پریس دارالسلام' آغاپورہ' حیدرآباد۔500001' تلنگانہ (انڈیا) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر RNI.TELURD/2004/14061 'پوسٹل رجسٹریشن نمبر H-HD-Gpo-001/2017-19
ٹیلیفون: 040-24802820۔ فیاکس: 04024802821-04024803531۔ ای میل: etemaad55@gmail.com ویب سائٹ: www.etemaddaily.com

حدیث شریف

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں میں سب سے زیادہ عاجز وہ شخص ہے جو دعا کرنے سے عاجز ہو یعنی دعا نہ کرتا ہو اور لوگوں میں سب سے زیادہ بخیل وہ ہے جو سلام میں بخل کرے۔
(حضرت ابوہریرہؓ۔ طبرانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آیت شریف

اور رات و دن اور چاند و سورج اللہ کی قدرت کی نشانیوں میں سے ہیں تم لوگ نہ سورج کو سجدہ کرو اور نہ چاند کو بلکہ اللہ ہی کو سجدہ کرو جس نے ان چیزوں کو پیدا کیا ہے اگر تم کو اس کی عبادت منظور ہے۔
(سورہ حم سجدہ۔ آیت 37)

ریاست میں غریب طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی

نرمل میں اقامتی اسکول کا افتتاح۔ وزیر اندرا کرن ریڈی کا خطاب

نرمل ۔ 18 جون (اعتماد نیوز) ریاست میں پسماندہ طبقات کے طلبہ کے سنہرے مستقبل کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔ طلبہ کو معیاری تعلیم' تغذیہ بخش غذا اور بہترین سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں۔ ریاست میں بڑے پیمانے پر اقامتی اسکولس قائم کئے گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ریاستی وزیر جنگلات و ماحولیات' وہندو اوقاف اندرا کرن ریڈی نے کیا۔ وہ نرمل شہر کے محلہ شانتی نگر میں جیوتی با پھولے ریسیڈنشیل اسکول کی افتتاحی تقریب کے موقع پر خطاب کررہے تھے۔ اندرا کرن ریڈی نے کہا کہ ریاست بھر میں ایک ہی دن 119 اقامتی اسکولس کا افتتاح عمل میں لایا گیا ہے جو ملک بھر میں ایک مثال ہے۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ متحدہ ریاست آندھراپردیش میں صرف 296 اقامتی اسکولس تھے۔ اسکولس میں بنیادی سہولتیں بھی میسر نہیں تھیں۔ قیام تلنگانہ کے بعد 542 اقامتی اسکولس کا قیام عمل میں لایا گیا اور طلبہ کو اسکولس میں تمام سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت فی طالب علم پر سالانہ زائد از ایک لاکھ روپے خرچ کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسکول میں ہر سال جماعتوں میں اضافہ کیا جائے گا۔ آن لائن درخواستوں کی وصولی کے ذریعہ داخلے دیئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ تمام سہولتوں سے بھرپور استفادہ کریں اور اعلیٰ تعلیم کے حصول کے ذریعہ اپنے مستقبل کو تابناک بنائیں۔ سخت محنت سے تعلیم حاصل کی جائے۔ اس موقع پر طلبہ میں درسی کتب کی تقسیم عمل میں آئی۔ تقریب میں ڈی ای او پرانیتا' صدرنشین زرعی مارکٹ کمیٹی راجندر' سابق صدرنشین بلدیہ ایشور کے اشوک' پردیپ' اے کشن' جاوید' سلیم' اطہر اور دوسرے موجود تھے۔

بیرسٹر اسدالدین اویسی کی جرأت مندی کی ستائش: کمال الدین علی خان

حیدرآباد18 ۔ جون (اعتماد نیوز) پارلیمنٹ میں ارکان کی حلف برداری کے موقع پر حکمران

جماعت بی جے پی کے ارکان کی جانب سے مختلف نعروں اور شوروغل کے جواب میں بیرسٹر اسدالدین اویسی صدر کل ہند مجلس اتحادالمسلمین و رکن پارلیمنٹ حیدرآباد کی جانب سے جو نعرہ لگایا گیا وہ ہندوستانی جمہوریت کے لئے ایک بہترین مثال ہے۔ جناب میر کمال الدین علی خان رجسٹرار خواجہ بندہ نواز یونیورسٹی گلبرگہ شریف نے آج ایوان پارلیمنٹ میں نعروں اور جوابی نعروں پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ بیرسٹر اسدالدین اویسی نے جو نعرہ لگایا ہے آج تک کسی نے ایسی جراءت نہیں کی۔ انہوں نے بیرسٹر اسداویسی کی عافیت کے ساتھ درازی عمر کے لئے دعا کی۔

جان پر کھیل کر دوسروں کی جان بچانا آسان نہیں

100 سے زائد افراد کو ڈوبنے سے بچانے والے نوجوان سے بات چیت

عزیز احمد تسلیم

اپنی جان جوکھم میں ڈال کر کسی کو بچانا بہادری کا کام ہے۔ کہنے اور سننے میں یہ بات اچھی معلوم ہوتی ہے لیکن حقیقت میں اس کے لئے انتہائی بہادری کی ضرورت ہوتی ہے۔ شہر حیدرآباد ایک ایسا نوجوان ہے جس نے اپنی جان جوکھم میں ڈال کر 100 سے زائد افراد کی جان بچائی ہیں۔ ہنمنتو عرف شیوا نامی نوجوان کے حقیقی والدین کا کوئی اتہ پتہ نہیں ہے۔ حسین ساگر سے متصل کٹہ میسماں مندر کے احاطہ میں وہ اپنی بیوی اور 6 بچوں کے ساتھ مقیم ہے۔ آسمان ہی اس کا چھت اور زمین ہی اس کا فرش ہے۔ سردی' گرمی' بارش چاہے کوئی بھی موسم ہو وہ اپنے ارکان خاندان کے ساتھ یہیں رہتا ہے۔ شیوا نے حسین ساگر جھیل میں چھلانگ لگا کر خودکشی کرنے والوں کی جہاں جان بچائی وہیں اس نے ہزاروں نعشوں کو بھی پانی سے نکالا ہے۔ وہ گذشتہ 18 سال سے یہ کام کررہا ہے۔ وہ ایک ماہر غوطہ خور ہے' نہ صرف شہر بلکہ اطراف واکناف کے مقامات اور اضلاع میں بھی گہرے کنوؤں یا تالابوں سے نعشیں نکالنے کے لئے پولیس کی جانب سے اس کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں۔ ایک ملاقات کے دوران شیوا نے بتایا کہ اس کے ماں باپ کا پتہ نہیں ہے' جب اس نے ہوش سنبھالا تو اپنے آپ کو ہاسٹل میں پایا۔ ابتداء میں وہ یاقوت پورہ کے ایک ہاسٹل میں رہتا تھا بعدازاں اسے دلسکھ نگر ہاسٹل روانہ کیا گیا جہاں وہ اپنے دوستوں کے ہمراہ اطراف واکناف کے تالابوں اور کنوؤں میں شوقیہ طور پر تیراکی کیا کرتا تھا۔ یہی شوق اب اس کی زندگی کا مقصد بن گیا ہے۔ ابتداء میں شیوا، گنیش نمرجن کے موقع پر گنیش کی چھوٹی مورتیوں کو ایک ایک روپے کے عوض پانی میں چھوڑا کرتا تھا۔ زندگی میں پہلی بار کسی نعش کو پانی سے نکالنے کے تجربہ سے متعلق اس نے بتایا کہ دلسکھ نگر کے ہاسٹل کے بعد وہ خیریت آباد کے ہاسٹل منتقل ہوا تب اس کی عمر تقریباً 12 سال تھی۔ ایک دن وہ اپنے دوستوں کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا کہ اس دوران سیف آباد پولیس اسٹیشن کے ملازمین کسی نامعلوم شخص کی نعش کو حسین ساگر جھیل سے نکالنے کے لئے غوطہ خور کی تلاش میں پہنچے۔ معلومات حاصل کرنے پر پولیس ملازمین نے بتایا کہ انہیں غوطہ خور کی تلاش ہے جو پانی سے نعش کو باہر نکال سکے۔ شیوا کے مطابق وہ فوری طور پر اس کام کے لئے تیار ہوگیا اور اس نے حسین ساگر میں چھلانگ لگا کر نعش کو باہر نکالا۔ اسے اس وقت اس کام کے لئے 30 روپے دیئے گئے تھے۔ اس نے بتایا کہ اس کے آگے پیچھے کوئی نہیں تھا اور اس نے نعشوں کو نکالنے کے لئے ہونے والی مشکلات دیکھ کر یہ فیصلہ کیا کہ وہ پانی سے نعشوں کو نکالنے کا کام کرے گا۔ اس کے مطابق اس نے ریلوے ٹریک سے بھی نعشوں کو اٹھا کر مردہ خانہ منتقل کیا ہے۔ اس کے پاس نعشوں کو پانی سے نکالنے کی تصاویر کا خزانہ موجود ہے جس میں اسے انتہائی مسخ شدہ نعشوں کو نکالتے ہوئے بھی دیکھا جاسکتا ہے۔ جب اس سے پوچھا گیا کہ آیا اسے نعشیں نکالنے سے خوف نہیں ہوتا' شیوا نے بتایا مجھے ڈر نہیں لگتا، ڈر کا ہے کا، چوری کرے تو ڈرنا اچھا کام کرنے کیلئے ڈرنے کی کیا ضرورت ہے؟ اس نے مزید بتایا کہ جب وہ ہاسٹل سے نکلنے کے بعد شہر کی سڑکوں پر گشت کرتا تھا اور فٹ پاتھ پر زندگی گزارا کرتا تھا اس وقت

ملیشوراماں نامی ایک خاتون نے اسے اپنا منہ بولا بیٹا بنالیا حالانکہ خاتون کو ایک بیٹا موجود تھا اس کے باوجود وہ اسے اپنے بیٹے کی طرح بے پناہ چاہتی ہے۔ چند سال قبل خاتون کا بیٹا جو پیشہ سے پینٹر تھا کام کے بعد ہاتھ منہ دھونے کے دوران تالاب میں غرق ہوگیا۔ شیوا نے بتایا کہ اسے اپنے بھائی کی موت پر انتہا سے زیادہ تکلیف ہوئی اور اسے اس بات کا صدمہ تھا کہ وہ اپنے بھائی کی جان نہیں بچاسکا۔ شیوا نے کہا کہ وہ جب بھی کسی کی جان بچاتا ہے تو اس میں اسے اپنے بھائی کی جھلک نظر آتی ہے اور وہ یہ محسوس کرتا ہے کہ اس نے اپنے بھائی کی جان بچالی ہے۔ اقدام خودکشی کرنے والے افراد کو پانی سے نکالنے کے دوران ہونے والی مشکلات کے تعلق سے اس نے بتایا کہ پانی میں ڈوبنے والا شخص خوفزدہ ہوتا ہے اور وہ غرق ہونے سے محفوظ رہنے کے لئے بچانے والے کو پکڑ لیتا ہے۔ اس نے کہا کہ تقریباً تین مرتبہ وہ غرق ہونے سے محفوظ رہا۔ محکمہ پولیس کی جانب سے نعشوں کو نکالنے کے لئے شیوا کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں اور وہ اپنا زیادہ تر وقت کٹہ حسین ساگر پر ہی گزارتا ہے تاکہ اقدام خودکشی کرنے والوں کو روکا جاسکے۔ گزربسر کے لئے وہ جو بھی کام مل جائے کرلیا کرتا ہے۔ شیوا کی غربت کو دیکھ کر انسپکٹر لیک پولیس دھنالکشمی نے اس کے تین بچوں کا اقامتی اسکول میں داخلہ کروایا جہاں وہ زیرتعلیم ہیں۔ انھوں نے نہ صرف بچوں کو داخلہ دلوایا بلکہ ان کے لئے ضروری سامان کا بھی انتظام کیا۔ محکمہ پولیس کی جانب سے شیوا کی خدمات کو دیکھتے ہوئے اسے ہوم گارڈ کی ملازمت فراہم کرنے کی غرض سے سابق میں کارروائی شروع کی گئی تھی' یہ کارروائی مختلف مرحلوں سے گزرتے ہوئے درمیان میں ہی رک گئی۔ اسے ڈبل بیڈروم مکان کی فراہمی کا بھی تیقن دیا گیا تھا' شیوا جسے کل تک اپنے مستقبل کی فکر نہیں تھی آج وہ اپنے بچوں کے مستقبل کے لئے فکرمند ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ اس کے بچے پڑھ لکھ کر اچھے شہری بنیں۔ اس نے کہا کہ وہ اپنی زندگی فٹ پاتھ پر گزار چکا ہے جب تک وہ تنہا تھا اس نے حکومت سے مدد طلب نہیں کی لیکن اب اسے اپنے بچوں کیلئے حکومت کی مدد کی ضرورت ہے۔ شیوا کا حکومت سے مطالبہ ہے کہ اگر حکومت کی جانب سے ڈبل بیڈروم مکان اور محکمہ پولیس میں ملازمت حاصل ہوجائے تو وہ اپنا یہ خواب شرمندہ تعبیر کرسکتا ہے۔ اس کے مطابق وہ پولیس کے غوطہ خور کی حیثیت سے نعشیں نکالنے کا کام کرے گا۔ شیوا کا کوئی نہیں ہے البتہ اس کا ایک دوست رمیش بابو ہے جو بھوئی گوڑہ میں جم ٹرینر ہے۔ وہ اپنا دکھ درد اسی کے ساتھ بانٹا کرتا ہے۔ فٹ پاتھ پر ہونے کی وجہ سے شیوا کا آدھار کارڈ نہیں بن سکا تھا تاہم جم ٹرینر نے اپنے گھر کے پتے پر شیوا کا آدھار کارڈ بنوایا۔ اس نے اپنی شادی بھی ایک غریب لڑکی سے کی اور اس کی بیوی بھی شاندار تیراک ہے اس نے دو افراد کو بچایا۔ شیوا انتہائی مسخ شدہ نعشیں بھی پانی سے نکالتا ہے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ اس کے پاس تعفن سے محفوظ رہنے اور شخصی حفاظت کا کوئی انتظام نہیں ہے اور نہ ہی اسے اس طرح کی کوئی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ شیوا نے کہا ہے کہ وہ نعشوں کو نکالنے کا کام تاحیات جاری رکھے گا اس نے خودکشی اور اقدام خودکشی جیسا انتہائی اقدام کرنے والوں سے اپیل کی ہے کہ وہ دوسروں کے لئے اپنی قیمتی جان کی قربانی نہ دیں۔

عادل آباد میں ٹیلرنگ کی مفت تربیت کے لئے درخواستوں کی طلبی

عادل آباد ۔ 18 جون (اعتماد نیوز) نیشنل اکیڈیمی آف کنسٹرکشن (نیاک) ڈائرکٹر رگھوناتھ کے مطابق نیاک کے زیراہتمام 18 تا 35 سال کی خواتین کو مفت ٹیلرنگ کی تربیت فراہم کی جائے گی۔ امیدواروں کا ساتویں جماعت یا اس سے زائد تعلیمی قابلیت کا حامل ہونا ضروری ہے۔ ٹیلرنگ کی مفت تربیت کے لئے درخواستیں 21 جون سے قبل صداقت نامہ ذات پات' راشن کارڈ' آدھار کارڈ کی زیراکس کے علاوہ چار تصاویر کے ہمراہ دفتر نیاک میں داخل کی جانی چاہئیں۔ رگھوناتھ نے بتایا کہ خواتین کو بحق ڈائرکٹر جنرل نیاک 1000 روپے کا ڈی ڈی بھی جمع کروانا ہوگا۔ تفصیلات کے لئے فون 9395111496 یا 9393214465 پر ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔

کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے ہر ممکن اقدامات کا وعدہ

نظام آباد میں اولمپک دوڑ کا افتتاح۔ ضلع کلکٹر رام موہن راو اور دیگر کا خطاب

نظام آباد ۔ 18 جون (اعتماد نیوز) ضلع کلکٹر نظام آباد رام موہن راو نے کہا کہ کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور درکار سہولتوں کی فراہمی کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے۔ یوم اولمپک دوڑ کے موقع پر آج مقامی راجہ راجندرا چورا ہے پر نومنتخب صدرنشین ضلع پریشد وٹھل راو' رکن اسمبلی نظام آباد اربن گنیش گپتا' میئر آکولہ سجاتا کے ہمراہ اولمپک دوڑ کا کلکٹر نے جھنڈی دکھا کر آغاز کیا اور کھیلوں کی مشعل کو تھاما۔ بعدازاں کلکٹریٹ میدان میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رام موہن راو نے کہا کہ کھیل کود کی سرگرمیوں کے باعث صحت و تندرستی کے ساتھ ساتھ ذہنی سکون بھی حاصل ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 23 جون کو منعقد شدنی اولمپک مقابلوں سے قبل ضلع میں اولمپک رن کا انعقاد عمل میں لایا گیا ہے۔ کلکٹر نے کہا کہ کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے حکومتی سطح پر سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع نظام آباد سے وابستہ سوندریا' سومیا' پورنا' نکہت زرین' گوداوری' سردار حسن' ومشیکا' محمد حسام الدین و دیگر نے مختلف کھیلوں میں قومی اور بین الاقوامی سطح پر میڈلس حاصل کئے اور ضلع کا نام روشن کیا ہے۔ انہوں نے تمام کھلاڑیوں' ان کے ارکان خاندان اور حوصلہ افزائی کرنے والوں کو مبارکباد پیش کی۔ رام موہن راو نے کہا کہ سرکاری تعلیمی اداروں کے طلباء و طالبات کی کھیل کود کی سرگرمیوں میں حوصلہ افزائی کے لئے ریاستی حکومت کی جانب سے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ ہاسٹلس اور اسکولس کی سطح پر کھیلوں کے مقابلے منعقد کئے جارہے ہیں۔ ناگارام اور جکران پلی کے اسپورٹس اسٹیڈیمس میں سہولتوں کی فراہمی عمل میں لائی جائے گی۔ کھلاڑیوں کو درکار کٹس کی فراہمی کے لئے مساعی کی جائے گی۔ صدرنشین ضلع پریشد وٹھل راو نے کہا کہ ضلع سے وابستہ کئی کھلاڑیوں کا مختلف کھیلوں میں قومی اور بین الاقوامی سطح پر شاندار مظاہرہ باعث فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیل کود کی سرگرمیوں سے صحت اور تندرستی کے ساتھ ساتھ شاندار مستقبل بھی حاصل ہوتا ہے۔ رکن اسمبلی نظام آباد اربن گنیش گپتا نے کہا کہ ورزش کے باعث صحت و تندرستی برقرار رہتی ہے۔ انہوں نے نوجوان لڑکے لڑکیوں میں کھیل کود کی سرگرمیوں کے فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے شعور بیداری پر نظام آباد اولمپک اسوسی ایشن کو مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر ضلع اسپورٹس آفیسر کرشنا راو' صدر ریاستی باسکٹ بال اسوسی ایشن راجندر ریڈی ایڈوکیٹ' صدر ضلع ٹی این جی اوز کشن' انچارج اولمپک رن لنگیا' اسپورٹس اسوسی ایشن کے نمائندے' عہدیداران اور دوسرے موجود تھے۔

لوک سبھا انتخابات

امیدواران اخراجات کی تفصیلات پیش کریں: کلکٹر نظام آباد

نظام آباد۔18 جون (اعتماد نیوز) ضلع کلکٹر نظام آباد رام موہن راو نے کہا کہ لوک سبھا انتخابات میں مقابلہ کرنے والے امیدواران انتخابی اخراجات کی تفصیلات 21 جون تک پیش کریں۔ وہ مقامی پرگتی کانفرنس ہال میں منعقدہ اجلاس کے موقع پر خطاب کررہے تھے۔ اس موقع پر انتخابی اخراجات کے مبصرین کرن موہن' تارا پرکاش اور دوسرے موجود تھے۔ رام موہن راو نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے قواعد کے مطابق امیدواران 21 جون تک اخراجات کی تفصیلات پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہر امیدوار بہرصورت انتخابات کی تفصیلات پیش کرے۔ اگر کوئی امیدوار اخراجات کی تفصیل پیش نہیں کرتا ہے تو 6 برسوں کے بشمول دوسری میعاد کے لئے انتخابات میں مقابلہ کے لئے اہل نہیں ہوگا۔

بھیڑ بکریوں کے لئے ادویہ کی مفت فراہمی

سوریا پیٹ میں وزیر جگدیش ریڈی نے پروگرام کا آغاز کیا

سوریا پیٹ ۔ 18 جون (اعتماد نیوز) ریاستی وزیر تعلیم جگدیش ریڈی نے حیوانات میں بیماریوں کی روک تھام کے لئے مفت ادویات کی فراہمی کے ہفتہ واری پروگرام کا آغاز کیا۔ ریاستی وزیر نے چیوملا گاوں میں دیونا کالج کے احاطہ میں بھیڑ بکریوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لئے خوراک پلائی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جگدیش ریڈی نے کہا کہ مویشیوں اور بھیڑ بکریوں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لئے دوائیں فراہم کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مویشیوں کے لئے چارہ کا بھی نظم کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع سوریا پیٹ کے ہر منڈل میں 50 طبی ٹیموں کی مدد سے بھیڑ بکریوں کو دوا پلائی جائے گی۔ اس موقع پر ضلع کلکٹر سوریا پیٹ اموئے کمار' لنگیا یادو ایم پی' صدرنشین لائبریری سرینواس گوڑ' ماہر حیوانات وینو منوہر اور دوسرے موجود تھے۔

بھونگیر میں دھوکہ بازوں کی دو رکنی ٹولی گرفتار

مکانات کی تعمیر کے نام پر معذورین سے رقم کی وصولی۔ اے سی پی بھوجنگ راو کی پریس کانفرنس

بھونگیر۔ 18 جون (اعتماد نیوز) بھونگیر ٹاون پولیس نے دھوکہ بازوں کی دو رکنی ٹولی کو آج صبح بس اسٹانڈ کے قریب سے گرفتار کرلیا۔ اے سی پی بھونگیر بھوجنگ راو نے بھونگیر پولیس اسٹیشن میں پریس کانفرنس منعقد کی اور اخباری نمائندوں کو تفصیلات سے واقف کروایا۔ بھوجنگ راو نے بتایا کہ کرشماں نامی خاتون نے ملیاوی کرنودیہ کے نام سے کرمن گھاٹ' سرور نگر ضلع رنگاریڈی میں ایک سوسائٹی قائم کی اور خود چیرمین کی حیثیت سے سوسائٹی چلارہی تھی۔ کرشماں نے اپنے شوہر راجیو ریڈی کو سوسائٹی کا جنرل سکریٹری بنایا۔ یہ دونوں جیل میں محروس ہیں تاہم یہ جوڑا دو ایجنٹس 34 سالہ گنیش ساکن ناگی ریڈی پلی اور 30 سالہ نوین ساکن موٹا کنڈور کی مدد سے معصوم افراد کو دھوکہ دیتے ہوئے رقم وصول کررہا تھا۔ یہ ٹولی معذورین کے پاس اراضی ہونے پر امکنہ کی تعمیر کا وعدہ کرتی اور اڈوانس کے طور پر 30 ہزار روپے حاصل کرتی۔ اس ٹولی نے بھونگیر کے حسن آباد میں 19 افراد سے فی کس 30 ہزار روپے وصول کئے۔ متاثرین نے بھونگیر پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کروائی۔ پولیس نے تحقیقات کی اور اس ٹولی کے دو ارکان کو حراست میں لے لیا۔ بھوجنگ راو نے بتایا کہ کرشماں اور راجی ریڈی کو گذشتہ میں دھوکہ دہی کے ایک کیس میں گرفتار کیا گیا تھا جو ابھی بھی جیل میں محروس ہیں۔ اب یہ دونوں کے ایجنٹس کو گرفتار کیا گیا ہے۔ اس موقع پر انسپکٹر بھونگیر سریندر راو' سب انسپکٹر ناگی ریڈی اور دوسرے موجود تھے۔

عادل آباد میں مویشیوں کیلئے ادویہ کی فراہمی

عادل آباد۔18 جون (اعتماد نیوز) ڈائرکٹر محکمہ حیوانات ڈاکٹر سریش کے مطابق مویشیوں اور بھیڑ بکریوں کے تحفظ کے لئے ادویات فراہم کی جارہی ہیں۔ اس سلسلہ میں مہم 25 جون تک جاری رہے گی۔ ڈاکٹر سریش نے بتایا کہ مختلف بیماریوں سے مویشیوں اور بھیڑ بکریوں کو محفوظ رکھنے کے لئے دوائیں دی جارہی ہیں۔

کریم نگر کے مجلسی وفد کی کمشنر بلدیہ سے ملاقات

کریم نگر۔18 جون (اعتماد نیوز) مجلس اتحادالمسلمین کریم نگر کے ایک وفد نے محمد عباس سمیع سابق ڈپٹی میئر و صدر ٹاون مجلس کریم نگر کی قیادت میں میونسپل کارپوریشن کے نئے کمشنر وینو گوپال ریڈی سے ملاقات کی اور گلدستہ پیش کیا۔

اس موقع پر فلور لیڈر مجلس و رکن اسٹینڈنگ کمیٹی لنگم پلی سرینواس کے علاوہ سابق کارپوریٹر و معتمد ٹاون مجلس برکت علی' ساجد علی سابق کونسلر' سید قمرالدین' فیروز' معز' لنگم پلی راجو اور دوسرے موجود تھے۔ اس موقع پر مجلسی وفد نے وینو گوپال ریڈی کو مبارکباد پیش کی۔ وینو گوپال ریڈی نے سب کے تعاون سے اسمارٹ سٹی کریم نگر کو مزید ترقی دینے کے لئے کوئی کسر باقی نہ رکھنے کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ تمام زیرالتواء ترقیاتی کاموں کی انجام دہی کے لئے فنڈس کی اجرائی عمل میں لائی جائے گی۔

عازمین حج کی خدمت انبیاء کی سنت

کلواکرتی میں تربیتی اجتماع۔ مفتی تجمل حسین قاسمی کا خطاب

کلواکرتی ۔ 18 جون (اعتماد نیوز) حج سوسائٹی ضلع ناگرکرنول کی جانب سے ابوبکر فنکشن ہال کلواکرتی میں عازمین کا تربیتی اجتماع منعقد ہوا۔ مولوی عبدالحفیظ خان نقشبندی نے صدارت کی۔ مہمان خصوصی مفتی تجمل حسین قاسمی استاد حدیث دارالعلوم حیدرآباد نے خطاب کرتے ہوئے

کہا کہ حج بیت اللہ کی سعادت اور زیارت مدینہ شریف کا شرف بہت بڑی نعمت ہے۔ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں اپنے گھر کی زیارت کے لئے منتخب کرلیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ اپنے گھر کی زیارت کے لئے اپنے محبوب بندوں کو منتخب فرماتے ہیں۔ خوش نصیب ہیں تمام عازمین حج جو اللہ تعالیٰ کے مہمان بننے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پروردگار عالم کے نزدیک حجاج کا مقام و مرتبہ بہت بالا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عازمین کی خدمت انبیاء کی سنت ہے۔ لہذا عازمین اپنے مقام و مرتبہ کو سمجھیں۔ تقویٰ اور پرہیزگاری اختیار کریں۔ مفتی تجمل حسین قاسمی نے کہا کہ عازمین تمام مناسک حج سے واقفیت حاصل کریں اور پرسکون انداز میں مناسک کو ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ صرف اور صرف اللہ کی رضا اور خوشنودی کے لئے حج کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عازمین دوران حج صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں۔ تقریب کی کارروائی نائب صدر ضلع حج سوسائٹی ناگرکرنول مولانا عبدالوکیل حسامی نے چلائی۔ حافظ شبیر احمد خان نے عازمین کو احرام باندھنے کا طریقہ بتایا اور عملی تربیت بھی فراہم کی گئی۔

امداد المسلمین یوتھ کورٹلہ کی جانب سے غریب لڑکیوں کی شادی میں امداد

کورٹلہ۔18 جون (اعتماد نیوز) امداد المسلمین یوتھ کورٹلہ کی جانب سے 5 غریب لڑکیوں کی شادی میں امداد دی گئی۔ مکمل فرنیچر کا نظم کیا گیا۔ اس سلسلہ میں منعقدہ تقریب میں مفتی عبدالمعز امام و خطیب بسم اللہ مسجد مٹ پلی نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مفتی عبدالمعز نے کہا کہ آج معاشرہ میں جہیز کی لعنت زور پکڑ رہی ہے۔ جہیز کی لعنت کی وجہ سے کئی لڑکیاں بن بیاہی اپنے گھروں میں بیٹھی ہوئی ہیں۔ لڑکیوں کو والدین بوجھ متصور کررہے ہیں۔ مسلم معاشرہ میں بھی جہیز کی لعنت عروج پر ہے۔ جہیز اور گھوڑے جوڑے کی لعنت کے خاتمہ کے لئے ملت کے نوجوانوں کو آگے آنے کی ضرورت ہے۔ مفتی عبدالمعز نے کہا کہ مذہب اسلام

میں نکاح کو آسان بنانے کی تاکید کی گئی ہے۔ انہوں نے غریب لڑکیوں کی شادی میں امداد پر امداد المسلمین یوتھ کے ذمہ داران کو مبارکباد پیش کی اور ان کی خدمات کی بھی ستائش کی۔ انہوں نے بتایا کہ امداد المسلمین یوتھ کی جانب سے ڈھائی سال کے دوران 65 غریب لڑکیوں کی شادی میں فرنیچر فراہم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوتھ کے ارکان نے خون کے عطیہ کے ذریعہ بھی ضرورت مندوں کی مدد کی ہے۔ اس موقع پر صدر یوتھ محمد مبین' محمد امیرالدین' محمد شاکر' محمد عامر' عمران' واجد' صادق' ملا علیم الدین' شکیل' معز' سمیر' زکریا اور دوسرے موجود تھے۔

ریاست میں تمام طبقات کی بھلائی کیلئے اقدامات

نظام آباد میں شادی مبارک اسکیم کے چیکس کی تقسیم۔ گنیش گپتا کا خطاب

نظام آباد۔18 جون (اعتماد نیوز) رکن اسمبلی نظام آباد اربن گنیش گپتا نے آج شہر کے نیوامبیڈکر بھون میں منعقدہ تقریب میں کلیان لکشمی اور شادی مبارک اسکیمات کے تحت 245 درخواست گزاروں میں چیکس تقسیم کئے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے گنیش گپتا نے کہا کہ چیف منسٹر کے چندرشیکھر راو کی

قیادت میں تمام طبقات کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ منفرد فلاحی اسکیمات کو متعارف کیا گیا ہے جس کی ملک بھر میں نظیر نہیں ملتی۔ گنیش گپتا نے کہا کہ نومولود بچوں کی صحت و تندرستی کے لئے بھی ریاستی حکومت نے اقدامات کئے ہیں۔ حاملہ خواتین کو آنگن واڑی مراکز کے ذریعہ تغذیہ بخش غذا فراہم کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری دواخانوں میں زچگی پر مالی امداد دی جارہی ہے۔ لڑکی کی پیدائش پر 13 ہزار روپے اور لڑکے کی پیدائش پر 12 ہزار روپے دیئے جارہے ہیں۔ کے سی آر کٹس بھی فراہم کی جارہی ہیں۔ رکن اسمبلی نے کہا کہ خانگی اسکولس کی طرز پر سرکاری اسکولس میں بھی طلبہ کو معیاری تعلیم فراہم کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ والدین ہزاروں روپے خرچ کرتے ہوئے اپنے بچوں کو خانگی اسکولس میں پڑھانے کے لئے مجبور تھے تاہم اب سرکاری اسکولس کے معیار تعلیم میں زبردست اضافہ کے باعث خانگی اسکولس کو بند کردینے کی نوبت آچکی ہے۔ گنیش گپتا نے کہا کہ ریاست کے 119 حلقہ جات اسمبلی میں ایک ہی دن 119 بی سی ہاسٹلس کا آغاز کیا گیا ہے۔ شہر نظام آباد میں دھرمارم موضع میں بی سی ہاسٹل قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فی طالب علم پر ریاستی حکومت سالانہ 1,20,000 روپے صرف کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ کو صبح میں دودھ اور ناشتہ فراہم کیا جارہا ہے۔ دوپہر میں مڈ ڈے میلس کے علاوہ رات میں بھی تغذیہ بخش غذا فراہم کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ غریب لڑکیوں کی شادی میں امداد کے لئے کلیان لکشمی اور شادی مبارک اسکیمات متعارف کی گئی ہیں۔ مذکورہ اسکیمات کے تحت غریب لڑکی کی شادی میں 1,00,116/- روپے مالی امداد دی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ ماہ سے آسرا وظائف کے استفادہ کنندگان کو ماہانہ 2,016/- روپے دیئے جائیں گے۔ رکن اسمبلی نے نوبیاہتا جوڑوں کو اپنی جانب سے ملبوسات فراہم کئے۔ اس موقع پر میئر آکولہ سجاتا' آر ڈی او ساوتھ' نارتھ' ٹی آر ایس کارپوریٹرس ڈی سائیلو' سائی رام' شری وانی' سورنا' راجیش' ایم اے قدوس' مجلسی کارپوریٹرس محمد شکیل احمد صدر ٹاون مجلس اڈہاک کمیٹی' ایم اے غفور مقیم کارپوریٹر ڈیویژن 30' صدر ضلع اقلیتی سیل ٹی آر ایس نوید اقبال اور دوسرے موجود تھے۔

نائب صدرنشین ضلع پریشد یادیا کی لنگم پیٹ میں تہنیتی تقریب

جڑچرلہ۔18 جون (اعتماد نیوز) نائب صدرنشین ضلع پریشد یادیا کو تہنیت پیش کی گئی۔ سرپنچ لنگم پیٹ' وارڈممبرس' ایم پی ٹی سیز کی جانب سے دفتر گرام پنچایت لنگم پیٹ میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں یادیا نائب صدرنشین ضلع پریشد محبوب نگر کی شال پوشی اور گلپوشی کی گئی۔ اس موقع پر سرپنچ ہیماوتی' آنند ایم پی ٹی سی' ڈپٹی سرپنچ ارون' وارڈممبرس بالاسوامی' سرینواس ریڈی' راجہ لنگم' راموکے علاوہ ٹی آر ایس لیڈرس نوین ریڈی' یادیا' وینکٹیا' ناگی ریڈی' سرونندریڈی' عبدالنعیم اور دوسرے موجود تھے۔

جڑچرلہ میں آنگن واڑی ورکرس کا احتجاج

جڑچرلہ۔18 جون (اعتماد نیوز) آنگن واڑی ورکرس اور ٹیچرس نے مسائل کی یکسوئی کے مطالبہ پر جڑچرلہ میں بھوک ہڑتال کا آغاز کیا۔ سی آئی ٹی یو منڈل کنوینر ستیماں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تلنگانہ حکومت آنگن واڑی ٹیچرس اور ورکرس کے مسائل کی یکسوئی میں بالکلیہ طور پر ناکام ہوچکی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آنگن واڑی ورکرس نے احتجاج کا آغاز کیا ہے۔ اس موقع پر وینکٹیش' حسین بی' انجماں' رانی' نرسمہا' چماں' گری' ناگماں' سری لتا اور دوسرے موجود تھے۔

انتقال

محبوب نگر۔ شہر محبوب نگر کی مشہور شخصیت و رکن جماعت اسلامی محمد ممتاز علی کا انتقال ہوگیا۔ نماز جنازہ آج بعد نماز ظہر مسجد منیر محبوب نگر میں

مولانا حامد محمد خاں امیر حلقہ جماعت اسلامی تلنگانہ و اڈیشہ نے پڑھائی۔ تدفین شاہ صاحب گٹہ قبرستان میں عمل میں آئی۔ پسماندگان میں دو فرزندان اور 5 دختران شامل ہیں۔ مولانا امیر اللہ خان قاسمی' مولانا مفتی عبداللہ حامد رشادی' مولانا عبدالرشید مظاہری' مولانا محسن پاشاہ قادری' ذاکر ایڈوکیٹ' جابر بن سعید ایم اے ایف محمد محمود حج سوسائٹی' منیرالدین' عبدالعلیم نے اظہار تعزیت کیا۔

گروکل اسکولس غریب طلبہ کیلئے تحفہ سے کم نہیں

ضلع ورنگل اربن میں مدارس کا افتتاح۔ ریاستی وزیر ایرابیلی دیا کر راؤ کا خطاب

ورنگل۔18 جون (اعتماد نیوز) تعلیمی شعبہ پر خصوصی توجہ مرکوز کرنے والی تلنگانہ حکومت نے غریب طلبہ کے لئے ایک اور تحفہ کا اعلان کیا ہے جبکہ ریاستی سطح پر جاریہ تعلیمی سال سے 119 گروکل اسکولس کا آغاز کیا گیا ہے۔ ریاستی وزرا' ایم ایل ایز اور ڈی ای اوز نے نئے منظور شدہ اسکولس کا افتتاح انجام دیا۔ فی الحال متحدہ ضلع ورنگل کے حدود میں 17 گروکل اسکولس موجود ہیں' مزید 12 گروکل اسکولس حکومت نے منظور کئے ہیں۔ اس سلسلہ میں ورنگل اربن ضلع کے لئے ایک بوائز اور گرلز گروکل اسکولس شامل ہیں۔ ورنگل ایسٹ حلقہ کے حدود میں واقع مامنور میں قائم کردہ گرلز گروکل اسکول کا ریاستی وزیر پنچایت راج ایرابیلی دیا کر راؤ' وردھنا پیٹ حلقہ اسمبلی میں قائم گرلز گروکل اسکول کا مقامی ایم ایل اے آروری رمیش' ورنگل ویسٹ حلقہ اسمبلی کے علاقہ قاضی پیٹ سومڑی میں قائم بوائز گروکل اسکول کا ضلع مہتمم تعلیمات نارائن ریڈی نے افتتاح کیا۔ اس موقع پر ریاستی وزیر ایرابیلی دیا کر راؤ نے کہا کہ غریب طلبہ کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کے مقصد کے تحت کام کیا جارہا ہے۔ چیف منسٹر کے سی آر اس ضمن میں خصوصی دلچسپی لیتے ہوئے ہر اسمبلی حلقہ میں گروکل اسکولس کا قیام عمل میں لا رہے ہیں۔ یہ گروکل اسکولس غریب طلبہ کیلئے ایک تحفہ سے کم نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کی فلاحی اسکیمات کو ملک بھر میں ایک علحدہ شناخت حاصل ہوئی ہے۔ فلاحی اسکیمات کی عمل آوری میں ملک بھر میں تلنگانہ کا ثانی نہیں ہے۔ ریاست کو تعلیمی شعبہ میں ملک میں اولین درجہ دلانے کے لئے سنجیدہ اقدامات کئے جارہے ہیں۔ غریب طلبہ کو مشکلات پیش نہ آئیں اس کے لئے کئی مقامات پر گروکل اسکولس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ اس موقع پر پرنسپل انجی ریڈی' اسکول اسٹاف' عوامی نمائندے' طلبہ اور اولیائے طلبہ کی کثیر تعداد موجود تھی۔

اکبرالدین اویسی کی صحت یابی کیلئے دفتر اعتماد ورنگل میں دعاء

ورنگل۔18 جون (اعتماد نیوز) جناب اکبرالدین اویسی قائد مقننہ مجلس تلنگانہ اسمبلی کی عاجلانہ صحت یابی کیلئے دفتر اعتماد ورنگل میں دعائیہ اجتماع کا اہتمام کیا گیا۔

حافظ وقاری محمد فیاض علی مینجنگ ڈائرکٹر المیز ان حج وعمرہ ٹورس اینڈ ٹراویلس نے قائد مجلس کی صحت کاملہ ودرازی عمر کیلئے دعاء کی۔ اس موقع پر حافظ وقاری محمد فیاض علی کے علاوہ صحافی وحید گلشن محمد عدنان' قاری عبدالرحمٰن رحمانی اور دیگر موجود تھے۔

مرکزی حکومت کے وفد کا دورہ ورنگل

دفتر تحصیل کا معائنہ۔ شادی مبارک' کلیان لکشمی اسکیمات کی ستائش

ورنگل ۔18 جون (اعتماد نیوز) ریاست تلنگانہ میں روبہ عمل لائی جانے والی مختلف فلاحی اسکیمات کی مرکزی ٹیم نے زبردست ستائش کی اور اپنے اطمینان کا اظہار کیا۔ اس ضمن میں شادی مبارک اور کلیان لکشمی اسکیمات سے متعلق معلومات کے حصول کیلئے ایک مرکزی وفد نے تحصیل آفس

کا دورہ کیا اور مختلف فلاحی اسکیمات پر عمل آوری کا نائب تحصیلدار محمد ریاض الدین سے جانکاری حاصل کی۔ اسکیمات کو کس طرح روبہ عمل لایا جارہا ہے' ان کے قدوخال کیا ہیں اور طریقہ کار سے متعلق واقفیت حاصل کی۔ شادی مبارک اور کلیان لکشمی اسکیمات کے علاوہ کے سی آر کٹس' مویشیوں کی فراہمی' مشن بھگیرتا اور دیگر امور کا بھی وفد نے جائزہ لیا۔ اسی طرح مرکزی حکومت کی جانب سے روبہ عمل لائی جانے والی ہردئے' اسمارٹ سٹی پراجکٹ' نیشنل رورل ہیلت مشن' اجولہ یوجنا سے متعلق بھی معلومات حاصل کیں۔ وفد نے خاص طور پر شادی مبارک اور کلیان لکشمی اسکیمات کی ستائش کی اور کہا کہ کلیان لکشمی اسکیم کو ملک بھر میں روبہ عمل لانے کے لئے مرکزی حکومت کو تجاویز پیش کی جائیں گی۔ آفیسر گارگ نے کہا کہ یہ اسکیم ملک بھر میں ایک نایاب اسکیم ہوگی۔ اس موقع پر آر آئی سواتی' جونیر اسسٹنٹ عائشہ صدیقی اور دیگر موجود تھے۔ واضح رہے کہ یہ وفد 31 جون تک ورنگل اربن کے منڈلس کا دورہ کرتے ہوئے تلنگانہ حکومت اور مرکزی حکومت کی اسکیمات پر عمل آوری کا جائزہ لے گا۔

سدی پیٹ میں سی ایم ریلیف فنڈ سے منظورہ چیکس کی تقسیم

سدی پیٹ ۔18 جون (اعتماد نیوز) ٹی ہریش راؤ ایم ایل اے نے علاج کے سلسلہ میں حلقہ اسمبلی سدی پیٹ سے تعلق رکھنے والے 10 کیلئے چیف منسٹر ریلیف فنڈ سے جاری کردہ رقمی چیکس

تقسیم کئے۔ اس سلسلہ میں ہریش راؤ کی رہائش گاہ پر ایک پروگرام منعقد کیا گیا جس کے دوران استفادہ کنندگان میں زائد از 22 لاکھ روپے کے چیکس دیئے گئے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ہریش راو نے کہا کہ ٹی آر ایس حکومت عوام کی مشکلات کو دور کرنے کے لئے ہر ممکنہ اقدامات کررہی ہے۔ علاج کے سلسلہ میں حکومت کی جانب سے لاکھوں روپئے منظور اور جاری کئے جارہے ہیں۔ اس موقع پر صدرنشین بلدیہ راج نرسو' کونسلرس اور دوسرے موجود تھے۔

مریال گوڑہ میں رکن اسمبلی کے ہاتھوں چیکس کی تقسیم

مریال گوڑہ۔18 جون (اعتماد نیوز) رکن اسمبلی مریال گوڑہ این بھاسکر راؤ نے علاج کے سلسلہ میں چیف منسٹر ریلیف فنڈ سے منظور اور جاری کردہ رقمی چیکس تقسیم کئے۔ ایم ایل اے کیمپ آفس میں

منعقدہ ایک تقریب کے دوران رکن اسمبلی نے 137 افراد کو 50,16,500 روپئے کے چیکس حوالے کئے۔ اس موقع پر اُنہوں نے کہا کہ غریب عوام کیلئے سی ایم آر ایف ایک تحفہ ہے جس سے مستحق لوگ استفادہ کریں' اس سلسلہ میں ربط پیدا کرنے پر وہ مستحق افراد کی مدد کریں گے۔ اس پروگرام میں سابق ایم ایل اے وجئے سمہا ریڈی' مارکٹ چیرمین چٹی بابو' لیڈرس محمد یوسف' سرینواس ریڈی' زیڈ پی ٹی سی ناگا لکشمی' سرپنچ للیتا اور دیگر موجود تھے۔

سڑک کی توسیع' متاثرین کی مدد کی جائے

سرپنچ کاورم پیٹ کی رکن اسمبلی لکشما ریڈی سے نمائندگی

جڑچرلہ۔18 جون (اعتماد نیوز) سرپنچ کاورم پیٹ بی وینکٹیشم نے آج سابق ریاستی وزیر صحت و رکن اسمبلی جڑچرلہ لکشما ریڈی سے ان کی قیام گاہ پر ملاقات کی اور سڑک کی توسیع کی زد میں آنے والی دکانات اور مکانات کے مالکین کو معاوضہ کی فراہمی کے لئے نمائندگی کی۔ وینکٹیشم نے کہا کہ سڑکوں کی توسیع کی زد میں آنے والے دکانات اور مکانات کے مالکین کو ریاستی حکومت راحت فراہم کرے۔ تمام متاثرین کو حکومت کی جانب سے ڈبل بیڈروم مکانات منظور کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ متاثرین کو راحت کی فراہمی کے لئے گرام پنچایت جڑچرلہ میں قرارداد بھی منظور کی گئی ہے۔ انہوں نے متاثرین کو ہر ممکنہ مدد کی فراہمی کی لکشما ریڈی سے خواہش کی۔

طواف میں زیادہ وقت گزارنے عازمین حج کو مشورہ

سنگاریڈی میں تربیتی پروگرام۔ مولانا عارف احمد عزیزی کا خطاب

سنگاریڈی۔18 جون (اعتماد نیوز) مسجد امام ابوحنیفہ سنگاریڈی میں عازمین حج کا تربیتی پروگرام زیر نگرانی جناب محمد معزالدین ایڈوکیٹ انتظامی کمیٹی کی جانب سے منعقد ہوا۔ اس موقع پر مولانا عارف احمد عزیزی نوری چشتی القادری نے اپنے خطاب میں عازمین حج کو مناسک حج' فرائض و واجبات اور

زیارت روضہ نبویؐ کی اہمیت سے واقف کروایا۔ انہوں نے کہا کہ احرام باندھنے کے بعد عازمین حج اپنا زیادہ وقت طواف میں گزاریں۔ تمام عازمین حج ادا کرنے کے بعد ایمان وتقوی والی زندگی کو اپناتے ہوئے اپنی زندگی بسر کریں اور زندگی میں ہمیشہ اللہ کے احکام کی پابندی کریں۔ جناب محمد عقیل عارفی نے عازمین حج سے کہا کہ حج کے فرائض میں احرام باندھنا' نیت کرنا' تلبیہ پڑھنا' وقوف عرفات (یعنی میدان عرفات میں 9 ذی الحجہ کے دن قیام کرنا) طواف زیارت کرنا اور 6 واجبات ہیں جن میں وقوف مزدلفہ یعنی میدان مزدلفہ میں رات کے وقت قیام کرنا اور شیطان کو مارنے کیلئے کنکریاں جمع کرلینا' رمی جمرات میں شیطان کو کنکریاں مارنا' قربانی دینا' حلق کروانا یعنی سر کے بال منڈوانا' سعی کرنا یعنی صفاء ومروا کے چکر لگانا' طواف وداع کرنا۔ عمرہ کیلئے عمرہ کے فرائض و واجبات ادا کرنا ضروری ہے۔ عمرہ کے دو فرائض اور دو واجبات ہیں۔ فرائض میں پہلے احرام باندھنا' نیت کرنا اور تلبیہ پڑھنا' اور دوسرا کعبتہ اللہ کا طواف کرنا' اسی طریقہ سے واجبات میں پہلے صفاء مروا کی سعی کرنا اور دوسرا حلق کروانا یعنی بال منڈوانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کعبتہ اللہ کے چاروں جانب رکن اسودی' رکن عراقی' رکن شامی اور رکن یمنی نام موجود ہیں۔ مولانا عارف احمد عزیزی نوری چشتی القادری نے آخر میں عازمین حج کے حق میں دعا کی۔ اس موقع پر عازمین حج کے علاوہ دیگر اصحاب موجود تھے۔

کوہیر میں بھووانی پروگرام کا انعقاد

کسان اپنے مسائل پیش نہیں کرسکے

کوہیر۔18 جون (اعتماد نیوز) کوہیر مستقر کے ایس ایس فنکشن ہال میں کسانوں کے لئے بھووانی پروگرام کا انعقاد عمل میں آیا۔ پولیس کے مبینہ طور پر سخت رویے کے باعث کسان مایوس لوٹ گئے۔ تفصیلات کے مطابق ریاستی حکومت کی جانب سے کسانوں کو پٹہ پاس بکس کی اجرائی عمل میں لائی گئی تاہم کوہیر منڈل کی سطح پر تقریباً 2800 کسانوں کو پٹہ پاس بکس فراہم نہیں کئے گئے۔ کسانوں کے مسائل کی یکسوئی اور پٹہ پاس بکس کی اجرائی کے لئے بھووانی پروگرام کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ پروگرام میں ضلع کلکٹر سنگاریڈی ہنمنت راو نے شرکت نہیں کی۔ کسان ریونیو عہدیداروں کو اپنے مسائل پیش کررہے تھے کہ اس دوران پروگرام میں افراتفری کا ماحول پیدا ہوگیا۔ پولیس نے مداخلت کی اور سختی کا مظاہرہ کیا جس کی وجہ سے کسان اپنے مسائل پیش کئے بغیر مایوس لوٹ گئے۔ اس موقع پر محمد عبدالحمید آر ڈی او ظہیر آباد' سیدلو تحصیلدار کوہیر اور دوسرے موجود تھے۔

اکبراویسی کی صحت یابی کیلئے سدی پیٹ میں دعائیہ اجتماع

سدی پیٹ ۔18 جون (اعتماد نیوز) مجلس اتحادالمسلمین سدی پیٹ یونٹ کی جانب سے پارٹی کارکن محمد ریاض الدین کے دفتر میں واقع محلہ ساجد پورہ میں آج بعد نماز ظہر حبیب ملت جناب اکبرالدین

اویسی کی عاجلانہ صحت یابی ودرازی عمر کیلئے قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا اور بعد ازاں دعا کی گئی۔ محمد احمد قادری نے دعا کی۔ معتمد مجلس سدی پیٹ منیر الدین' خازن امتیاز' نوید' یزدانی جعفر' افضل' خواجہ عظیم الدین' ارباز' مجلسی کارکنان کے علاوہ نوجوانوں اور محبان مجلس کی کثیر تعداد نے اس اجتماعی دعا میں شرکت کی۔

غریب طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت کا مقصد

حویلی گھن پور میدک میں بی سی گروکل ہاسٹل کا افتتاح۔ شریمتی پدما دیویندر ریڈی کا خطاب

میدک ۔18 جون (اعتماد نیوز) حصول تعلیم میں غریب اور امیر کے امتیاز کو ختم کرنے کیلئے ریاستی حکومت اقامتی اسکولس میں معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لئے اقدامات کررہی ہے۔ رکن اسمبلی میدک ایم پدما دیویندر ریڈی نے ان خیالات کا اظہار کیا۔ وہ ضلع کلکٹر کے دھرما ریڈی کے ہمراہ میدک کے حویلی گھن پور منڈل میں جیوتی راؤ پھولے بی سی گروکل ہاسٹل کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کررہی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ ماضی کی حکومتوں کے دور میں اقامتی اسکولس میں بنیادی سہولتوں کی کمی تھی اور حکومتیں غریب طلبہ کو معیاری تعلیم فراہم کرنے میں ناکام رہیں' موجودہ ٹی آر ایس حکومت نے ریاست میں برسر اقتدار آتے ہی بی سی' ایس سی' ایس ٹی اور مائناریٹی طلباء وطالبات کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے لئے اقامتی اسکولس کا بڑے پیمانے پر قیام عمل میں لایا اوران میں بنیادی سہولتوں کی فراہمی کے جنگی خطوط پر اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اس طرح کے اقدامات کی مثال ملک کی دیگر ریاستوں میں نہیں مل سکتی۔ ریاستی حکومت کا اولین مقصد غریب طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی ہے۔ انہوں نے طلباء وطالبات پر زور دیا کہ وہ تعلیم کے ساتھ زندگی دیگر شعبوں میں سرفہرست رہتے ہوئے اپنا اور اپنے ملک کا نام روشن کریں۔ بچپن میں حاصل کی جانے والی تعلیم آنے والے دنوں میں روشن مستقبل کی ضامن ہے اس لئے حکومت کی جانب سے فراہم کردہ سہولتوں سے بھرپور استفادہ کریں۔ اس موقع پر بی سی ویلفیر آفیسر ضلع میدک سدھاکر' ضلع سائنس آفیسر راجہ ریڈی' اے ملک ارجن گوڑ چیرمین بلدیہ میدک' آر اشوک وائس چیرمین' اے کرشنا ریڈی میدک مارکٹ کمیٹی چیرمین' سنیتا سرپنچ' سنتوشی پرنسپل کے علاوہ قائدین اور عہدیدار موجود تھے۔

ورنگل ایسٹ میں 58 کروڑ سے اسمارٹ سڑکوں کی تعمیر

ٹنڈرس کی طلبی۔ جولائی سے کاموں کے آغاز کا منصوبہ

ورنگل ۔18 جون (اعتماد نیوز) گریٹر ورنگل میں 11 اہم سڑکوں کی تعمیر کے لئے منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔ اسمارٹ سٹی پراجکٹ کے تحت ان کاموں کے لئے 58 کروڑ مختص کئے گئے ہیں اور کاموں کے لئے ٹنڈرس طلب کئے گئے ہیں۔ ورنگل ایسٹ حلقہ کے حدود میں 8 اور ورنگل ویسٹ کے حدود میں 3 سڑکوں کے مرمتی کاموں کے لئے منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ گزشتہ سال اسمبلی انتخابات کے سبب انتخابی ضابطہ اخلاق کے نافذ رہنے سے اسمارٹ سٹی کے کاموں میں رکاوٹیں پیش آئیں۔ اب جبکہ اس طرح کی صورتحال نہیں ہے' بلدی انجینئرس نے ٹنڈرس طلب کئے ہیں۔ شہر میں 11 اہم سڑکوں کی تعمیر کے لئے تلنگانہ اسٹیٹ انجینئرنگ ان چیف (ای این سی) سے منظوری حاصل ہوئی ہے۔ رکن اسمبی ورنگل ایسٹ نریندر جب میئر تھے تب انہوں نے 9 سڑکوں کیلئے ریاستی اسمارٹ سٹی بورڈ کے اجلاس میں رقم منظوری کروائی تھی۔ بلدی حکام ان 11 سڑکوں کی تعمیر اور انھیں پرکشش بنانے کیلئے اقدامات کررہے ہیں۔ جولائی سے کاموں کا آغاز کرنے کے لئے منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔ لی اسوسی ایٹ ادارہ کے ذمہ داروں نے بتایا کہ کاموں کو دو طریقوں روڈ کاریڈار' ریٹروفٹنگ روڈ کاریڈار پر انجام دیا جائے گا۔

کریم نگر میں عازمین حج کا تربیتی کیمپ

کریم نگر۔18 جون (اعتماد نیوز) جمعیت علماء (ارشد مدنی گروپ) ضلع کریم نگر کی جانب سے عازمین حج کے کیلئے آئی بی اے گارڈن میں اتوار 30 جون کو 10:30 بجے دن تا شام 4 بجے تربیتی کیمپ کا انعقاد عمل میں لایا جارہا ہے۔ مولانا سید آصف علی ندوی مناسک حج بیان کریں گے۔ مولانا سید ابرارالحسن رحمانی کی شرکت بھی متوقع ہے۔ اس کے علاوہ شہر کے علماء بھی مخاطب کریں گے۔ مفتی محمد اعتماد الحق قاسمی صدر جمعیت علماء ضلع کریم نگر' مولانا خواجہ فرقان علی قاسمی جنرل سکریٹری اور تمام اراکین نے عازمین حج سے شرکت کی گزارش کی ہے۔

بالکنڈہ میں کمسن مسلم لڑکی کے ساتھ بدفعلی کی کوشش' ایک شخص گرفتار

بالکنڈہ۔18 جون (اعتماد نیوز) بالکنڈہ میں ایک 6 سالہ کمسن مسلم لڑکی کے ساتھ بدفعلی کی کوشش پر 35 سالہ بناجی راجیشور نامی شخص کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ بالکنڈہ کے رنگ روڈ علاقہ میں بناجی راجیشور نے چاکلیٹ دینے کا لالچ دے کر لڑکی کو اپنے مکان لے گیا اور اس کے ساتھ بدفعلی کی کوشش کی۔ بعد ازاں مکان پہنچ کر لڑکی نے اس کے ساتھ پیش آئے واقعہ سے اپنی ماں اور رشتہ داروں کو واقف کروایا۔ لڑکی کے والدین اور رشتہ داروں نے پولیس اسٹیشن پہنچ کر راجیشور کے خلاف شکایت درج کروائی۔ سرکل انسپکٹر بالکنڈہ سری رام وجئے کمار نے فوری کارروائی کرتے ہوئے راجیشور کو حراست میں لے لیا اور اس کے خلاف ایک مقدمہ درج کرلیا۔ پولیس نے کہا کہ اس سلسلہ میں تحقیق جاری ہے۔

ملزم بناجی راجیشور

تعلیمی شعبہ میں تلنگانہ کو منفرد مقام دلانے چیف منسٹر کوشاں

جگتیال کے مواضعات میں جدید عمارتوں کا افتتاح۔ ریاستی وزیر کے ایشور کا خطاب

جگتیال ۔18 جون (اعتماد نیوز) ریاستی وزیر برائے سماجی فلاح و بہبود کوپلا ایشور نے ضلع جگتیال کے موضع لکشمی پور اور پگڈاپلی تعلقہ کے کرشنا نگر میں پسماندہ طبقات کی فلاح و بہبود کے مقصد کے تحت تعمیر کردہ اقامتی اسکولوں کی جدید عمارتوں کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انھوں کہا کہ ریاستی سطح پر پسماندہ طبقات کیلئے 119 اقامتی اسکولوں کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ ریاست ہر اسمبلی حلقہ میں ایک اقامتی مدرسہ قائم کیا گیا ہے۔ پگڈاپلی کے کرشنا نگر میں افتتاح کئے گئے اسکول میں تمام نشستیں ذریعہ پُر ہوچکی ہیں۔ اس ادارہ میں اساتذہ کے تقرر کے علاوہ طلبہ کے لئے تمام سہولتیں فراہم کی گئی ہیں۔ اس طرح تمام مدارس کا افتتاح عمل میں لایا جاچکا ہے اور تمام مدارس کیلئے عنقریب سرکاری عمارتوں کی تعمیر کی جائیں گی۔ ریاست بھر میں قائم ان مدارس میں 13 ہزار طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ چیف منسٹر کے سی آر تشکیل تلنگانہ کے بعد تعلیمی میدان میں ریاست کو قومی سطح پر ایک منفرد مقام دلانے کوشاں ہیں۔ پسماندہ طبقات کے بچوں کے بہتر مستقبل کیلئے عصری سہولتوں کے ساتھ اقامتی مدارس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ تشکیل تلنگانہ سے قبل متحدہ ریاست میں پسماندہ طبقات کیلئے صرف 19 مدارس تھے' کسی بھی مدرسہ میں مکمل سہولتیں نہیں تھیں اور صرف 8 ہزار طلبہ تعلیم حاصل کررہے تھے۔ گذشتہ سال اور اس سال اقامتی مدارس کے طلبہ نے محنت ولگن سے تعلیم کرتے ہوئے امتحانات میں اعلی درجات سے کامیابی حاصل کی ہے۔ ان اسکولوں میں تعلیم کررہے طلبہ میں تقریباً تمام غربت خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اقامتی اداروں میں انٹرمیڈیم تک تک تعلیم فراہم کی جائے گی۔ رکن اسمبلی جگتیال ڈاکٹر ایم سنجے کمار نے اپنے کہا کہ ضلع جگتیال کے اسکولوں میں سرکاری اسکولوں میں خانگی مدارس کے مماثل تعلیم دی جارہی ہے۔ اس کی عمدہ مثال یہ ہے کہ ضلع جگتیال کو مسلسل تیسری مرتبہ دہم ایس ایس سی کے نتائج میں اول مقام حاصل ہوا ہے۔ اقامتی اسکولوں کے اساتذہ طلبہ کو مسابقتی امتحانات کے لئے بھی تیار کریں۔ ڈاکٹر سنجے کمار نے کہا کہ بیر پور میں منظور شدہ اسکول کو لکشمی پور منتقل کیا گیا ہے۔ انھوں نے ریاستی وزیر کوپلا ایشور سے درخواست کی کہ لکشمی پور میں رہنے والے خاندانوں کی اکثریت کا پیشہ زراعت ہے' لہٰذا اس علاقہ میں کاشت کیلئے تالاب سے پانی کی نکاسی وافر مقدار میں کی جائے۔ کلکٹر ڈاکٹر اے شرت نے کہا کہ ضلع جگتیال کے قیام سے قبل ضلع میں صرف 6 اقامتی اسکولس تھے جبکہ ضلع کے قیام کے بعد 12 اقامتی اسکولس کا قیام عمل میں لایا گیا۔ انھوں نے کہا کہ حکومت کی سرپرستی میں چلائے جانے والے پروفیسر جیا شنکر بڈی باٹا پروگرام کے تحت تقریباً 300 طلبہ کو دھرم پوری مندر میں حرف تہجی کی مشق کراوئی گئی۔ ضلع جگتیال سے 180 طلبہ نے آئی آئی ٹی میں نشست حاصل کی۔ صدرنشین ضلع پریشد داوا وسنتا نے کہا کہ تلنگانہ میں 119 اقامتی اسکولوں کے قیام کا مقصد پسماندہ طبقہ کی فلاح و بہبود اور ان کی ترقی ہے' چنانچہ اساتذہ دلچسپی اور محنت کے ساتھ طلبہ کو بہتر تعلیم فراہم کرنے کی کوشش کریں۔ بعد ازاں ریاستی وزیر کوپلا ایشور نے بیر پور منڈل مستقر میں تعمیر کردہ جدید عمارت کا افتتاح کیا۔ اس سلسلہ میں منعقدہ تقریب میں ضلع پریشد چیرمین داوا وسنتا' ضلع کلکٹر ڈاکٹر اے شرت' جوائنٹ کلکٹر بی راجیشم' آر ڈی او جی نریندر' پگڈاپلی تعلقہ کے زیڈ پی ٹی سی' ایم پی ٹی سیز اور دیگر نے شرکت کی۔

سید ابراہیم خلیل کو ڈاکٹریٹ کی ڈگری

آتما کور۔18 جون (اعتماد نیوز) آتما کور کے جناب سید ابراہیم خلیل ولد جناب سید قاسم کو ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل ہوئی۔ حیدرآباد میں آج منعقدہ ایک تقریب میں وائس چانسلر نے انھیں ڈگری عطا کی۔ ان کا مقالہ ''تعلیم میں فزیکل ایجوکیشن اور کو کیریکولم'' تھا۔ سید ابراہیم خلیل سوامی ویویکا نندا ایجوکیشن سوسائٹی محبوب نگر کے ڈائرکٹر ہیں۔ ڈاکٹریٹ کی ڈگری ملنے پر انھیں ان کے دوست احباب اور دیگر نے مبارکباد دی۔

دفتر کلکٹر جگتیال کے روبرو راستہ روکو احتجاج

جگتیال۔18 جون (اعتماد نیوز) جگتیال میں مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے سرپنچ جو متحدہ محاذ کے اراکین ہیں' نے آج دفتر ضلع کلکٹر کے روبرو راستہ روکو احتجاج کیا۔ بعد ازاں ضلع کلکٹر

ڈاکٹر اے شرت کو ایک تحریری یادداشت پیش کی جس میں حکومت کی جانب سے سرپنچوں اور نائب سرپنچوں کو دیئے گئے چیک پاور کی مخالفت کرتے ہوئے اس فیصلہ کو فوری واپس لینے کا مطالبہ کیا گیا۔ سوسائٹی کے اراکین کا ماننا ہے کہ چیک پاور اگر سرپنچوں کو دیا جائے تو وہ رقم کا من مانی طریقہ سے استعمال کریں گے اور مواضعات میں گروہ بندیاں ہوں گی جو سنگین نتائج کا باعث بن سکتی ہیں۔ لہٰذا کمیٹی کے ممبران کی اپیل ہے کہ حکومت اس فیصلہ کو فوری واپس لے اور سابقہ طریقہ پر عمل کرتے ہوئے مواضعات کو ترقی دینے کی کوشش کی جائے۔

رعیتو بندھو اسکیم کے تحت مزید 20 لاکھ کسانوں کو عنقریب امداد

مریال گوڑہ کے موضع میں خریف سیزن کے آغاز کی تقریب۔ سکھیندر ریڈی کا خطاب

مریال گوڑہ۔18 جون (اعتماد نیوز) ریاستی رعیتو سمنویا سمیتی کے صدر جی سکھیندر ریڈی نے کہا کہ ریاست میں رعیتو بندھو اسکیم کے تحت اب تک 36.38 لاکھ کسانوں کو 3,700 کروڑ روپئے کسانوں کے بینک کھاتوں میں جمع کئے گئے ہیں۔ مریال گوڑہ منڈل کے موضع سرینواس نگر میں ایرووا کا (خریف سیزن) کا انھوں نے ہل چلا کر آغاز کیا۔ بعد ازاں اس سلسلہ میں منعقدہ اجلاس کو مخاطب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ مزید 20 لاکھ کسانوں کے بینک کھاتوں میں رعیتو بندھو اسکیم کے تحت رقم جلد جمع کی جائے گی۔ اس اسکیم کے تحت اب تک 566 کروڑ روپئے 12,030 کسانوں کو بیمہ کے طور پر ادا کی گئی۔ اُنھوں نے کہا کہ رواں برس دھان کی فصل بونے کیلئے حکومت کسانوں کو مشین دے گی۔ کسان جوار' باجرہ' اریکلو' اودلو اور دیگر فصل اُگاتے ہوئے فائدہ اُٹھائیں۔ ریاستی حکومت انھیں سبسیڈی پر بیج دے رہی ہے۔ اس پروگرام میں سابق ایم ایل وجئے سمہا ریڈی' ضلع پریشد کو آپشن ممبر محمد محسن علی' محکمہ زراعت کے ضلعی عہدیدار شریدھر ریڈی' اے ڈی ناگامنی' مارکٹ چیرمین چٹی بابو اور دیگر موجود تھے۔

پرگی میں عرس حضرت سید شرف الدین اولیاءؒ

پرگی ۔18 جون (ای میل) قاضی خواجہ شاہ ریاض الدین چشتی رضی قادری کے بموجب حضرت سید شرف الدین اولیاء المعروف پیر غائب صاحبؒ کی عرس تقاریب کا 19 جون کو بعد نماز عصر جلوس صندل سے آغاز ہوگا۔ حسب روایت قدیم سجادہ نشین' قاضی صاحبان و متولیان کے مکان سیدواڑہ نزد جامع مسجد پرگی سے جلوس صندل نکل کر درگاہ شریف حضرت ممدوحؒ سلطان پور پرگی پہنچے گا۔ جلوس کی قیادت قاضی خواجہ شاہ سلیم الدین چشتی' قاضی خواجہ معین الدین چشتی قادری (صدر قاضی پرگی)' قاضی خواجہ اظہرالدین قادری' قاضی خواجہ غیاث الدین نواز قادری' قاضی خواجہ تقی الدین چشتی' قاضی خواجہ صدیق الدین چشتی' قاضی خواجہ قطب الدین مبشر قادری' قاضی خواجہ بدرالدین منیر قادری' محمد اسحاق علی علمبردار کریں گے۔ بعد نماز مغرب صندل مالی کی رسم سجادہ نشین قاضی صاحبان' متولیان اور عہدیداران کمیٹی' مہمان خصوصی اور دیگر حضرات انجام دیں گے۔ 20 کو یوم چراغاں مقرر ہے۔

طلبہ اپنے مستقبل کو درخشاں بنائیں

گروکل اسکول میں اضافی جماعتوں کا افتتاح۔ رکن اسمبلی کا خطاب

عادل آباد ۔18 جون (اعتماد نیوز) رکن اسمبلی بوتھ راٹھوڑ باپو راو نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ سرکاری گروکل ہاسٹلس میں داخلہ حاصل کریں اور اپنے مستقبل کو درخشاں بنائیں۔ وہ موالا منڈل کے شری نگر کالونی میں حلقہ اسمبلی بوتھ کے منڈل اچھوڑہ کے موضع نرساپور (بی) کے لئے منظورہ جیوتی باپھولے بی سی گروکل اسکول میں اضافی جماعتوں کی افتتاحی تقریب کے موقع پر خطاب کررہے تھے۔ راٹھوڑ باپو راو نے کہا کہ طلبہ گروکل اسکولس میں تعلیم حاصل کریں اور اپنے والدین کے خوابوں کو شرمندہ تعبیر کریں۔ انہوں نے گروکل اسکول میں اضافی جماعتوں کی منظوری پر چیف منسٹر کے چندر شیکھر راو سے اظہار تشکر کیا۔ راٹھوڑ باپو راو نے اسکول کی عمارت کی تعمیر کے لئے اراضی کے الاٹمنٹ کا یقین دلایا۔ انہوں نے حلقہ اسمبلی بوتھ کے دو گروکل اسکولس میں آر او پلانٹس کے لئے اپنے فنڈ سے 6 لاکھ روپے کی منظوری کا اعلان کیا۔ اس موقع پر جوائنٹ کلکٹر سندھیا رانی' آر سی او گوپی چند' آر ڈی او سوریہ نارائنا' جونیر کالج کی پرنسپل انجلی' بی سی ویلفیر آفیسر آشنا اور دوسرے موجود تھے۔ اس موقع پر طلبہ نے تعلیمی اور ثقافتی پروگرامس پیش کئے۔

بریمس میڈیکل کالج بیدر کے مسائل کو حل کیا جائے

ریاستی وزراء بنڈپا قاسم پور اور محمد رحیم خان کا دورہ' ڈاکٹرس کا اجلاس

بیدر۔18رجون۔(اعتماد نیوز) ریاستی وزیر برائے امداد باہمی وضلع انچارج وزیر بنڈپا قاسم پور اور ریاستی وزیر برائے یوتھ امپاورمنٹ اور اسپورٹس جناب محمد رحیم خان نے آج بیدر کے سرکاری ہاسپٹل بریمس کا دورہ کیا۔ جہاں گذشتہ دنوں بریمس کی نئی تعمیر شدہ عمارت کا چھجہ منہدم ہونے سے عمارت کی ناقص تعمیر کو لے کر رکن پارلیمنٹ بیدر بھگونت کھوبا نے کے غلط بیان بازی کی تھی۔ڈاکٹروں کی خدمات سے لاپرواہی پر انہوں نے سوالات اٹھائے تھے جس پر بریمس کے ڈاکٹروں نے وزیراعظم نریندرمودی کو خط لکھ کر رکن پارلیمنٹ بھگونت کھوبا سے معافی کا مطالبہ کیا تھا جس کو بھگونت کھوبا نے ایک پریس کانفرنس میں مسترد کردیا۔آج کے دورے ہاسپٹل میں دونوں وزراء نے سرکاری ہاسپٹل کے دونوں سیکشن کا جائزہ لیا اور ڈاکٹروں کا ایک اجلاس بریمس میڈیکل کالج کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوا۔ جہاں ضلع انچارج وزیر بنڈپا قاسم پور کے مختلف سوالات پر مبینہ طور پر ڈاکٹروں نے زیادہ تر خاموشی اختیار کی۔ضلع انچارج وزیر نے ڈاکٹروں کو ہدایت دی کہ وہ بہتر علاج کرنے پر اپنی توجہ مرکوز رکھیں۔ ہاسپٹل میں صفائی کا نام ونشان نہیں ہے۔بیت الخلاء اتنے زیادہ گندے ہیں کہ کچھ کہا نہیں جاسکتا۔ ڈاکٹروں نے کہا کہ ہم کوشش کررہے ہیں لیکن بیت الخلاء کے راستے میں رکاوٹ پیدا ہورہی ہے۔پانی کی نکاسی نہیں ہوتی ہے۔اس پر وزیر موصوف نے کہا کہ کامن ٹائیلیٹ بنائے جائیں، جہاں خواتین اور مرد کے علیحدہ علیحدہ بیت الخلاء ہوں۔کل 19رجون کو طبی تعلیم کے وزیرای تکارام اور وزیر صحت شیوانند پاٹل بیدر کے دورہ پر ہوں گے۔ان کے ذریعہ سے سنگل ونڈو کے تحت تمام مسائل حل کرنے کی بات بنڈپا قاسم پور نے بتائی۔ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹروں نے کہا کہ ڈائیلیس کی صرف 7 مشینیں ہیں۔جس پر ضلع انچارج وزیر نے کہا کہ وزراء کے دورہ پر 20 ڈائیلیس مشینوں کی تجویز پیش کی جائے۔گذشتہ 4سال کے دوران 60 کروڑ روپئے پینڈنگ ہیں اور اسی طرح ایس سی/ایس ٹی علاج معالجہ کے لئے 7 کروڑ روپئے یوں ہی رکھے گئے ہیں۔ ریڈیالوجسٹ کے نہ ہونے کی بات بھی سامنے لائی گئی۔اسی طرح ڈی گروپ ملازمین بھی سرکاری ہاسپٹل کیلئے ناکافی بتائے گئے۔میٹنگ کے علاوہ وزراء نے مریضوں کو دی جارہی سہولیات پر خود مریضوں سے ان کی رائے حاصل کی۔ دورہ کے موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر رودریش گاڑی اور دیگر آفیسران' وزراء کے ساتھ موجود تھے۔

ہمناآباد میں چکن کی قیمت میں اضافہ

ہمناآباد۔18رجون(اعتماد نیوز) ہمناآباد میں چکن (مرغی کا گوشت) کی قیمت میں اضافہ ہوگیا ہے موجودہ وقت میں ریٹیل مارکٹ میں 220 روپئے فی کیلو فروخت ہورہا ہے' قیمتوں میں اضافہ کے باعث چکن کے خواہشمند احباب کو زائد قیمت ادا کرنی پڑرہی ہے۔

اطمینان بخش بارش نہ ہونے سے کسان پریشان حال

اڑد اور مونگ کی فصلوں کو بڑے پیمانے پر نقصان کا خدشہ

اورنگ آباد۔18رجون(اعتماد نیوز) کسانوں کو امید تھی کہ اس سال اطمینان بخش بارش ہوگی مگر محکمہ موسمیات کے مطابق مانسون کے بادل کا رخ گجرات میں آئے طوفان نے موڑ دینے کے سبب ان کی پریشانی میں اضافہ ہوگیا ہے اور ان کے چہروں پر مالی نقصانات کا ڈر اور خوف چھانے لگا ہے۔واضح رہے کہ کچھ روز قبل محکمہ موسمیات نے اطلاع دی تھی کہ مانسون کے بادل کیرالہ پہنچ چکے ہیں اور جلد ہی علاقہ مراٹھواڑہ میں بھی بارش ہونے کا امکان ہے جس کے بعد کسانوں نے اپنے کھیت فصل کیلئے تیار کرلئے انھیں امید تھی کہ اس سال بہتر بارش ہوگی مگر اچانک گجرات میں آئے طوفان نے ان کی امیدوں پر پانی پھیر دیا جس کے سبب کسانوں کی پریشانیوں میں اضافہ ہوگیا ہے اور اطمینان بخش بارش نہ ہونے کی وجہ سے مونگ اور اڑد کی فصلوں کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے اور کسان امید بھری نگاہوں سے آسمان تکنے لگے ہیں۔

اورنگ آباد: بامو یونیورسٹی میں وائس چانسلر کے عہدے کیلئے 30 جون کو انٹرویو

اورنگ آباد۔18رجون(اعتماد نیوز) ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مرہٹواڑہ یونیورسٹی وائس چانسلر عہدے کیلئے 30رجون کو انٹرویو ہوں گے اس عہدے کیلئے 18 امیدواروں کو اہل قرار دیا گیا ہے جن میں ڈاکٹر کے وی کالے بھی شامل ہیں۔وائس چانسلر بی اے چوپڑے کے سبکدوش ہوجانے کے بعد ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مرہٹواڑہ یونیورسٹی میں وائس چانسلر کا خالی عہدہ پر کرنے کا عمل شروع ہوچکا ہے اس عہدے کیلئے تقریباً 136 امیدواروں نے درخواست پیش کی تھی ابتدائی چھان بین کے بعد 18 امیدواروں کو اہل قرار دیا گیا اور 30رجون کو ممبئی کے این این ڈی ٹی ہومین کالج میں ان کے انٹرویوز ہوں گے' بتایا جاتا ہے کہ گورنر مہاراشٹرا کی ہدایت کے مطابق امیدواروں کے انٹرویو کے بعد وائس چانسلر کا انتخاب کیا جائیگا۔

مجلس اتحادالمسلمین اورنگ آباد نے میونسپل کارپوریشن کے روبرو میئر اور انتظامیہ کی جانب سے ہوئے اسکینڈل اور فضول خرچی کے خلاف نومنتخبہ اپوزیشن لیڈر سریتا ارون بورڈے کی قیادت میں دھرنا منظم کیا گیا۔اس موقع پر مجلس کے کارپوریٹرس' صدور' ضلع صدور کے علاوہ محبان مجلس کی کثیر تعداد موجود تھی۔

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر گھر پر نوٹس بھیجنے کا فیصلہ

گلبرگہ میں ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کا دوبارہ لزوم: ایس پی یڈا مارٹن مار بنیانگ

گلبرگہ۔18رجون(اعتماد نیوز) گلبرگہ پولیس نے گلبرگہ شہر میں آئے دن پیش آرہے سڑک حادثات پر قابو پانے کیلئے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل آوری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل آوری کو یقینی بنانے کیلئے گلبرگہ پولیس نے موبائیل ایپ کا استعمال کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ایس پی گلبرگہ یڈا مارٹن مار بنیانگ نے آج ایک حکمنامہ جاری کرتے ہوئے سپریم کورٹ کی ہدایت کے مطابق گلبرگہ شہر میں دو پہیہ گاڑیوں کے سواریوں کیلئے ہیلمٹ پہننے کو لازمی قرار دیا ہے۔ساتھ ہی انہوں نے کاروں' جیپوں کے ڈرائیورس کیلئے سیٹ بیلٹ لگانے کو بھی لازمی قرار دیا ہے۔یہ دونوں احکام گلبرگہ شہر میں آج سے لاگو کردیئے گئے ہیں۔گڈس گاڑیوں میں مسافرین لے جانے اور موٹر سائیکلوں پر 2 سے زائد افراد کو سواری کرنے پر سخت قانونی چارہ جوئی کی جائے گی۔گڈس گاڑیوں میں مسافرین لے جانے والے ڈرائیورس کا لائسنس اور گاڑیوں کا رجسٹریشن دونوں منسوخ کئے جائیں گے۔گلبرگہ شہر میں ون وے سڑکوں کی نشاندہی کی گئی ہے اور دو پہیہ گاڑیوں کی پارکنگ کیلئے نظم بنایا گیا ہے۔ٹریفک جام ہونے کے مسئلہ پر قابو پانے کیلئے دو پہیہ گاڑیوں کو سڑک کی ایک سمت ٹہرانے کا نظام العمل بنایا گیا ہے جس کی سختی سے پابندی کرنی ہوگی' خلاف ورزی کرنے پر قانونی چارہ جوئی کرنے کا ایس پی گلبرگہ نے اعلان کیا ہے۔ایس پی گلبرگہ نے اپنے ایک اعلامیہ میں بتایا ہے کہ بعض افراد بالخصوص نوجوان تیز رفتار اور خطرناک ڈرائیونگ کرتے ہوئے دیکھے گئے ہیں ایسے افراد اور نوجوانوں کے خلاف بھی سخت قانونی چارہ جوئی کی جائے گی۔ویانوں اور آٹو رکشاؤں میں مقررہ تعداد سے زیادہ اسکولی بچوں کو لے جانے پر ڈرائیور کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے گی۔اس لئے اسکولی بچوں کی گاڑیوں اور آٹو رکشا ڈرائیورس کیلئے ٹریفک قوانین کی پابندی کرنا لازمی ہے۔گلبرگہ شہر میں ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل آوری کو یقینی بنانے کیلئے موبائیل ایپ کا استعمال کیا جائے گا۔ٹریفک پولیس کانسٹیبلس اور عہدیداران موبائیل ایپ کے ذریعہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں، سگنل جمپ کرنے والوں' ہیلمٹ نہ پہننے والوں' رانگ پارکنگ کرنے والوں' تیز رفتار ڈرائیونگ اور بغیر بیلٹ سیٹ کے ڈرائیونگ کرنے والوں کی تصاویر اپ لوڈ کرکے گلزار حوض چوک پر واقع پولیس کمانڈ سنٹر کے کمپیوٹرس کو بھیجیں گے۔اس سنٹر سے موٹر گاڑیوں کے مالکان کا پتہ لگا کر راست ان کے گھر کو جرمانہ ادا کرنے کیلئے نوٹسیں جاری کئے جائیں گے۔نوٹس وصول کرنے کے بعد جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ ایس پی گلبرگہ یڈا مارٹن مار بنیانگ نے شہریان گلبرگہ بالخصوص نوجوانوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ ٹریفک قوانین پر لازمی طور پر عمل کریں۔حادثات پر قابو پانے کیلئے پولیس سے مکمل تعاون کریں۔

اقلیتی طلباء کے اسکالرشپس کی عدم اجرائی

بیدر میں مجلس کا احتجاج۔ڈپٹی کمشنر کو یادداشت

بیدر۔18رجون۔(اعتماد نیوز) مرکزی حکومت وریاستی حکومت کی جانب سے اقلیتی طلباء وطالبات کو دی جانے والی پری میٹرک وپوسٹ میٹرک اسکالرشپ کی سال 19-2018 کیلئے عدم اجرائی اور اس کی وجہ سے سال 20-2019 میں طلباء کو اور اولیائے طلباء کو درپیش آنے والے مسائل اور مالی دشواری کے مسئلے کو لیکر کل ہند مجلس اتحادالمسلمین بیدر نے ہائی اسکول اور کالجس کے طلباء کو لیکر ایک احتجاجی ریالی کا انعقاد کیا جس کی قیادت جناب سید منصور احمد قادری انجینئر صدر مجلس بیدر نے کی۔ مذکورہ ریالی کا آغاز صبح 11 بجے دفتر مجلس سے ہوا جو براہ گاوان چوک' مین روڈ' شاہ گنج' امبیڈکر چوک سے گذرتے ہوئے

ڈپٹی کمشنر آفس پہنچی جہاں چیف منسٹر کرناٹک کے نام موسوم ایک یادداشت ڈپٹی کمشنر کے نمائندے کے ہاتھوں حوالے کی گئی جس میں مذکورہ بالا پری میٹرک اور پوسٹ میٹرک اسکالرشپ بعجلت ممکنہ اجرائی کا مطالبہ کیا گیا تاکہ نئے سال 20-2019 میں اگلی کلاس کے داخلے اور اسکول فیس کیلئے پریشاں حاصل طلباء اور اولیائے طلباء کی پریشانیوں کا سرباب ہوسکے اور ساتھ ہی ساتھ اس بات کا بھی مطالبہ کیا گیا کہ علاقہ حیدرآباد کرناٹک کو آرٹیکل (ر) 371 کے تحت جو خصوصی مراعات حاصل ہیں اس کے حصول کیلئے اس علاقے کا رہائشی سرٹیفکیٹ لازمی ہے لیکن اسسٹنٹ کمشنر آفس سے اس کی اجرائی میں ہورہی تاخیر کی وجہ سے کئی ایک طلباء ان مراعات سے محروم ہورہے ہیں۔مجلس اتحادالمسلمین کا مطالبہ ہے کہ نیٹ میں اچھے نمبرات حاصل کرنے والے طلباء وطالبات کو ان کے اسنادات کی جانچ کی آخری تاریخ 19 جون یعنی کل ہی ہے اور جو طلباء یہ رہائشی سرٹیفکیٹ پیش نہیں کرپائیں گے وہ ان مراعات سے محروم ہوجائیں گے۔اس لئے جن طلباء نے اس سرٹیفکیٹ کیلئے درخواست دی ہے انہیں موقعہ دیا جائے اور اگر آئندہ وہ یہ سرٹیفکیٹ نہ لاپائیں تو تب انہیں رد کریں۔اس طرح بہت سے طلباء وطالبات آرٹیکل (ر) 371 کی مراعات سے مستفید ہوسکتے ہیں ورنہ ان کا مستقبل تاریک ہوسکتا ہے۔یادداشت پر صدر مجلس سید منصور احمد قادری' جوائنٹ سکریٹری محمد وسیم کرمانی' خازن مرزا فہیم بیگ' یوتھ لیڈر شیخ اظہر طلباء یونین کے صدر محمد کیف' سینئر قائد محمد غوث قریشی کے علاوہ اسلم دانش بسواکلیان کے ساتھ مختلف اسکول اور کالجس سے آنے والے طلباء کے نگران کاروں کے بھی دستخط ثبت تھے۔

واڑی میں سانپ ڈسنے سے کسان فوت

گلبرگہ۔18رجون(اعتماد نیوز) سانپ کے ڈسنے سے ایک کسان کی موت ہونے کا واقعہ واڑی جنکشن تعلقہ چیتاپور سے نزد کنگن ہلی دیہات میں پیش آیا۔سدراماپا بھیماپا پردھانی نامی 52 سالہ کسان کھیت میں کام کررہا تھا کہ سانپ نے ڈس لیا۔اسے ہاسپٹل منتقل کیا جارہا تھا کہ وہ راستہ ہی فوت ہوگیا۔اے ایس آئی کاشمن وانی نے دیہات پہنچ کر معائنہ کیا۔اس سلسلہ میں واڑی پولیس نے ایک مقدمہ درج کرلیا۔

اسمبلی انتخابات میں بیالٹ پیپرس استعمال کرنے کا مطالبہ

مجلس اتحادالمسلمین۔ونچت بہوجن آگھاڑی کا ناندیڑ میں ضلع کلکٹر دفتر کے روبرو دھرنا

ناندیڑ۔18رجون(اعتماد نیوز) لوک سبھا انتخابات کے دوران ای وی ایم میں دھاندلی اور انتخابی عمل میں بے قائدگیوں کی رپورٹ عام کرنے اور آئندہ اسمبلی انتخابات بیلٹ پیپر کے ذریعہ منعقد کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے مجلس اتحادالمسلمین۔ونچت بہوجن آگھاڑی کی جانب سے آج پیر 17 جون کو دفتر ضلع کلکٹر کے روبرو احتجاجی دھرنا منظم کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ریاست مہاراشٹرا میں حال ہی میں منعقدہ لوک سبھا انتخابات کے دوران الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں میں مبینہ طور پر دھاندلی کے متعدد واقعات پیش آئے تھے۔اسی طرح انتخابی عمل کے دوران کئی بے قائدگیوں کی شکایات بھی موصول ہوئی تھیں۔ان واقعات کے خلاف مجلس۔ ونچت بہوجن آگھاڑی کی جانب سے دفتر ضلع کلکٹر ناندیڑ کے روبرو ایک زبردست احتجاجی دھرنا منظم کیا گیا۔ احتجاج میں مجلس اور ونچت بہوجن آگھاڑی کے عہدیداران کے علاوہ سینکڑوں کارکنان نے حصہ لیا۔اس موقع پر مجلس کے مراٹھواڑہ صدر فیروز لالہ' ونچت بہوجن آگھاڑی کے ناندیڑ جنوب ضلع صدر شیواجی گیڑوے وار' سوراج سینا کے فاروق احمد ودیگر موجود تھے۔مظاہرین نے لوک سبھا انتخابات کے دوران ریاست بھر میں پیش آئے ای وی ایم دھاندلی اور انتخابی بے قائدگیوں کے خلاف زبردست نعرے بازی کی۔شرکاء نے مطالبہ کیا کہ ان سارے معاملات کی جانچ کرتے ہوئے عوام کے سامنے پیش کیا جائے۔مظاہرین یہ بھی مطالبہ کررہے تھے کہ مہاراشٹرا ودھان سبھا کے آئندہ مہینوں میں ہونے والے انتخابات ای وی ایم کی بجائے بیلٹ پیپر کے ذریعہ منعقد کئے جائیں۔بعدازیں مجلس اور ونچت بہوجن آگھاڑی کے ذمہ داران پر مشتمل ایک وفد نے ضلع کلکٹر سے ملاقات کرتے ہوئے اپنے مطالبات پر مشتمل میمورنڈم پیش کیا۔

عرس شریف

شاہ آباد۔ 18رجون(اعتماد نیوز) حضرت خلیفۃ الرحمٰنؒ فیروز آباد کے عرس کا انعقاد عمل میں آیا۔عرس کا آغاز صندل مالی سے ہوا۔بعدازاں محفل سماع کا انعقاد عمل میں آیا۔عرس کے موقع پر کشتیوں کے مقابلے بھی منعقد کئے گئے۔صابری پیرزادہ نے نعت سنائی۔

شاہین ادارہ جات بیدر میں قومی سمینار کا انعقاد

بیدر۔18رجون(اعتماد نیوز) قرآن ہر دور میں تدبر وتفکر کی دعوت دے کر علوم کے دروازے کھول رہا ہے یہ کیسے ممکن ہے کہ اس کو سمجھے بغیر اس کا حق ادا ہوسکے۔ان خیالات کا اظہار آج شاہین ادارہ جات بیدر کی جانب سے منعقدہ قومی سمینار "تعلیم ماضی' حال اور مستقبل" میں بطور مہمان خصوصی شرکت کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد اسلم پرویز وائس چانسلر مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے قرآن فہمی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے اپنے کلیدی خطاب میں کیا۔ڈاکٹر اسلم پرویز نے کہا کہ آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ ملک میں ڈاکٹر عبدالقدیر صدر شاہین ادارہ

جات بیدر نے آج ملت کا درد لئے جو بیڑا اٹھایا ہے کہ قرآن حفظ کرنے والے حفاظ طلباء اور علماء کرام عصری تعلیم سے سیراب ہوکر ایک انقلاب برپا کریں گے اور شاہین ادارہ جات میں حفظ القرآن پلس اور عالم پلس کے ذریعے تعلیمی ماحول میں تبدیلی آئی ہے۔اس موقع پر جناب سید تنویر احمد کنسلٹنٹ ایس ای ایف' جناب مظفر سکریٹری اے آئی ای ایم نے بھی خطاب کیا۔مہمان خصوصی کی حیثیت سے عبدالمنان سیٹھ بھی موجود تھے۔ڈاکٹر عبدالقدیر صدر شاہین ادارہ جات نے تمام مہمانوں کا استقبال کرتے ہوئے بتایا کہ آج وقت کی ضرورت ہے کہ ہم تعلیم پر توجہ دیں۔اپنے بچوں کو بہتر معیاری تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کیلئے فکر مند رہتے ہوئے اپنے آپ کو منہمک رکھیں۔پروگرام سے قبل شاہین ادارہ جات بیدر میں العزیز آڈیوٹوریم کا افتتاح بدست جناب پی اے انعامدار صدر ایم سی ای ایس پونا عمل میں آیا۔اس موقع پر جناب عبدالحسیب سکریٹری شاہین ادارہ جات بیدر' عبدالمقیت اکیڈمکس ڈائریکٹر' عبدالعزیز زونل ڈائریکٹر اور جناب خواجہ پٹیل پرنسپل شاہین پی یو کالج موجود تھے۔پروگرام کا آغاز حافظ سرفراز علی کی قرأت سے ہوا۔ قومی سمینار میں ملک کی مختلف ریاستوں دہلی' اترپردیش' بہار' تلنگانہ' آندھرا' مہاراشٹرا' کرناٹک' آسام اور مغربی بنگال سے تعلیمی ادارہ جات کے ذمہ داران نے شرکت کی۔

بنگلورو میں گروسکھ مہا بھا کی جانب سے عید ملن پروگرام کا انعقاد

بیدر۔18رجون۔(اعتماد نیوز) بنگلورو شہر کے السور میں واقع گردوارا میں گروسکھ مہا بھا کے زیر اہتمام منعقدہ عید ملن پروگرام کا انعقاد عمل میں آیا۔منتظمین نے مسلم برادری کے مذہبی رہنماؤں و عمائدین کو مدعو کیا۔مولانا قاری صوفی ولی با قادری جنرل سکریٹری کل ہند جمعیت الصوفیا والمشائخ شاخ کرناٹک' سوشیل آکٹی وسٹ جناب افسر پاشاہ' جناب واسلم' جناب سلیم عابد' شری بلونت سنگھ جی' شری گروشرن سنگھ' ونود پرساد موہنتی' نیوز ایف یم کے روہت کمار نے مہمانان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔گرودوارے کے گرنتھی شری گیانی جی نے تمام مہمانوں کا استقبال کیا اور انہیں اعزاز پیش کرتے ہوئے اس پروگرام میں شرکت کرنے پر شکریہ ادا کیا۔

گلبرگہ: ٹریکٹر سرقہ کرنے والے 3 افراد گرفتار

گلبرگہ۔18رجون(اعتماد نیوز) پولیس نے ٹریکٹر کا سرقہ کرنے والے ناودگی بی دیہات کے 3 افراد یلالنگ ہنومنت کوڑے سدو عرف سدن گوڑہ ہنومنت پاٹل' شیوکمار بسونت راؤ برادر کو گرفتار کرلیا ہے۔یہ تینوں اس وقت پولیس کے ہاتھ لگے جب یہ سرقہ کئے گئے ٹریکٹر کے پارٹس کو علیحدہ کرکے انہیں فروخت کرنے کی کوشش کررہے تھے۔یہ تینوں بسواکلیان میں اسکراپ کی دکان میں سرقہ کئے گئے ٹریکٹر کے پارٹس فروخت کرنے پہنچے تھے،انہیں منتھال پولیس اسٹیشن کے عملہ نے گرفتار کرتے ہوئے مہاگاؤں گلبرگہ پولیس اسٹیشن کے حوالے کردیا۔گرفتار شدگان کے پاس سے سرقہ کئے گئے ٹریکٹر کے پارٹس اور ٹریکٹر برآمد کرکے ضبط کیا گیا۔تینوں گرفتار شدگان نے 12 جون کی رات گلبرگہ تعلقہ کے دستاپور، ناودگی کے درمیان کھیت میں ٹہرایا گیا سدپا ولد شانتپا پاٹل کے ٹریکٹر کا سرقہ کرلیا تھا۔

ناندیڑ: بیوی نے شوہر کو برقی شاک دے کر قتل کردیا

ناندیڑ۔18رجون(اعتماد نیوز) عمری تعلقہ میں بیوی نے شوہر کو برقی شاک دے کر قتل کردیا اور ثبوت بھی مٹانے کی کوشش کی اس معاملے میں پولیس نے قاتل بیوی کو گرفتار کرلیا ہے۔عمری کے موضع تلے گاؤں کے ساکن بھیم راو نا گوراو ہپیتے عمر 40 سال کو اس کی بیوی امرپالی عمر 25 سال نے برقی تار سے شاک دے کر قتل کردیا اور ثبوت مٹانے کی کوشش بھی کی۔اس معاملے میں متوفی کی بہن جئے شیلا گوتم چوہان نے پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کروائی ہے۔جس کی بنیاد پر امرپالی کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔پی آئی اتم منڈے کی رہنمائی میں پی ایس آئی سدرشن سوریہ مزید تفتیش کررہے ہیں۔

دینی مدارس میں داخلوں کا آغاز

درسگاہ دارالعلوم بیڑ

بیڑ۔18رجون(اعتماد نیوز) ضلع کی قدیم دینی درسگاہ دارالعلوم بیڑ میں تعلیم کا آغاز 15 جون سے ہونے والے تھے لیکن پانی کی قلت کی وجہ سے اب وہ 25 شوال 29 جون سے ہوں گے۔یہ اطلاع دارالعلوم بیڑ کی انتظامیہ کمیٹی کی جانب سے دی گئی ہیں۔17رجون تا 27 جون کے درمیان مدرسہ میں داخلوں کا آغاز ہوگا۔اور 29 جون سے باقاعدہ تعلیم کا آغاز عمل میں آئیگا۔سرپرست حضرات طلباء کو مقررہ وقت پر دارالعلوم روانہ کریں اس طرح کی خواہش دارالعلوم بیڑ کے صدر مدرس مفتی جاوید حسینی نے کی۔

دارالعلوم رشیدیہ گورنلی بیدر

بیدر۔دارالعلوم رشیدیہ گورنلی ضلع بیدر میں سالانہ تعطیلات کی تکمیل کے بعد جدید اور قدیم طلباء کے داخلوں کا آغاز 15رشوال المکرم چہارشنبہ مطابق 19رجون سے ہوگا۔ادارہ ہذا میں شعبہ حفظ ناظرہ مع تجوید' شعبہ دینیات کے ساتھ عصری تعلیم بھی ہے۔ہفتہ میں ایک دن تقریری' ونعتیہ پروگرام اور طریقہ نماز کا عملی مشق کرایا جاتا ہے۔مستحق طلباء کیلئے تمام ضروریات مدرسہ کی طرف سے مفت فراہم کی جاتی ہیں۔آبادی سے دور پرفضاء ماحول وبہترین طعام وقیام عمدہ تربیتی نظم ونسق کے ساتھ مخلص ومحنتی اساتذہ کرام کی خدمات حاصل ہیں۔لہٰذا ذمہ داران طلباء سے گزارش ہے کہ داخلہ کیلئے صبح 8 بجے سے 11 بجے اور سہ پہر 3 بجے سے شام پانچ بجے تک داخلہ کی کارروائی کراسکتے ہیں۔مزید تفصیلات کیلئے فون نمبر 9034414038 یا 9972684449 پر ربطہ پیدا کیا جاسکتا ہے۔

مدرسہ مظاہرالعلوم گلبرگہ

گلبرگہ۔گلبرگہ شہر کی قدیم دینی واقامتی درسگاہ مدرسہ مظاہرالعلوم مظاہر نگر ہاگرگہ روڈ گلبرگہ میں تعلیمی سال 20-2019 کیلئے داخلوں کا آغاز ہوچکا ہے۔شعبہ تحفیظ القرآن' شعبہ ناظرہ قرآن معہ تجوید' شعبہ دینیات' شعبہ عالمیت' شعبہ امامت میں داخلے لئے جاسکتے ہیں۔ہر شعبہ میں نہایت باصلاحیت' قابل' تجربہ کار اور مشفق اساتذہ تدریس پر مامور ہیں۔دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ اخلاقی اور عصری تقاضوں کے تحت عصری تعلیم انگریزی' کنڑا' ریاضی' سائنس کا بھی نظم ہے۔تمام طلباء کو قیام وطعام کی سہولت کے علاوہ ابتدائی طبی سہولیات مہیا رہیں گی۔برادران اسلام سے گذارش کی گئی ہے کہ اپنے نونہالوں کو دینی تعلیم وتربیت سے آراستہ کرنے اور دونوں جہانوں میں سرخروئی حاصل کرنے کیلئے آج ہی ربط پیدا کریں اور اپنے نونہالوں کو مدرسہ مظاہرالعلوم میں داخلے دلوائیں۔مزید تفصیلات کیلئے فون 9448650100 پر ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔

مدرسہ عائشہ صدیقہ للبنات گلبرگہ

●● مدرسہ مظاہرالعلوم کے تحت دختران ملت کی دینی واخلاقی تربیت کیلئے قائم کئے گئے غیر اقامتی مدرسہ ام المومنین عائشہ صدیقہ للبنات مظاہر نگر ہاگرگہ روڈ گلبرگہ میں تعلیمی سال 20-2019 کیلئے داخلوں کا آغاز ہوچکا ہے۔شعبہ تحفیظ القرآن' شعبہ ناظرہ قرآن معہ تجوید' شعبہ دینیات' شعبہ عالمیت' شعبہ مومنہ داعی کورس میں داخلے لئے جاسکتے ہیں۔طالبات کیلئے باقاعدہ پردہ کے ساتھ تجربہ کار' قابل' مشفق معلمات درس وتربیتی خدمات پر مامور ہیں۔برادران اسلام سے گذارش کی گئی ہے کہ اپنی دختران کو مدرسہ عائشہ صدیقہ للبنات گلبرگہ میں داخلہ دلوا کر انہیں دینی اخلاقی تعلیم وتربیت سے آراستہ کریں۔مزید تفصیلات کے لئے فون 9448650100 پر ربط پیدا کریں۔

نماز کے اوقات

نماز مومنوں کی معراج ہے	ظہر	عصر	مغرب	عشاء	کل کی فجر
ابتداء	۱۲/۲۷	۴/۵۴	۶/۵۸	۸/۱۵	۴/۳۲
انتہاء	۴/۵۳	۶/۵۳	۸/۱۴	۴/۱۰	۵/۳۶

طلوع آفتاب صبح 5:41 منٹ
غروب آفتاب شام 6:53 منٹ
درجہ حرارت
اعظم ترین 38.0 ڈگری سلسیس
اقل ترین 28.0 ڈگری سلسیس

کالیشورم دنیا کا سب سے بڑا پراجکٹ

رکن کونسل ٹی آر ایس راجیشور ریڈی کا دعویٰ

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) ٹی آر ایس قائد و رکن کونسل ٹی راجیشور ریڈی نے کالیشورم کو دنیا کا سب سے بڑا پراجکٹ قرار دیا۔ کھمم میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ انتہائی قلیل عرصہ میں بھاری پراجکٹ مکمل کرنے کا اعزاز تلنگانہ حکومت کے سر جاتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ کالیشورم پراجکٹ کی تعمیر میں اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے کئی طرح کی رکاوٹیں حائل کی گئیں۔ پراجکٹ کے لئے اراضی دینے والے کسانوں کو بھڑکایا گیا۔ اس کے علاوہ عدالتوں میں مختلف بنیاد پر مقدمات دائر کرتے ہوئے پراجکٹ کو روکنے کی کوشش کی گئی لیکن چندر شیکھر راؤ حکومت نے ان رکاوٹوں کو دور کرتے ہوئے بہت ہی کم وقت میں بڑے پراجکٹ کو مکمل کرلیا ہے۔ راجیشور ریڈی نے کہا کہ کالیشورم پراجکٹ کی طرز پر کھمم ضلع کی اراضیات کو سیراب کرنے سیتا راما پراجکٹ کو بھی مکمل کیا جائے گا۔ رکن اسمبلی پی اجئے نے کہا کہ چندر شیکھر راؤ حکومت نے پڑوسی ریاستوں کے ساتھ بہتر تعلقات بناتے ہوئے کالیشورم کے علاوہ دیگر کئی پراجکٹوں کو شروع کیا جن میں کالیشورم پراجکٹ مکمل ہوگیا ہے۔ انھوں نے کانگریس قائدین کو مشورہ دیا کہ وہ پراجکٹس کی تعمیر میں رکاوٹیں حائل کرنے کے بجائے حکومت سے تعاون کریں' ورنہ ریاست کے کسان کانگریس کو کبھی معاف نہیں کریں گے۔ اس دوران ریٹائرڈ انجینئرس اسوسی ایشن نے کالیشورم پراجکٹ کو تلنگانہ میں زرعی انقلاب لانے کا ایک بہت بڑا پراجکٹ قرار دیا۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اسوسی ایشن کے جنرل سکریٹری شیام پرساد نے کہا کہ غیرضروری طور پر اپوزیشن جماعتیں کالیشورم پراجکٹ کے تعلق سے غلط اطلاعات فراہم کررہی ہیں۔ کالیشورم پراجکٹ تلنگانہ ریاست کے لئے سیلاب بن سکتا ہے۔ اگر ایک سال مکمل طور پر بارش نہیں ہوتی تو ایسی صورت میں بھی اس پراجکٹ سے ریاست کے مختلف علاقوں میں پانی سربراہ کیا جاسکتا ہے۔ انھوں نے اپوزیشن جماعتوں کو مشورہ دیا کہ وہ پراجکٹ کے تعلق سے غلط اطلاعات فراہم نہ کریں کیونکہ اس پراجکٹ کو قومی پراجکٹ کا موقف مل سکتا ہے۔ انھوں نے ریاست کی تمام سیاسی جماعتوں کو کالیشورم کے لئے قومی پراجکٹ کا درجہ حاصل کرنے کی جدوجہد کا مشورہ دیا۔ انھوں نے عوام کو مشورہ دیا کہ وہ اپوزیشن جماعتوں کے غلط بیانات پر بھروسہ نہ کریں۔ ریٹائرڈ انجینئر وینکٹ راما راؤ نے کہا کہ اس پراجکٹ کی تیاری 36 لاکھ ایکر اراضیات کو سیراب کرنے کے لئے کی گئی ہے۔ 141 ذخائر آب کے ساتھ سری رام ساگر پراجکٹ کو پانی سربراہ کرنے کے لئے یہ پراجکٹ کافی سودمند ثابت ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ پرانہیتا ندی کے پانی سے استفادہ کے لئے اس پراجکٹ کا منصوبہ 2004ء سے قبل تیار کیا گیا تھا۔ اس پراجکٹ سے تلنگانہ میں پانی کی قلت ختم ہوجائے گی۔ ایک اور ریٹائرڈ انجینئر بھومیا نے کہا کہ اپوزیشن جماعتیں کسانوں میں اس بات کا خوف پیدا کررہی ہیں کہ کالیشورم پراجکٹ کے پانی سے فی ایکر 46 ہزار روپے کے اخراجات عائد ہوں گے جب کہ کالیشورم پراجکٹ کے پانی کے اخراجات فی ایکر 1,200 تا 1,500 روپے سے زائد نہیں ہوں گے۔ پانی منتقل کرنے کے لئے برقی پر ہونے والے اخراجات حکومت ہی برداشت کرے گی۔

اسمبلی اور سکریٹریٹ کی نئی عمارتیں تعمیر کرنے کابینہ کا فیصلہ

ملازمین کی حد عمر اور پی آر سی پر فیصلہ موخر۔ چیف منسٹر کی پریس کانفرنس

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ کی صدارت میں ریاستی کابینہ کا اجلاس تقریباً 5 گھنٹے تک جاری رہا جس میں سکریٹریٹ اور اسمبلی کی نئی عمارتوں کی تعمیر اور سرکاری ملازمین کے لئے پی آر سی پر عمل آوری اور وظیفہ کی سبکدوش کی حد عمر میں اضافہ اور دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بعدازاں چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ نے کہا کہ ریاستی کابینہ نے سکریٹریٹ اور اسمبلی کی نئی عمارتوں کی تعمیر کا فیصلہ کیا ہے اور ان عمارتوں کا 27 جون کو سنگ بنیاد رکھا جائے گا۔ سکریٹریٹ کی نئی عمارت موجودہ سکریٹریٹ کے احاطہ میں ہی تعمیر کی جائے گی۔ موجودہ سکریٹریٹ کی عمارتوں کے بلاکس کو منہدم کردینے یا پھر جوں کا توں رکھنے کا فیصلہ کرنے کے لئے کابینہ نے ایک سب کمیٹی تشکیل دی ہے۔ محکمہ عمارات وشوارع کے وزیر کی قیادت میں تین رکنی کمیٹی نئے سکریٹریٹ کی تعمیر کے علاوہ موجودہ سکریٹریٹ کی عمارتوں کو منہدم کرنے یا پھر جوں کا توں رکھنے کا جائزہ لے گی۔ اگر منہدم کرنا ضروری ہوتا ہے تو ایسی صورت میں سکریٹریٹ میں کام کرنے والے مختلف محکموں کو دوسری جگہ منتقل کرنے کا بھی کمیٹی جائزہ لے گی۔ چیف منسٹر نے کہا کہ کمیٹی کی رپورٹ کی بنیاد پر ہی نئے سکریٹریٹ کی تعمیر عمل لائی جائے گی۔ قبل ازیں ممبئی کے مشہور آرکیٹکٹ حفیظ کنٹراکٹر نے سکریٹریٹ کی عمارت کا ڈیزائن تیار کیا تھا اس کے علاوہ ٹاملناڈو سے بھی ایک آرکیٹکٹ نے عمارت کا نمونہ روانہ کیا۔ چیف منسٹر نے کہا کہ 400 کروڑ روپے نئی سکریٹریٹ کی تعمیر پر خرچ ہوسکتے ہیں جس میں 5 تا 6 لاکھ مربع فیٹ پر وسیع وعریض ماڈرن عمارت تعمیر کی جائے گی۔ چیف منسٹر نے کہا کہ اسمبلی کی نئی عمارت پنجہ گٹہ میں واقع ایرم منزل میں تعمیر کرنے کا فیصلہ کیا گیا جہاں محکمہ آبپاشی کی 17 ایکر اراضی دستیاب ہے۔ موجودہ اسمبلی جوں کی توں رہے گی۔ چیف منسٹر نے کہا کہ انتخابات کے دوران ٹی آر ایس پارٹی نے سرکاری ملازمین کی سبکدوشی کی حد عمر کو 61 سال کردینے کا وعدہ کیا تھا، اس کے علاوہ ملازمین کے لئے پی آر سی کا اعلان بھی باقی ہے۔ آج کابینہ میں اس پر تبادلہ خیال کیا اور اس بات کا فیصلہ کیا گیا کہ ملازمین کی تنظیموں کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے پی آر سی اور حد عمر میں اضافہ کے سلسلہ میں ان کی رائے حاصل کی جائے اور ایک ہی پیاکیج کے تحت ملازمین کو دونوں فوائد دیئے جائیں گے۔

مودی حکومت نے تلنگانہ کو ایک روپیہ بھی نہیں دیا

نئے پراجکٹس کے حصول کیلئے جدوجہد جاری رہے گی: ٹی آر ایس

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) لوک سبھا میں ٹی آر ایس لیڈر ناما ناگیشور راؤ نے مرکز کی بی جے پی حکومت پر الزام عائد کیا کہ گذشتہ 5 سال کے دوران نریندر مودی حکومت نے تلنگانہ ریاست کا کسی بھی طریقہ سے تعاون نہیں کیا۔ لوک سبھا میں رکن کی حیثیت سے حلف لینے کے بعد احاطہ پارلیمنٹ میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے ناگیشور راؤ نے کہا کہ مودی حکومت نے اپنی پہلی میعاد میں تلنگانہ کے لئے ایک روپیہ بھی جاری نہیں کیا۔ اس مرتبہ مرکز سے زیادہ سے زیادہ فنڈ حاصل کرنے کے لئے دباؤ ڈالا جائے گا۔ آندھراپردیش کی تنظیم جدید بل کے مختلف وعدوں کو پورا کرنے کے لئے نریندر مودی حکومت پر دباؤ ڈالا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ تلنگانہ کے عوام نے ٹی آر ایس پارٹی کے زیادہ سے زیادہ ارکان کو منتخب کرواتے ہوئے جو ذمہ داری سونپی ہے اس ذمہ داری کو پورا کیا جائے گا۔ ڈپٹی فلور لیڈر پربھاکر ریڈی نے کہا کہ گذشتہ 5 سال کے دوران ٹی آر ایس پارٹی نے مرکز پر دباؤ ڈالتے ہوئے ہائی کورٹ کی تقسیم کے علاوہ قومی شاہراہوں کی منظوری حاصل کی تھی۔ اسی جدوجہد کو جاری رکھتے ہوئے مستقبل میں نئے پراجکٹس حاصل کرنے کی کوشش کی جائے گی' خاص طور پر کالیشورم پراجکٹ کو قومی پراجکٹ کا درجہ دینے اور دیگر پراجکٹس کے لئے زیادہ سے زیادہ فنڈس حاصل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

اسپیکر کے عہدے کے لئے این ڈی اے کی تائید پر ٹی آر ایس نے کوئی وعدہ نہیں کیا

حیدرآباد۔18 جون (پی ٹی آئی) تلنگانہ میں حکمراں ٹی آر ایس نے اسپیکر لوک سبھا کے عہدے کے لئے این ڈی اے امیدوار اوم برلا کی تائید پر کوئی وعدہ نہیں کیا ہے۔ قائد ٹی آر ایس پارلیمانی پارٹی ڈاکٹر کے کیشو راؤ نے آج کہا کہ جب یہ مسئلہ سامنے آئے گا اس وقت فیصلہ کیا جائے گا۔ انھوں نے گذشتہ ہفتہ کہا تھا کہ چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ کی زیر قیادت ٹی آر ایس' بی جے پی زیر قیادت این ڈی اے حکومت کی مسائل کی بنیاد پر تائید کرے گی۔ لوک سبھا میں 9 ارکان رکھنے والی ٹی آر ایس نے این ڈی اے حکومت کے تئیں اپنی پالیسی واضح کرتے ہوئے کہا تھا کہ "کوئی دشمنی' کوئی دوستی نہیں"۔ سابقہ میعاد کے دوران ٹی آر ایس نے نوٹ بندی اور جی ایس ٹی کے علاوہ صدر جمہوریہ اور نائب صدر جمہوریہ کے عہدوں کے انتخابات کے وقت این ڈی اے کی تائید کی تھی۔

ریاست میں غریب طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی

صفحہ 2 پر

تلنگانہ اور ساحلی آندھرا میں موسلادھار بارش کی پیش قیاسی

حیدرآباد۔18 جون (یو این آئی) محکمہ موسمیات نے آج پیش قیاسی کی ہے کہ تلنگانہ اور ساحلی آندھراپردیش میں کہیں کہیں 21 اور 22 جون کو موسلادھار بارش کا امکان ہے۔ یہاں جاری کردہ ایک بلیٹن میں بتایا گیا کہ آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران ساحلی آندھراپردیش میں چند مقامات پر گرج وچمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے' اس مدت کے دوران 30 تا 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے اضلاع عادل آباد' نرمل اور نظام آباد میں کہیں کہیں گرمی کی لہر جاری رہ سکتی ہے۔ آئندہ 5 دن کے دوران تلنگانہ' ساحلی آندھراپردیش' یانم اور رائل سیما کے چند مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا بونداباندی کا امکان ہے۔ بلیٹن میں مزید بتایا گیا کہ آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران ساحلی آندھراپردیش اور رائل سیما میں چند مقامات پر اعظم ترین درجہ حرارت معمول سے 2 تا 4 ڈگری سیلسیس زیادہ رہے گا۔ تلنگانہ کے ضلع نظام آباد کے چند مقامات پر گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران شدید گرمی رہی جب کہ اس مدت کے دوران شمالی ساحلی آندھراپردیش کے ضلع وشاکھاپٹنم میں بھی چند مقامات پر شدید گرمی محسوس کی گئی۔ اس مدت کے دوران تلنگانہ' ساحلی آندھراپردیش اور رائل سیما کے چند مقامات پر بارش بھی ہوئی۔ گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے نظام آباد میں اعظم ترین درجہ حرارت 40.1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ حیدرآباد میں اعظم ترین اور اقل ترین درجہ حرارت بالترتیب 38 اور 28 ڈگری رہا۔ آندھراپردیش کے وجئے واڑہ میں اعظم ترین اور اقل ترین درجہ حرارت بالترتیب 38 اور 27 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

تلگودیشم ارکان اسمبلی کے بی جے پی سے ربط میں رہنے کا دعویٰ

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) بی جے پی آندھراپردیش یونٹ کے نائب صدر وشنوردھن ریڈی نے دعویٰ کیا کہ تلگودیشم کے ارکان اسمبلی ان سے رابطہ میں ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ سابق وزراء' سابق ارکان اسمبلی بھی تلگودیشم سے علحدگی اختیار کرتے ہوئے بی جے پی میں شامل ہونے کے لئے تیار ہیں۔ کن قائدین کو پارٹی میں شامل کرنا ہے اس سلسلہ میں اقدامات کئے جارہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ تلگودیشم پارٹی سے قائدین کا تخلیہ طئے ہے۔ حالیہ انتخابات میں تلگودیشم کو زبردست دھکہ لگا آنے والے دنوں میں ایک اور زبردست دھکہ اس پارٹی کو لگنے والا ہے۔ بی جے پی کے ریاستی یونٹ کے نائب صدر نے بتایا کہ آندھراپردیش میں وائی ایس آر کانگریس کا متبادل بی جے پی ہی ہے۔ انھوں نے الزام عائد کیا کہ سابق چیف منسٹر چندرا بابو نائیڈو اور ان کے فرزند لوکیش بدعنوانیوں میں ملوث ہیں۔ انھوں نے چیف منسٹر جگن موہن ریڈی سے ان دونوں کے خلاف جامع تحقیقات کروانے کا مطالبہ ہے۔

آندھراپردیش کے پولیس ملازمین کے لئے ہفتہ واری تعطیل کا اعلان

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) آندھراپردیش حکومت نے محکمہ پولیس میں کام کرنے والے ملازمین کے لئے ہفتہ واری تعطیل کا اعلان کردیا ہے اور چہارشنبہ 19 جون سے ہفتہ واری تعطیل کے فیصلہ پر عمل آوری شروع ہوجائے گی۔ اس خصوص میں محکمہ داخلہ نے سرکاری احکام جاری کردیئے۔ جی او کے مطابق کانسٹبل سے لے کر سرکل انسپکٹر کے رتبہ کے ملازمین کو ہفتہ میں ایک دن چھٹی دی جائے گی۔ چیف منسٹر وائی ایس جگن موہن ریڈی کی صدارت میں گذشتہ ہفتے منعقدہ کابینہ کے پہلے اجلاس میں محکمہ پولیس کے ملازمین کو ویکلی آف دینے کا فیصلہ کیا تھا۔ اس سلسلہ میں حکومت نے ایک کمیٹی تشکیل دی تھی۔ کمیٹی کی سفارش پر حکومت نے ہفتے میں ایک دن چھٹی سے متعلق جی او جاری کیا گیا۔ حکومت کے اس فیصلہ پر محکمہ پولیس کے ملازمین اور عہدہ داروں نے مسرت کا اظہار کیا۔

ڈائرکٹر جنرل پولیس تلنگانہ ایم مہندر ریڈی نے کالیشورم پراجکٹ کی افتتاحی تقریب کے انتظامات کا جائزہ لیا جو 21 جون کو مقرر ہے۔ تصویر میں نوین چند انٹلیجنس سربراہ' ایم کے سنگھ او ایس ڈی' ناگی ریڈی انسپکٹر جنرل نارتھ زون' راجیش کمار ڈی آئی جی اور دوسرے۔

بی جے پی سے وائی ایس آر کانگریس کا کوئی اتحاد نہیں

آندھراپردیش کے گورنمنٹ وہپ سری کانت ریڈی کی وضاحت

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) آندھراپردیش کے گورنمنٹ وہپ سریکانت ریڈی نے جناسینا پارٹی کے رکن اسمبلی آر ورا پرسادراؤ کے اس ریمارکس پر شدید اعتراض کیا ہے جس میں کہا گیا کہ وائی ایس آر کانگریس پارٹی اور بی جے پی میں دوستانہ اتحاد ہے۔ انھوں نے ورا پرساد راؤ کے تبصروں کی مذمت کی۔ اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے سریکانت ریڈی نے وضاحت کی کہ وائی ایس آر کانگریس پارٹی نے انتخابات میں بی جے پی کے ساتھ مل کر مقابلہ نہیں کیا اور اس جماعت کے ساتھ ہمارا کوئی اتحاد نہیں ہے۔ انھوں نے جناسینا پارٹی کے رکن اسمبلی کو انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ وہ اس طرح کی جھوٹی افواہیں نہ پھیلائیں۔ انھوں نے کہا کہ انتخابات کے دوران تلگودیشم پارٹی اور جناسینا کے درمیان اتحاد سے ہر کوئی واقف ہے۔ انھوں نے وضاحت کی کہ مرکزی حکومت کے ساتھ لڑائی کی کوئی صورتحال نہیں ہے اور ہم پرامن طور پر ریاست کے لئے خصوصی موقف حاصل کرنے کے لئے کام کریں گے۔

جگن اور کے ٹی آر کا آج دورۂ دہلی

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) چیف منسٹر آندھراپردیش جگن موہن ریڈی اور ٹی آر ایس کے کارگذار صدر کے تارک راما راؤ 19 جون کو دہلی کے دورے پر روانہ ہوں گے۔ پارلیمانی امور کے انچارج پرہلاد جوشی کی قیادت میں چہارشنبہ کو دوپہر قومی دارالحکومت میں ایک اجلاس طلب کیا گیا ہے جس میں دونوں قائدین شرکت کریں گے۔ پارلیمانی اجلاس کے آغاز کے بعد پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر نے تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین کا ایک اجلاس طلب کیا ہے، اس سلسلہ میں تمام سیاسی جماعتوں کو مکتوب روانہ کئے گئے ہیں۔ وائی ایس آر کانگریس پارٹی کی جانب سے جگن موہن ریڈی اور ٹی آر ایس کی جانب سے تارک راما راؤ نے اس اجلاس میں شرکت کا فیصلہ کیا ہے۔

گدوال میں بین طبقاتی جوڑے کی خودکشی

گدوال۔18 جون (اعتماد نیوز) ضلع جوگولامبا گدوال کے موضع پوتلاپاڈو ومانا پاڈو منڈل میں ٹرین کے سامنے لیٹ کر ایک بین طبقاتی جوڑے نے خودکشی کرلی۔ تفصیلات کے مطابق ضلع گدوال کے موضع انکیال پاڈ' رونڈا ویلی منڈل کا ساکن 19 سالہ لوکیش ولد چندرنا اسی گاؤں کی ساکن کستوری بنت اوپیندر ایک دوسرے کے دام الفت میں گرفتار تھے۔ لوکیش اور کستوری نے ایک ہی اسکول میں تعلیم حاصل کی۔ اس عاشق جوڑے کا دو مختلف طبقات سے تعلق تھا اور دونوں کے رشتہ سے والدین ناراض تھے اور شادی کے کٹر مخالف تھے۔ کستوری کے والدین نے رشتے تلاش کرنا بھی شروع کردیا تھا۔ لوکیش اور کستوری نے آج اپنے گاؤں سے راہ فرار اختیار کی اور موضع پوتلاپاڈو ریلوے لائن پر ٹرین کے سامنے لیٹ کر خودکشی کرلی۔ اس سلسلہ میں پولیس نے ایک مقدمہ درج کرلیا اور مصروف تحقیقات ہے۔ نعشوں کو پوسٹ مارٹم کی غرض سے سرکاری دواخانہ منتقل کیا گیا۔

سڑک حادثہ میں اداکار چنٹی زخمی

سوریاپیٹ۔18 جون (یو این آئی) اداکار اور کامیڈین سی چنٹی آج صبح ضلع سوریاپیٹ کے کوداڑ میں قومی شاہراہ پر رونما سڑک حادثہ میں اس وقت زخمی ہوگئے جب کار جس میں وہ سفر کررہے تھے ایک لاری سے ٹکراگئی۔ پولیس نے بتایا کہ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب کار' وجئے واڑہ سے حیدرآباد آرہی تھی۔ زبردست شہرت رکھنے والے چنٹی کو کوداڑ کے ایک خانگی دواخانہ میں شریک کروایا گیا تھا، بعدازاں انھیں بہتر علاج کے لئے حیدرآباد کے ایک کارپوریٹ ہاسپٹل کو منتقل کیا گیا۔

عازمین حج کی آئندہ ماہ سے ٹیکہ اندازی

حیدرآباد۔18 جون (پریس نوٹ) تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کا اجلاس حج 2019ء کے کامیاب انعقاد کے لئے منعقد ہوا جس میں تیاریوں کا مکمل جائزہ لیا گیا۔ جناب محمد مسیح اللہ خان صدرنشین حج کمیٹی نے صدارت کی۔ جناب فاروق حسین ایم ایل سی (حج کمیٹی)، جناب بی۔ شفیع اللہ آئی ایف ایس، اگزیکیٹیو آفیسر حج کمیٹی، جناب محمد عبدالوحید آئی ایف ایس، سابق اگزیکیٹیو آفیسر حج کمیٹی، جناب ابو طلحہ، جناب محمد عارف الدین، ڈاکٹر عقیل ہاشمی، (حیدرآباد)، جناب محمد عارف احمد (کریم نگر)، جناب خواجہ سراج الدین (ورنگل)، حافظ محمد لئیق خان (نظام آباد) اراکین حج کمیٹی' جناب عرفان شریف اسسٹنٹ اگزیکیٹیو آفیسر حج کمیٹی نے شرکت کی۔ اراکین حج کمیٹی نے حج 2019 کے کامیاب انعقاد کے لئے مختلف تجاویز پیش کیں اور مکمل تعاون کا تیقن دیا۔ جناب محمد مسیح اللہ خان صدرنشین حج کمیٹی نے کہا کہ حج کمیٹی ہر اتوار کو حج تربیتی کیمپ منعقد کرے گی اور آئندہ ماہ سے ٹیکہ اندازی شروع کی جائے گی۔ جناب فاروق حسین، ایم ایل سی (رکن حج کمیٹی) نے کہا کہ 7 جولائی کو سدی پیٹ میں حج تربیتی اجتماع منعقد کیا جائے گا۔

کانگریس میں ہی رہوں گا کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) کومٹ ریڈی برادرس کی بی جے پی میں شمولیت کی اطلاعات کے درمیان آج کانگریس کے رکن پارلیمنٹ کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے واضح کیا کہ وہ کانگریس پارٹی سے علحدگی اختیار نہیں کررہے ہیں۔ انھوں نے آج پارلیمنٹ میں حلف برداری کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ایس کے فنڈس اور دیگر مسائل پر پارلیمنٹ میں جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ دو دن قبل کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی کے بھائی راج گوپال ریڈی جو ضلع نلگنڈہ کے حلقہ منوگوڑو سے کانگریس کی نمائندگی کرتے ہیں' نے بی جے پی میں شمولیت کا اشارہ دیتے ہوئے کانگریس قیادت پر تنقید کی تھی۔ اس پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کانگریس کے رکن پارلیمنٹ نے بتایا کہ وہ کانگریس سے علحدگی اختیار نہیں کررہے ہیں اور کسی پارٹی میں شامل نہیں ہورہے ہیں۔ انھوں نے اس طرح کی اطلاعات کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ وہ کانگریس میں ہی برقرار رہیں گے۔

چندرابابو کے بیرونی دوروں پر کروڑہا روپیوں کا خرچ: وجئے سائی ریڈی

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) وائی ایس آر کانگریس پارٹی کے رکن راجیہ سبھا وجئے سائی ریڈی نے آندھراپردیش کے سابق چیف منسٹر چندرا بابو نائیڈو کی جانب سے بیرونی دوروں پر کروڑہا روپے خرچ کرنے پر شدید تنقید کی ہے۔ انھوں نے الزام عائد کیا کہ چندرابابو نائیڈو نے ہزارہا کروڑ روپے عوامی دولت کو بیرونی ممالک کے دوروں پر خرچ کیا ہے۔ انھوں نے اپنے ٹویٹر پیام میں یہ بات بتائی۔ یہ ٹویٹ سوشیل میڈیا پر وائرل ہوا ہے۔ رکن پارلیمنٹ کے مطابق ابتدائی 6 ماہ کے دوران سابق چیف منسٹر نے ایک ماہ بیرونی ممالک میں گذارا۔ انھوں نے سنگاپور' چین' سوئٹزرلینڈ اور جاپان کا دورہ کیا تھا۔ رکن پارلیمنٹ نے شدید برہمی ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ ان کے دوروں سے کچھ حاصل نہیں ہوا۔ وائی ایس آر کانگریس کے مطابق فروری 2018ء میں وشاکھاپٹنم میں منعقدہ پارٹنر شپ سمٹ میں 4.50 لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کے معاہدہ پر دستخط کئے گئے تھے' 100 کروڑ روپے زائد ضائع کئے گئے لیکن ریاست میں سرمایہ کاری نہیں ہوئی ہے۔

جناب کوثر محی الدین رکن اسمبلی کا آج دورۂ سنگاریڈی اور میدک

حیدرآباد۔18 جون (پریس نوٹ) صدر کل ہند مجلس اتحادالمسلمین بیرسٹر اسدالدین اویسی رکن پارلیمنٹ کی ہدایت پر جناب کوثر محی الدین رکن اسمبلی کاروان (مجلس) چہارشنبہ 19 جون کو سنگاریڈی اور میدک کا دورہ کریں گے۔ بلدی انتخابات کے سلسلہ میں یہ دورہ کیا جارہا ہے۔ جناب مصطفیٰ علی مظفر کارپوریٹر اور جناب منظور خان ناغز بھی جناب کوثر محی الدین کے ساتھ رہیں گے۔

سرکاری ملازمین کی حد عمر سبکدوشی میں اضافہ کی مخالفت

عثمانیہ یونیورسٹی میں طلبہ جے اے سی کا احتجاج

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) عثمانیہ یونیورسٹی میں طلبہ جے اے سی اور بیروزگاروں کی جے اے سی کے چیرمین کی مانوت رائے کی قیادت میں سرکاری ملازمین کے سبکدوشی کی حد عمر 58 سال سے بڑھا کر 61 سال کرنے اور ٹیچنگ ہاسپٹلس کے پروفیسرس کی سبکدوشی کی حد عمر 58 سال سے بڑھا کر 65 سال کردینے ریاستی حکومت کی تجویز کی مخالفت کرتے ہوئے احتجاج کیا گیا۔ احتجاج میں یونیورسٹی کے طلبہ تنظیموں کے قائدین نے شرکت کی۔ اس موقع پر مانوت رائے نے بطور احتجاج اپنا سر منڈوا دیا۔ انھوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ سرکاری ملازمین کی سبکدوشی کی حد عمر میں کسی بھی صورت میں اضافہ نہ کرے' اس سے بے روزگار نوجوانوں کو نقصان ہوگا اور سرکاری ملازمتوں کے مواقعوں سے نوجوان محروم ہوجائیں گے۔ یونیورسٹی کی مین لائبریری کے پاس طلبہ نے کافی دیر تک احتجاج کیا اور حکومت کے خلاف نعرے لگائے۔ انھوں نے 58 سال مکمل کرنے والے ملازمین کو فوری سبکدوش کرتے ہوئے ان کی جگہ بے روزگاروں کی خدمات حاصل کرنے کا مطالبہ کیا۔ گروپ ا کا اعلامیہ فوری جاری کرنے ٹی آر ٹی کے منتخب امیدواروں کو فوری تقررنامے دینے' جولائی سے 3,016 روپے بے روزگاری بھتہ جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔ اسی طرح احتجاجی طلبہ نے جونیر لکچرر اور ڈگری لکچرر کے تقررات کے لئے اعلامیہ جاری کرنے پر زور دیا۔ یونیورسٹیز میں ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ ملازمین کی جائیدادوں پر تقررات کرنے اور مختلف محکموں میں مخلوعہ جائیدادوں کی تفصیلات پر وہائٹ پیپر جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔ اس احتجاج میں طلبہ جے اے سی کے قائدین وینکٹیش چوہان' کرشنا' ونود کمار' جگناتھ یادو' تروپتی ریڈی' سری سیلم اور دوسرے شامل تھے۔

لوک سبھا میں تلنگانہ کے ارکان کی حلف برداری

حیدرآباد۔18 جون (اعتماد نیوز) 17 ویں لوک سبھا میں ریاست تلنگانہ کے ارکان پارلیمنٹ نے آج حلف لیا۔ ٹی آر ایس کے 9' کانگریس کے 3 اور بی جے پی کے 2 ارکان پارلیمنٹ نے حلف لیا۔ ابتداء میں پداپلی کے رکن پارلیمنٹ وینکٹیش' ان کے بعد بنڈی سنجے کمار' اروند دھرم پوری' بی بی پاٹل' کے پربھاکر ریڈی' ریونت ریڈی' ڈاکٹر رنجیت ریڈی' سرینواس ریڈی' پی راملو' اتم کمار ریڈی' کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی' پی دیاکر' ماروتی کوتیا' ناما ناگیشور راؤ نے حلف لیا۔ وینکٹیش' بی سنجے کمار' کے پربھاکر ریڈی' ریونت ریڈی' ٹی راملو' کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی' پی دیاکر' ماروتی کوتیا' این ناگیشور راؤ نے تلگو زبان میں حلف لیا جب کہ اروند دھرم پوری' رنجیت ریڈی' سرینواس ریڈی اور اتم کمار ریڈی کی حلف برادری انگریزی زبان میں ہوئی۔ بی بی پاٹل نے ہندی زبان میں حلف لیا۔

ایڈیٹر' پرنٹر' پبلیشر و مالک برہان الدین اویسی نے روزنامہ 'اعتماد' کو اعتماد پریس دارالسلام' آغاپورہ' حیدرآباد۔500001' تلنگانہ (انڈیا) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر RNI.TELURD/2004/14061' پوسٹل رجسٹریشن نمبر H-HD-Gpo-001/2017-19
ٹیلیفون: 040-24802820۔ فیاکس: 04024802821-04024803531۔ ای میل: etemaad55@gmail.com ویب سائٹ: www.etemaaddaily.com